کی حکمت وغیرہ کو مسلمانون نے اپنے دین مذہب مین داخل کر لیا ہی اور اپنی تفسیرون اور کلام کی کتابون
کو اون ہی روایات اور مسائل سے بہر دیا ہے فقط یہہ نمبر ہفتم مین ہی بکذا اعبارتہ انگریزی علوم تحصیل
کرنیکو ہمارے متعصب بہائی مسلمان گناہ سمجھتے ہین حالانکہ خلفاء بغداد کے زمانہ مین جسقدر علوم عربی مین آیا
وہ سب زبان گریک یعنی یونانی سے ترجمہ کیا گیا اور اوس زمانہ کے اکثر علما گریک کو جو کہ کفار کی زبان
تھی بدرجہ تکمیل تحصیل کرتے تہے اگر ایسا نہ ہوتا تو جسقدر رطب کہ ہمارے ہان موجود ہے کچہہ نہوتی اور فلسفہ
و منطق کا تو نام بہی نہ ہوتا فقط یہہ جلد چہارم کے نمبر چہاردہم مین ہی بکذا اعبارتہ فلسفہ کی
بنیاد منصور خلیفہ نے ڈالی مگر مامون رشید اوسکے پوتے نے اون کی تکمیل کی یہہ خلیفہ بڑا مربی علم کا تہا
اہل شام اور نسطورین فرقے کے عیسائی ترجمہ مین فلسفہ کے اوسکے حامی و معاون تہے اسکے زمانہ مین
بوسیلہ اہل فارس و اسپین اور علماء یہود کے فلسفہ کو بڑا اشتہار و رونق ہوئی اسکے گماشتہ بلاد
ارمن و شام و مصر مین یونانی کتابون کے ڈہونڈہنے کے لئے مقرر رہتے اور ہزارہا اونٹ نادر کتابون کے
بہرے ہوئے اوسکے دربار مین آیا کرتے تہے کتب فلسفہ کے ترجمہ کا ایک جدا کارخانہ اس نے مقرر کیا تہا
اور بغداد و کوفہ و بصرہ و نیشاپور مین بڑے بڑے مدرسے و کتب خانہ قایم کئے تہے یہہ خلیفہ بے تعصبی مین مشہور
تہا چنانچہ اوس نے ایک عیسائی عالم کو دمشق کے کالج کا مدرس اعلی مقرر کیا تہا فقط یہاں سے واضح
ہوتا ہی کہ صدہا سال تک مسلمان بے علوم رہے اور منطق و حکمت و ریاضی وغیرہ
یہہ ساری کفار فلاسفہ کی کاسہ لیسی ہے جسپر محمد علی کو اسقدر شیخی ہی اگر خلیفہ منصور عیسائیون کا فضلہ خور
نہ ہوتا محمد علی تا قیامت فضل و کمال کا دعوی دار نہوتا یہہ بالتمام کارروائی خلیفہ منصور کی جس
کا نتیجہ اون سعدہ شرور ہی یہہ جلد چہارم کے نمبر چہاردہم مین مذکور ہے کہ مسلمانون نے ارسطو کی

جسطرح سپندکی اول ترجمہ ارسطو کے قیاسات کا حنین ابن اسحاق کے ذریعہ سے مسلمانون مین
پہیلا پہر ابوبشر نے چند کتابون کا سریانی سے ترجمہ کیا اور یحیی ابن عدی اور کندی نے اوسے مرتب
کیا آخر کار ابونصر فارابی و بوعلی سینا نے اوسکی تکمیل کی اقلیدس کے مقالون کا ترجمہ یونانی و سریانی
و رومی زبان سے مختلف مسلمانون نے کیا جن مین سے حجاج و ابوعثمان و ثابت کے ترجمے مشہور ہین
پہر مسلمانون نے ارشمیدس حکیم کی کتاب اصول ہندسہ کا بہی ترجمہ کیا اور اوسکی شرحین لکہین ابلنیوس
کی کتاب جو مخروطی شکلون اور خطوط منحنی کے بیان مین ہے اوسکے سات مقالے ترجمہ کئے گئے جسمین سے
چار مقالون کا ترجمہ احمد بن موسی حمصی نے اور باقی کا ثابت ابن قرہ نے کیا ان کے سوا اور بہی
چند نامی حکماء یونان کی کتابین اس فن کی عربی مین ترجمہ ہوئین پہر جلد پنجم کے نمبر سوم مین ہے
کہ خلفاء عباسیہ کے عہد مین علم و ادب و فنون و حکمت کا ظہور ہوا اور منصور کے ایام حکمرانی
سے ہارون الرشید تک بڑی فیاضی سے اونکی تربیت ہوئی بہت سے ملکون سے اہل علم طلب کئے
گئے اور بادشاہانہ سخاوت سے اونکی بہت کچھ داد و دہش کی گئی اہل یونان و شام و ایران
قدیم کی عمدہ عمدہ کتابین عربی مین ترجمہ ہوکر مشتہر و شایع ہوئین خلیفہ مامون نے سلطان روم
کو سات ہزار سن سونا اور ہمیشہ کی صلح اس شرط پر منظور کی کہ لیو فیلسوف کو اجازت دیجائے
کہ چند عرصہ کے لئے وہ یہان آکر مامون کو فلسفہ و حکمت سکہلا جاوے فلسفہ حاصل کرنیکے لئے
ایسے زر خطیر صرف کرنے کی بہت کم مثال ملیگی الخ یہہ مسلمانون کے مباحثہ و مناظرہ کی اصل
ہے جسپر محمد علی کو دعوی علم و فضل ہے آیا یہہ شاگردی کفار نہین ہے اور اس سعیت کی تکرار
نہین تھی اونکی عقل و استعداد دیکہ اون ہی کی کفش برداری کرتے ہین اور اون ہی کا نام
نامی ہرتے ہین گر علیہ مباحثہ و مناظرہ کی یہہ ہی صورت ہے تو میان محمد علی کو چاہیئے کہ عہد
نبوت و خلافت کی کوئی نظیر اہل زمین اور موجدان اسلام کی بے ہنری و لاعلمی کی
لیل و نہار اشکبار ہوئین غیر ملتون سے مستفیض ہونا تو ایک طرف ہے بزرگان اسلام تو
معلم الملکوت کے بہی مرید ہوئے ہین یعنی ابلیس کے شاگرد رشید ہوئے ہین چنانچہ فریدالدین

عطار نے لکھا ہی کہ موسی پیغمبر نے ابلیس سے معرفت الہی سیکھی مولوی علی بخش خان نے اپنی رسالہ شہاب
ثاقب کی صفحہ ۴۴ مین لکھا ہی کہ حضرت ابوہریرہ شیطان کے شاگرد ہوئے اور عمل آیت الکرسی اوسے سیکھا
یاد کیا فقط اگر اتنی پر بھی میان محمد علی مسلمانون کے بحث و مباحثہ کی مشیخت جتائینگے تو اونکی وہی
مثل ہی کہ کوئی نداف یا نوربافت اپنا نام موسی و عیسی دہرے یا اپنی اولاد کو مسموم مصطفی و مرتضی
کرے آیا اوسکی بات سراسر واہیات پر کوئی اعتقاد کریگا تار عنکبوت پر کوہ قاف کی بنیاد
دہریگا اپنے بحث و مباحثہ کا ہمکو معاینہ کرائے یا کسی کتاب مین لکھا دکھلا دے کہ فلان مسلمان
نے کسی ہندوستانی یا یونانی سے بحث فرہنگ و فراست کی اور گوی سبقت لی ورنہ اپنے
تو ہر کوئی اپنے تئین عقل کل شمار کرتا ہے مگر کون اعتبار کرتا ہی ہر کس را عقل خود بکمال نماید و فرزند
خود بجمال عنقریب اپنے دعوی کو آپ جھٹلاوگے اور ناچار سر جھکاوگے ۵ ہر کہ گردن
بدعوی افرازد * خویشتن را بگردن اندازد * گلستان سعدی مین دیکھا ہوگا کہ تمہارے
ایک عالم معتبر نے غیرملت کے سامنے پشت دی اور راہ گریز لی کسی مسلمان نے اوسکو شرمایا کہ
تجہہ سے غیرمذہب کی بات کا جواب نہ آیا اوس نے کہا کہ میرے پاس سوا قرآن و حدیث کے
جواب نہین ہی لہذا غیرمذہب سے مباحثہ و مقابلہ صواب نہین پہر آپکے ہادی سولفت عجائب مجمل کی
صفحہ پانزدہم مین رقم طراز ہین کہ عمرو ابن عبید اللہ معتزلی نے کہا ہے کہ جیسا الزام دینے مین نے ایک
مجوس سے کہا یا ہی عمر بہر ویسا ملزم نہین ہوا کہ اتفاقاً ایک روز میرے ہمراہ ایک مجوسی کشتی پر
سوار تہا مین نے اوس سے کہا کہ تو اسلام کیون نہین لاتا اوس نے جواب دیا کہ خدا نہین چاہتا
جسوقت خدا چاہیگا بندہ اسلام لائیگا مین نے کہا خدا تو چاہتا ہی مگر شیطان بہکاتا ہی پر مجوسی
یہہ سنتے ہی بولا کہ جس صورت مین خدا اسی شیطان غالب ہی تو اوسکی اطاعت مناسب
فقط پہر مولف اعجاز محمدی صفحہ دو صد و ششم مین لکھتے ہین کہ غیرمذہبون ورنا مذہبون کو
مقابلہ خطا ہی اور سکوت خوشنما بجنسہ اونکی عبارت یہہ ہی کہ غرض تالیف و غایت تصنیف این
رسالہ عجالۃ الاظہار نمایش استعداد و قابلیت نیست نہ ارادہ مکابرہ و مجادلہ با جاہلان و غیر ملتان

دلا مذہبان کہ اینجا سکوت و خاموشی ہین حکمت و نشان خبرت ست و مقدمہ کامیاب و
ذریعہ فتح الباب انتہی لفظ کامیاب بجای کامیابی مذکور ہی لہذا اخلاف دستور ہی مثنوی ملای روم
کے دفتر پنجم مین مرقوم ہی کہ ایک مسلمان نے کسی مغ کو ترغیب اسلام دلائی اور آخر الامر خفت تمام
اوٹھائی ؎ سفت آبروی زاہد علامہ لیگیا • یک مغ بچہ اوتار کے عمامہ لیگیا ابیات
مرمغی را گفت مردی کای فلان • ہین مسلمان شو بباش از مومنان • گفت اگر خواہد خدا
مومن شوم • ور فزاید فضل ہم موقن شوم • گفت میخواہد خدا ایمان تو • تا رہد از دست دوزخ
جان تو • لیک نفس زشت و شیطان لعین • میکشندت جانب کفران و کین • گفت ای منصف
چو ایشان غالب اند • یار او باشم کہ باشد زورمند • نفس و شیطان خواہش خود میش برد • وان
عنایت قہر گشت و خرد مرد • تذکرۂ سرخوش مین مذکور ہے کہ عالمگیر نے چندر بھان برہمن کو
دربار مین بلایا اور فرمایا کہ فی الحال مضمون تازہ گڑھ اور پڑھ اوس نے یہ بیت سنائی اور حقیقت
خانۂ خدا سو جہائی ؎ ببین کرامت بتخانۂ مرا ای شیخ • کہ چون خراب شود خانۂ خدا گردد
چونکہ عالمگیر سے اس گرفت کا جواب نہ بن آیا بیطرح جہنجلایا ؎ چو حجت نماند جفا جوی را
بہ پرخاش در ہم کشد روی را • شاہ عبد العزیز نے بستان المحدثین مین لکھا ہی کہ کسی شخص نے امام مالک
سے تفسیر الرحمن علی العرش استوی مین استفسار اشکال کیا امام نے اظہار ملال کیا کچھ جواب
آیا اور طریق صواب نپایا عرق شرم مین تر ہوا غرق آب خجالت تا کمر ہوا سائل کو بدعت کی ساتھ
منسوب کیا حجاب شرم سے مسلمانی کو محجوب کیا حالانکہ تفسیر آیت بدعت نہین ہی اور تقریر جدت
اثرت نہین بلکہ کار خیر ہی اور سبک فکر عالم بالا کی سیر ہے اصل وہی ہی کہ علمای محمدیہ بات بات
مین معزول ہوتی ہین اور ہدیۂ عقل و دانش سی جابجا معاملات مین معزول اصل عبارت بستان المحدثین
یہہ ہی ابو نعیم گفت ما نزد امام مالک بودیم کہ شخصی از وی پرسید کہ در تفسیر الرحمن علی العرش استوی
بیہ تفسیر مائی استوا چگونہ بود امام مالک ازین سوال بسیار اظہار ملال فرمودہ نظر بر زمین انداختہ
استاد و تفکر یا ند و بر جبین او عرق آمد بعد ازان فرمود الکیف منہ غیر معقول والاستوا منہ

یعنی زن زن ۱۲

نعیر کذا المجہول والایمان بہ واجب والسوال عنہ بدعۃ بعد از ان فرمودکہ این کس را بر اینید کہ او صاحب بدعت
ست انتہی اکابر اسلام کی الزام کہانی اور زک اوٹھانی کی بہت روایتین مشہور ہین اور اکثر حکایتین مذکور
ہین مگر یہان اسیقدر پسند ہے کہ کوزہ مین دریا بند ہی جسطرح ہم نی کتب اسلام سی آپ کی دعوی کا بطلان
کیا آپ نی کب نشان دیا کہ فلان مسلمان نی فلان غیر مذہب کو قائل کیا اور الزام کامل دیا اب اپنی
دعوی کا ثبوت دیجیے ورنہ دار و سکوت کہائیے ایک دنی انسان بندہ کعبہ کن ہی جو کہ مشہور و معروف
زمن ہے کوئی مسلمان اوسکی سامنی اپنا دعوی اثبات نہین کرسکتا بلکہ قابل التفات بات نہین کرسکتا
ع کوئی پیدا تو کرلیوے ہمارا سا جگر پہلے ❊ قولہ کہ مسلمانون نے شرق سی غرب تک الخ محض باطل
ہے اور قائل اوسکا جاہل ہے اگر وہ حقیقت مین شرق و غرب سے آگاہ ہوتا تو کسواسطی رہزن ہرزہ درائی
کے ہاتھ سی تباہ ہوتا قولہ کہ مسلمانون کے مباحثہ عقلیہ نے رد برو فلاطون و ارسطو الخ محض بے اصل
ہے اور اسکا قائل مسیلمہ کذاب کی نسل ہے کیونکہ عہد فلاطون و ارسطو مین خود دین محمدی کا نشان
تہا بحث و مباحثہ کا کیا بیان تہا ان خلاف بیجا ہی دانشمند کے تئین مقام شرم دہیا ہے ❊ ترا دیدہ
بینا و دل ہوشیار ❊ ز خود از ہمہ بیشتر شرم دار ❊ آپ نی جاہلون کا ایمان لینے اور مالک کو جان دینے
کے لئے ایسے ایسے جہوٹ بنائی ہین کہ ابلیس سے بھی عمر بھر بن نہ آئی ہین ❊ گر ہمین مکتب است
و این ملا ❊ کار طفلان تمام خواہد شد ❊ مسلمان غیر مذہبون سے مقابلہ کی طاقت نہین رکہتے اور کسی
بحث و مباحثہ کی لیاقت نہین اپنی مرشد سید احمد خان صاحب کی تہذیب الاخلاق کی جلد دوم کے صفحہ
۲۸ اکو ملاحظہ فرمائیے ❊ ہکذا عبارتہ وجود سموات سبع کی ابطال پر جو دلائل ہین اونکی تردید کس
کتاب مین لکہی ہے اثبات حرکت زمین اور ابطال حرکت دوری آفتاب پر جو دلیلین ہین اونکی تردید
کس سے جاکر پوچہین عناصر اربع کا غلط ہونا جو ثابت ہوگیا اوسکا کیا علاج کرین آیہ کریمہ
خلقنا الانسان من سلالۃ من طین ثم جعلناہ نطفۃ فی قرار مکین ثم خلقنا النطفۃ علقۃ فخلقنا
العلقۃ مضغۃ فخلقنا المضغۃ عظاما فکسونا العظام لحما کی جو تفسیر علماؤن نے لکہی ہے نہ تشریح کی رو سے
غلط معلوم ہوتی ہے ہم اپنی آنکہون سے تو ملون دیکہ چکی ہین جو کہ نطفہ سے لیکر بچے لے

تغیرات نو دیکہتی ہین جو مفسرین کی تفسیرون کی غلطی کو ثابت کرتے ہین پہر کیونکر ہم وہ اعتقاد
رکہین خدا کی بات اور اوسکا کام ایک ہونا چاہئے یہہ مسئلہ تمام دنیا نے تسلیم کر لیا ہے پہر اوسکی
تصدیق مذہب اسلام کی کس کتاب مین ڈہونڈہین اور کس ملا اور اخوند سے پوچہین جب کوئی بات
بہی ان مین سے موجودہ کتب مذہبی مین نہین تو ان سے لامذہبی جو فلسفہ مغربیہ اور علوم محققہ جدیدہ
سے ہوتی ہے کیونکر رفع ہوگی یہہ باتین نہایت صاف اور روشن ہین انکا ظاہر مین نماننا
دوسری بات ہے مگر کوئی شخص ایسا نہوگا جو اپنے دل مین ان باتون کو سچ نہ جانتا ہوگا پس
ایسی حالتمین ان کتابون کا نہ پڑہنا انکے پڑہنے سے ہزار درجہ بہتر ہے مسلمان ہونے اور بہشت
مین جانے کے لئے خدا کو ایک اور پیغمبر کو برحق جاننا کافی ہے عمل کو نماز پڑہ لینے روزہ رکہہ دینا
بس ہے ان غیر مفید کتابون کے پڑہنے سے کیا حاصل ہے ہان اگر مسلمان مرد میدان ہین اور
اپنے مذہب کو سچا سمجہتے ہین تو بے دہڑک میدان مین آوین اور جو کچہہ کرنا ہو وہ فلسفہ مغربیہ
اور علوم محققہ جدیدہ کے ساتہہ کرین تب البتہ انکا پڑہنا پڑہانا مفید ہوگا ورنہ اپنے منہہ میان مٹہو
کہہ لینے سے کچہہ فایدہ نہین انتہی یاد رکہئے کہ مسلمانون کو غیر مذہبون سے جرأت بحث و مباحثہ کبہی
نہین ہوئی وگرنہ شاہد لائیے اور معاینہ کرا دیجئے حیلے اور حوالون سے کام نہین نکلتا بے روغن
چراغ نہین جلتا دیکہئے کہ مخالفین مین سے جس نے ذرا بہی سر اوٹہایا یا ہمنے وہین دبایا جبید اللہ
نے جیسا کہ چاہئے اپنی جسارت کا پہل پایا اور الزام کہایا کہ ہنوز منہہ بند ہے اور دوسرون
کے لئے پند ہے مولف ہدیۃ الاصنام کو ایسا گوشمال ہوا کہ تا زیست انفعال ہوا ہونٹ لٹکگیا
کلیجا پہٹ گیا مولف اعجاز محمدی نے ایسا جواب دندان شکن پایا کہ آج تک سر نہ اوٹہایا حسن شاہ
کو ایسا مکافات ہوا کہ سبب مرگ مفاجات ہوا اب آپ میدان مین آئے ہین دیکہئے کیا پیش
آئے اور زمانہ کیا رنگ دکہلائے بہر کیف جس بیت الحرامی نے ہمسے نیت بیکار کی نورا راہ فرار
لی ؎ ولدالزناست حاسد منم آنکہ طالع من ٭ ولدالزنا کشی آمد چو ستارہ یمانی ٭
ہمنے کبہی نہین سنا کہ مسلمانون نے خصوصاً سنیون نے بحث مذہبی مین کوئی دلیل عمدہ پیش

کی اور تسکین یاران خویش کی سند کامل دی اور سرخروئی حاصل کی بلکہ ہر جگہہ زبان لال ہی
حال بے حال ہے رخ زرد ہی دم سرد ہی رنگ بیرنگ ہے تقریر بیڈھنگ ہی عقل دنگ ہی
پای فکر لنگ ہی ننگ سے ننگ ہی ناحق ارادہ جنگ ہی سر بر سنگ ہی قافیہ تنگ ہی جیسی
کہ یہہ لوگ ہمارے سامنی سے کافور ہین ویسے ہی عیسائیون کے مقابلہ مین مفرور ہین آپ
نے جو مباحثہ آگرہ کا کچہہ حال لکہا ہے وہ سراسر افترا ہے جس شخص نے کتب طرفین پر نظر
ڈالی ہے حقیقت حال پالی ہے معتزلہ و شیعہ کی سامنے بہی سنیون کا یہہ ہی حال ہی اور سر
تکبر پامال ہے چنانچہ آپ نے سنا ہوگا کہ جاریہ حسنیہ نے ہارون رشید کے سامنی ابراہیم کا
ناک مین دم کیا اور سر بر قدم اشعری سنیون کا اعتقاد ہی کہ بندی اپنے فعلون مین مجبور
ہین اور سراسر بے مقدور معتزلہ کا عقیدہ ہی کہ بندے اپنے فعلون مین مختار ہین اور ذی اختیار
ایک روز سنی و معتزلہ مین بحث دوبدو ہوئی اور جبر و قدر مین گفتگو ہوئی معتزلی نے کہا
کہ اشعری سے اوسکا خر خردمند ہی کہ اگر اوسکو نہر عریض پر لایے اور تازیانہ دکہلایے کہ ہمت
باندہی اور نہر کو پہاندی تو وہ مار کہائیگا اور پار نجائیگا کیونکہ جانتا ہی کہ اوسکا پہاندنا میری قدرت
و اختیار سے باہر ہی اگر اشعری اپنے خر کو نہر صغیر پر لائے تو وہ بے تکلف پہاند جائیگا کہ اوسکی
اختیار سی باہر نہین ہے پس بڑی تعجب کی بات ہی کہ خر تو کیفیت فعل اختیاری سی خبردار ہی اور صاحب
خر عجب حمار ہے کہ اپنی تئین ہر فعل مین مجبور جانتا ہی اور ارادہ و اختیار سے معذور مانتا ہی
جبکہ سنی نے یہہ تقریر سنی گردن ڈہلی بحث فراموش کی اور دار و ہوش لی مولوی
جی اس عرض و معروض کا صلہ نہ دیجئے تو گلہ بہی نہ کیجیے کہ یہہ سب آپ ہی کی بوئی ہوئی
خار ہین کہ آج آپ کی حق مین مثل خنجر آبدار ہین ؎ ای باد صبا این ہمہ آوردہ تست
گر غار و گر گل ہمہ پروردۂ تست ؎ یاد کیجیے کہ فقیر اندرمن نے نہ کبہی آپکو دشنام دیا ہے
نہ منتسبان خاندان مولا کا دل آرام لیا ہی پس آپ نے کسلیئے اسقدر ہوا و خباثت و
ہماری اہانت کی ؎ گر دیدۂ انصاف آئینہ کشائی ؎ دانی تو ز ر وی توجہ

شاید کہ زعم تحصیلداری سے آپکی مت ماری ہے اور زبان بگاڑی ہے یہہ چند روز کی چاندنی
ہے نہ ہمیشہ چاندنی ہے گو فرعون نے دعوی خدائی کیا مگر کتنا جیا ہر چند دو سو برس نقارہ
خدائی بجایا آخر کار کیا پیش آیا قارون ہلاک ہوا سبب عبرت اہل ادراک ہوا حسن ل
کی باعث بدنام ہوا مآل کار اوسکا کیا انجام ہوا بدنامی کا ٹوکرا سر پہ ہے اور لعنت
کا پتھر ہے فرعون بے عون کہاں ہے مردود زمین و زمان ہے نہ تخت ہے نہ بخت نہ تاج
ہے نہ راج اپنی اصل کو نہ بہولئے گورنمنٹ کی عنایت پہ نہ پہولیے جسوقت گورنمنٹ رحمت
سے نظر اوٹھا لیگی اور عدالت پڑ والیگی تمسے باغیوں کو درگاہ سے نکالیگی ایکدم
نہ ٹہالیگی اب وہی زمانہ ہے اور وہی کارخانہ ہے جلد سزا ملتی ہے بڑے بڑوں کی مینگ نکلتی
ہے اس لئے تہہ دیا اوس ما تہہ لے مثل مشہور ہے ہندوستان مین مذکور ہے خدا خیر کرے
اس بچہڑاون کے بچہڑے کی حرکت سارے بچہڑاون کے سر پڑے گیہون کے بیچے گھن
پسے جا کہین بیت سعدی راست نہ آئے ؎ نمی بینی کہ گاوی در علف زار ؛
بیالاید ہمہ گاوان دہ را ؛ آپ نے اسلام کو بدنام کیا کعبہ کو بیت الحرام کیا گستاخی
معاف کیجئے اور دلمین انصاف کیجئے کہ بندہ معذور ہے بالکل آپ ہی کی زبان کا قصور
ہے اگر ہم آپکو ایک ایک بات کا جواب معقول دین تو اس قصہ کو بہت طول دین یاد رکھیے مصرعہ
ہر عمل اجرے و ہر کردہ سزائے دارد ؛ عذر گستاخی تمام ہوا غیرت اہل اسلام ہوا پہر میان محمد علی
حصہ دوم سوط الجبار مین ایک جگہہ اپنی اور اپنے اکابر کی اصلیت جتلاتی ہین اور اپنے
اکابر افکار کی نسبت یہہ مثل لاتے ہین کہ سو سونار کی ایک لوہار کی فقط ہم اس پر کچھہ جرح
نہین کرتے خواہ آپ لوہار ہوویں اور خواہ مولف ہدیۃ الاصنام و اعجاز محمدی وغیرہ سنار
ہوویں ہم کو تو جیسے اونکی سو قبول ہین وہ مسرت بخش خاطر ملول ہین ویسی ہی آپ کی ایک
بھی بسر و چشم منظور ہے اور سرمایہ عیش و سرور ہے ؎ ہر ادا سے آپ کی ہم شاد اور مسرور
ہین ؛ ایک بوسہ کے لئے سو گالیان منظور ہین ؛ مولوی جی کی اللہ تعالی عمر دراز

Marfat.com

کرے اور دنیا و آخرت مین ونکو سرفراز کرے کہ ہمارے ساتھہ بڑا احسان کیا ایک مدت تک فقیر
اندرمن کو آرام جان ویا بہت دنون سے ہاتھہ پر ہاتھہ دہرے رہے تھے تنہائی مین عمر بسر کر رہے تھے
سالہا گذرے کہ ستار کی سنو سے نظر لڑا چکے اور خاطر خواہ مزہ اڑا چکے اب آپکی ایک آئی
ہے نیا رنگ لائی ہے کشاف رموز خفی و جلی ہے نور دیدہ محمد و علی ہے ابہی ہم نے ایک نظر
ڈالی ہے کلفت دل نکالی ہے عنقریب اسکی بہی بہار حسن انداز تمام ہے اور ہیاجی صاحب کو ہمارا
بعد نیاز سلام ہے آیندہ کو وعدہ انعام ہے اور مژدہ عزت و نام کہ ہر لولہ شوق برقرار ہے دوسری
کا خواستگار ہے بنابرین دوسری کی فکر کیجیے اور اس کار خیر مین صاحب ہدیہ وغیرہ سے مدد لیجیے

پہر مولوی صاحب نے جواب حملہ ہند مین فخریہ یہہ چار ابیات نظم کی ہین اور چار عناصر اسلام قرار
دی ہین **ابیات** ہوا اسلام کا اب بول بالا ٭ کہان ہے تحفۃ الاسلام والا ٭ ذرہ سی وہ
ہوش مین آکرکے جلدی ٭ خبر لے اپنے حال پر خلل کی ٭ ہوا وہ ہند کے حملہ کا محمول ٭ ہوا صمصام
چوبین سے وہ مقتول ٭ بلا سر پہ پہیلی ہاتہون سے اپنے ٭ چلا سونے قضا پانون سے اپنے ٭ مستفسر
از جواب اس شاعر ذی شعور سے سوال ہے کہ بیت دوم کے مصرعہ اول مین تکرار لفظ کرادر کی فاضل
ہے یا کسی نکتہ کی حامل ہے بر تقدیر اول آپکی نظم بہی مانند نثر بہت معقول ہے اور مقبول ارباب
عقول ہے بر تقدیر دوم اوس نکتہ سے ہمکو بہی آگاہی دیجیے اور اطلاع کماہی کیجیے ہم تو یقین کرتے
ہین کہ یہہ تکرار اسباب بے اشعار ہے کہ متکلم گنوار ہے بیت چہارم کا قافیہ غلط ہے کیونکہ ہاتہون
اور پانون مین اصل کلمہ ہاتہہ اور پانو ہے اور ہاتہہ اور پانو کا قافیہ معلوم ہے کہ اتحاد روی بعد دم کے
اصل حال یہہ ہے کہ یہہ شخص بچہڑا دن کا بچہڑا ہے اوسکے نزدیک قید قافیہ و ردیف جہگڑا ہے ہم آسنگ
جنگ نہین کرتے اور زیادہ تر آپکا قافیہ تنگ نہین جواب سلی قلم بند کرتے ہین
خرسند **ابیات** نہو بیخوف تو منہہ ہوگا کالا ٭ کہڑا ہے تحفۃ الاسلام والا ٭ کیا اسلامیون
کو زیر و بالا ٭ بلا ہے تحفۃ الاسلام والا ٭ ذرہ کے عقل و دانش وس نے جلدی ٭ خبر لی منہ
کہود کر کی ٭ ہوا اسلامیون پہ حملہ آور ٭ کیا صمصام ہندی سے جدا سر ٭ جہکا

تو گہر بلا کا ٭ دکہایا مفسدون کو منہہ قضا کا ٭ پہر جواب صمصام ہند کی صفحہ چہل و یکم مین یہہ اشعار
ہین میان محمد علی کی شاعری پر اشعار ہین ابیات آپکے ہا مین لکہا ہی صاف سن لی ٭
کہ ہین ہندو یہہ سب جورو کی بیٹی ٭ جہان مین جتنی ان کی بی بیان ہین ٭ حقیقت مین
یہہ انکی بیٹیان ہین ٭ پیشتر از جواب یہی کچہہ قیل و قال ہے کہ لفظ ہندو سی سوائے ساکنان ہند
دوسرا مراد رکہنا خیال محال ہی پس جسقدر محمدی کہ این جانب سند ہین بالکل منسوب بہ ہند ہین اب
انصاف پر نظر کیجیے اور اپنی اسلاف کی خبر لیجیے کہ اگر خدانخواستہ آپکا قول سچا ہی تو بلا شبہہ آپکا
باپ دادا جورو کا بیٹا ہی بلکہ بعد کلمہ ہندو لفظ یہہ سب کہ واسطی اشارہ قریب کی وضع کیا گیا
ہی صریح دلالت کرتا ہی کہ آپ کی تمام خویش و اقربا کہ ہند مین رہتی ہین جورو کی بیٹے ہین ورنہ
لفظ مذکور زاید ہی اور آپکی کم استعدادی پر شاہد ہے اگر تمام مسلمانون کو جورو کا بیٹا یقین کروگی
تو بہی تعمیل قول سید المرسلین کروگے چنانچہ حدیث مین ہی الولد سر لابیہ یعنی پسر راز ہی واسطی
پدر کے فقط فصوص الحکم کے فص حکمت قدوسیہ مین لکہا ہی کہ اسمٰعیل عین ابراہیم ہی پس درحقیقت
ابراہیم نے خواب مین نہین دیکہا مگر یہہ ہی کہ اپنی تئین ذبح کرتا ہی پس بصورت گوسفند وہی
نمایان ہوا جو کہ بصورت انسان عیان ہوا اور بصورت پسر وہی ظاہر ہوا جو کہ عین پدر تہا
انتہی یہان سی پیدا ہی کہ ابراہیم جورو کا بیٹا ہی جبکہ ابراہیم کا یہہ حال ہی تو معترض کیا مال ہے
کہ جورو کا بیٹا نہووے اب اپنی برائت کی لئے کوئی دلیل پیش کیجیے یا ملا محی الدین ابن عربی پر تشیر
کیجیے کہ تمکو ذلیل و خوار کیا اور جورو کا بیٹا قرار دیا پہر نص حکمت قدسیہ سی پیدا ہی کہ آدم
عین حوا ہی اور اوسکا یہہ ہی معمول تہا کہ خود فاعل و خود مفعول تہا جبکہ حضرت آدم کا یہہ
شعار ہی تو معترض خود سزاوار ہی کہ آپ اپنی زیر بار ہووے اور لذت فاعلیت و مفعولیت سی خبردار
اس مقام پر آپ نے جو نام وید لیا ہی اور بحوالہ انکے ہندو لوگ تتو وغیرہ فقرہ اردو نقل کیا ہی وہ آپ
کی غلطی ہی کیونکہ الزام مسلمات طرف ثانی سی ہوتا ہی نہ مقالات لا یعنی سے پس مجموعہ الکہد ہاری
وداراتکوہ واپس کر لیجیے اور بالائی قرآن طاق نسیان پر دہر دیجیے کہ ہمارے نزدیک جیسی قرآن

Marfat.com

باطل ہو ویسی ہی وہ بھی پیرایہ صدق سے عاطل ہے کہ ہم نہ اوسکو وید مانتے ہین نہ ترجمہ وید جانتے ہین
چنانچہ ہم اپنی ہر ایک کتاب مین اوسکا افراط و تفریط بسیار ثابت کر چکے ہین اور مخالفین کو بار بار ساکت
آپ استدعا میں ہین کہ پھر اوسی طرف مایل ہین **قطعہ** ناصحا چھیڑ نہ از بہر خدا ؛ گفتگو سے تری بیزار
ہے دل ؛ جا کی جبین جان ہوا سوا بار ذلیل ؛ پھر وہین جانیکو تیار ہے دل ؛ اب چند ابیات سنئے اور
اپنی واہیات پر سر دہنیئے یہہ بھی جواب اصلی ہے اور باقی وصلی **ابیات** صحاح ستہ مین
تیری لکھا ہے ؛ کہ بیٹا پیدا اپنے باپ کا ہے ؛ پس اب اس بات پر کر غور اک آن ؛ کہ ہین جورو کی
بیٹی کل مسلمان ؛ فصوص پاک پر بھی کر ذرا غور ؛ برآمد اوس سے ہوتا ہے اسیطور ؛ کہ اسمٰعیل
ابراہیم ہی تھا ؛ تو پس اس سے یہہ بھی ہوتا ہے پیدا ؛ کہ ابراہیم تھا جورو کا بیٹا ؛ ہوا تھا پیٹ
سے بی بی کے پیدا ؛ نہین جورو سے اوسنے حظ اوٹھایا ؛ گویا مادر کو پاس اپنے سولایا ؛ پھر مولوی
جی جواب صمصام ہند کے صفحہ ہشتاد و چہارم مین اپنی تصنیف ایک بیت رقم کرتے ہین اور کہتے عصمت
ملائکہ و انبیا منہدم **بیت** اندر ہی دیوتون مین نہ نامہ سیاہ ہے ؛ بدکار تو سب ہی ہین یہ وہ
بادشاہ ہے ؛ پیشتر از جواب مسلمانون سے یہہ بھی التماس ہے کہ مولوی صاحب کے سر پر دستار ملک الشعرا
ہند ہوا اپنی اور جہان ہند مشہور کرائین اگر حسرت ہوتا اشک حسرت روتا اگر آتش نظم مبارک سن پاتی
آتش رشک سے جلجاتے اگر ظفر آپکے سامنے آتا فوراً شکست کھاتا اگر سیر درد ہے رنج زرد ہے دم سرد ہے
اگر ناسخ ہے عاجز از پاسخ ہے جبکہ مولوی جی کی یہہ شان ہے پس کسکی تاب و توان ہے کہ آپ سے دریافت
کرے کہ تحریک دال اندر بطریق عروض ہے یا آپ ہی کا معروض ہے پھر بیجا پر یہ لانا اور را کو گرانا خالی
از غرائب نہین ہے اور سیندرا کے صائب نہین جبکہ مولوی جی کی شاعری کا ایسا حال ہے تو اونکا مقابلہ
کرنا البتہ محال ہے ساری عمر مین آپ نے ایک دو مضمون گانٹھا وہ بھی نہ گٹھا لیکن آپکی شاعری
لگانے ہا بنا برین اب میدان مباحثہ سے فرار کیجیے اور وطن مالوف مین نعلین فرقتی صنعتیں کیجیے ہم جانتے
تھے کہ بود و باش مراد آبادی آپکی جہالت کہوئی ہو ویگی اور گلیم حال سے گرد سادہ لوحی دہوئی
ہو ویگی مگر فی الحال معلوم ہوا کہ گنوار کے گنوار رہے گو بڑا نام تحصیلدار رہے اب آپکی بیت کا جواب اصلی

قلم بند ہوتا ہی اور مرغوب خاطر و دل پسند ہیت جبرئیل ہی نہین ہی فرشتون مین روپایہ ؛
بد فعل تو سب ہی ہین مگر وہ ہے پادشاہ ؛ ۵ نبی و ولی گو ہین سب پُر گناہ ؛ محمد علی
ہین مگر بادشاہ ؛ شکر خدا کہ دیباچہ عماد ہند تمام ہوا اور آویزہ کعبہ امام اب فصل چہارم
تحفۃ الہند کے مکائد کا رد و قدح ہی اور اوسکے ساتھہ میان محمد علی کے عقائد پر بھی جرح ہی
۵ سکیم شکر خداوند جہان ؛ ختم شد دیباچہ نادر بیان ؛ گر بہ نقد جان بگیرندش بجاست
ہر دو عالم قیمتش شد بیگمان ؛ اس کتاب کے تین باب ہین تینون مین اوصاف حضرات و
اصحاب ہین اسواسطی مسلمانون پر اسکا مطالعہ فرض ہی خدمت مبارک مین یہہ
ہی ہماری عرض ہی باب اول و دوم مین ہم نے بنیاد
فصاحت ڈالی ہے اور فصاحت قرآن مین ثابت
نکالی ہے باب سوم مین قافیہ بندی نہین
ہے باغ مین ہر درخت کے
لئے بلندی
نہین

باب اول

کید اول

جو چیزین زمین پر نظر آتی ہین اللہ تعالی نے واسطی فایدہ انسان کے بنائی ہین اور انسان کو اس لیئے
بنایا ہی کہ اپنی سعادت حاصل کرے اور عذاب سے ڈرے اور یہہ بات اوسوقت ہوسکتی ہی کہ اپنے
مالک خالق کو پہچانے اور اوسکا حکم مانے پس ہر ایک کو چاہیے کہ ایسے شخص کو اپنا اوستاد اور مخدوم
کرے کہ جس سے خدا کی رضامندی و نارضامندی معلوم کرے اگر ایسا شخص زمانۂ حال مین وجود
نہ رکھتا ہووے تو جو کوئی زمانۂ سابق مین ایسا گذرا ہووے اوسکا کلام معتبر کتابون اور معتبر آدمیون سے
دریافت کرے اور اوسپر ایمان لائے **جواب** بلاشبہہ یہہ کلام مزخرف انجام کید ہی اور بالتمام
شنید ورنہ لازم آتا ہی کہ نہ کوئی چیز سبب ہلاکت انسان ہووے اور نہ کوئی باعث راحت جان نہ
کوئی شی موجب ممات ہووی اور نہ کوئی ممد حیات اسی قیاس پر نہ کوئی چیز حرام ہی اور نہ کوئی حلال
بلکہ سب کا ایک حال ہووی اور ایک انجام پس تمیز طہارت و نجاست بیجا ہی اور تفاوت حلال و حرام
خطا شاید کہ یہان عبید اللہ نے مسلمانی سے انکار کیا او رعقیدہ پولوس مقدس اختیار چنانچہ پولوس
مقدس نے فرمایا ہی کہ پاکون کے لئی کل شیا پاک ہین اور ناپاکون کے لئی ناپاک اگر عبید اللہ کا یہہ
اعتقاد استوار ہی تو اوسکو سگ اور خوک سے کیا انکار ہی کہ خدا نے ہر چیز واسطے فائدہ انسان کے بنائی
ہی اور اوپر مادۂ مسلمان کے پہنچائی ہی پس ہر مسلمان کہ سگ سے گھنیاتا ہی اور خوک سے کچیاتا ...
فریب ابلیس کھاتا ہی اور دماغ بیہودہ پکاتا ہی برین تقدیر مصنف قرآن نے خطا کی ...
مین راہ ابطالی شاید کہ عبید اللہ خاموش رہیگا اور کہیگا کہ سگ اگرچہ پلید ہی مگر مسلمانون کے

Marfat.com

حق مین مفید ہی کہ تسکار دانتون سی چبا تا ہی اور مومنین کو کہلاتا ہی بندہ گذارش کرتا ہی کہ اگرچہ
یہہ دلیل منافی فقاہت ہنین ہی مگر خالی از سفاہت ہنین کہ نیم خوردہ سگ سگ را باید انسان را
کو شاید اگر ہماری گفتار با تو نفعنا سگ عین مردار جانو قطع نظر ازین اب فرمائیے کہ خمر و خوک وغیرہ
کیونکر مسلمانون کے حق مین مفید ہی کہ قرآن مین اونکی ممانعت بتاکید ہی شاید کہ آپ یہہ ہی جواب
واقعی دینگے کہ اگرچہ خمر و خوک حرام ہین مگر نافع اہل اسلام ہین کہ فقہائی بادشاہ مسلمان کے لئے
دہک خمر و خنزیر روا رکہا ہی چنانچہ صفحہ پنجاہ وششم کنز مین لکہا ہی کہ اگر ذمی با خمر یا خنزیر بر عاشر
گذشت از قیمت خمر نصف عشر بستاند و از خوک ہیچ نستاند و بقول امام زفر از قیمت ہر دو نصف
عشر بستاند و بقول امام ابو یوسف اگر با خمر و خنزیر یکبار بر عاشر گذشت از قیمت ہر دو نصف عشر
بستاند و اگر با خنزیر با خمر بر عاشر گذشت از خمر نستاند و اگر با خمر با خنزیر گذشت از خنزیر چیزی نستاند انتہی اسیطرح موی
خنزیر سے انتفاع روا ہے چنانچہ صفحہ دو صد و پنجاہم کنز سے پیدا ہے کہ فروختن موی خوک جائز نبود فاما انتفاع
گرفتن بموی خوک در دوختن موزہ وغیرہ آن جائز بود و بروایتی از ابو یوسف انتفاع گرفتن بموی
خوک کراہت است انتہی - فقیر موئف عرض رسان ہے کہ جواب عبید اللہ بکمال کامل ہی گو تکذیب
قرآن پر شامل ہی لیکن بڑی تعجب کی بات ہی کہ مولوی محمد علی حصہ دوم سوط الجبار مین جواب عبید اللہ
کو افترا ابتلائی ہین ور حوالہ کنز سے گہبراتے ہین لہذا مین خدمت مین عرض کرتا ہون اور اپنے
ذمہ سی ادا فرض کہ صفحہ مذکورہ کنز فارسی پر نظر کیجئے اور تکذیب کتب محمدیہ سی حذر خلاف فقہ راہ
نہ چلئے اور دیدہ و دانستہ حق کو نہ نگلئے پہر اوسی مقام پر مولوی جی لکہتی ہین کہ کنز مین ہرگز نہین
ہی کہ موے خوک پاک ہی فقط مہربان من پاکی و ناپاکی موی خنزیر سے ہمکو بحث نہین ہی ہمارا تو
یہہ ہی مدعا ہی کہ موی خوک سی فایدہ اوٹہانا اور موزہ بنانا مسلمانون کا عین دین ہی اور طریقہ
انیقہ فقہائی مخالفین ہی اگر آپکو ہماری بات مین شک ہی تو اپنے گہر سے کنز فارسی لائیے اور مضمون
مذکور اوس سے ملائیے اگر کچھ تفاوت ہووی تو ہم سے کہئے ورنہ چپ رہئے آپ نے تو کتب محمدیہ پر
ایسی تہمت باندہی ہی کہ چشم مسلمانی سے خون جاری ہی ہم تو آپ کے بڑے شکر گذار ہین اور

Marfat.com

جناب کبریا سے امیدوار کہ عنقریب آپ حق و باطل مین تمیز کرینگے اور تابعان قرآن کو سزای سخت
تجویز رفتہ رفتہ دیکہنے ہوتا ہے کیا ہے پہر مولوی صاحب بحوالہ کنز نقل کرتے ہین کہ عشر الخمر
لا الخنزیر فقط جناب من اول تو آپ کی صحت نقل پر اعتماد نہین دوسرے آپکے حق مین مفاد نہین کیونکہ
اس سے یہہ ہی لازم آتا ہے کہ امام اسلام عین خمر سے دہک کہتا ہے ہم نے تو قیمت خمر پر اعتراض
کیا تہا اور عشر الخمر سے بالکل اغماض کیا تہا مگر تم خود مسلمانی کو فضیحت کرتے ہو اور اپنے امام کو
نصیحت کہ عین خمر سے عشر لی اور کام و دہان کو مزہ دے اگر خمر و خوک مسلمانون کے لئے مفید ہے
تو قول عبید اللہ کی تائید ہے اگر خمر و خوک مسلمانون کے حق مین بد ہے تو عبید اللہ لایق حد ہے کہ عموماً
جمیع اشیا سے مومنین کو فائدہ دیتا ہے اور عین خوک و خمر سے مزہ لیتا ہے پس جناب کو چاہئے
کہ مصنف قرآن کے کلام پر نہ رہین اور خوک و خمر کو حرام نہ کہین کیونکہ آپ نے عبید اللہ کو اپنا
مرشد بنایا ہے اور اوسکی تائید کا بیڑا اوٹہایا ہے لہذا جب تک ہوسکے اوسکی سرخروئی مین جان سپاری
کیجئے اور عذر بے برگی سے دست برداری ہے عبید اللہ اگر تمام چیزین خدا نے واسطے انتفاع انسان
کے بنائی ہین پر تصرف مسلمان مین پہنچائی ہین تو بول و براز کا فائدہ بتلائیے اور برای
خدا اشتہہ سے باہر لائیے کہ مسلمانون نے بول و براز حیوان و انسان سے کیا فائدہ اوٹہایا بنا بر سیری
کہایا یا بطریق ادویہ استعمال فرمایا بقول شخصے ملا کی دوڑ مسجد تک یہہ ہی جواب دوگے کہ
حضرت نے کہا ہے کہ بول شتر دوای استسقا ہے اور شفای قاضی عیاض سے ظاہر ہے کہ بول و براز
حضرت طاہر ہے صحابہ مین سے جس نے ایک بار کہایا اوسکے بدن سے بوی خوش نے انتشار پایا
فقط فرض کیا ہمنے کہ یہہ مسئلہ لاجواب ہے و قول قاضی عین صواب مگر یہہ تو کہئے کہ
و براز ہنود و یہود و مسلمانون کے لئے سبب مفاد ہے یا باعث فساد ہے بر تقدیر اول نسیم ایمان
روشن دل مسلمان شاد ہے بر تقدیر دوم آپ کا کلیہ بے بنیاد ہے مولوی جی کی عجیب عادت ہے اور
عجیب خصلت کہ بظاہر عبید اللہ کی استعانت کرتے ہین اور در پردہ اہانت اوسکی کا
ٹہہراتے ہین و در حصۂ دوم سوط الجبار مین ناک چڑہاتے ہین سوط الجبار

ہو کہ بول ماکول اللحم ناپاک ہی چنانچہ بول مایوکل لحمہ نجس و لایشرب اصلا یعنی جسکا گوشت کہایا جاتا
ہی اوسکا پیشاب ناپاک ہی اور ہرگز نہ پیا جاے اور یہہ ہی قول مفتی بہ ہی **جواب** کچہہ کسب کمال کیجیے
اور مقصود صاحب کنز پر خیال کیجیے فقیر مولف عبارت کنز الدقایق سے عبارت شرح سیار الحقایق تحریر کرتا ہی
اور خاین کو بعلت خیانت تشہیر (و بول مایوکل لحمہ نجس یعنی بول حیوانی کہ گوشت او خوردہ میشود پلیدیست
مخففہ یا مغلظہ باختلاف روایتین و بقول محمد رحمۃ اللہ پاک است و ہمچنین است بطور احمد و مالک چون
بول ماکول اللحم مختلف ست ذکر کرد کہ نجس ست پس حاجت ذکر حیوان غیر ماکول اللحم نماند و آن کہ باتفاق
پلیدیست بقیاس گذاشت و لا یشرب اصلا یعنی بول ماکول اللحم نوشیدہ نہ شود ہرگز بقول امام اعظم و
بقول ابو یوسف برای دارو بنوشند و بقول محمد رحمۃ اللہ بغیر دارو نیز نوشند و از خانیہ ست کہ فتوی
بر قول ابی یوسف است انتہی - یہان سے مشہود ہی کہ مصنف کنز کا یہہ ہی مقصود ہی کہ بول ماکول
اللحم امام اعظم کے نزدیک برا ہی اور امام محمد و احمد و مالک و ابو یوسف کی نزدیک ستہرا بلکہ خود جناب
نے بہی بعد نقل عبارت کنز کے لکہا ہی کہ حضرت نے واسطی شرب بول شتر کی اشارت کی تہی اور رفع
استسقا کی بشارت دی تہی مسلمانون مین جو کوئی دانا ہی وہ بخوبی جانتا ہی کہ قول ابو حنیفہ معتبر
نہین ہے کہ موافق قول ائمہ دیگر نہین قطع نظر ازین جبکہ خود پیغمبر نے فرمایا ہے کہ بول شتر دوای
استسقا ہی پس قول ابو حنیفہ کا جو کوئی اعتبار کریگا وہ پیغمبر سی عزم پیکار کریگا اگر میان محمد علی ذی فقہ
محمدیہ کی کوئی کتاب معتبر و غیر معتبر پڑہی ہوتی اور شرح کنز پر اونکی نظر پڑی ہوتی تو یون نہ کہتے
کہ فتوی اسی قول پہ ہی اور یہہ ہی قول مفتی بہ ہی جناب من شرح کنز صریح لکہا ہی کہ او پر قول ابو یوسف
کی فتوی ہی اگر قول ابو حنیفہ سی پیدا ہی تو وہ بہی عبید اللہ کا جانب دار ہی کہ اوس نے رطوبت فرج
عبید اللہ کی خاطر منظور فرمائی ہی اور فقہا سی طاہر مذکور کرائی ہی چنانچہ جلد اول در المختار مین
ہے رطوبۃ فرج طاہرۃ خلافا لہم یعنی شرمگاہ عورت کی رطوبت پاک ہی امام اعظم کے نزدیک اور
صاحبین کی رائے مین ناپاک ہی دونری اماموں نے بہی عبید اللہ کی تائید منظور کی ہی او طہارت
سرگین اور لید مشہور کی ہی چنانچہ و طہرہا محمد آخر اللبوای و بہ قال مالک یعنی محمد بن حسن نے لید و

گوبر کو آخر حال مین پاک کہا ہی اور یہہ ہی قول امام مالک کا ہی فقط اگر یہہ قول در المختار و حب
الامتثال ہی تو کرمک ریشم کی بینچال وغیرہ کا بھی یہہ ہی حال ہی چنانچہ فی الوہابیہ دود القز وماؤہ وبزرہ
وخرؤہ طاہر کدودۃ متولدۃ من نجاسۃ یعنی وہابیہ مین ہی کہ ریشم کا کیڑا اور اوسکا جمہ شیدہ پانی اور
اوسکی انڈے اور بینچال پاک ہی جیسے نجاست کا پیدا ہوا کیڑا پاک ہی فقط یہان پانی سی وہ پانی
مراد ہی جس مین ریشم کی کیڑی ریشم نکالنے کے لئے اوٹائی جاتے ہین چمگادڑ کا بول و بینچال پاک ہی
ائمہ چنانچہ الا بول الخفاش وخرؤہ فطاہر یعنی مگر چمگادڑ کا پیشاب اور اوسکی بیٹ پاک ہی فقط اسلام
نے گہوڑے اور بیل وغیرہ کی پیشاب کی طہارت پر اعتراض کیا ہی اور چہارم سے کچھہ کم مسلمانون کے
لئے معاف کیا ہی چنانچہ من نجاستہ مخففہ کبول ماکول ومنہ الفرس وطہرہ محمد یعنی کم از چہارم معاف
ہے نجاست خفیفہ سے جیسے جانور ماکول اللحم کا پیشاب اور اسی قسم سی ہی گہوڑی کا پیشاب اور
ماکول اللحم کی پیشاب کو محمد نے پاک کہا ہی فقط یہہ سب اقوال جلد اول در المختار مین ہین اور محمد علی
کی ردالمختار مین ہین خزانۃ المفتین مین ہی کہ جسوقت گیہون کے ہمراہ چوہی کی مینگنی پسائی
ہوتی ہے حلال و پاکیزہ ہوتی ہے اوسکی کہانے مین نقصان نہین ہی اور مخالفت سنت عمر و
عثمان نہین مگر کثیر نہووے اور آرد اوس سے اثر پذیر نہووے طعم مین تغیر نہ کرے اور مزہ مین تاثیر نہ کرے
اصل عبارت خزانۃ المفتین یہہ ہی بعر الفارۃ اذا وقعت فی حنطۃ وطحنت لا باس باکل الدقیق الا ان
یکون کثیرا یظہر اثرہ بتغیر الطعم وغیرہ انتہی - فتاوی عالمگیری مین ہی کہ بقول فقیہہ ابو اللیث یہہ ہی
قول مفتی بہ و معمول ہی اصل عبارت فتاوی عالمگیریہ یہہ ہی بعر الفارۃ وقعت فی وقر الحنطۃ فطحنت
والبعرۃ فیہا او وقعت فی وقر دہن لم یفسد الدقیق والدہن ما لم یتغیر طعمہا قال الفقیہ ابو اللیث
ناخذ انتہی - امام ابن قیم نے تعبید الشیطان کے تیرہوین باب مین لکہا ہی کہ گہوڑی [illegible] اور
درندون کی لید کی معاف ہی اور یہہ ایک روایت ہی امام احمد کی دو روایتون مین سے اور
ہمارے اوستادون نے اوسکو پسند کیا ہی اس وجہ سے کہ اوس سے بچنا مشکل ہے ولید بن مسلم کہتا ہے
کہ مین نے اوزاعی سی اون چوپایون کے پیشاب کا حال پوچھا جنکا گوشت نہین کہایا جاتا مثل خچر اور

Marfat.com

گدہے اور گہوڑی کے اوس نے کہا کہ پہلی لوگ لڑائی کے وقت ان مین مبتلا ہوتے تہے تو کپڑی اور جسم
پر سے نہ دہوتے تہے اسیوجہ سے امام احمد نے کہا ہے کہ تہوڑی سی ودی معاف ہے مثل مذی کے اور
اسیطرح تہوڑی قے معاف ہے اور ہمارے شیخ کہتے ہین کہ کپڑے اور جسم کا دہونا مواد اور پیپ اور زرد
آب زخم سے واجب نہین ہے اور اوسکی نجاست پر کوئی دلیل قائم نہین ہوئی امام ابوحنیفہ نے
فرمایا ہے کہ جب مینگنی چوہے کی گیہون مین پڑکر پیسجاوین یا بہتے تیل مین گرے تو اوسکا کہانا جائز
ہے بشرطیکہ متغیر نہوا اور بعض شافعی کا مذہب یہہ ہے کہ جن گیہون پر روندنے کے وقت گدہے کا پیشاب
پڑ گیا ہوا اونکو بدون دہوئے کہانا درست ہے اس لیئے کہ سلف نے اسسے احتراز نہین کیا اور اللہ تعالے
نے گیہون کا کھانا حلال کیا اور یہہ نہین فرمایا کہ اوسمین کسی جگہہ کو دہویا جاوے یا کاٹ ڈالا جاوے
ابن عمر کہتا ہے کہ کتے مسجد مین آتی جاتی تہے اور پیشاب کرتے تہے لوگ اوس پر پانی نڈالتے تہے اسکو
ابوداود نے روایت کیا ہے ترمذی مین ابوسعید سے مروی ہے کہ لوگون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ
ہم بیر بضاعہ کے پانی سے وضو کرین وہ ایک کنوان ہے جسمین حیض کے کپڑے اور کتون کے گوشت اور
بدبو ڈالی جاتی ہے حضرت نے فرمایا کہ پانی پاک کرنیوالا ہے اوسکو کوئی چیز ناپاک نہین کرتی
بلی کا تہوک اوسکے منہہ کو پاک کرتا ہے بلی کے حق مین حضرت نے فرمایا ہے کہ بلی نجس نہین ہے اس لیئے
کہ وہ تمہارے پاس آمدورفت رکہنے والون مین سے ہے حضرت اوسکے لیئے برتن جہکا دیتے تہے کہ پانی
پیوے باوجودیکہ وہ چوہے اور کیڑے مکوڑے کہاتی ہے امام احمد نے تصریح کی ہے کہ بیل کے مشکیزہ مین کتا
منہہ ڈالے تو کہایا جاوے فقط اس توضیح سے نفاست اسلام اظہر ہے جس سے نجاست انام بہتر ہے
آپکو مناسب یہہ ہی ہے کہ اپنے مرشد عبید اللہ کی تائید کرو اور بول و براز کا استعمال مزید از مزیلہ
کہ آپ نے استعانت عبید اللہ پر جان دی ہے اور اوسکی کتاب برتر از قرآن و حدیث مان لی ہے
فی الواقع اگر آپ سے خطا ناگہان کی ور مدد شیطان تو اپنے گناہ کا کفارہ دیجیو اور آیندہ
کو معاصی سے کنارہ لیجیو مولوی صاحب کی ہر طرح خرابی ہے کہ اگر عبید اللہ کے پیچہے چلینگے مسلمانی کا سر
کچلینگے اگر اوسکی مدد سے انکار کرینگے اپنی بدعہدی پر اقرار کرینگے بہرحال اگر بول و براز دین اسلام

Marfat.com

مین حرام ہی عبید اللہ پر ہمارا الزام ہی اور اگر بول و براز فقہا کے نزدیک حلال ہی تو عبید اللہ سے
ہمارا سوال ہی کہ شرور و امراض مع دغا و فریب کیونکر انسان کے لئے سود مند ہین اور کسواسطے
عطاے خداوند جلد تر جواب لائیے اور ثواب بیحساب کمائیے اب مین شہباز طبیعت کو بلند پرواز
کرتا ہون اور مرغان فقرات عبید اللہ پر نظر انداز **قولہ** اور انسان کو اس لئے بنایا ہی کہ اپنی
سعادت حاصل کرے الخ محض باطل ہی اور برعکس عقل عاقل کیونکہ اگر انسان اسی لئے پیدا ہوتا
تو ابتداے سن بلوغت سے رضاجوئی خدا پر شیدا ہوتا دنیا سے قطع پیوند کرتا شب و روز بندگی
خداوند کرتا معصیت سے ڈرتا انابت مین پڑتا کسیکو دغا و فریب نہ دیتا راہ صبر و شکیب لیتا چونکہ ایسا نہین ہے
عبید اللہ سچا نہین ہی کہ بڑے بڑے اولیا اور انبیا کی اور ہی چال ہے اور ہی حال ہی ہر دم روے
ہواے نفس کا خیال ہے تلاش سعادت کا کیا مآل ہے مثلا محمد صاحب چالیس برس تک اپنے آبا و اجداد کی
طرح بت پرستی کرتے رہے اور خوک و خمر سے پیٹ بھرتے رہی بعد خدا ان صاحب پر آسیئے اور نزول قرآن
سے پہلی دلیل حرمت خوک و خمر لائیے کہ اونکو باپ دادے کے دین مین خمر و خنزیر بے ضرر تھی بلکہ
مانند شیر مادر پس کیونکر یقین ہوسکتا ہی کہ حضرت نے ان اشیا سے پرہیز کیا اور سنت آبا و
اجداد سے گریز اب یہہ قصہ کوتاہ کیا جاتا ہے اور رد قول عبید اللہ اگر خدا تعالی نے انسان کو اسیواسطی بنایا ہی کہ وہ اپنی
سعادت حاصل کری اور تمیز حق و باطل تو کون مانع ہی اور کون آمادہ مخالفت صانع اکثر مکلفین آغاز بلوغ سے تا قدر
فسق و فجور کرتے ہین کہ اپنے تئین سلطان مدینہ شرور مشہور کرتے ہین شاید کہ کوئی دوسرا زبردست
بنی آدم پر تصرف کرتا ہی لہذا وہ اپنی حصول سعادت مین توقف کرتا ہی اے مسلمانون اس کفر
کو گوارا کرو یا تحفہ ہند کو پارہ پارہ قطع نظر اس سے عقیدہ عبید اللہ مخالف قران ہی چنانچہ
سورہ اعراف مین ہی و لقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن و الانس یعنی بدرستی کہ پیدا کیا ہمنے اکثر کو
جنون اور انسانون مین سے واسطی دوزخ کے فقط یہہ آیت ہدایت کرتی ہی کہ اعتقاد عبید اللہ
طبعزاد ہی اور محض بے بنیاد مسلمانون کو اختیار ہی کہ خواہ یہہ درست مانین کہ خدا نے اکثر انسان
واسطے جہنم کے بنائے ہین خواہ وہ راست جانین کہ خدا نے انسان حصول سعادت کے لئے مخلوق

فرماتے ہین اگر بعید اللہ کے نزدیک جہنم ہی سعادت مسلمان ہی تو اوسکی نشایان نشان ہی سورۂ
بقر مین ہی ان الذین کفروا سواء علیہم ءانذرتہم ام لم تنذرہم لا یومنون ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعہم
و علی ابصارہم غشاوۃ و لہم عذاب عظیم یعنی بدرستیکہ جو لوگ کافر ہوئی برابر ہی اوپر اون کے کیا
ڈرایا تو نے اونکو کیا نہ ڈرایا ایمان نہین لاوینگے کہ اللہ نے اونکے دلون اور کانون پر مہر کی
ہی اور اون کی آنکھون پر پردہ ہی اور اونکو لئے عذاب عظیم ہی فقط اگر او تعالی انسان کو سعادت
حاصل کرنے کی لئے بناتا تو اونکے دلون اور کانون پر کسواسطے مہر لگاتا یہان سے جانا جاتا ہی کہ خدا
مہر یہ اثر انسان کو اسیواسطے لباس ہستی پہناتا ہی کہ آخر ان مراد اونکو دوزخ مین گرائی اور بے موجب
ستائی اب میان محمد علی معنی آیت مین چون و چرا کرتے ہین و مصنف قران پر افترا اسقاط الحکم
لام سکہ بر قولہ تعالی لجہنم داخل شدہ برائے تعلیل حقیقی نیست بلکہ تعلیل تشبیہی ست چنانکہ در قولہ تعالی
فالتقطہ آل فرعون لیکون لہم عدوا و حزنا و در قول قائل لدوا للموت و ابنوا للخراب فللموت تغذو
الوالدات سخالہا کما لخراب الدور تبنی المساکن علامہ زمخشری در تفسیر قولہ تعالی و لقد ذرانا لجہنم
کثیرا من الجن و الانس نوشتہ کہ میگویند ہر کسی را کہ در بعض امور دانش کامل دارد پیدا نشدہ است
مگر برائے ہمین کار مراد بیان ہمین است در جمیکہ مرتکب شدہ بودند از تکذیب پیغمبر با وجود علم برینکہ
آن نبی موعود ہمین است و اینکہ ایشان از جملہ کسانند کہ حصول ایمان از ایشان متصور نیست گویا
پیدا شدہ اند از برائے جہنم **جواب** آپ کی فکر نہایت رسا ہی کہ جس کام مین ہاتھ ڈالتی
ہی بال کی کہال نکالتی ہی موشگافی جناب ہی کا کام ہی حجام برائے نام ہی جائے تعجب کہ اصلاح سامی
آپکے دل مین نہ گڑے اور بقدر سر مو مفید نہ پڑے بلکہ تمہارے حق مین باعث رسیخند ہوئی اور سبب
ناخن و خل چند در چند کسی مفسر نے نہین لکھا ہی کہ (ال فرعون لیکون لہم) مین لام تعلیل تشبیہی کے لئے
آیا ہی اگر فرض کیا جاوے کہ اس آیت مین لام بنابر تعلیل تشبیہی ہی تو بالضرور مقصود آیت یہہ ہی
ہے کہ آل فرعون نے موسی کو اس نظر سے اوٹھا لیا تھا اور پرورش کیا تھا کہ اونکے لئے فائدہ
پہنچائی اور رایہ بچہ بچہائی لیکن وہ انجام کار اونکا دشمن ہوا اور برہمزن خانمان کے کل گ

Marfat.com

غرق رود نیل کیا اور ایک ایک کا خون راہ فنا مین سبیل اگر اسیطرح لقد ذرانا لجہنم کی تفسیر کیجاوے
تو یہہ ہی تقریر کیجاوے کہ خدا نے تو جن و انسان کو اپنی بندگی و پرستندگی کے لئے بنایا مگر اونکی دماغ مین
خیال بغاوت سمایا کہ انجام کار اطاعت الہی سے درگذرے اور دوزخ مین گرے پس معلوم ہوا کہ خدا
مجبور ہے اور روز ازل سے بمقدور بنا برین یہہ آیت بہی آپ کے لئے مفید نہین ہے اور طالع جناب
سعید نہین آیندہ جو قول قائل ہے اوس مین بندہ سائل ہے کہ یہان قائل سے مراد کیا ہے خدا یا مصطفی
ہے یا کوئی دوسرا، بر تقدیر اول قول قائل حدیث و قرآن مین نکالئے ورنہ سر گریبان مین ڈالئے بر تقدیر
ثانی اپنے اصول ممہدہ یاد کیجئے اور اوسکی مخالفت سے استبعاد کتاب و سنت کہان گئی قیاس مجتہد
امت کہان رہے وہ یہہ ہی تو ہے کہ جس سے آپ کہتے تہے کہ ہمارے یہان قابل اعتبار اجماع امت قیاس
و حدیث و قرآن ہے اور باقی نامعتبر تر از اوراق خزان و بانگ زاغان بیابان ہے یہان سے ظاہر ہے
کہ آپکی کوئی بات لائق التفات نہین ہے اور قابل تحقیقات نہین جبکہ آپ بطرف قول قائل مائل ہین اور
مقولات مجہول کے قائل تو بالیقین معلوم ہوا کہ پہلے جو کچھ دہان مبارک سے بر آیا تہا وہ گوز شتر تہا یا
بانگ خر خیر بقول شخصے گوزشت خردندان سگ ہمکو اس سے کچھ لڑائی نہین ہے یہان آپکو بحث و مباحثہ
مین رسائی نہین اب اپنے مستندہ قول مجہول کے معنی سمجھئے اور یہان اوسکا ایراد لایعنی کہ کوئی بنا کے
مکان خرابی کے لئے نہین ڈالتا اور بچہ کو موت کے لئے نہین پالتا کیونکہ خرابی بنیاد و مرگ
اولاد امر اضطراری ہے اور فعل ناچاری کہ بندہ کی طاقت سے بیرون ہے اور بقدرت بیچون ہے
مقصود قائل آنکہ جس صورت مین ہر کام کا انجام خدا کے اختیار ہے تو بندہ کو یہہ ہی سزاوار ہے کہ
اپنی تدبیر سے درگذرے اور تابع تقدیر رہے اب تامل کیجئے کہ اگر آیت لقد ذرانا لجہنم مطابق قول قائل
گردانی جاے تو یہہ ہی لازم ناگہانی آئے کہ خداے اسلام انجام اکثر جن و انسان سے غافل
پیرایۂ علم و قدرت سے عاطل کہ اکثر مخلوق اوس سے ایسی بن آتی ہے کہ آخر کار جہنم مین پہنچتے جاتی
ہے اور یہہ بات دو امر سے خالی نہین ہے یا تمہاری عقل کا فتور ہے یا خالق انسان و جان مجبور ہے
پس اس مقام پر ایراد قول قائل بہہ وجوہ بے محل ٹہیرا اور محض مہمل اگر آپ کچھہ عقل رکھتے تو ہم

بہت کچھہ لکھتے ؎ جاتی ہی رہی آفرین اب قدر سخن چیت ؛ اب کوئی بھی دنیا مین سخن فہم
نہین ہی ؛ اب مین حق کو باطل سے جدا کرتا ہون ور فقرات محمد علی کو بنوک قلم پرقدا **قولہ**
علامہ زمخشری در تفسیر الخ محض بے بنیاد ہی کہ از انواع اسناد احاد ہی کیونکہ جمیع مفسرین و مترجمین
سنی کا یہہ ہی قال و قیل ہے کہ آیت مذکور مین لام برائے تعلیل ہی کیا بلا آئی کہ آپ نے تمام سنی
مفسرین سے انکار کیا اور صرف زمخشری معتزلی کا اعتبار کیا شاید کہ مولوی جی بروقت تسوید
جواب تحفۃ الاسلام طایفۂ معتزلہ مین شامل تہے اور اون ہی کی تفسیر پر عامل جبکہ جواب حملۂ ہند
مین ساعی ہوئے معتزلہ سے باغی ہوکر سنیون مین دخول کیا مذہب اشعری قبول کیا بنا برین صفحہ بست و نہم
جواب حملۂ ہند مین زمخشری پر اعتراض کرنے لگے اور اوسکی تفسیر سے اغماض بخشا ہے آپ کی عبارت
اسطرح پر ہی کہ اگر صاحب کشاف نے محمد سے جبرئیل کو افضل ٹہیرایا بھی ہووے تو ہمپر حجت نہین کیونکہ ہمارے
علما کا معتزلہ سے اس مسئلہ مین خلاف مشہور ہی ہماری کتب عقائد ملاحظہ فرمائیے انتہی اسی منہہ سے
دعوی دینداری ہی اور ادعائے پرہیزگاری ؎ کلاہ خسروی و تاج شاہی ؛ بہر کل کے سد
حاشا و کلا جبکہ تمنے اپنی ٹہیرائی ہوئے اصول کو آپ ہی خراب کیا اور بالکل جواب یا تو کچھ
ضرور نہین کہ قرآن و حدیث و اجماع امت و قیاس مجتہدین ہی سے سند لائین ور بحکم شرع ہی
سرین خادمان جناب پر حد لگائین بلکہ جسقدر کتب محمدیہ ہاتہہ آئین سب کی دہجیان اوڑائین اور
جس پہلو آپ پڑین وسیطح جناب کی سرین پر سوط الجبار جڑین اب ہرگز نہ کہنا کہ حیات القلوب
کو مین نہین جانتا کہ شیعہ کی تصنیف ہی اور فتاوی کافوری کو مین نہین جانتا کہ کسکی تالیف ہی میان
صاحب عہد نہ توڑئے پیمان سے منہہ نہ موڑیئے ہمکو حکومت دکہلاتے ہو کہ سوائے قرآن و حدیث کی کسی کتاب
محمدیہ سے الزام ندین ور جہوٹے کی کام و دہان مین لگام ندین ور آپ نیز قول سے ابالا ہوا ور بر خلاف
اوسکی چالاکی ہو کبہی تفتازانی کا ساتہہ دیتے ہو اور زانی کے ہاتہہ مین ہاتہہ کبہی رازی سے چہرہ مارکی آشتی کرتے
ہو اور جانور موذی کا پاس کبہی قاضی کا بضہ پکڑتے ہو ور معتزلی کی خاک پر ناک رگڑتے ہو کبہی امام فخر الدین
کی خدمتگذار ہوتے ہو اور خر رازی کے زیر بار کبہی سید احمد خان کے گرد گہومتے ہو اور اہل ارتداد کے

Marfat.com

قدم چومتی ہو میان محمد علی آپ کیون ہمیشکی خوشامد کرتے پہرتے ہین خدا پر توکل کیجئے اور راہ مقصود
بلا تامل لیجئے ہک در گیر محکم گیر ع ہرآنکہ دندان دہد نان دہد * صفات کی عین ذات ہونے
مین آپ شیعہ کے مطیع ہوئے اور آمادہ تشنیع گناہ کی عرفانی و شرعی ہوئی مین سید احمد خان نے اونکو اپنا امام
کیا اور جائز ہو لائی بچرک رعنائی بلید کیا تکذیب کتب محمدیہ مین شیخ نجدی کی چیلے ہوئے اور فرقہ
اہل سنت و جماعت سے اکیلے اسیطرح جسکی ضرورت پڑی اوسکی اطاعت کی گاہی خارجی گاہی رافضی کی رعایت
کی خیر ہمکو اس سے کیا غرض وہ خود مختار ہین جو طریق چاہین وہ اختیار کرین ؎ گر آب چاہ نصرانی
نہ پاک ست * یہودی مردہ بشوید چہ باک ست * کالای بد برش خاوند آپ جو کچھ سرہ و ناسرہ
درمیان لائینگے ہم اوسکو محک امتحان پر آزمائینگے اب زمخشری کے نقد کو میزان عقل مین تلتے ہین او صیرفیان
بازار انصاف کی نظر مین اوسکے جوہر کہلتے ہین ؎ مس پر جو ملمع ہو تو زر ہو نہین سکتا * آئینہ پہ قلعی
سے قمر ہو نہین سکتا * **قولہ** سگویند ہر کسیکہ او بعض امور دانش کامل دارد الخ یہہ محاورہ میان
محمد علی کی ایجاد ہی یا خدا اور رسول کا ارشاد ہی بر تقدیر اول یہی مثل ہے کہ شیر برنج بار وغن چراغ
اگرچہ گندہ ہی مگر ایجاد بندہ ہی بر تقدیر دوم قرآن و حدیث سے سند بطور استدلال لائیے اور کلام خدا
و مصطفی مین اسکا استعمال دکہلائیے **قولہ** مراد بیان بیہودات در جرمیکہ مرتکب شدہ بود الخ محض
خبط ہے کیونکہ ذکر یہود اول و آخر آیت مین نہین ہی اور مفسرین کی روایت مین نہین بلکہ تکذیب
زمخشری اسی آیت سے عیان ہے کہ آیت مین صریحا اکثر جن و انسان کا بیان ہی جبکہ تفسیر زمخشری
صریح خلاف آیت ہی تو کیونکر باعث ہدایت ہی جو کوئی ہماری تقریر کو از راہ انصاف ملاحظہ فرمائیگا
وہ آپ کی طرح ہرگز زمخشری کا دہوکہا نہ کہائیگا آپکو اختیار ہے کہ اس امر کو پاک چہانین یا
معانی مین خاک چہانین اب مین آیت مذکور کے اول و آخر کی عبارت رقم کرتا ہون در زمخشری
کی زبان قلم من یہد اللہ فہو المہتدی و من یضلل فاولئک ہم الخاسرون و لقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن
والانس لہم قلوب لا یفقہون بہا و لہم اعین لا یبصرون بہا و لہم اذان لا یسمعون بہا اولئک کالانعام
بل ہم اضل اولئک ہم الغافلون حاصل آیت آنکہ جسکو اللہ راہ دکہاتا ہی وہی راہ پاتا ہی اور

Marfat.com

جسکو بہکتا ہی وہی زبان و ٹھاتا ہی بالیقین ہمنے بہت جن و انسان دوزخ کے واسطے بنائے ہین
اونکو لئے ایسے دل و آنکھ و کان عنایت فرمائے ہین کہ جن سے نہین سمجھتے نہین دیکھتے نہین سنتے یہہ
لوگ چارپایون کی مانند ہین بلکہ اونسے زیادہ تر گمراہ ہین یہہ لوگ غافل ہین انتہی دیکھئے یہان
ذکر یہود نہین ہی اور آپ کا مقصود نہین عموماً پیدایش جن و انسان ہی جس سے تکذیب زمخشری
خود بخود عیان ہی لہذا اب مولوی جی کو چاہیے کہ زمخشری کی بات نہ مانین و رقابل التفات نجانین
قولہ حصول ایمان از ایشان متصور نیست فقط محض یاد رہے بلکہ یہ خطا یہود سے عدم حصول ایمان
بارادہ یہان فلان ہی یا بمشیت خالق انسان و جان بر تقدیر اول خدا کی خدائی مین فتور بسیار
آیا اور وہ قادر مطلق بمقدور قرار پایا بر تقدیر ثانی تاویل زمخشری لایعنی ہی اور آیت کے وہی
معنی ہی کہ خدای محمدیہ ذ اکثر جن و انسان کو اسلئے پیدا کیا کہ دوزخ مین جلائے اور زار زار رولائے
یہان پر اور بھی ایک تقریر دلپذیر یہہ ہی گویا صریر قلم تقدیر سے دل لگائے توجہ لائیے کہ خدای مسلمان ترقیت
پیدایش انسان و جان کچھہ انکا انجام بھی مقرر کرتا ہی یا اوس سے درگذرتا ہی بر تقدیر اول آیت کا
وہی مقصود ہی اور تاویل زمخشری بے سود بر تقدیر دوم کیا سبب ہی کہ ہرچند بعضی اشخاص کو سخن
حق از آغاز تا انجام سنائی جاتی ہی اور بکوشش تمام سمجھائی جاتی ہی لیکن پسند نہین کرتے اور زبان
کفر بند نہین کرتے بلکہ سچی بات سنا فرموتی ہین اور دخمۂ گور مین کافر سوتے ہین بعضی بے تعلیم
راہ حق پر چلتے ہین ور نام شرک اور کفر سے جلتے ہین **قولہ** گویا پیدا شدہ انداز برای جہنم فقط
بالکل واہی ہی کیونکہ اسکا مفہوم یہہ ہی کہ اکثر جن و انسان بے ارادہ خدا خودبخود نمودار ہوئے
ہین اور بہمہ وجوہ جہنم کے لئے طیار پس خدا اونکا خالق و مالک نہین اور رازق و ہالک بغیر
مخالف کی گستاخی دیکھیے کہ نقد کا ترجمہ بالکل اوڑایا اور ذرء کا ترجمہ (پیدا شدہ اند) بنایا
جبکہ خدای محمدیہ نے بکلمہ تاکید فرمایا ہی کہ بالتحقیق مینے اکثر جن و انسان کو جہنم کے لئے بنایا ہی اور
اونکو دل و چشم و گوش پر اپنی مہر کا سکہ بٹھایا ہی تا نسمجھین نہ دیکھین نہ سنین تو کسی کا کیا منہہ ہی کہ تاویل
بے دلیل کرے اور خدا کی خدائی کرے ذیل اب مین اس آیت کے نتایج قلمبند کرتا ہون

Marfat.com

اور ناظرین کو خرسند اول آنکہ یہہ آیت مخبر ہے کہ نیکی و بدی و خیر و شر بمشیت آفرینندہ ہے نہ بمشیت
بندہ پس مولوی صاحب نے جو لکہا ہے کہ خالق خدا ہے اور بندہ کاسب حرف کاسد ہے اور سخن فاسد دوم
آنکہ جن لوگون کو خدا نے خود بہکایا اور دوزخ کے لئے بنایا اون سے جسقدر شرور ظہور کرتے ہین کل کا
فاعل خدا ہے اور بندہ بہیچ وجہ متبرا سوم آنکہ جس صورت مین کہ خدا خود بانی شرور ہے تو دوسرے کی
لئے اذن شرور اوس سے کیا دور ہے چہارم آنکہ اگر وہ اشرار کو مثل خود قیاس کرے اور ایک ایک کا
پاس کرے تو بعید نہین ہے اور مخالف قران مجید نہین پنجم آنکہ علما محمدیہ جو خیال بکاتے ہین کہ بندے
دوزخ مین حسب اعمال جاتے ہین وہ صریح البطلان ہے اور خلاف قرآن آیت سے یہہ ہی آشکار ہے کہ بندہ
بے اختیار ہے ششم آنکہ خدائے اسلام نہ عاقل ہے نہ عادل کہ خود لوگون کو بہکاتا ہے اور راہ بہلاتا ہے
اور خود مبتلائے بلا کرتا ہے اور اپنے گناہ مین بے گناہون کو پکڑتا ہے اوسکو لازم یہہ ہے کہ اپنے گناہ کی
سزا اپنے تئین دے اور اپنی ذات سے عوض لے ہفتم آنکہ خدائے محمدیہ طرفہ عاقل ہے اور طرفہ عادل
کہ اگر راہ بہلانا اور بہکانا بندہ سے سرزد ہے تو وہ سزاوار حد ہے اگر خود اوسے عامل ہے تو عدالت مین
شامل ہے ابلیس سے کیا گناہ ہوا کہ تا ابد روسیاہ ہوا ہشتم آنکہ جس صورت مین خدائے مسلمان نے اپنے
بندون کو اختیار نہین دیا اور ذی اقتدار نہین کیا تو کیونکر مجرم شمار کیا اور کسواسطے گنہگار قرار دیا

۵ گر نہ ام مختار فاعل ہر چہ ہست از حکم تست ٭ پس بپاداش گناہم این ہمہ تحذیر چیست ٭

نہم آنکہ جن لوگون کو معبود یہود و اسلام نے دوزخ کیلئے بنایا اور آگ مین جلایا اگر وہ جیتے ہین اور
علانیہ کہین کہ ہمارا کون سا عمل خراب ہے کہ جسکی پاداش مین ہم پر یہہ عذاب ہے تو لاجواب ہوگا اور
متحاوب پیچ و تاب کہ سوائے عطائے آفرینندہ نہین ہے اور تا ابد الاباد خطائے بندہ نہین ۵ جو این بنا
بد را خود فگندی ٭ گناہ خویش را بر ما چہ بندی دہم آنکہ جس صورت مین بندہ [illegible]
خدا جبار تو وہ گنہگار نہین اور یہہ داد آرنہین یازدہم آنکہ جن لوگون کے حق مین روز ازل سے خدا نے
کافری و ملحدی عطا فرمائی اور دل اور آنکہ اور کان پر مہر لگائی اونکو باعتبار بعثت رسول و نزول
کتاب نہ بنایا ہے اور یہہ ہی آیت شاہد ہے بلکہ کل کے حق مین فضول ہے کہ اسی قبیل [illegible]

ہو پس جیسے اونکو سامنے انبیا کی کچھہ پیش نہ چلیگی ایسے ہی اہل ایمان کے روبرو شیاطین کی دال نہ گلیگی
اب فرمائیے قرآن کا کون محتاج ہے اور محمد کی کیا احتیاج ہے دوازدہم[۱۲] آنکہ جب خدا نے اکثر جن و انسان
کو دوزخ کے لئے خلق فرمایا اور جہالت اور ضلالت مین چارپایون سے بڑھکر بنایا یس خداے محمدیہ کے
نزدیک بعض انسان و حیوان مین تفاوت نہین ہے اور اوسکی شان مین یہہ مثل نہایت دلنشین
ہے کہ سالہا خدائی کردی گاو خر را نشناختی سیزدہم[۱۳] آنکہ اس آیت سے ثابت ہے کہ خداے محمدیہ نے
طرفۃ العین مین دو قول فرمائے ایک یہہ کہ وے لوگ چارپایون کی مانند ہین دوسرا یہہ کہ چارپایون
سے بھی بدتر ہین اب مسلمان بتلائین کہ دونون مین کونسا صحیح ہے اور کونسا غلط چہاردہم[۱۴] آنکہ
جس صورت مین بے سبب خداے مسلمان بعض جن و انسان کو دوزخ کے لئے بناتا ہے اور بعضون کو
بہشت کے لئے خلق فرماتا ہے اور بعضون کو راہ دکھلاتا ہے اور بعضون کو بہکاتا ہے تو مسلمانون کو چاہئے
کہ عدالت خدا سے انکار کرین اور اوسکو زمرۂ متعصبین مین شمار یہہ اعتراض پانزدہ[۱۵] ہین اور مخالفین
عمدہ ہندؤن کو چاہئے کہ ان کو چودہ[۱۴] رتن شمار کرین اور مسلمانون کو چاہئے کہ ان پر چودہ[۱۴] تن نثار
کرین اب یہہ ضیغم قلم نیستان صفحہ پر نعرہ زن ہے اور آہوے آہوگیری عبید اللہ پر پنجہ افگن **قولہ**
اور یہہ بات اوسوقت ہوسکتی ہے کہ اپنے مالک و خالق کو پہچانے الخ خالق و مالک کی پہچان بندہ
کے اختیار ہے یا آفرینندہ کے برتقدیر اول عبید اللہ کاسہ لیس شیعہ ہے اور خوشہ چین قدریہ پس
مولوی جی کیونکر اوسکو کسبی بتلاتے ہین اور کسطرح طایفۂ اہل سنت مین ملاتے ہین برتقدیر دوم
شناخت خالق و مالک محال ہے اور برتر از تصور و خیال کہ جس صورت مین روز ازل خود خدا نے انسان
کے دلون اور کانون پر مہر لگائی ہے اور اونکے حق مین ہلاکت ابدی چاہی ہے تو اوسکے برخلاف اب
کیونکر ارادہ کرسکتا ہے اور کسکو راہ معرفت و عبادت مین آمادہ قطع نظر ازین اپنے مالک و خالق کو از روے
ذات کے پہچاننے یا از روے صفات کے شق اول دروغ ہے کہ قرآن و حدیث مین شناخت ذات کی
کوئی دلیل نہین ہے اور استحکام دینیات کی کوئی سبیل نہین شق دوم باعث ریش خند ہے اور
سبب قہقہہ چند درچند کہ کئی سورۂ قرآن سے آشکار ہے کہ خدا کیا دستکار ہے اکثر سورہ مین سمر دم

ہے کہ خدا مستقرض ہی کئی سورتین شرح کی ہی کہ خدائی داد منح دی ہی چند سورسی عیان ہی کہ خدا
پر تسلط نسیان ہی بہت احادیث و آیات سی اشتہر ہی کہ خدا پابند غم و الم مانند بشر ہی قرآن و حدیث
مین اس قسم کی بسیار مضامین ہین کہ بحق حق تو ہین و تحجین ہین پس ظاہر ہی کہ جو کوئی صفات مندرجہ
قرآن پر یقین کریگا وہ اپنے تئین دنیا و آخرت مین شرمگین کریگا **قولہ** پس ہر ایک کو چاہئے
کہ ایسی شخص کو اپنا مخدوم کرے الخ یہہ بات ہمکو منظور ہی اور ہماری کتابون مین مسطور ہی لیکن
سب کو چاہئے کہ اس امر مین کمال غور فرمائین اور عبید اللہ کی طرح دہوکہا نہ کہائین کیونکہ بہت لوگ
مرشد و پیر کہلاتی ہین اور دام مکر و تزویر بچہاتے ہین کہ سادہ لوحون کو شکار کرین اور مانند مرغ
زیرک فرمان بردار ملک و دولت ہاتھہ آئی گو دین و آخرت ہاتھہ سی جاے ظاہر مین ایمان کی ٹہاٹ
ہین باطن مین شیطان کی بہاٹ ہین طلحہ و اسود عنسی کا فسق و فجور مذکور ہی اور مسیلمہ و مصطفی کا
مکر و زور مشہور **بیت** ای بسا ابلیس آدم روی ہست ۔ پس بہر دستی نباید داد دست ۔ **قولہ**
اگر ایسا شخص زمانہ حال مین وجود نہ رکہتا ہووی تو جو کوئی زمانہ سابق مین ایسا گذرا ہووی
اوسکا کلام معتبر کتابون سی دریافت فرمائی الخ اگر عبید اللہ کی دین و ایمان کا اسی پر مدار ہی
تو توسط محمد یک لخت بیکار ہی کیونکہ مسلمانون مین ایسی کتاب کہ سزاوار اعتبار ارباب صدق
و یقین ہووے اور جس سے اہل ایمان کی تسکین ہووی مثل شہپر عنقا بی نشان ہی اور معدوم زمین
و زمان ہی چنانچہ میان محمد علی کے معتمد الیہ و مشار الیہ سید احمد خان صاحب کی تہذیب الاخلاق کی جلد
دوم کی نمبر ستم مین ہی بلفظہ سوائے قرآن مجید کی جسقدر کتب مذہبیہ اس زمانہ تک موجود ہین ہزارون
غلطیون سے معمور ہین کوئی ایک کتاب بہی ایسی نہین ہے جس مین کوئی نہ کوئی عظیم الشان غلطی
موجود نہ ہوا اور جس نے اسلام کی سچی اور صحیح سیدہی سادی حقیقت کو وہمی و خیالی نہ بنا دیا
ہو انتہی پس عبید اللہ نے کس کتاب پر اطمینان کیا اور کیونکر محمد صاحب کو رسول مان لیا کسواسطے
کہ اسلاف مین سے کسی شخص کا چال و چلن معلوم کرنیکے لئے وہی کتاب بسند ہو سکتی ہی کہ جو
اوسکی عین حیات مین لکہی گئی ہی حالانکہ مسلمانون کے یہان ایسی کتاب نایاب ہی کہ دستخطی

حضرت واصحاب ہی اور قرآن سی جو کچھہ کہ حضرت کو اوضاً مفہوم ہوئی وہ خال خال اس رسالہ
مین مرقوم ہوئی اگر کوئی انصاف سی اوپر نظر ڈالی بالکل اعتقادِ محمد دل سے نکالی بیت الحرام کو انہدام
کرے اور اسلام کو سلام پنج تن کی منہہ پر پنجہ تکفیر ماری اور چار یار پر چار تکبیر لیکن جبکا مسلمان
نام ہی اوسکو انصاف سی کیا کام ہی جہان تعصّب کا گرم بازار ہی وہان تحقیقاتِ حق و باطل کیا درکار
ہی بہیڑ چال پر مرتے ہین ایک دوسرے کی پیچہی چاہ ضلالت مین گرتے ہین اگر کوئی صداقت محمدیہ کا خواہان
و دلیل ہے تو وہ اونکی رای مین گمراہ و ضلیل ہی اب جو کوئی بخاری و مسلم وغیرہ کی تحریر پر نازان
ہوویگا انجام کار سر پکڑ کر رو دیگا کیونکہ یہہ لوگ ہجرت کی سو دو سو برس بعد پیدا ہوئی ہین اور
حالات شنیدہ بدیدہ نادیدہ پر شیدا جو کچھہ اونہون نے اپنی وقت کی لوگون سی سنا وہی لکھا
عہد محمد کی اونکو سند تحریری کوئی نہ ملی اور اصلا حقیقت اصلی نہ کہلی اسکا تو کیا ذکر ہی کہ
اوسوقت کا کوئی انسان میسر آئی اور اصل حال زبانی سنائی شاہ عبدالعزیز نی کید ہشتادونہم
تحفہ اثنا عشریہ مین لکہا ہی کہ ہجرت سی لیکر سنو برس تک اسلام مین کوئی کتاب تصنیف نہ ہوئی
اور کسی مسلمان کو نوشت و خواند کی تکلیف نہوئی عبارتہ ہکذا تاریخ دانان عالم اجماع دارند
تا آنکہ تا صد سال از ہجرت ہیچ تصنیفی در اسلام واقع نشدہ انتہی پس جس بات پر بخاری وغیرہ
کا اعتماد ہی وہ کیونکر لایق اعتقاد ہی کہ نہ اونہون نے اوسکو اپنی آنکہہ سی دیکہا اور نہ دیکہنے والی
کے منہہ سے سنا اگر سنا تو دو سو برس کے راویون ہی پر صحت روایت منحصر ہی تو ہنوز دلی
دور ہی کہ سو دو سو برس کی راویون کا چال چلن ہرگز معلوم نہین ہوسکتا کہ کون سچا
تہا اور کون جہوٹا کتب اسماء الرجال سے بہی کما حقہ و بجنسہ گذارشات رواۃ تحقیق نہین
ہوسکتین کتب اسماء الرجال بخاری وغیرہ سے بہی مدتہا بعد تالیف و تصنیف ہوئی ہین
اور اوسدن سے آج تک بدلائل سنگین و براہین متین خفیف و ضعیف ہوئی ہین جو کوئی انصاف
پر آمادہ ہی اوسکو حقیقت رواۃ پیش پا افتادہ ہی کہ سو ڈیڑہ سو برس کی لوگون کی حسب
نسب کیونکر بیان کئے گئے اور کس طرح لایق اطمینان سمجھی گئی آ. جہانگیر و اورنگزیب کی

Marfat.com

ہمعصر کسی شخص کا چال وچلن بیان کیا جاے اور اوسوقت کی کوئی تحریری سند ہاتہہ نہ آئے تو زبانی
روایت سے اصلا کام نہ نکلیگا اور اصل مدعا نہ ملیگا پس مخالفین جو اپنی صحت روایت پر نازان ہین
بڑی نادان ہین اگر اس رمز کو بخوبی پا لینگے تو بخاری و مسلم وغیرہ کو پس پشت ڈالینگے مسلمانون کی روایت
کا عجب طریقہ ہے شعر از سلیقہ ہے **بیت** شرط سلیقہ ہے ہر اک کام مین ٭ عیب بہی کرنیکو ہنر چاہئے
ہم مخالفین سے صرف یہہ ہی بات چاہتے ہین کہ عہد محمد سے لیکر وقت بخاری تک جسقدر راوی گذرے
ہین اونکی راستی بیان و درستی ایمان کا ثبوت دین یا اپنے دعوی سے درگذر کر کر راہ سکوت لین صحیح
مسلم نے اپنی صحیح مین لکہا ہے کہ محدثین سے بڑی بڑی غلطیان صادر ہوئی ہین اور بڑی بڑی
خطائین ظاہر عبارتہ ہکذا حدثنی عفان عن محمد بن یحیی بن سعید القطان عن ابیہ قال لم تر الصالحین
فی شی اکذب منہم فی الحدیث قال مسلم یجری الکذب علی لسانہم ولا یتعمدون یعنی ماندیدیم صلحا را در
امری دروغگو تر از ایشان کہ در حدیث اند جاری میشود کذب بر زبان ایشان و قصداً نمیگویند فقط
جبکہ رواۃ صحاح ستہ محدثین کے نزدیک دروغگو ہین تو عبید اللہ وغیرہ اونکی روایتا سے کس لئے چارہ جو ہین
کیونکر جہوٹی باتون پر ناز کرتے ہین اور کسواسطے پای ابلیس و دجال پر سر نیاز دہرتے ہین اب ہم سرگردان
وحیران بیابان ضلالت کو مسلک احقاق حق و ابطال باطل سے آگاہ کرتے ہین یعنی حسب التصحیح علماے اسلام صحاح ستہ
کے راویون کی کذابی و دروغبافی واضح رای عبید اللہ کرتے ہین یہان جسقدر تعداد رواۃ معہ گذارشات تہذیب
دیتے ہین لفظاً لفظاً مضمون و مطلب میزان و تقریب لیتے ہین اون مین سے **پہلا** ابراہیم بن بشار ہے کہ
ابو داؤد و ترمذی اپنی صحیح مین اوس سے روایت کرتے ہین حالانکہ وہ ابن عیینہ پر افترا کرتا تہا اور جو
کچہہ کہ ابن عیینہ نے نہ کہا تہا اوسکی نام سے لوگون پر ظاہر کرتا تہا کہ ابن عیینہ نے یون کہا ہے امام احمد
حنبل نے اس سبب سے اوسکی مذمت شدید کی ہے اس مطلب کے میزان الاعتدال و تہذیب التہذیب
منفصلاً تفسیر کی گئی ہے **دوسرا** ابراہیم بن محمد بن ابی یحیی ہے کہ ابن جریج اسکی ... شیخ
میں اوس سے روایت کی ہے مگر مالک اوسکو دین و حدیث مین غیر ثقہ جانتا ہے اور یحیی ابن سعید بن ... اوسکو
ملقب بہ لقب کذاب کیا ہے امام احمد بن حنبل کہتا ہے کہ وہ متروک الحدیث و معتزلی تہا اور جسقدر حکایتین

Marfat.com

کہ اوس نے روایت کی ہین وی بالتمام بے اصل ہین یہہ مطلب بہی تہذیب التہذیب و میزان الاعتدال
مین تفصیل وار مذکور ہی **تیسرا** احمد بن عبد الرحمن بن وہب ہی کہ مسلم نے اپنی صحیح مین اوس سی روایت
کی ہی ابن عدی کہتا ہی کہ مصر کے تمام شیوخ اوسکی تضعیف پر متفق ہین اور نسائی نے اوسکو ضعفا
مین شمار کرکے کذاب قرار دیا ہی اور ابن یونس کا قول ہے کہ وہ لایق احتجاج نہین ہی کذا فی میزان
الاعتدال **چوتھا** احمد بن محمد بن ایوب مصنف مغازی ہی کہ ابو داؤد نے اپنی صحیح مین اوس سے
روایت کی ہی ابن معین اوسکو کذاب کہتا ہی میزان الاعتدال مین دیکہو **پانچوان** ابو
الولید بن عبد الرحمن بصری ہی کہ ترمذی و ابن ماجہ و نسائی نے اوس سے روایت کی ہی اور اسمعیل
بن عبد اللہ عسکری اوسکو مردود الشہادت جانتا ہی اور کہتا ہی کہ اگر میرے سامنے وہ گواہی دیتا
تہا تو مین قبول نکرتا تہا پہر اوسکی بعض عیوب بیان کرنے کے بعد کہتا ہی کہ مین اوسکو کذابین سے
شمار کرتا ہون کما فی میزان ذہبی **چہٹا** اسمعیل بن ابی ادیس ہی کہ بخاری و مسلم و ابو داؤد
و ترمذی و ابن ماجہ اپنی صحاح مین اوس سے روایت کرتے ہین اور جناب بخاری اوسکی مرویات
پر کمال فریفتہ ہین اور بہت احادیث اپنی صحیح مین اوس سے نقل کرتے ہین حالانکہ ابن معین اوسکو سارق
الحدیث و کاذب جانتا ہی اور دولابی ضعفا مین ذکر کرتا ہی اور مروزی اوسکا کذاب نام دہرتا ہی
کذا فی میزان **ساتوان** ایوب بن جابر بن سیار ہی کہ ابو داؤد و ترمذی نے اوس سے روایت
کی ہی اور ابو زرعہ اوسکو واہی جانتا ہی اور نسائی ضعیف کہتا ہی اور ابن المدینی کہتا ہی کہ وہ حدیثین
بناتا تہا کما فی میزان **آٹہوان** ثابت بن موسی ضبی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی
مگر ابو حاتم اوسکو ضعیف و غیر قابل الاحتجاج جانتا ہی اور یحیی ابن معین کہتا ہی کہ وہ کذاب تہا کذا فی
میزان **نوان** جعفر بن زبیر ہی کہ ابن ماجہ نے اپنی سنن مین اوس سے روایت کی ہی ولیکن شعبہ اوسکو
کاذب و دروغگو بلکہ کذاب الناس جانتا ہی اور کہتا ہی کہ اوسنے چار سو حدیثین وضع کی ہین میزان
الاعتدال مین اس حال کی تفصیل ہے **دسوان** حارث بن عمران جعفری ہی کہ ابن ماجہ نے
اوس سے روایت کی ہی باوصف آنکہ ابن حبان کہتا ہی کہ وہ ثقات کے نام سے احادیث وضع کرتا

تہا ابن عدی وابو حاتم کا قول ہے کہ اوسکی روایات ضعیف وغیر قوی ہین ابو زرعہ اوسکو واہی الحدیث
سمجھتا ہے کذا فی میزان ۱۱ حبیب بن ابی حبیب مصری کاتب مالک ہے کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت
کی ہے حالانکہ ابو داؤد کہتا ہے کہ وہ اکذب الناس تہا ابو حاتم کا قول ہے کہ برادر زادہ زہری سے احادیث
موضوعہ کو روایت کرتا تہا ابن عدی کہتا ہے کہ اوسکی کل احادیث موضوع ہین اور ابن حبان کا
قول ہے کہ ثقات کے نام سے احادیث بناتا تہا کذا فی میزان ۱۲ حارث بن عمیر بصری ہے بخاری نے
تعلیق مین اور ترمذی وابو داؤد وابن ماجہ ونسائی نے اپنی صحاح مین اوس سے روایت کی ہے حالانکہ وہ
ثقات کے نام سے موضوعات ومکذوبات کو روایت کرتا تہا کذا فی میزان ۱۳ حسن بن عمارہ کوفی
ہے کہ ترمذی وابن ماجہ نے صحیح مین اور بخاری نے تعلیق مین اوس سے روایت کی ہے مگر شعبہ اوسکو کاذب
اور ابن المدینی واضع احادیث وجوزجانی ساقط الاعتبار وابو حاتم ومسلم ودارقطنی متروک الروایت
جانتے ہین تشریح اسکی میزان وحاشیہ کاشف وتذہیب التہذیب مین ہے ۱۴ حسن بن مدرک طحان ہے
کہ بخاری ونسائی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہے لیکن ابو داؤد اوسکو کذاب کہتا ہے کما
فی میزان ۱۵ حصین بن عمر احمسی ہے کہ ترمذی نے اوس سے صحیح مین روایت کی ہے مگر بخاری اوسکو
منکر الحدیث کہتا ہے اور ابو حاتم نہایت واہی سمجھتا ہے اور بعض ارباب رجال کاذب جانتے ہین واحمد
اوسکی تضعیف کا قائل ہے کذا فی میزان ۱۶ حمزہ بن ابی حمزہ جزری ہے جو کہ حدیث اصحابی کالنجوم
کا راوی ہے ترمذی نے اپنی صحیح مین اوس سے روایت کی ہے بخاری اوسکو منکر الحدیث کہتا ہے اور
دارقطنی متروک جانتا ہے ابن عدی کا قول ہے کہ تمام روایات اوسکی موضوع ہین کذا فی میزان
۱۷ خارجہ بن مصعب سرخسی ہے کہ ترمذی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہے احمد بن حنبل اوسکو
واہی کہتا ہے اور ابن معین کذاب جانتا ہے اور دارقطنی اوسکی تضعیف کرتا ہے میزان مین اوسکی
حقیقت حال بالتفصیل مذکور ہے ۱۸ خالد بن عمرو قرشی ہے کہ ابن ماجہ وابو داؤد نے اوس سے روایت
کی ہے لاکن ابن عدی کہتا ہے کہ اوسنے فضیلت صحابہ مین اکثر حدیثین وضع کی ہین بخاری اوسکو
منکر الحدیث اور احمد غیر ثقہ اور ابو زرعہ ساقط الاعتبار کہتا ہے کذا فی میزان ۱۹ خالد بن یزید

ومشقی مصنف کتاب الدیات ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی مگر نسائی و دارقطنی اوسکی
تضعیف کرتے ہین احمد اوسکو ہیچکارہ کہتا ہی ابن ابی الحواری ابن معین سے نقل کرتا ہی کہ وہ کہتا تہا
کہ کتاب خالد بن یزید زیر زمین دفن کرنیکے لایق ہی آخر الامر خود ابن ابی الحواری ہی نے اوسکی کتاب عطار کو حوالہ
کر دی کہ اوس نے پارہ پارہ کرکے نسخے باندہنی شروع کیے کذا فی میزان **۲۰** داؤد بن زبرقان ہی
کہ ترمذی و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی حالانکہ ابن معین اوسکو ہیچکارہ جانتا ہی ابوداؤد
ضعیف و متروک الحدیث کہتا ہی جوزجانی کذاب بتلاتا ہی ابن عدی اوسکی احادیث کو منکر سمجہتا
ہی نسائی کا قول ہی کہ وہ غیر ثقہ ہی کذا فی میزان **۲۱** داؤد بن المحبر بصری صاحب کتاب العقل
ہی کہ ابن ماجہ نے اپنی سنن مین اوس سے روایت کی ہی ابوزرعہ وغیرہ اوسکو ضعیف کہتے ہین دارقطنی
نے کہا ہی کہ کتاب العقل اول میسرہ نے وضع کی تہی اس بے عقل نے سرقہ کرکے اپنے نام سے مشہور
کی صالح جزرہ داؤد بن المحبر کو کاذب واضع حدیث کہتا ہی کما فی میزان **۲۲** سری بن اسمعیل
کوفی صاحب شعبی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی مگر نسائی اوسکو متروک کہتا ہی اور احمد بن
حنبل کا قول ہی کہ لوگون نے اوسکی حدیث کو ترک کیا ہی یحیی القطان کہتا ہی کہ مجلس واحد مین
اوسکا جہوٹ مجہہ پر ظاہر ہوگیا کذا فی میزان **۲۳** سعد بن طریف اسکاف حنظلی ہی کہ ابوداؤد
و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ابن حبان کہتا ہی کہ وہ فی الفور وضع حدیث کرتا تہا ابن معین منادی
کرتا ہی کہ اوس سے روایت کرنا کسی کے لئے حلال نہین ہی احمد و ابوحاتم اوسکو ضعیف الحدیث کہتے ہین
نسائی و دارقطنی کے نزدیک وہ متروک ہی کما فی میزان **۲۴** سعید بن سنان حمصی ہی کہ ابن ماجہ
نے اوس سے روایت کی ہی مگر احمد بن حنبل اوسکی تضعیف کرتا ہی یحیی اوسکو غیر ثقہ کہتا ہی اور بخاری
منکر الحدیث جانتا ہی دارقطنی وغیرہ کہتے ہین کہ وہ احادیث وضع کرتا تہا کذا فی میزان **۲۵**
سعید بن عبد الجبار زبیدی ہی کہ ابن ماجہ اوس سے روایت کرتا ہی نسائی کہتا ہی کہ وہ ثقہ نہین ہی اور
جریر اوسکی تکذیب کرتا ہی **۲۶** سلم بن ابراہیم وراق ہی کہ ابوداؤد و ابن ماجہ نے اوس سے
روایت کی ہی لیکن ابن معین اوسکو کذاب کہتا ہی کذا فی میزان **۲۷** سلم بن عبد الرحمان نخعی ہی

که مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجه نے اپنی صحاح مین اوس سے روایت کی ہی مگر ابراہیم
نخعی اوسکو کذاب کہتا ہی ۲۸ سیف بن محمد کوفی ہی کہ ترمذی نے اوس سے اپنی صحیح مین
روایت کی ہی احمد بن حنبل و ابن معین و ابوداؤد اوسکو کذاب کہتے ہین اور یحییٰ کا قول ہی کہ وہ
سوا کذاب ہونے کے خبیث بہی تہا زکریا بن یحییٰ الساجی کہتا ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا کذا فی
میزان ۲۹ سیف بن ہارون برجمی ہی کہ ترمذی و ابن ماجه نے اوس سے روایت کی ہی نسائی
و دارقطنی اوسکو ضعیف کہتے ہین ابن حبان کہتا ہی کہ وہ اثبات سے موضوعات کو روایت کرتا تہا
کذا فی میزان ۳۰ صالح بن ابی الاخضر ہی کہ اصحاب سنن اربعہ نے اوس سے روایت کی ہی
ابو زرعہ اوسکو غیر صالح و ضعیف الحدیث کہتا ہی ترمذی و یحییٰ القطان و یحییٰ ابن معین و
بخاری وسکی تضعیف کرتے ہین کما فی میزان ۳۱ صباح بن محمد بجلی ہی کہ ترمذی نے
اوس سے روایت کی ہی ابن حبان کہتا ہی کہ اوسکی روایات موضوع ہین چنانچہ میزان مین
مسطور ہی صباح بن محمد البجلی عن مرة الطبیب عن ابن مسعود ورفع حدیثین ہما من قول عبد الله
قال ابن حبان یروی الموضوعات وقد ذکره ابن ابی حاتم فقال روی عنه ابان بن اسحاق
الاسدی لم یزد فلا تعرض له بجرح و تعدیل ۳۲ ضرار بن صرد ہی کہ ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجه
نے اوس سے روایت کی ہی نسائی کہتا ہی کہ وہ ثقہ نہین ہی ابو حاتم اوسکو قابل احتجاج نہین
جانتا دارقطنی اوسکی تضعیف کرتا ہی یحییٰ ابن معین اوسکو کذاب جانتا ہی کذا فی میزان
۳۳ طلحہ بن زید ہی کہ ابن ماجه نے اوس سے روایت کی ہی بخاری وسکو منکر الحدیث
کہتا ہی نسائی متروک جانتا ہی ابن حبان کہتا ہی کہ اوسکی حدیث سے احتجاج حلال نہین ہی
ابن عدی و علی بن المدینی کہتے ہین کہ اوسکی حدیثین موضوع ہین کذا فی میزان ۳۴
عامر بن صالح بن عبد الله بن عروه ہی کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی ابن معین وسکو کذاب
کہتا ہی دارقطنی متروک جانتا ہی اور نسائی غیر ثقہ مانتا ہی ابن معین کہتا ہی کہ وہ کذاب و خبیث
و دشمن خدا تہا ۳۵ عباد بن رشد بصری ہی کہ بخاری و ابوداؤد و نسائی و ابن ماجه نے

Marfat.com

اوس سے روایت کی ہی حالانکہ خود بخاری اوسکو ضعفا مین شمار کرتا ہی نسائی اوسکے حق مین کہتا
ہے کہ قوی نہین ہی اور ابن حبان کے نزدیک وہ متہم ہی کذا فی میزان ۳۶ عباد بن کثیر ثقفی
ہی کہ ابوداود وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی احمد بن حنبل کا قول ہے کہ اوس نے احادیث
کذب کو روایت کیا ہی بخاری کہتا ہی کہ وہ متروک ہی کذا فی تقریب ۳۷ عبد اللہ بن ابراہیم
غفاری ہی کہ ابوداود وترمذی نے اوس سے روایت کی ہی ابن حبان کہتا ہی کہ وہ وضع حدیث
کرتا تہا دارقطنی اوسکی احادیث کو منکر جانتا ہی ذہبی کہتا ہی کہ جسقدر احادیث اوس نے شیخین
کی شان مین مروی ہین وہ سبھی باطل ہین ۳۸ عبد اللہ بن خراش ہی کہ ابن ماجہ اوس سے
روایت کرتا ہی دارقطنی وغیرہ اوسکی تضعیف کرتے ہین ابوزرعہ اوسکے حق مین کہتا ہی لیس بشی ابو
حاتم کا قول ہے کہ ذاہب الحدیث ہی بخاری اوسکو منکر الحدیث جانتا ہی ابو عمار اوس پر کذب کا
اطلاق کرتا ہی کذا فی میزان و حاشیہ کاشف و تقریب ۳۹ عبد اللہ بن زیاد مخزومی ہی کہ
ابوداود نے مراسیل مین و ابن ماجہ نے سنن مین اوس سے روایت کی ہی ابن معین گاہی اوسکو
غیر ثقہ اور گاہی ضعیف کہتا ہی اور جوزجانی ذاہب الحدیث جانتا ہی ابراہیم بن سعد اوسکی کذب
و دروغگو ہونے پر قسم کہاتا ہی مالک کی رائے مین وہ کذاب ہی کذا فی میزان تقریب مین مذکور
ہے کہ ابوداود بہی اوسکی تکذیب کرتا ہی باوصفیکہ مراسیل مین اوس سے روایت کرچکا ہی ۴۰
عبد اللہ بن سعید بن ابی سعید کیسان مقبری ہی کہ ترمذی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی
ابن معین اوسکو گاہی لیس بشی کہتا ہی اور گاہی لیس بثقہ فلاس منکر الحدیث جانتا ہی یحیی ابن سعید کا
قول ہی کہ اوسکا دروغ وکذب مجلس واحد مین منکشف ہوگیا کذا فی میزان ۴۱ عبد اللہ بن
شریک عامری ہی کہ نسائی نے اوس سے روایت کی ہی جوزجانی کہتا ہی کہ وہ کذاب ہی کذا فی میزان
۴۲ عبد اللہ بن صالح ابو صالح کاتب للیث ہی کہ بخاری وابوداود وترمذی وابن ماجہ نے
اوس سے روایت کی ہی لیکن صالح جزرہ اوسکی تفضیح کرکے کہتا ہی کہ وہ میرے نزدیک حدیث مین
مرتکب کذب ہوتا تہا کذا فی میزان ۴۳ عبد اللہ بن محمد عدوی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے

Marfat.com

روایت کی ہی مگر بخاری اوسکو منکر الحدیث کہتا ہی ابن حبان اوسکی حدیث کی ساتھہ احتجاج جائز
نہین جانتا وکیع کا قول ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا کذا فی میزان ۴۴ عبد اللہ بن معاذ
صنعانی ہی کہ ترمذی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی عبد الرزاق اوسکی تکذیب کرتا ہی کذا فی
میزان ۴۵ عبد اللہ بن اویس ہے کہ بخاری ومسلم ونسائی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی
ہی ازدی اوسکو کاذب ومفتری وواضع حدیث لکھتا ہی کذا فی میزان ۴۶ عبد الرحمان بن عبد اللہ
بن عمر بن حفص ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی یحیی بن معین اوسکو ضعیف کہتا ہی اور نسائی
متروک جانتا ہی احمد بن حنبل کا قول ہی کہ وہ کذاب ہی اور حدیث اوسکی قابل پارہ پارہ کرنیکے ہی
کذا فی میزان ۴۷ عبد الرحمان بن قیس ضبی ہی کہ ارباب سنن اربعہ نے اوس سے روایت کی
ہی بخاری اوسکو ذاہب الحدیث جانتا ہی ابن مہدی وابو زرعہ اوسکی تکذیب مین مشغول ہین
کذا فی میزان ۴۸ عبد الرحمان بن ہانی ہی کہ ابو داود وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی احمد
بن حنبل اوسکو ہیچکارہ کہتا ہی یحیی کا قول ہی کہ وہ کذاب ہی کذا فی میزان ۴۹ عبد الرحمان
بن زید العمی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی جوزجانی کہتا ہی کہ وہ غیر ثقہ تہا ابو حاتم اوسکو
متروک الحدیث جانتا ہی اور ابو زرعہ واہی اور ابو داود ضعیف یحیی کہتا ہی کہ وہ کذاب تہا کذا فی
میزان ۵۰ عبد الرحیم بن ہارون غسانی ہی کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی دارقطنی
اوسکو متروک الحدیث وغیرہ اوسکو کذاب کہتا ہی ۵۱ عبد العزیز بن ابان ہی کہ ترمذی نے اوس سے
روایت کی ہی ابو حاتم کہتا ہی کہ اوسکی حدیث قابل کتابت نہین ہی یحیی کا قول ہی کہ وہ کذاب
وخبیث تہا اور احادیث موضوعہ کے ساتھہ تحدیث کرتا تہا کذا فی میزان ۵۲ عبد الملک بن قریب
اصمعی ہی کہ ابو داود وترمذی نے اوس سے روایت کی ہی ابو زید انصاری اوسکو [illegible]
ہی کذا فی میزان ۵۳ عبد الوہاب بن الضحاک بن ابان عرضی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت
کی ہی نسائی اوسکو متروک کہتا ہی اور دارقطنی منکر الحدیث اور ابو حاتم کاذب کذا فی میزان
۵۴ عبد الوہاب بن مجاہد جبر مکی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی یحیی کہتا ہی کہ اوسکی

Marfat.com

حدیث کتابت کی لایق نہین ہی ابن عدی کا قول ہے کہ جو کچھہ اوس نے عائشہ روایت کی ہی اوسپر
متابعت نہین کی گئی سفیان ثوری کہتا ہی کہ وہ کاذب تہا ۵۵ عبد اللہ بن زجر ہی کہ ابن ماجہ
سنن ربعہ وامام احمد حنبل نے اوس سی روایت کی ہی یحیی کبہی اوسکی شان مین ضعیف الحدیث کہتا
ہی اور کبہی کہتا ہی کہ وہ ہیچکارہ ہی ابن المدینی اوسکو منکر الحدیث کہتا ہی دارقطنی کا قول ہی کہ وہ
قوی نہین ہی کذا فی میزان ۵۶ عبید بن القاسم اسدی ہمشیرزادہ سفیان ثوری ہی کہ ابن ماجہ
نے اوس سے روایت کی ہی بخاری اوسکے حق مین لیس بشی کہتا ہی یحیی کبہی لیس بثقہ اور کبہی کذاب
کہتا ہی ابو حاتم کے نزدیک وہ ذاہب الحدیث ہی ابو زرعہ کہتا ہی کہ اوس سے روایت سزاوار نہین
ہی ابن حبان کا قول ہی کہ اوس نے ہشام سی نسخہ موضوعہ روایت کیا ہی دارقطنی اوسکو ضعیف اور
نسائی متروک جانتا ہی صالح جزرہ ارشاد کرتا ہی کہ وہ کذاب ہی کہ وضع حدیث کرتا تہا ابو داود
کی بہہ ہی تصریح ہی کہ وہ واضع حدیث تہا کذا فی میزان ۵۷ عثمان بن عبد الرحمان ہی
کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی مگر بخاری ونسائی ودارقطنی اوسکو متروک کہتی ہین علی
بن المدینی اوسکی بدرجۂ غایت تضعیف کرتا ہی ابن معین کے نزدیک وہ کاذب ودروغگو ہی کذا فی
تقریب ۵۸ عثمان بن فاید ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ابن حبان اوسکی ساتہہ
احتجاج جائز نہین جانتا ذہبی اوسکو متہم بوضع حدیث کرتا ہی ابن معین اوسکی حق مین لیس بشی
کہتا ہی ۵۹ عطا بن عجلان حنفی بصری ہی کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی ابن معین و
فلاس و عمرو بن علی اوسکو کذاب کہتی ہین بخاری منکر الحدیث جانتا ہی ابو حاتم ونسائی متروک
سمجہتی ہین دارقطنی ضعیف کہتا ہی کذا فی میزان ۶۰ عطیہ بن سفیان ثقفی ہی کہ ابن ماجہ نے
اوس سی روایت کی ہی ذہبی میزان مین کہتا ہی کہ وہ کذاب تہا ۶۱ عکرمہ مولا ابن عباس
ہی کہ بخاری ومسلم وابو داود وترمذی ونسائی وابن ماجہ نے صحاح ستہ مین اوس سے روایت
کی ہی مگر یحیی ابن سعید انصاری وعلی بن عبد اللہ بن عباس و ابن المسیب وعطا وابراہیم بن
میسرہ وغیرہ اوسکو کذاب ومفتری جانتی ہین ۶۲ علا بن خالد واسطی ہی کہ ترمذی نے اوس سے

روایت کی ہی ابوسلمہ اوسکو کاذب و دروغگو جانتا ہی کذا فی میزان وتقریب ۶۳ علا
بن مسلمہ بن عثمان رواس ہی کہ ترمذی نے اوس سی روایت کی ہی ازدی کہتا ہی کہ اوس سی روایت
کرنا حلال نہین ہی ابن طاہر کا قول ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا ابن حبان کہتا ہی کہ ثقات سی
موضوعات کو روایت کرتا تہا کذا فی میزان ۶۴ علی بن مجاہد کابلی ہی کہ ترمذی نے اوس سے
روایت کی ہی یحییٰ ابن ضریس اوسکو کذاب کہتا ہی ابن معین کا قول ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا
۶۵ عمارہ بن جوین عبدی ہی کہ ترمذی و ابن ماجہ نے صحیحین مین اور بخاری نے افعال عباد مین
اوس سی روایت کی ہی ولیکن حماد بن زید اوسکی تکذیب کرتا ہی شعبہ کہتا ہی کہ میری نزدیک گردن
مارنا بہتر ہی اوس سے کہ عمارہ سی روایت کرون مین احمد اوسکو ہیچکارہ اور نسائی متروک الحدیث
اور جوزجانی کذاب و مفتری کہتا ہی ابن معین کا قول ہی کہ وہ حدیث مین ضعیف غیر قابل التصدیق
ہی صالح محمد اوسکو فرعون سے بھی دروغگوتر جانتا ہی کذا فی میزان ۶۶ عمر بن رباح بصری
ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی فلاس اوسکو ملقب بلقب دجال کرتا ہی دارقطنی متروک الحدیث
جانتا ہی کذا فی میزان حاشیہ کاشف مین ہی کہ بخاری نے اوسکو دجال کہا ہی ۶۷ عمر بن خراش
ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ابن حبان کہتا ہی کہ وہ ثقات پر احادیث وضع کرتا تہا
اوس سی حدیث لکھنا جائز نہین ہی ازدی اوسکو کذاب کہتا ہی احمد بن سلیمانی واضع حدیث و
مفتری جانتا ہی اسحق بن راہویہ بدعت و کذب و افترا مین بے نظیر و یکتا کہتا ہی کذا فی میزان
۶۸ عمر بن ہارون بلخی ہی کہ ترمذی و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی احمد و نسائی اوسکو
متروک الحدیث کہتے ہین علی بن مدینی و دارقطنی ضعیف جانتے ہین صالح جزرہ ملقب بہ لقب
کذاب کرتا ہی یحییٰ کہتا ہی کہ وہ کذاب خبیث ہی ۶۹ عمرو بن جابر ابو زرعہ حضرمی ہی کہ ترمذی
و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ذہبی کہتا ہی کہ وہ احمق تہا امام احمد بن حنبل ارشاد کرتا
ہے کہ مجھکو خبر ملی ہی کہ وہ دروغگو تہا نسائی کا قول ہی کہ وہ غیر ثقہ تہا ابراہیم بن یعقوب
اوسکو غیر ثقہ دجال و احمق کہتا ہی ابو الفتح ازدی بتصریح تمام اوسکو کذاب ہونے پر شہادت ادا کرتا

Marfat.com

ہی ۰ ے عمرو بن خالد قرشی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی وکیع کہتا ہی کہ وہ ہمارے قریب
رہتا تہا اور وضع حدیث کرتا تہا جبکہ اوسکے حال سے واقف ہوئے تو بطرف واسط چلا گیا عباس کا
قول ہی کہ یحیی اوسکو کذاب غیر ثقہ کہتا تہا احمد بن حنبل و دارقطنی و ابو داؤد بہی اوسکو کذاب کہتے ہین
اسحق و ابو زرعہ بہی طراز ہین کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا ۱ ے عمرو بن واقد دمشقی ہی کہ ترمذی و ابن
ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ابو مسہر اوسکو ہیچکارہ کہتا ہی و بخاری منکر الحدیث اور دارقطنی متروک
جانتا ہی و دحیم و مروان اوسکی تکذیب کرتے ہین ۲ ے عنبسہ بن عبد الرحمان ہی کہ ترمذی نے
اوس سے روایت کی ہی باوصفیکہ خود ترمذی بخاری سے نقل کرتا ہی کہ اوسکو ذاہب الحدیث کہتا تہا
ابو حاتم کا قول ہی کہ وہ جملہ وضاعین حدیث سے تہا ۳ ے قاسم بن عبد اللہ بن عمر العمری ہی
کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی امام احمد بن حنبل اوسکو ہیچکارہ بلکہ دروغ گو و واضع حدیث
جانتا ہی یحیی ہیچکارہ و کذاب کہتا ہی ابو حاتم و نسائی کہتے ہین کہ وہ متروک ہی دارقطنی کا قول ہی
کہ ضعیف ہی ۴ ے کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف ہی کہ ترمذی و ابن ماجہ اوس سے روایت
کرتے ہین ابن معین اسکو ہیچکارہ کہتا ہی ابو حاتم کا قول ہی کہ وہ متین نہین ہی نسائی کے نزدیک ثقہ نہین
ہی شافعی و ابو داؤد اوسکو ایک رکن ارکان کذب سے جانتے ہین. دارقطنی وغیرہ متروک مانتے ہین
۵ ے محمد بن حسن بن زبالہ ہی کہ ابو داؤد نے اوس سے روایت کی ہی باوصف آنکہ خود ابو داؤد
نے اوسکو کذاب بہی کہا ہی یحیی اوسکو غیر ثقہ کہتا ہی نسائی و ازدی متروک الحدیث جانتے ہین
ابو حاتم واہی الحدیث اور دارقطنی وغیرہ منکر الحدیث کہتے ہین کذا فی میزان ۶ ے محمد بن عبد الرحمان
قشیری ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی مگر ارباب رجال اوسکو کاذب جانتے ہین تفصیل اسکی
تقریب مین ابن حجر نے کی ہی جو کہ اولاد تیہر کی ہی ۷ ے محمد بن فرات تیمی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس
سے روایت کی ہی مگر ارباب جرح و تعدیل اوسکو منکر الحدیث و ہیچکارہ و متروک و غیر قوی کہتے ہین
امام احمد وغیرہ کے نزدیک وہ کاذب ہی ۸ ے محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن محمد بن عکاشہ
کہ ابن ماجہ نے اپنی سنن مین اوس سے روایت کی ہی بخلاف ابن معین و دارقطنی اوسکو منکر ال

وکذاب ووضاع حدیث جانتے ہین کذا فی میزان ۷۹ محمد بن بشار ملقب بہ بندار ہی کہ بخاری
ومسلم وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ نے اپنی صحاح مین اوس سے روایت کی ہی اور اوسکی
مرویات کو حجت جانا ہی لیکن فلاس اوسکی تکذیب کرتا ہی اور یحیی تضعیف کذا فی میزان ۸۰
مبارک بن حسان ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ابوداؤد اوسکو منکر الحدیث جانتا ہی نسائی
کہتا ہی کہ وہ قوی نہین ہی ازدی کے نزدیک کذاب ہی کذا فی میزان ۸۱ محمد بن حسن بن ابی یزید ہی
کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی ہی ابن معین گاہی اوسکو غیر ثقہ اور گاہی کاذب و دروغگو کہتا ہی احمد بن
حنبل اوسکو خاک سیاہ کے برابر بھی نہین جانتا ابوداؤد کبھی اوسکی تضعیف کرتا ہی اور کبھی کہتا ہی کہ وہ
کذاب ہی کذا فی میزان ۸۲ محمد بن حمید بن حبان رازی ہی کہ ترمذی وابوداؤد وابن ماجہ نے اوس
سے روایت کی ہی ابوزرعہ اوسکی تکذیب کرتا ہی ابن خراش قسم شرعی کہا کر اوسکے کذاب ہونے پر شہادت
ادا کرتا ہی صالح جزری کہتا ہی کہ محمد بن حمید سے کذب مین ماہر تر کسی کو مین نے نہین دیکھا ۸۳
محمد بن سعید مصلوب شامی ہی کہ ترمذی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی ذہبی اوسکو متہم بزندقہ کرتا
ہی ابو حاکم ونسائی کہتے ہین کہ وہ وضاعین حدیث مین مشہور ومعروف تھا ثوری واحمد بن حنبل اسکو
کذاب کہتے ہین اور کیونکر نہ کہین کہ خود اوس نے فرمایا ہی کہ اگر کوئی کلام نیک ہو وہی باک نہین
اوسکے لئے اسناد وضع کیجاوی کذا فی المیزان ۸۴ محمد بن عبد اللہ ابی سبرہ ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے
روایت کی ہی حالانکہ احمد بن حنبل اوسکو جملہ وضاعین حدیث سے جانتا تھا کذا فی میزان ۸۵
محمد بن الفضل بن عطیہ مروزی ہی کہ ترمذی وابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی امام احمد حنبل
اوسکی حدیث کو اہل کذب کی حدیث جانتا ہی یحیی کہتا ہی کہ اوسکی حدیث کی کتابت جائز نہین
ابن ابی شیبہ اوسکو منسوب بہ کذب کرتا ہی فلاس کہتا ہی کہ وہ کذاب تھا یہہ تمام
میزان مین مفصل نقل کیا ہی ۸۶ مبشر بن حمید حمصی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی
امام احمد بن حنبل کا قول ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تھا بخاری کہتا ہی کہ وہ منکر الحدیث ہی کذا فی میزان
۸۷ معلی بن عبد الرحمان واسطی ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی دارقطنی اوسکو

ضعیف وکذاب جانتا ہی ابو حاتم متروک سمجھتا ہی ابن المدینی کہتا ہی کہ وہ وضع حدیث کرتا تہا ابو
زرعہ کا قول ہی کہ وہ ذاہب الحدیث تہا کذا فی میزان ۸۸ مقاتل بن سلیمان ازدی ہی کہ ابو
داؤد نی سنن مین اوس سی روایت کی ہی مگر ارباب رجال کذاب و دروغگو و دجال جانتی ہین اور زمرۂ
متروکین و ملحدین مین شامل گردانتی ہین کذا فی تقریب ۸۹ مینا ابن ابی مینا ہی کہ ترمذی نی اوس سی روایت
کی ہی ابن معین و نسائی اوسکو غیر ثقہ کہتی ہین دارقطنی وغیرہ کا قول ہی کہ وہ متروک ہے ابو حاتم
اوسکو کاذب و مفتری کہتا ہی ۹۰ نصر بن حماد وراق ہی کہ ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہی
نسائی وغیرہ کہتی ہین کہ وہ ثقہ نہین ہی مسلم اوسکو ذاہب الحدیث جانتا ہی صالح جزرہ کتابت حدیث
اوسکی سے منع کرتا ہی ابن معین کہتا ہی کہ وہ کذاب تہا ۹۱ نضر بن کثیر ابو سہل بصری ہی کہ ابو داؤد
و نسائی نے اوس سے روایت کی ہی ابن حبان کہتا ہی کہ وہ ثقات سی موضوعات کو روایت کرتا ہی کذا فی
میزان ۹۲ نفیع بن الحارث نخعی ہی کہ ترمذی و ابن ماجہ نی اوس سی روایت کی ہی یحیی بن معین اسکو
ہیچکارہ کہتا ہی اور نسائی متروک جانتا ہی دارقطنی کی نزدیک وہ متروک الحدیث ہی ابن حبان اوس
سے روایت جائز نہین جانتا قتادہ اوسکی تکذیب مین مشغول ہی کذا فی میزان ابن حجر نی اوسکی
تکذیب یحیی بن معین سی نقل کی ہی ۹۳ احمد بن اسمعیل ابو حذافہ السہمی ہی کہ ابن ماجہ نی اوس سے
روایت کی ہی لیکن ابن عدی تصریح کرتا ہی کہ اوسنی مالک وغیرہ سی بواطیل کو روایت کیا ہی اور فضل بن سہل الاعرج
اوسکی تکذیب کرتا ہی کذا فی میزان ۹۴ جبارہ بن المغلس حمانی ہے کہ ابن ماجہ نی اوس سے
روایت کی ہی بخاری اوسکی حدیث کو مضطرب کہتا ہی یحیی بن معین اوسکو کذاب جانتا ہی کذا فی میزان
۹۵ نہشل بن سعید وردانی ہی کہ ابن ماجہ نی اوس سی روایت کی ہی اور ابو حاتم و نسائی اوسکو متروک
جانتی ہین اور یحیی و دارقطنی ضعیف کہتی ہین اسحاق بن راہویہ کا قول ہی کہ وہ کذاب ہے
کذا فی میزان ۹۶ نوح بن ابی مریم ابو عصمہ ہے کہ ترمذی و ابن ماجہ نی اوس سے روایت کی ہی
مسلم اوسکو متروک الحدیث کہتا ہی اور بخاری منکر الحدیث جانتا ہی احمد بن حنبل اوسکی تضعیف کرتا
ہی کہ اوسنی فضائل قرآن مین حدیثین وضع کی ہین ابن المبارک اوسکو کذابین مین شمار کرتا ہے

کذا فی میزان ٩٧ ولید بن عبد اللہ بن ابی ثور ہمدانی ہے کہ ابو داؤد و ترمذی و ابن ماجہ نے اوس
سے روایت کی ہے محمد بن عبد اللہ بن نمیر اوسکو کذاب کہتا ہے ابو زرعہ منکر الحدیث جانتا ہے ابو حاتم
اوسکو قابل احتجاج نہین سمجہتا کذا فی میزان ٩٨ ولید بن محمد موقری ہے کہ ترمذی و ابن ماجہ نے
اوس سے روایت کی ہے نسائی اوسکو متروک الحدیث کہتا ہے اور ابو حاتم ضعیف الحدیث ابن المدینی
اوس سے کتابت حدیث جائز نہین جانتا ابن خزیمہ اوسکے ساتھہ احتجاج نہین کرتا یحیی بن معین
اوسکو کذاب کہتا ہے کما فی میزان ٩٩ یحیی ابن عمرو بن مالک نکری ہے کہ ترمذی نے اوس سے روایت کی
ہے ابو داؤد وغیرہ اوسکی تضعیف مین مصروف ہین حماد بن زید اوسکو دروغگویون سے شمار کرتا ہے یہ تمام حال
میزان مین مذکور ہے ١٠٠ یحیی بن العلا البجلی ہے کہ ابو داؤد و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہے ابو حاتم کہتا ہے
کہ وہ قوی نہین ہے ابن معین اوسکو ضعیف غیر ثقہ کہتا ہے اور دارقطنی متروک جانتا ہے امام احمد بن حنبل
کا ارشاد ہے کہ وہ کذاب و واضع حدیث تہا کما فی میزان ١٠١ یزید بن عیاض ہے کہ ترمذی و ابن ماجہ
نے اوس سے روایت کی ہے مگر بخاری اوسکو منکر الحدیث اور یحیی غیر ثقہ اور مالک کاذب اور نسائی متروک
اور ابن معین کاذب و دروغگو کہتا ہے کذا فی میزان ١٠٢ یعقوب بن الولید ہے کہ ترمذی و ابن ماجہ نے
اوس سے روایت کی ہے ابو داؤد اوسکو غیر ثقہ اور دارقطنی ضعیف و ابو حاتم کذاب کہتا ہے امام احمد بن حنبل کا
قول ہے کہ وہ بڑے کذابین و وضاعین حدیث مین سے تہا کذا فی میزان ١٠٣ یوسف بن ابراہیم تیمی ہے
کہ ترمذی و ابن ماجہ نے اوس سے روایت کی ہے حالانکہ ابن حبان کہتا ہے کہ روایت کرنا اوس سے حلال نہین ہے
ابو حاتم کہتا ہے کہ وہ ضعیف ہے کذا فی میزان ١٠٤ یونس بن حباب اسدی ہے کہ اصحاب سنن اربعہ
نے اوس سے روایت کی ہے مگر ابن معین اوسکو مرد بد جانتا ہے اور ابن حبان اوس سے روایت کرنا حلال نہین
سمجہتا نسائی اوسکی تضعیف مین مشغول ہے دارقطنی اوسکے رفض مفرط سے نالان ہے بخاری
منکر الحدیث کہتا ہے یحیی بن سعید کا قول ہے کہ وہ کذاب تہا کما فی میزان ١٠٥ احمد بن صالح مصری
ہے کہ بخاری کے نزدیک ثقات سے ہے ابو نعیم کا قول ہے کہ وہ علمای حدیث مین ممتاز ہے اور روا نا حدیث
حجاز محمد بن یحیی اوسکو متروک کرتا ہے اور یحیی ابن معین کذاب بصیغہ مبالغہ جانتا ہے نسائی کے نزدیک

Marfat.com

وہ کذاب و مفتری و واضع احادیث ہے کذا فی میزان ۶۰ | محمد بن عمر واقدی ہے کہ محمد بن سلام
اوسکو عالم دہر جانتا ہے مصعب زبیری قسم شرعی کہا کر گواہی دیتا ہے کہ ہم نے مثل واقدی کے کوئی
نہین دیکہا دراوردی اوسکو ملقب بامیر المؤمنین فی الحدیث ملقب کرتا ہے محمد بن صنعانی وغیرہ اوسکی
توثیق کرتے ہین کذا فی میزان تفتازانی نے شرح مقاصد مین واقدی کی محامد مین اسقدر گرم گفتاری
کی ہے کہ اوسکو ہمپایۂ مسلم و بخاری کہا ہے ولیکن خوارزمی نے مسانید ابو حنیفہ مین لکہا ہے کہ نسائی کہتا ہے
کہ واقدی وضع حدیث کرتا تہا یحیی ابن معین نے تصریح کی ہے کہ واقدی نے بیس ہزار جہوٹی حدیثین وضع
کی ہین امام شافعی کتب واقدی کو محض لاشی و کذب بحت سمجہتا ہے اصل عبارت خوارزمی کی یہہ ہے
فقد ذکره الواقدی کذلک فی المغازی وقد طعنوا فیه فقال یحیی بن معین وضع الواقدی علی رسول الله
عشرین الف حدیث وقال احمد بن حنبل الواقدی یرکب الاسانید وقال ابن المدینی لا اکتب حدیثه وقال
الشافعی کتب الواقدی کذب الخ میزان ذہبی مین بہی مسطور ہے کہ واقدی وضع حدیث کرتا تہا چنانچہ
قال ابو غالب بن بنت معویة بن عمرو سمعت ابن المدینی یقول الواقدی یضع الحدیث ۷۰ | عبد الله
بن مسلم بن قتیبہ ہے کہ اکثر علما و فضلای محمدیہ نے اوسکو امام مانا ہے بلکہ معظم و مکرم اسلام جانا ہے و حاکم
حاکم حکم کرتا ہے کہ امت محمدیہ نے اجماع کیا ہے اس بات پر کہ ابن قتیبہ کذاب ہے دارقطنی کہتا ہے کہ وہ مائل
بتشبیہ ہے بیہقی کا قول ہے کہ اوسنے کرامیہ کی رای پسند کی ہے میزان ذہبی مین اسکی تصریح بخوبی ہے
۸۰ | ابو ہریرہ ہے کہ جسسے بخاری وغیرہ نے افادہ لیا ہے اور جسکے قول و فعل پر ارباب صحاح نے اعتماد
زیادہ کیا ہے حالانکہ وہ شطرنج باز تہا اور میدان قمار مین یکہ تاز بنیان ورع و امانت کا قالع تہا اور
استیصال شریعت و دیانت کا قاطع چنانچہ حیوة الحیوان مین لغت عقرب کی بیان مین ہے وروی العقیلی
تجویزه ای الشطرنج عن عمر بن الخطاب وابی هریرة والحسن البصری والقاسم بن محمد وابی قلابة و
عطاء والزہری وربیعة بن عبد الرحمان وابی الزناد وامروی عن ابی هریرة من اللعب مشهور
وفی کتب الفقه انتہی ابن اثیر نے نہایہ مین لکہا ہے وفی حدیث بعضهم قال رایت ابا هریرة یلعب السدر
السدر لعبة یقامر بها وتکسر سینها وتضم وهی فارسیة معربة عن سه در یعنی ثلثة ابواب انتهی اسکے

Marfat.com

قریب مجمع البحار مین ہی کنز العمال مین مذکور ہی کہ خلیفہ ثانی عمر بن خطاب نے محمد صاحب پر کثرت اہتمام کرنے
اور دروغ لگانے کے سبب ابو ہریرہ کو ڈرایا کہ جناب رسالت مآب سے روایت ترک کرو ورنہ تمکو مدینہ
منورہ سے اخراج کرونگا اصل عبارت کنز العمال کی یہہ ہی عن السائب بن یزید قال سمعت عمر بن الخطاب
یقول لابی ہریرہ لتترکن الحدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او لالحقنک بارض دوس وقال
لکعب لتترکن الحدیث او لالحقنک بارض القردة رواہ ابن عساکر انتہی یہان سے ظاہر ہی کہ ابو ہریرہ
افترا پردازی و تہمت طرازی مین اوقات ضائع کرتا تہا اور احادیث نے ثبات شائع پیغمبر پر تہمت
لگانا اوسکا کام تہا اور وضع حدیث مین اہتمام اگر یہہ معاملہ نہ ہوتا تو کسواسطے خلیفہ دوم ابو ہریرہ
پر سلاح تہدید شدید سنبہالتا اور کیونکر عظمت اصحاب پیغمبر پس پشت ڈالتا علامہ زمخشری نے کتاب
فائق مین کہا ہی کہ خلیفہ ثانی نے ابو ہریرہ کو بعلت خیانت کے عمل بحرین سے معزول کیا اور بالسانہ بزبان
حق ترجمان فرمایا کہ تو دشمن خدا و رسول ہی کہ خدا کے مال مین سے تو نے چوری کی ہرچند ابو ہریرہ نے جواب مین
حیلہ و حوالے پیش کئے لیکن کوئی سخن سازی وسکی پیش نہ چلی اور خلافت مآب نے ابو ہریرہ سے دس ہزار درہم
بطور مصادرہ و اغرام کے لئے اور داخل بیت المال کئے اصل عبارت فائق کی اسطرح پر ہی کہ ابو ہریرہ
استعملہ عمر علی البحرین فلما قدم علیہ قال یا عدو اللہ وعدو رسولہ سرقت من مال اللہ فقال لست بعدو اللہ
ولا عدو رسولہ ولکنی عدو من عاداہما ولکنہا سہام اجتمعت ونتاج خیل فاخذ منہ عشرة آلاف درہم
فالقاہا فی بیت المال الخ اسی کے قریب ازالة الخفا مین ہی یہان سے واضح ہی کہ خلیفہ ثانی کے نزدیک
ابو ہریرہ مستحق عزل و اغرام تہا اور عدوی خدا و پیغمبر علیہ السلام مستوجب جلا وطن و شطرنج باز تہا
اور سارق و خائن و افترا پرداز جن صحاح ستہ پر میان محمد علی کو بڑا افتخار و ناز ہی اونکے راویون
کا یہہ ہی شعار و انداز ہی اب تک جسقدر صحاح ستہ کی تکذیب کی گئی ہی بالکل بجا ہی [illegible]
دی گئی ہی ہرگاہ میان محمد علی اون کی اصل عبارت کے طلبگار ہونگے ہم بہی فورا [illegible] اصل
نقل بردار ہونگے ہم نے جو یہہ رواۃ اسلام کی تقبیح و تفضیح آشکار کی ہی فی الواقع مسلمانون کیلئے
ایک سو آٹھ دانون کی تسبیح تیار کی ہی یہہ مالا جپنے کے قابل سے اعلی ہی کہ امام آنکا بہی والا ہی

Marfat.com

شمار اسکی سراسر حق ہی کہ تعداد آٹھ برابر حق ہی ہمارا ارادہ تہا کہ اسکو دوازدہ ہزار ہو دین او رامام دوازدہ امام یا
چاریار ہو دین مگر اختصار منظور ہوا کوزہ مین بحر زخار مستور ہوا عبید اللہ نو مسلم کہان ہی کہ ہدایات اسلام
پر افتخار کرتا تہا اور ہندؤن کو تاریخ کا کچا شمار کرتا تہا اوسکا اعتراض اوسکی گردن پر سوار ہوا اور
اپنی کردار سی آپ ہی زیر بار ہوا ؎ بس تجربہ کردیم درین دیر مکافات ۞ با اہل دید ہر کہ
در افتاد بر افتاد ۞ اے نا عاقبت اندیش جبکہ تمہاری دین وایمان کا مدار ملاحدہ و زنادقہ و
کاذبین پر ہی تو دنیا مین تم سی کون لا مذہب تر و بیدین تر ہی جس صورت مین تمہاری روات مجمع ہزارہا
عیوب تہی اور کذابین و ملاعین و زنادیق مین محسوب تہی تو تمہاری برابر تاریخ کا خام کون ہی اور
بحنۂ سخزان ایمان و عرفان کی راے مین مورد ملام کون ہی جا تعجب کہ جسوقت ہم کوئی حدیث برعکس
مدعاے اہل اسلام ذکر کرتے ہین تو علماے اعلام اوسکی تاویل مین فکر کرتی ہین کبہی کہتی ہین کہ یہہ حدیث
مندرجۂ صحاح نہین ہی لہذا سزاے استفتاح نہین کبہی کہتی ہین کہ فلانی رافضی نی صحاح اہل سنت مین
الحاق کی ہی اور مشہور آفاق کبہی کہتی ہین کہ جو یہہ حدیث واقعی ہوتی تو صحیح بخاری و مسلم مین
لکہی ہوتی اگر ہم حدیث مسلم تحریر کرتے ہین تو مخالفین عجب تردید کرتے ہین کہ جس صورتمین
حدیث مذکور صحیح تہی تو امام بخاری نی کسواسطے واگذاشت کی اگر وہ حدیث صحیح بخاری سے بہی
آشکار ہوتی ہی تو حضرات کی اور ہی گفتار ہوتی ہی کبہی بہانۂ تضعیف رجال کرتے ہین اور کبہی
تاویل دور از وہم و خیال یا کہتے ہین کہ اگر بخاری نی فلانی حدیث نقل کی تو کیا قباحت ہی
کہ مسند فلان محدث مین برعکس اوسکی روایت ہی غرضکہ مسلمان حدیثون کا عیب چہپانے
کے لئے جہوٹی دلیلین لاتے ہین اور بڑی سرو بن تاویلین بناتے ہین کہان تک ابطال باطل
کی حق تلفی کرینگے اور دین محمدی کی عیوب مخفی ؎ ناصح رسیدہ آہ بیوشتی کدام را ۞
دامانت انچنین و گریبانت اینچنین ۞ خاطر جمع رکہی کہ آخر کتاب مین تکذیب حدیث تفضیل وار
مکشوف ہوگی اور شورش مسلم و بخاری انجام کار موقوف ہوگی دعوی فقیر راقم وہمی و خیالی نہین
ہی اور سند سی خالی نہین چنانچہ ترجمۂ مشکات تصنیف شیخ عبد الحق مین نقل ابن ہمام مذکور ہے جو

اہل سنت کا امام مشہور ہی عبارتہ کمذا حکم بصحت حدیث نیست مگر از جہت اشتمال رواۃ آن بر
شروطی کہ اعتبار کردہ اند از ابخاری و مسلم و چون فرض کردہ شود وجود آن شروط در روات
حدیث غیر ازین دو کتاب پس حکم بصحت انچہ درین دو کتاب ست عین تحکم و مکابرہ خواہد بود و
بتحقیق اخراج کردہ است مسلم در کتاب خود از بسیاری راویان کہ سالم نیستند از جرح ہمچنان در بخاری
جماعت راویان اند کہ تکلم کردہ شدہ است در شان ایشان پس مدار کار در حق روات بر اجتہاد علما باشد
انتہی صدہا سال کی روایت کا صحیح رہنا تو درکنار ہی دس بارہ ۱۲ برس ہی کی خبر صحیح ہاتہہ آنا دشوار ہی
مثلا حالات غدر جسکو دس بارہ ۱۲ برس ہوئی کوئی ہو بہو بیان نہین کرسکتا اور دوسرونکا اطمینان نہین ہوتا
علی الخصوص اہل تعصب کہ بعد فتح سرکار ابد قیام و فرار باغیان نمکحرام بہی جہوٹی قسمین کہاتی تہے اور قرآن
اوٹہاتی تہی کہ دلی مین گورون کا نام نہین ہی جو کچہہ گہس آئی تہے اونکو قیام نہین غازیون نے مار لئی
اور طعمۂ خنجر آبدار کئی بادشاہ اسلام تخت پر جلوہ گر ہی زیب تاج و افسر ہی راجاؤن پر اوسکا حکم رواں ہے
ہر ایک مطیع فرمان ہی جب کوئی مسلمان واقف کار ناظر اخبار یہہ کذب صریح نہین سہتا تہا اور کہتا تہا کہ ای
بہائی کیون جہوٹ بولتی ہو اور کسلئی اسلام کی قلعی کہولتی ہو تو جواب باصواب دیتی تہی کہ کیا کہین بات کہنی
کی نہین ہی اور جگہہ خاموش رہنی کی نہین اگر سچ کہین تو ایمان جاتی ہی اور مسلمانون کی ہاتہہ سی جان جا کر
آہ یہ کل عجب زمانہ ہی جہوٹ کا کارخانہ ہی جو کوئی دماغ بیہودہ بکتا ہی اور جہوٹی سوگند کہاتا ہی اوسکی
لئی پلاو و شیرمال ہی اور جو کوئی سچ بولتا ہی اور زبان راستی کہولتا ہی اوسکی لئی گوشمال ہی مسلمانون
مین ایسا سچ کہ جس سے اسلام کی اہانت ہی داخل خیانت ہی بڑا معیوب ہی کفر مین محسوب ہی جسکہ مسلمانون
کا یہہ حال ہی تو کسکی مجال ہی کہ خبر صحیح بیان کری اور اپنا زبان پس ہمکو یقین ہی کہ بخاری وغیرہ کی روایتین بہی صحیح
نہین ہی بناوٹ کی بات ہی اور محض ترہات اب ایک ہی بات پر سارا دہوکا
ہے کہ روایات اسلام مجموعۂ اشتباہ ہی عبید اللہ مثنوی نامی کہ
بخاری وغیرہ کی کہانی سچ مان لی ۵ کلیم بخت کو اوسکو رنگا
ہی ایسا سیاہ ہی کہ آب کوثر و زمزم سی بہی سفید نہو

Marfat.com

کید دوم

انبیا ایسی خوش اخلاق و نیک ہوتے ہین کہ اون سے تمام عمر برا کام صادر نہین ہوتا اور طمع و حرص و مکر و فریب سے بالکل پاک ہوتے ہین نہ کبھی جھوٹ بولین نہ کسی پر ظلم کرین ایک لقمہ کی چوری بھی اون سے درست نہین ہی غرضکہ پیغمبرون سے قصداً کوئی گناہ نہین ہوتا **جواب** یہان اس نو مسلم نے اسقدر داد دروغگوئی دی ہی کہ مسیلمہ کذاب سے بھی گوی سبقت لیگیا ہی کمظرفی و کوتاہ بینی سے خیال نکیا کہ جسوقت کسی اہل بصیرت پر یہہ کذب انکشاف پائیگا تو کاذب صاف ٹھیرائیگا کیون خیال کرتا کہ بیباک تہا اور حیا و شرم سے پاک اب بقول سعدی **مصرعہ** دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ ∴ اس ہوذہ سکا منہہ بند کرنے کی تدبیر کرتا ہون ور قرآن و حدیث سی اسکی روگردانی تحریر کرتا ہون کتاب و سنت مین بیان ہوا ہی کہ موسی پیرایۂ تہذیب سی عریان ہوا ہی کہ اوس نے غصہ مین آکر کتاب الہی زمین پر دے ماری اور پارہ پارہ کر ڈالی اپنے بڑے بھائی کے سر کے بال اور ڈاڑھی اوکھاڑ ڈالی اور بیدریغ چادر عصمت پھاڑی قرآن سی انحراف نکیجئے سورہ طاہا و اعراف دیکھ لیجئے اب میان محمد علی جواب مجلہ ہند مین آیت قرآن سی ابا کرتی ہین ور برأت موسی **سوط الجبار** البتہ موسی نے اپنے بھائی کا سر پکڑا اور اپنی طرف کھینچا مگر توریت کا زمین پر دے مارنا اور پھاڑنا افترا ہی قرآن سے اسیقدر پیدا ہی القی الالواح جسکی معنی ہین رکھدیا یا ڈالدیا القا کی معنی پٹکدینا یا دے مارنا ہرگز نہین **جواب** موسی نے ہارون کی ڈاڑھی پکڑ کر کھینچی یا نہ کھینچی یہان بھی کچھہ موشگافی کیجئے یا جوابشافی دیجئے تجاہل سے کام نہین چلتا تعلل سے مطلب نہین نکلتا بیشک آپکو موسی کے ظلم پر اقرار کرنا پڑیگا یا قرآن سے انکار یہہ آیت سورہ طاہا ہی دیکھئے اسکا کیا مدعا ہی قال یا ابن ام لا تا اخذ

Marfat.com

ولا برأسی یعنی ہارون نے موسیٰ سے کہا کہ اے میرے بھائی میری ڈاڑھی اور سر نہ پکڑ شاہ عبدالعزیز
نے باب دوازدہم تحفۂ اثنا عشریہ مین لکھا ہے کہ موسیٰ نے ہارون سے جنگ و پیکار کی اور بیچارہ کو مار
دی عبارتہ ہکذا کسے چہ تواند گفت درحق موسیٰ کہ در محاربہ حضرت ہارون قصور نفرمود تا آنکہ
حضرت ہارون بزاری پیش آمدہ فرمود کہ یا ابن ام لا تاخذ بلحیتی ولا برأسی فقط اسی باب کے
دوسرے مقام مین بھی شاہ عبدالعزیز نے تقریر کی ہے کہ موسیٰ نے ہارون کی تحقیر کی ہے عبارتہ ہکذا
دوم آزردگی حضرت موسیٰ و حضرت ہارون و تحقیر و اہانت بگرفتن ریش مبارک ایشان کشیدن
موی سر ایشان کہ منصوص قرآن است ہیچ کس را جای انکار آن نیست انتہی در صورت اگر سب البید
بد خلقی و ستمگری موسیٰ سے ادا کرینگا خطا کریگا قرآن سے مار اٹھیگا حق سبحان سے لڑیگا آپ نے الواح
زمین پر دے ماری کی باب مین خوب بات بنائی افسوس بن نہ آئی کیونکہ عربی مین القا کے معنی
رکھدینا ہرگز نہین ہین ڈالدینا اور پھینکدینا اور دے مارنا مسلم عالمین ہین چنانچہ فالقی عصا
یعنی پس موسیٰ نے عصا زمین پر ڈالدی یا دے ماری یا پھینکدی تینون ترجمون کا مفہوم واحد ہے اور
محاورہ شاہد آپکو تینون مین سے جونسا اچھا لگے اوسکو پسند کرین اور تسکین خود فرمائیں ع
بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش ٭ تو خواہی جامہ و خواہی قبا پوش ٭ اگرچہ مولوی صاحب کی
تسلی رکھدینے اور ڈالدینے سے ہوتی ہے مگر کیا کیجئے کہ القا کا ترجمہ رکھدینا غلط ہے ہان اس معنی پر
لفظ وضع موضوع ہے اور زبان اہل لغت سے مسموع اسی واسطے فارسی مین القا کا ترجمہ افگندن ہے
اور وضع کا ترجمہ نہادن صحیح بخاری مین آیا ہے کان رسول اللہ یضع لحسان منبرا فی المسجد یعنی
رسول اللہ از برای حسان در مسجد منبر می نہاد فقط پس ظاہر ہے کہ رکھدینا باحتیاط و حفاظت ہوتا
ہے اور ڈالدینا باہانت و حقارت اگر القا کے معنی رکھدینا ہو دین تو بحوالہ لغت ارقام
ہمارا قول تسلیم کیجئے غرضکہ موسیٰ نے بڑی بے ادبی کی کہ کتاب آسمانی زمین پر پھینکدی آپ کی
تاویل بے دلیل ہے اور کئی وجہ سے علیل وجہ اول آنکہ خلاف اقتضای مقام ہے اور برعکس عادت
انام کیونکہ حالت غضب مین دے مارنا ہی قرین قیاس ہے اور عادت سائر الناس علی الخصوص

موسیٰ کو غضب جبلی رہتا تھا چنانچہ مولفِ اعجاز محمدی نے لکھا ہی کہ ہیبت و شدت غضب و
بطش موسیٰ بمرتبہ بود کہ ہیچکس دیدہ بر طلعت وی نمی توانست کشود فقط جبکہ موسیٰ کا یہہ حال ہی تو اوس
سے وی مارنا کتاب الٰہی کیا محال ہی لاجرم اوس نے کتاب الٰہی زمین پر دے ماری اور اپنے برادر
بزرگوار کی عزت اوتاری وجہہ دوم آنکہ اس دلیل سے تکذیب مولف ہدیۃ الاصنام و اعجاز محمدی
لازم آتی ہے کیونکہ یہہ دونون صاحب ہمارا اعتراض تسلیم کرتے ہین موسیٰ کا نام مغلوب الغضب رکھتے
ہین بلفظہ عبارت ہدیۃ الاصنام یہہ ہی حشمناکی و مغلوب الغضبی موسیٰ برای خدا بود نہ برای
نفس مردود فقط بجنسہٖ عبارت اعجاز محمدی یہہ ہی ز برزمین زدن موسیٰ الواح را منافی رسالت
نیست چہ بجہت دین و باراے تخویف بنی اسرائیل با عاقبت بین بلا ارادہ توہین این امر از موسیٰ
سرزدہ داو تعالیٰ عوض آنہا الواح دیگر باو عطا کردہ فقط از روے ایمان فرمائیے کہ آپ نے مولف
ہدیہ وغیرہ کی تائید کی ہے یا تردید بر تقدیر اول آپ کذاب روے زمین ہین اور سبب نزول آیت
لعنۃ اللہ علی الکاذبین بر تقدیر دوم آپ عہد بر ہمزن ہین و پیمان شکن کہ آغاز کتاب مین
مولف ہدیہ وغیرہ کا شکریہ ادا کیا اور اونکو اپنا پیشوا قرار دیا یہان اونکی تکذیب کی اور تکفیر پر
کمر باندھی پس وجہہ تسمیہ سوط السجار عیان ہے اور کونی ہاتھی کی مثل نمایان کہ مولف ہدیہ و
اعجاز محمدی تو قبول کرتے ہین کہ موسیٰ نے توریت زمین پر دے ماری اور پارہ پارہ کر ڈالی اور
آپ اونکی قول سے عدول کرتے ہین کہ توریت کا دے مارنا افترا ہے اور مخالف کتاب خدا ہماری
نزدیک آپکا بھی چندان قصور نہین ہے جناب کو بزرگون کا یہہ ہی دستور دیرین ہے کہ جسکی تائید
کرتے ہین اوسی کی تردید کرتے ہین چنانچہ مولف ہدیہ وغیرہ نے اول عبید اللہ کی تائید پر کمر باندھی
انجام کار اوسکی تکذیب شروع کی کیونکہ عبید اللہ نے کہا ہے کہ موسیٰ خوش اخلاق ہے اور صاحب
اعجاز محمدی وغیرہ نے لکھا ہے کہ موسیٰ بدخلقی و مغلوب الغضبی مین طاق ہے شکر خدا و سپاس کبریا
کہ مخالفین مین نزاع باقی ہے اور نا اتفاقی ہے پس ہمارا مطلب حاصل ہے اور شاہد مراد و اصل ۹
چو دزدان بہم جنگ دارند و بیم ؛ زود درمیان کار وانی سلیم ؛ وجہہ سوم آنکہ آپ علم لغت

سی بے بہرہ ہیں اور تاویلات جناب خلاف محاورہ کیونکہ القا کا ترجمہ نہادن کسی اہل لغت نے نہین کیا اور آپ نے بھی کسیکا حوالہ نہین دیا ہان القا کے معنی انداختن و افگندن ہین چنانچہ تم خود تسلیم کرتے ہو اور بدست مبارک ترقیم کہ قرآن مین القی الالواح ہے جسکے معنی ہین کہ الواح کو رکھدیا یا ڈالدیا جبکہ ڈالدینے الواح پر تمہارا خود اقرار ہے تو دے مارنے اور پٹکدینے سے کیون انکار ہے کسواسطے کہ کسی چیز کا ڈالدینا اور دے مارنا ایک ہی بات ہے مانند کورنشات و تسلیمات ہے آپ اتنا بھی نہین جانتے کہ رکھدینے اور ڈالدینے مین کیا تفاوت ہے شاید کہ جناب کو دیدہ و دانستہ حق سے عداوت ہے طفلک پنجسالہ بھی سمجھتا ہے کہ جس چیز کے حق مین رکھدینا کہا جاتا ہے اوسکی توقیر منظور ہوتی ہے اور جس شے کے حق مین ڈالدینا بولا جاتا ہے اوسکی تحقیر ضرور ہوتی ہے جبکہ مسلمان اپنے پسر نادان سے کہتا ہے کہ قرآن میرے پاس سے لے اور کسی جگہہ رکھدے تب وہ لڑکا اپنے باپ کے ہاتھہ سے قرآن لیتا ہے اور مکان مرتفع پر باعزت و نشان رکھدیتا ہے اور جسوقت اوسکا پدر کہتا ہے کہ میرے پاپوش بوسیدہ لیجا اور کھین ڈال آ تو وہ لڑکا اپنے باپ کی جوتیان لیجاتا ہے اور گھورے پر ڈال آتا ہے شاید کہ آپ بعد تلاوت قرآن اپنے پسر نابالغ سے یہہ ہی کہتے ہین کہ قرآن لے اور کہین ڈالدے اس تمہید طویل سے یہہ ہی مقصود ہے کہ مولوی صاحب کی تاویل بے سود ہے کیونکہ جس صورت مین وہ خود قبول کرتے ہین کہ موسی نے حالت غضب مین توریت کو زمین پر ڈالدیا اور ہارون کو گوشمال دیا تو بخوبی ثابت ہوگیا کہ موسی پرستندۂ غضب ہے اور رہنا وہ حرف باقی رہا پارہ پارہ ہونا توریت کا وہ نزدیک مولف اعجاز محمدی وغیرہ کے صحیح ہے اور آپ کی تاویل پر اوسکو ترجیح ہے کہ جناب نے اونکی صحت کتاب پر گواہی دی ہے اور جابجا اون عمدۃ الاعلام کی تائید کی ہے اگر اونکا قول بے اعتبار تھا تو اول ہی سزاوار انکار تھا اب آپ ... ہے کہ جو کچھہ اونہون نے لکھا ہے اوسی پر اصرار کیجئے اور بے ساختہ لکھا کہ موسی نے کتاب الہی زمین پر دے ماری اور پارہ پارہ کر ڈالی وجہ چہارم آنکہ آپ کی تاویل خلاف مفسرین اہل سنت ہے اور برہمزن اجماع امت کیونکہ جملہ مفسرین کا یہہ ہی اعتقاد ہے کہ موسی نے از صافہ سے

Marfat.com

ہاتھہ اوٹھاکر اور غصہ مین آکر ہارون کی ڈاڑہی کھینچی اور توریت زمین پر پھینکی کہ پارہ پارہ
ہوگئی اور مثل اوراق خزان ناکارہ تفسیر حسینی مین ہی ولما رجع موسی الی قومہ غضبان
اسفا قال بئسما خلفتمونی من بعدی اعجلتم امر ربکم والقی الالواح واخذ براس اخیہ یجرہ الیہ یعنی
آن ہنگام کہ بازگشت موسی از طور بسوی قوم خود خشمگین بنہایت اندوہناک یا جزع کنندہ
واز غایت غضب گفت کہ بد نیابت من کردید از پس مفارقت من آیا تعجیل کردید پیشی
گرفتید بعبادت گوسالہ بر فرمان پروردگار خود صبر نکردید تا من بیایم و حکم خدا بشما رسانم
وبیفگند موسی لوحہا را کہ احکام الہی بر آن نوشتہ بود وآن غضب نیز برای خدا بود در نیابیع
آوردہ کہ الواح را نیفگند اما زود از دست بنہاد و جمہور بر آنند کہ الواح را بیفگند وشکستہ شد
وشش سبعہ و ہر چہ بران مکتوب بود ملائکہ بر آسمان بردند و یک سبعہ ماند کہ ہدی و رحمت بود
وبگرفت موسی سر برادر خود را بطرف خود میکشید بطریق معاتبت انتہی یہہ آیت سورۂ
مین ہی اور موسی کے اوصاف مین یہان سے عیان ہی کہ سوای مولف نیابیع جمہور مفسرین
کا یہی بیان ہی کہ موسی اسنے حالت غضب مین توریت زمین پر دے ماری کہ ریزہ ریزہ
ہوگئی اور بقدر ستر از سنگریزہ پس اگر آپنے صاحب نیابیع کے بھروسے جمہور مفسرین سے انکار
کیا اور بہوڈی تاویل پر اقرار تو آدمیت کی بات نہین ہی اور لایق التفات نہین جب تک
مولوی جی اپنے اصول مہدہ یعنی قرآن وحدیث صحیح واجماع امت وغیرہ سے سند نہ لائینگی
بحکم شرع متین دفتوای مفتی خرد خردہ بین جونپور کے قاضی بنائی جائینگی انکا تو ایک ہی کتاب
کے جواب مین حال بحال ہی دل پر کمال ملال ہی ہوش پریشان ہی غلبہ ہذیان ہی رنگ فق ہی
جگر شق ہی اگر جناب کو اپنی بات کا پاس ہی اور اعتماد قرآن وحدیث واجماع امت، وقیاس
ہی تو ان ہی سے اپنی صحت تاویل کا ثبوت ہر بار دیجیو ورنہ سکوت اختیار کیجیو ۔ ع در حضور
نکتہ دانان خود فروشی خوب نیست :: یا سخن دانستہ گو ای مرد جاہل یا خموش :: علاوہ
اسکے مصنف نیابیع شیعہ ہی اور منکر خلافت ثلاثہ اب جناب کو چاہیے کہ سب ثلاثہ سے گہبرائیں

اور بتر اسی پیچ وتاب نہ کھائین اگر آپ شیعون کی بیعت کرینگی تو اونکی ساری عقائد مانی ٹینگی
سن مانی گھڑ جانی بچّون کی کہانی ہی اور منافی لسانی وسخن رانی حدیث احمد مین خطای
موسی مدلل ہی اور زمین پر ڈالنا اور پارہ پارہ کرنا توریت کا مفصل ہی چنانچہ عن ابن عباس
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس الخبر کالمعاینۃ ان اللہ تعالی اخبر موسی بما صنع قومہ
فی العجل فلم یلق الالواح فلما عاین ما صنعوا القی الالواح فانکسرت یعنی رسول خدا نے کہا کہ نہین
خبر کسی چیز کی مانند دیکھنے اوس چیز کے آنکھہ سی یعنی اگرچہ خبر یقینی ہی ہو لیکن جو دیکھنے کو تاثیر
ہی وہ سننے کو نہین چنانچہ حضرت اس پر دلیل لائے کہ تحقیق اللہ تعالی نے خبر دی موسی کو اوس چیز
کی کہ کی اوسکی قوم نے مقدمہ گوسالہ مین کہ اوسکو پوجتی تھی پس نہ ڈالین موسی نے تختیان
کہ اونمین توریت لکھی تھی یعنی بسبب نہ تاثیر کرنے خبر کی پھر جبکہ موسی قوم مین آیا اور
آنکھہ سی دیکھا جو کچھہ کہ قوم نے کیا تھا ڈالدین تختیان یعنی بسبب غصہ کی پس ٹوٹ گئین تختیان
قرآن ہرحق مقصود حدیث یہہ ہی کہ سننا کب اثر کرتا ہی جیسی کہ دیکھنا جلد اثر کرتا ہی چنانچہ
سے تعالی نبی اسرائیل گوشت زد موسی فرمایا مگر موسی کو مطلق غصہ نہ آیا کتاب الہی زمین
ت مذکورہ اور شمشیر قہر نہ سنبھالی جبکہ بچشم خود گوسالہ پرستی بنی اسرائیل کا نظارہ کیا
ہوسنے یہہ ہی غضب مکتوب خدا زمین پر پھینکے پارہ پارہ کیا فی الحال مخالف کو معنی القی الالواح
مین ۔ بکار تاویل وتسویل نہین ہی اور جرأت تغیر وتبدیل نہین جب تک کہ میانجی پر سر تکذیب
حدیث پیغمبر نہ آئینگی یا ہی ندامت سی سر نہ اوٹھائینگی ہمارا مطلب پھر بھی حاصل ہوگا کہ مولوی صاحب
کی رائے سی قول احمد باطل ہوگا الحاصل موسی مرتکب اشد گناہ ہوا اسیواسطی مغفرت خواہ ہوا
چنانچہ قال رب اغفر لی یعنی گفت موسی ای پروردگار من ببخشا مرا مرا درین عمل کہ با برادر
بزرگتر کردم یا وران کہ الواح را بیفگندم کذا فی حسینی جبکہ موسی نے ہارون کے موی سر اینچے
اور موی ریش کہینچے تو ہارون نے عذر کیا کہ ای بھائی گوسالہ پرستی بنی اسرائیل مین میری
تقصیر نہین اور علاج تقدیر نہین مین نے ہرچند اونکو سمجھایا مگر کسیکی سمجھہ مین نہ آیا بلکہ

Marfat.com

مجکو ضعیف جانا اور میری مار ڈالنے کا ارادہ ٹھانا پس میری تضحیک نہ کرا و مجکو ظالمین مین شریک نہ کرین اس جرم مین شامل نہین ہون اور گوسالہ پرستی کا عامل نہین اگرچہ ہارون نے اپنی برات کیلئے بہت عذر بنایا مگر موسی نے بدتر از گناہ تھے فرمایا مولوی محمد علی کو ہماری گفتگو سے درجہ غایت انکار ہے اور احقاق حق سے شکایت بسیار **سوط الجبار** چون موسی معذرت ہارون شنید از سر تجاسمت درگذشتہ فرمود قال رب اغفرلی ولاخی وادخلنا فی رحمتک وانت ارحم الراحمین یعنی کہا موسی نے اے رب مغفرت کر میری اور میرے بھائی کی اور مجکو اپنی رحمت مین اور تو بڑا رحم والا ہے ازین آیت تکذیب معترض کہ موسی عذر ہارون نہ پذیرفت صاف واضح شد **جواب** آپکی کتاب نہ اردو ونہ فارسی ہے یہ کیا الٹی ہے اگر صرف اردو ہی ہے بلا کد صرف ہے اگر عبارت فارسی نہین تھی تو اردو ہی مین طبع آزمائی کیون نہین کی کہین فارسی کہین اردو یہ کیا خاصی گفتگو اصل تو یہ ہے کہ مولوی جی کو کسی علم مین استعداد نہین ہے اور معنی الفاظ یاد نہین چنانچہ ارحم الراحمین کا ترجمہ کرتے ہین کہ بڑا رحم والا ہے فقط اس مجبث و مباحثہ سے پہلے ہمکو گمان تھا کہ میان محمد علی بڑی ریزہ ریزہ ہین اور ہمنا اونکو خضر والیاس اب معلوم ہوا کہ اونکو شناخت زمرد سے اصل و آہن سے آئی نہین ہے اور ادراک حیات و ممات نہین **سطر** جسکو سمجھا مین شہابیتہ کی ہٹ جب بر پوست نکلا رنگ پیاز ۰ آپ کے اس فقرہ سے کہ ازین آیت تکذیب معترض البتہ یہی ظاہر ہے کہ جناب کو تمیز ابطال و باطل نہین ہے اور معترض و اعتراض مین فرق حاصل نہین ورنہ معترض کو میں نہ ٹھیرانے اور بیان اعتراض نہ لاتے آسمان و زمین مین امتیاز دیتے اور تحت الثری و عرش برین مین جسکی میزان عقل مین ہماری باتین تل جائیگی اوس پر آپ کی سبکی راز کھل جائیگی فقیر مؤلف اعتراضات لفظیہ سے کنارہ گیر ہے کہ مضمون بیت بلا دلپذیر ہے **سطر** یار معنی گیر و صورت ناخوش است ؛ فقر مرغوب است و ثروت نا خوش است ؛ جبکہ بحث لفظی سے درگذر مناسب ہے تو آپکی معنی پر نظر واجب ہے **قولہ**

Marfat.com

چون موسی معذرت ہارون شنید از سر مخاصمت گذشت فرمود الخ اگر آپ یہہ جملہ قرآن مین بعینہ کرائین
تو البتہ آپکی تقریر مسموع ہووے اور اوسکے جواب مین طبیعت فقیر رجوع جبکہ قرآن مین نہین ہے اور حدیث نبی آخر زمان
مین نہین تو آپ کی صلاح بیجا ہے اور ہمارا ناخن خل بر پا بلکہ مصنف قرآن نے ہماری تائید کی ہے کہ سورۂ اعراف
مین یہہ آیت تسوید کی ہے قال موسی رب اغفرلی ولاخی یعنی گفت موسی ای پروردگار من بیامرز مرا ودرین عمل کہ
با برادر بد گستر کردم وبیامرز برادر مرا اگر تقصیرے کردہ باشد درمنع ظلم کذا فی حسینی یہان سے صریح جانا جاتا ہے
کہ ہارون بعد بجا آوری معذرت بھی موسی کی راہ مین تقصیروار ہے اور سزا کے لائق کہ اب یہان پر مولوی صاحب نے
جو بجواب بھاگوت دہیابھارت تقریر کی ہے کہ کرشن نے پردمن کے گھونسا مارا اور بلدیو کو گالی دی وہ بالکل
اونکی غلطی ہے اگر آپکو جواب الزام ہے تو ہمارا پیام ہے کہ برسر انصاف آئیے اور صاف فرمائیے کہ وہ کون سا لفظ اصلی
ہے کہ جسکا ترجمہ گھونسا اور گالی ہے اگر آپ نے مجموعہ اردو وفارسی کا نام مہابھارت وبھاگوت رکھا ہے تو سرآ
جھٹ راہی ہم تو آپ کی مستند شرح ونظم فارسی واردو کو قرآن سے بڑھ کر نہین جانتے اور معتبر نہین مانتے پس انکو
قرآن کے ہمراہ پانی مین بہائیے یا آگ مین جلائیے ہمارے سامنے اصلی عبارتین پیش کیجیے اور ایک ایک کا جواب
سے تسکین خویش کیجئے شرم نہین آتی کہ ہم تو بجنسہ آیات وروایات نقل کرتے ہین اور آپ اردو وفارسی کی
مذکور سند پکڑتے ہین اول ہمارے مذہب کی کتابین یاد کرو بعدہ میدان بحث مین بڑھو شاید کہ ملا زمان کی
کا یہی ارادہ ہے کہ پیرایۂ تلبیس مین اپنی عار ہنود پر نثار کرین اور اہل حق کو ناحق شرمسار رکھے دشوار ہے
کہ جسکا کردار وسی کی گردن پہ سوار ہے **بیت** جو کہ اورون پہ ہنسے گا وہ ہنسا جاویگا بعد مرنے کے بھی
بدنام ہو ضحاک ہنوز بہ ای عبیداللہ خوش اخلاقی انبیا سے درگذر ومغلوب الغضبی موسی پر نظر کرکہ اوس نے
قالون نام قبطی کو حالت غضب مین قتل کیا اور خون ناحق اپنی گردن پر لیا اگرچہ فی الحال موسی
موجود نہین ہے لیکن وسکا ظلم مذکور زمان وزمین ہے اب میان محمد علی ستم موسی ثمرات آئی
بلکہ آیات قرآن سے تبرا **سوط الجبار** ستحرض در ینجا بہ آفریب ومغالطہ جہلا انداخت ورد کہ دلالت
اند برینکہ موسی اورا عمداً قتل کردہ حقیقت این ست کہ چون قبطی با اندرز موسی دست از ظلم بازنکشید
بنظر دفع ظالم موسی مشتی بدو زد چون اجل رسیدہ بود ناگہان جان در داد پس جرحی بندۂ موسی

در مذہب علما بد نمیشود **جواب** میاںجی بیحیائی اختیار نکیجیے اپنا عیب معترض پر نثار نکیجیے یہ تو آپ
کی عادت میں داخل ہوگیا ہے تہمت طرازی کرتے ہو اور آپ ہی دغابازی معترض بیچارہ نے تو یہ
کہا تھا کہ موسیٰ نے قبطی کو ناحق قتل کیا تھا اگرچہ یہ داخل تہامہی تو بانی قرآن پر الزام ہے سورہ طاہا کی
دیکھو دل چاہے سو کہیو وقتلت نفسا فنجیناک من الغم یعنی قتل کیا تو نے ایک شخص کو پس نجات دی ہم نے
تجکو غم سے فقط یہاں سے ظاہر ہے کہ موسیٰ نے ناحق قبطی کو مار ڈالا مگر خدا نے اوسکو مظنہ ہلاکت و خطرناک سے
نکالا بنا برین غم یاد اوس سے نجات پائی اور نوبت تحقیقات نہ آئی پس قتل عمد بالیقین ہے قتل شبہہ نہیں ہے
اگر آپکا دعوی راست ہے تو ہماری درخواست ہے کہ قرآن سے اسبات کا اثبات کیجیے کہ موسیٰ نے اوسکو قصداً
جان سے نہیں مارا نادانستہ یہ ماجرا گذرا آپ سے جنگ زرگری کرتا ہوں ورجناب کی بس زد ماندہ پر نظر
سرسری **قولہ** حقیقت این ست کہ چون الخ - اگر آپ کی بات صحیح ہوتی تو قرآن میں اوسکی تصریح ہوتی جو کہ
قرآن میں اوسکی کچھ تحقیق نہیں ہے اسواسطے شایان تصدیق نہیں اگر کوئی قرآن میں لکھا دکھلا دے کہ موسیٰ نے
قتل قبطی بلا ارادہ کیا اور خمخانہ مجبوری سے بادہ پیا تو ایک آن میں سارا جھگڑا تمام ہو دے اور برأت موسیٰ
کا کلام **قولہ** بنظر دفع ظالم موسیٰ مشتی بروے زد فقط بلاشبہ لایق تکذیب ہے اور موسیٰ سزاوار تادیب اگر آپکی
ادعا باطل نہوتی تو آیت سورہ طاہا نازل نہوتی **قولہ** چون اجل رسیدہ بود ناگہان جان درداد فقط محض
غلط ہے اگر کچھ اسکا وجود ہے تو قرآن و حدیث موجود ہے جلد تر دکھلائیے اور اسی پر ختم مباحثہ ٹھیرائیے بندہ حاضر
ہے اور بہ ہزار زبان شاکر **بیت** جوان مردان بپیچید از کسی رو یکہ ہمین میدان ہمین چوگان ہمین گو
جائے افسوس آپکا کسی بات پر قیام نہیں ہے اور سوا سخن تراشی کے کام نہیں غور کرو کہ اگر کوئی ظالم ہمارے حریف
کا کام تمام کرے اور اسیطرح کلام کرے یا بجی کی موت آئی تھی ناگہان جان دی میری تقصیر نہیں ہے اور علاج تقدیر
نہیں یا وہ ظالم ایسا تزویر بنا کر اور عذر تقدیر لاکر اپنی برأت کر سکیگا حاشا وکلا **قولہ** جرم و بدنامہ موسیٰ ...
...ت و مذہب علما بدنمی شود فقط محض بے اصل ہے اور خلاف نقل کہ موسیٰ خود اپنے تئیں ظالم شمار کرتا ہے
اور بتاکید تاکید اپنے ظلم پر اقرار صریحا چنانچہ قال رب انی ظلمت نفسی فاغفر لی فغفر لہ یعنی موسیٰ نے کہا اے رب
بیشک تحقیق میں نے ظلم کیا جان اپنی پر پس بخش مجکو پس بخشا اوسکو فقط اگر موسیٰ نے ظلم نہیں کیا تو کیونکر خدا کی

Marfat.com

مانی بکلمۂ تاکید اپنی تئین ظالم قرار دیا حدیث صحیح سی بھی اقرار موسی مثبت ہی جو آپکی نزدیک بالا حجت ہی چنانچہ
انی قتلت نفسا لم اومر بقتلها اس حدیث سی واضح ہی کہ موسی نی قتل نفس خلاف حق کیا اور جگہ عدل و انصاف
شتر محمد علی کی یہاں بھی وہی تقریر ہی کہ قتل قبطی بمشیت تقدیر تھی **سوط الجبار** چون قتل قبطی بلا ارادہ وقوع اتفاقا
بر دست او بظہور رسیدہ بود بحسب عادت مستمرۂ انبیا کہ اندک خطا را بسیار تصور کردہ بہ توبہ و استغفار میگرایند در مورد
کہ رب انی ظلمت نفسی **جواب** ای دبیر بی تدبیر اسقدر نادانی پہ دعوی سحبانی ہی اور ادعای لسانی الفاظ زائد
سے قرطاس بھرتے ہو اور اوس سے فائدہ کی آس کرتے ہو فرمائیے کہ بعد کلمہ ارادہ ایراد لفظ قتل ہی آپکا کیا
مدعا ہی اور کس مرض کی دوا ہی سوا اسکے کہ اقسام سقام مین شمار ہووے اور آپکی علت سفلی و علت جہلی نہایت زیادتی
تو آپکی ذات مین داخل ہی اور بزرگان سامی کی صفات مین شامل یہ مرض انتقالی ہی یعنی اسکی حقیقت نسخۂ سوط الجبار سے
یا لی ہی دل چاہی تو ہماری بات آزما لیجئے اور کسی طبیب نبض شناس سی تشخیص کرا لیجئے اپنی کلام سی آپ مقتول ہوتے
ہو اور اپنی صمصام سی آپ مقتول جناب کی برابر نا عاقبت اندیش کون ہی اور اپنی خنجر سے آپ جگر ریش کون
قولہ بر دست او بظہور رسیدہ بود فقط یہ نادر محاورہ ہی کہ آج تک کبھی سنا ہی نہ کہیں دیکھا ہی سچ کہی کہ آپنے
محاورہ ہذا کہان سے یاد کیا ہی اور کس استاد نی جناب کو صفحۂ غلط گوئی کا سبق دیا ہی لفظ بر دست او محض بیکار ہی
اور آپ کی بی علمی آشکار جناب من از کسے بظہور رسیدن و از دست کسے بظہور رسیدن مستعمل فارسی ہی اور بر دست کسے
بظہور رسیدن نتیجۂ نا رسی اگر ہمکو چندان فرصت ملتی تو آپ کی قلعی خوب کھلتی **بیت** نہین فرصت ہی دم
لینی کی ہمکو ورنہ اے گردون ۔ دکھا دیتی اثر ہے جو فغان آسمان رس کا ۔ ہم کو بحث لفظی لا طائل ہی مگر چونکہ عادت
جناب مین داخل ہی اسواسطے اغلاط گرامی سی خبردار کرتا ہون اور جودت طبع سامی گوشگذار خیر آپکی الفاظ
غلط صریح ہووین یا صحیح ہمکو معنی سی کام ہی کہ اوسی پہ مباحثہ تمام ہی اگر آپکا دعوی سچا ہوتا اور قتل قبطی بلا ارادہ
موسی تو موسی اقرار قتل موکد بکلمۂ تاکید نکرتا اور بار بار اوسکی تائید نہ کرتا حالانکہ اوسنی آیت مذکورہ مین قتل
عمدا اقرار کیا اور پھر تاکیدا اوسی پہ اصرار کیا چنانچہ قال رب انی قتلت منهم نفسا فاخاف ان یقتلون
کہا موسی نی اے رب میرے تحقیق مینے قتل کیا ہی اون مین سے ایک شخص کو پس ڈرتا ہون کہ مجھکو مار ڈالین
فقط چونکہ آیت ہذا و آیت بالا مین ان کلمۂ تاکید ہی بنا برین ہمارے قول کی تائید ہی محمد علی کا رد ہی

Marfat.com

سزاوار حد مولوی جی منبر کذب پر نہ چڑھو اور خطبۂ دروغ نہ پڑھو موسی تو جناب الٰہی مین اظہار کرتا ہے اور بصد
تاکید کے ساتھہ اقرار کہ بالیقین مین نے قبطی کو قتل کیا اور سرکار خلاف عقل و نقل پس تم کیوں جھوٹی گواہی دیتے
ہو اور دنیا اور عقبیٰ کی روسیاہی لیتے ہو شاید کہ آپ کی وہی مثل ہے کہ مدعی سست اور گواہ چست اگر موسی
نے قبطی کو عمداً نہ مار ڈالا تو جھوٹ بولا کہ رب العالمین کے حضور مین علانیہ اظہار دیا کہ مین نے بالیقین قبطی کو جان
سے مار دیا انصاف پر آئیے کہ اگر موسی کسیکو قصداً جان سے نہ مارتا تو اسطرح تاکیداً علانیہ پکارتا کہ مین نے بالتحقیق
قتل نفس کیا اور خون ناحق گردن پر لیا شاید کہ موسی کو جھوٹ بولنا ہی انسب تھا اور یہی اقتضاء ادب
کیونکہ آیت سورۂ طٰہٰ مین خدا نے موسی پر بہتان قتل لگایا موسی نے بقول شخصے ہرچہ رضا مولا از ہمہ
اولی بسر و چشم قبول فرمایا اگر موسی سے عمداً گناہ نہین ہوا تو بلاشبہہ وہ درگاہ الٰہیہ مین عذرخواہ نہین ہوا پس
آیت سورۂ قصص پیرایۂ صدق سے عاطل ہے اور جناب الٰہی سے طلب مغفرت باطل ہے ہمنے فرض کیا کہ موسی نے خلاف
واقع ماجرا عرض کیا مگر خدا احمد یہ کے دل مین کیا سمایا کہ برعکس حقیقت فرمایا کہ اے موسی مین نے تیری مغفرت کی اور
مکافات سے نجات دی تعصب سے درگذرو اور صراح بے شرمی سے اتر و کہ اگر موسی مرتکب گناہ نہین ہے اور مجرم
بلااشتباہ نہین تو کیون روز قیامت شفاعت سے انکار کریگا اور کسواسطے اپنے گناہ پر اقرار چنانچہ ربع چہارم
مشکاۃ مین انس سے روایت ہے کہ روز قیامت گنہگار لوگ شفاعت چاہینگے پس موسی کے پاس آئینگے حضرت موسی
اسطرح فرمائینگے انی لست ہناکم ویذکر خطیئتہ التی اصاب بقتلہ النفس غور کیجئے کہ اگر موسی نے قتل عمد نہین کیا
اور فعل بد نہین تو وہ روز قیامت کیونکر شفاعت سے دست بردار ہوویگا اور کسواسطے اپنے گناہ سے زار زار
روویگا حدیث ہذا سے یہہ بھی جانا جاتا ہے کہ موسی کا گناہ نہین بخشا گیا ہے ورنہ روز حشر وہ شفاعت سے
کسواسطے انکار کریگا اور اپنے تئین کیون گنہگار شمار کریگا پس یہہ حدیث باطل ہے یا آیت امرزش عاطل ہمارے
اور مخالفین کے درمیان صرف اس امر کی بحث ہے کہ موسی نے قبطی کو عمداً تہ صمصام کیا یا بلا ارادہ اوسکا
کام تمام کیا اب ہم دلائل قتل عمد گوش گذار کرتے ہین ورد موءلف ہدیہ وسوط الجبار تا کہ موافق و مخالف کو
تمیز نیک و بد ہووے اور سب کی رائے مین موسی سزاوار حد میان صاحب اگر کچھہ جان ہے تو میدان مین آئیے اور
جوہر مسلمانی دکھلائیے **بیت** ہو مقابل گر ہے دعوی بحث کا اس فن کے بیچ ہم مرد اور نامردی

تمیز ہوگی رنج ہیچ ٭ اب تفاوت قتل عمد اور قتل شبہ کی ذکر کرتا ہون اور عبارت ہدیہ الاصنام ذکر کرتا ہون
عبارتہ ہکذا قتل عمد آن ست کہ بشمشیر و تیر وغیرہ آلہ قتل واقع شود انتہی میان محمد علی نے بھی جواب
حملہ ہند کے صفحہ شصت و ششم مین یہہ عبارت تسلیم کی ھی البتہ کچھہ ترمیم کی ھی دلیل اول آنکہ قرآن و
حدیث میں کہین نہین ھی کہ موسی نے قتل قبطی بے آلہ کیا اور خدا کو حوالہ کیا ہووے توبہ آپ یادگار
نشان دیجئے ورنہ برائت موسی دشوار ہے جان لیجئے البتہ آیت سورۂ قصص مین لفظ وکز مذکور ھی جسکے معنی
رشیدی مین مشت زدن و نیزہ زدن و سپوختن اور صراح مین مشت زدن و سپوختن مسطور ھی اگر آپ
معنی مشت زدن پر استدلال کرینگے تو ہم جناب سے سوال کرینگے کہ آپ نے جواب حملہ ہند کے صفحہ شصت و ششم
مین جو کچھہ لکھا ہے وہ لائق ترمیم ہے یا سزاے تسلیم بر تقدیر اول خواہی نخواہی آپ کی بیعقلی اظہر ھی و بر تقدیر
ثانی عبارت صفحہ مذکور اسطرح پر ھی کہ اگر وکز کے معنی نیزہ زدن و سپوختن ہووین تو بھی غایت الامر
آیت محتمل ہوئی کہ شاید معنی وکز یہان نیزہ زدن و سپوختن ہون اور اہل مناظرہ متفق ہین کہ مجرد احتمال
سے استدلال نہین ہوتا چنانچہ قضیۂ مسلمہ اون کا ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال انتہی جبکہ مولوی صاحب
کا یہہ اعتقاد ھی تو معنی مشت زدن پر استدلال بے بنیاد ھی پس آیت سورۂ قصص اونکے لئے مفید نہین
اور قتل بلا ارادہ کی تائید نہین اگر مولوی جی صحت رشیدی سے انکار کرینگے تو ہم اونکو بہت سے مسائل
کرینگے کہ ہمارے الزام کے لئے اردو فارسی عبارتین ایراد کرتے ہو اور خود محققان اسلام سے عناد رکھتے ہو
پس کونی ہاتھی کی شکل کہین نہین آئی ہے اور وجہہ تسمیہ سوط الجبار وہی ہے ا کتب مین قران لیکر اور خدا
کو درمیان دیکے سچ کھو کہ تمھارے سوا اور مسلمان نے بھی ملا عبد الرشید کی تکذیب کی ھی اور کعبہ اسلام
کی تخریب کی شکر ایزد منان ھی کہ ہمارے مقابلہ مین محمدی حیران ہے ہیبت سے ہو متقابل خوف سے روتا ھی
اب بھلا بچتا ہی سی ہوتا ھی کیا ٭ حصہ سیوم سوط الجبار کے صفحہ شصت و نہم مین میاں نجم الدین خان
تمام ھوا اور ھی کلام مزخرف انجام ہی سوط الجبار ایک معنی وکز کے سپوختن ھی جسکا ترجمہ
مین گھسانا ایک چیز کا دوسری چیز مین بزور و شدت ھی پس ان معنون مین صلہ اسکا لفظ فی ھی
اور بہنگام استعمال اس لفظ کی ذکر اوس چیز کا جو داخل کیجاتی ھی نہ نیزہ یا حقنہ واجب ہوتا ہے کیونکہ

جاتا ھی ذکر زیدن الرمح فی صدر عمر یعنی سپوخت زید نیزہ را در سینہ عمر اب آیت مذکور مین ذکر اوس
کا جو داخل کی گئی ھی اور لفظ فی کھان ھی **جواب** سپوختن کا ترجمہ صرف گھسانا ھی ھی بلکہ
نکالنا بھی ھی برہان قاطع وغیرہ پر نظر کیجئے اور غلط گوئی سے حذر تا قابلیت سامی فارسی مین بھی کھل گئی
کہ ایک ھی لغت کا ترجمہ حوالہ قلم فرمایا وہ بھی بلا کم و کاست نہ آیا پس ہمکو آپ سے امید نہیں کہ راہ مباحثہ
طی کرو اور توسن طبع کو کاوداب بحث معنی مین اہتمام کرتا ہون اور آپکے فقرات لایعنی مین کلام **قولہ**
ان معنون مین صلہ سکافی ھی فقط اگر ان معنون مین اسکا صلہ فی ہوگا تو معنی مشت زدن مین بھی علی
یا یہہ ہی ہوگا پس آپکا یہہ سوال کہ یہان فی کھان ھی صریح البطلان ہے کسواسطے کہ اگر بقول جناب کی آیت
مذکورہ مین وکز بمعنی مشت زدن ایراد کیا ھی تو اوسکا صلہ کیون نہین یاد کیا ھی پس جو پاسخ اس سوال
کا دیجئے وہی جواب اپنے سوال کا لیجئے البتہ ذکر اوس چیز کا جو گھسائی جاتی ھی آیت معلومہ مین لفظاً
نہین ھی پس معنی بالیقین ھی بنا برین **قولہ** ذکر اوس چیز کا جو داخل کیجاتی ھی لفظاً یا معنیً واجب
ہوتا ھی فقط لایق یاد ھی اور شایان داد اگر وکز بمعنی سپوختن لیا جاوے تو بھی نہ جاے شکایت ہی بلکہ
بعینہ معنی آیت ھی اگر مولوی جی وکز کے معنی مشت زدن ھی قبول کرینگے تو ہم اونکو اس طریق
سے معقول کرینگے کہ جملہ فقضی علیہ آپکے حق مین وبال جان ہی اور قتل عمد پر برہان ثبان ھی کیا اوسکے
معنی سمجھے ہین کہ پس اوسکو موسیٰ نے جان سے مارڈالا اور اپنے دل کا غبار نکالا نابرین حاصل دونون جملون
کا یہہ بھی ہوگا کہ اول موسیٰ نے قبطی کو گھونسا مارا پس از ان تلوار وغیرہ سے اوسکا بار سرتن سے اوتارا
یہہ ھی قرین قیاس ھی کہ اسی طریق پر عادت سایر الناس ھی کیونکہ جسوقت کوئی کسیکو تھپڑ یا گھونسہ
انکھوں سے ملرتیا ہے تو مضروب اوسکو گالیان چار ناچار دیتا ھی پس وہ غصہ مین آکر اور اپنے جامہ سے باہر جا کر
تلوار نکالتا ھی اور گالی دینے والی کو آناً فاناً مار ڈالتا ھی **بیت** زبان سرخ سر سبز میدہد برباد
بہ ہوش باش کہ سر در پی زبان شد ہی علی الخصوص وسی کہ نہایت مغلوب الغضب تھا اور بدرجہ
نہایت بی ادب کہ اپنے بڑے بھائی کی ڈاڑھی اوکھاڑی اور کتاب الہی زمین پر دے ماری بیھر صفحہ
شصت و ہفتم حصہ ششم سوط الجبار مین جو کچھہ مولوی صاحب نے واویلا مچائی ھی اور شورش اوٹھائی

ہی اول مین اوسکو بہ لفظہ نقل کرتا ہون اور بعد از ان جملہ فقرات پر دخل **سوط الجبار** اصل لغت مین معنی
قضا کی ہین فارغ ہونا جسکا ترجمہ فارسی مین پرداختن ہی از روی استعمال کی جب یہہ فعل بعد فعل ضرب جرح
کے واقع ہوتا ہی تو لغوی معنی یہہ ہوتے ہین کہ وہ یہہ کام کرکے فارغ ہو گیا یعنی کام تمام کرچکا مثلا عرب
کہتے ہین کہ ضرب زید اعمر افقضی علیہ یعنی مارا زید نی عمر کو پس فارغ ہوا اوس سے یعنی کام تمام کیا اوسکا
مراد یہہ ہی کہ مارا زید نے عمر کو پس اوسکی مارنے سی مر گیا عمر پس متحقق ہوا کہ جملہ فقضی علیہ جب کلام مین واقع
ہوگا تو فایدہ دیگا ظہور اثر جملہ متقدمہ کا یہہی وجہہ ہی کہ بغیر فعل موثر کی تنہا جملہ فقضی علیہ کلام مین نہین
آتا **جواب** اطفال دبستان بھی آپکی نادانی پر ہنستے ہین جا ئی تعجب کہ زیرکان اسلام اونکی دام تزویر مین
پھنستے ہین نی جو کوئی مسلمانون مین دانش و عقل سی مایوس ہی وہی ہنام امی سی مانوس ہی ہمکو ایسی
کودن کی مقابلہ سی نہایت شرمساری ہی مگر کیا کیجے کہ مقام ناچاری ہی اگر جواب سی درگذرتی ہین تو جاہل چاہ
ضلالت مین پڑتے ہین پس یہہی راہ صواب ہی کہ محمد علی سے بحث کار ثواب ہی سنکراچاریہ نے مدت تک
جینیون اور ناستکون سی مباحثہ بہ ثبوت ذات و صفات کیا اور ایک ایک کو مات دیا راما نوجاچاریہ نے
بھی اکثر دہرم بودھیون کو زیر کیا اور اہل حق کو دلیر کیا آچارون نے دشمنان وید مقدس پر بطریق بحث
ترکتازی کی اور سبقت و بازی لی وہی دولت روز افزون اب تک ترقی پر ہی کہ اہل حق یہ حق کی نظر ...
جو کوئی در پردہ دین حصول دنیا کرتے ہین نئے نئے فساد برپا کرتے ہین تلوار پکڑتے ہین اور خلق خدا ...
ہین مردان راہ خدا کی اوہی تلوار ہی اور وہی کارزار ظاہر مین لڑائی ہی باطن مین صفائی ہی اگر آپ ...
اس بات پر ارادہ ہی تو بندہ آمادہ ہی یہہی چوگان ہی یہہی میدان ہی **بیت** نہین منہہ موڑتی ہم کبہی ...
اصلا کہ اگر ہی مرد میدان رو برو آئیے مولوی جی وہ **اصل** لغت کس جا ہی جسمین قضا کی معنی فارغ ہونا ...
زبان پر ہی یا دو تنخانہ کی اندر سے باہر لائیے اور مردان معنی کو دکھلائیے یہہ تو آپ نے خوب جھوٹ ...
سنا تھا ویسا ہی پایا اب بندہ آپکی ہر ایک فقرہ کا بطلان مفصل کرتا ہی اور بنائے کام دوبارہ مستاصل **قوله**
کہ جب یہہ فعل بعد فعل ضرب و جرح کی واقع ہوتا ہی تو معنی لغوی یہہ ہوتی ہین الخ محض غلط ہی آپ جھوٹ
بولکر اپنا اعتبار کھوتی ہین فقضی علیہ کے یہہ معنی زنہار نہین ہوتی مہربان من جسوقت جملہ فقضی علیہ فعل ...

عرب وبیچ کو استعمال کیا جاتا ہے لاہذا اسی معنی پر استدلال کیا جاتا ہے کہ اونسے اوسکا دم نکالا اور دشمن کو مارڈالا کیونکہ ان کی صدق مقال پر آیت سورۂ قصص گواہ ہے اور اظہار مولف ہدیۃ الاصنام بھی ہمارے خاطر خواہ ہے شہادت آیت اوپر گذری اور اظہار مولف ہدیہ بجنسہ یہہ ہے فوکزہ موسیٰ ابن شتی زد او را موسیٰ فقضی علیہ پس بکشت او را انتہی اگر آپ مولف ہدیہ کا مقصود سمجھیں وہ بیچارہ بے قصور ہے اور سراسر معذور ہے فہم سخن گر نکند مستمع ؛ قوت طبع از متکلم مجوی ؛ یاد رکھو کہ جب آپ نے مولف ہدیہ وغیرہ کا شکریہ بار بار کیا اور انکو اپنا ہادی قرار دیا تو ہمکو دوسرے کی کلام سے سند لانے کی ضرورت نہ ہے اور آپکو بھی حیلہ حوالہ بنانے کی صورت نہ رہی شاید کہ آپ موجد ہدیۃ الاصنام کی مریدی سے شرمسار ہوتے ہین اور ندامت سے زار زار روتے ہین **قولہ** مثلا عرب کہتے ہین کہ ضرب زید عمرا فقضی علیہ یعنی مارا زید نے عمر کو پس فارغ ہوا اوس سے فقط بالکل جھوٹ ہے فقضی علیہ کا یہہ ترجمہ اصلا نہین ہے روے زمین پر ایسا جھوٹا دوسرا نہین ہے یہہ جملہ قرآن مین مسطور ہے اور جملہ تفاسیر مین اسکا وہی ترجمہ مذکور ہے جو مولف ہدیۃ الاصنام نے کیا ہے اور جس سے ہمنے آپکو الزام دیا ہے اگر آپکا مخترعہ ترجمہ معتبر ہے تو محتاج سند ضرور تر ہے پس ضرب زید عمرا فقضی علیہ کا یہہ ہی مطلب ہے کہ اول زید نے عمر کے تھپڑ یا گھونسا مارا پس ازان آلۂ قتل سے بار سر اوسکی گردن سے اوتارا **قولہ** یعنی کام تمام کیا اوسکا فقط محض خبط ہے کہ جہان اس فقرہ کا کام تھا وہان آپ نے اور ہی مضمون گڑھا یہان اسکا کچھہ کام نہین ہے اور ہرگز مقام نہین **مصرعہ** ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مقامی دارد ؛ **قولہ** مراد یہہ کہ مارا زید نے عمر کو فقط محض فضول ہے اور لفظ مراد کے ساتھہ اسکی تعبیر نامعقول ہے امید نہین کہ آپ اس جہل مرکب سے نجات پائین اور علوم متداولہ مین تحقیقات فرمائین اگر آپ نے علم بدیع مین کچھہ تعلیم پائی ہوتی اور کسی استاد سے گوشمال کہائی ہوتی تو اسطرح تال کتال نہ گاتے اور طایفہ جہلا مین گال نہ بجاتے خیر اب کسی استاد کی خدمت مین بشوق جنگ نشت خم کیجیے اور تعلیم زیر و بم لیجیے اگر آپ اس آہنگ (یعنی قصد) سے باز رہینگے تو موافق قانون خرد خردہ بین نام و ننگ سے باز رہینگے ہمپر جو بات فرض تھی وہ عرض کی آگے اختیار آپکا ہے اور ہماری تمہاری گفتگو اتفاقی **قولہ** پس اوسکے مارنے سے مرگیا عمر فقط محض غلط ہے بہت جھوٹ ہے بناؤ مسلمہ کذاب کی جھوٹھہ نہ کہاؤ خدا کو جان دینی ہے آخرت کی راہ لینی ہے حماقت سے نہ بھولیے قرآن

Marfat.com

کونہ ہوتی اگر تمیز حق و باطل مقصود ہی مجموعہ نعت موجود ہی نقض لازم ہی یا متعدی بر تقدیر اول
آپ سلام کی جزا یہ کفار تو ہو معنی و مطلب قرآن کو بگاڑتے ہو بر تقدیر ثانی نقض کا ترجمہ مر گیا کب ہی
البتہ فاتکا یہہ ہی انسب ہی خوب جان لیجئے کہ جناب کی بات کیسکو دل مین نہ لگیگی ایک پیش نہ چلیگی جبتک
کہ آپ قرآن مین تصرف نہ بجا لائینگی اور بجای نقض فات نہ بنائینگی ہم جانتے تھے کہ آپ جلد تر زلال ہدایت
نوش کرینگی اور معنی آیت گوش اب معلوم ہوا کہ لوح سامی سی نقش جہالت زائل نہوگا اور دل مبارک
بطرف حق مائل نہوگا **بیت** آب کوثر و زمزم سفید نتوان کرد ؛ گلیم بخت کسی را کہ بافتند سیاہ ؛ ہنوز
ہدیہ الاصنام وغیرہ کو لئے فی الجملہ سعادت ازلی نصیب ہوئی بنا برین جلد تھذیب ہوئی **بیت** آنانکہ
بعد زبان سخن میگفتند ؛ آیا چہ شنیدند کہ خاموش شدند ؛ **قولہ** جملہ نقض علیہ جب کلام مین واقع ہوگا تو فایدہ
دیگا ظہور اثر جملہ متقدمہ کا فقط واہ واہ ہمارے میاںجی کا ذہن کیا ہی رسا ہی کہ جسکے مشرق و مغرب بس پا
ہی جب علم نحو مین گھوڑا دوڑاتا ہی تو ہر نحوی حسرت کا کوڑا کہاتا ہی اگر ملا جامی زندہ ہوتا بہت شرمندہ
ہوتا آپ کے سامنے جار اللہ زمخشری کیا کرتا سوائے اسکی کہ شرح کشاف انشا کرتا اس جگہہ دیکھیی کیا خوب
بیان ہی کہ فہم علی بن ابو طالب بھی حیران ہی کیونکہ جس صورت مین نقض کا مر گیا ترجمہ خبط ہی تو آپکا
یہہ جملہ بھی بے ربط ہی اگر آپ کسی تفسیر یا لغت سے نقض کے معنی بمرد اور مر گیا ثابت کرائین تو جناب
کے ساری عذر سنے جائین جبکہ اصل ہی ناپیدا ہی تو فرع کا کیا پتا ہی بر تقدیر یکہ نقض علیہ کی جگہہ فات
عدوہ آتا تو البتہ ظہور اثر جملہ متقدمہ کا سمجہا جاتا مگر نقض علیہ مین کلمہ فا تفریع کے لئے نہین ہی بلکہ تعقیب
کے لئے بالیقین ہی فارسی مین فا کا مرادف پس ہی جس جگہہ تفریع کے لئے استعمال کیا جاتا ہی وہان ظہور
اثر جملہ متقدمہ کا خیال کیا جاتا ہی مثلاً کہین زید نے بکر کے گھونسا مارا پس وہ مر گیا یہان اثر جملہ متقدمہ
معروف ہی کہ مرگ بکر کا گھونسا مارنے پر موقوف ہی اور جسجگہہ تعقیب کے واسطے کلمہ پس ایراد کیا جاتا وہان
صرف تاخر مراد لیا جاتا ہی چنانچہ کہین زید نے بکر کے تھپڑ مارا پس اوسکو مار ڈالا یہان صرف تاخر مراد
ہے اور یہہ ہی ہر خرد کا ارشاد ہی کہ اول زید نے بکر کے طمانچہ لگایا بعد ازان تلوار وغیرہ سی اوسکا
اوڑا یا اگر ہم آپ مین فی الجملہ عقل معنی رس پاتے تو اور بھی طبیعت کی تیزیان دکھلاتے کہ نہایت

Marfat.com

ہے کہ اور صید طایر صدرہ ہے اوسکی نظر ھی **بیت** جب اوسکی ھو طبیعت بہر مضمون بلند ÷ طایر
کی آجاتے ہین شہپر ہاتھہ مین ÷ **قولہ** یہہ ھی وجہہ ہے کہ بغیر فعل موثر کے تنہا جملہ فقضی علیہ کلام مین
نہین آتا فقط برخلاف تنزیل معلوم ہے اور برعکس تمثیل مرقوم کیونکہ آیت سورہ قصص مین بھی بغیر فعل
موثر کہ آیا ہے جیساکہ ہمنے عنقریب آپکو سمجہایا ہے اسیطرح آپکی فقرہ مثالیہ ضرب زید اعمرا فقضی علیہ مین بے
فعل موثر کے موجود ھی جیساکہ وجوہات مرقومہ بالا سے اشہر ھی یہہ تمام آپ ھی کی بوئے ہوئے کانٹے ہین
کہ آج آپکی حق مین نیش عقرب ہین اور باعث کرب **ع** ہو گئی باد صبا کیسی یہہ اب تو کانٹے ÷
کہ نظر آتے ہین گلزار مین ھر سو کانٹے ÷ آپ نے جیسا درخت لگایا ویسا ھی پھل پایا بندہ بے تقصیر
ہے بالکل جناب کی تردید ہے اگر آپ صد ہا جھوٹ نہ بناتے جواب دندان شکن نہ پاتے طرفہ یہہ ھی کہ آپ
نے بدی کی جڑ جمائی اور نیکی کی آس لگائی پس تمہاری برابر نابکار بد اندیش کون ھی اور ناخن ملامت
سے سینہ ریش کون **بیت** کسیکہ تخم بدی کاشت و چشم نیکی داشت ÷ دماغ بیہدہ پخت و خیال
باطل بست ÷ یہان سے بخوبی واضح ھی کہ موسی نے خلاف عقل و نقل کیا اور قصداً قبطی کو قتل کیا پھر
آپ نے جو حوالہ تعزیرات ہند از روی تکبر دیا ھی اور اوسکا مطلب ہماری رسائی فہم سے بالاتر تصور
کیا ھی وہ دلیل نادانی ھی اور خرابی مسلمانی کہ مسلمانی کا دعوی کرتے ہو اور پیروی نصارا پھر نہ کہنا
کہ قرآن و حدیث و قیاس و اجماع امت کے سوا ہمارا کسی پر اعتماد نہین اور علمای اھل سنت کی نظر مین
کوئی شایان صاد نہین بنا بر کہ آپکا یہہ ھی مطلب ہووے کہ مسلمانون کی باقی کتابین تقویم پارینہ ہین
اور ردی دیرینہ فی الحقیقت تعمیل و تحقیق تعزیرات ہند بندہ مخالف اولی ھی کہ وہ انگریزون کا مولی
ہے عیسائیون کا فضل خدا ھی اور سرکار انگلشیہ کا نماشیہ بردار اگر ہم تعزیرات ہند کا حوالہ قبول کرینگے تو
بھی آپکو معقول کرینگے کہ اگر موسی نے قتل عمد کیا ھی جیسا کہ قرآن مین لکھا ھی تو موافق تعزیرات ہند کے
وہ سراسر عاصی ھی اور لایق دار و سزای پھانسی اور اگر موسی نے بلا ارادہ قبطی کو گردن مارا ہے جیسا
کہ آپکی تاویل سے آشکارا ہے تب بھی لایق زندان ھی اور سات برس کی قید کے شایان اب آپ مختار ہین
اور تحصیلدار خواہ موسی کو پھانسی دلوائیے یا جیلخانہ بھجوائیے **بیت** مارڈالو یا نواز و موسی عمران کو آپ ÷

Marfat.com

آپ کی دونون ہین صاحب رنج وراحت ہاتھہ مین ؛؛ تم نے جیسا مصطفی کو بدنام کیا ویسا ھی موسی کو الزام
دیا بس تم نہ مسلمان ہو نہ ہندو نہ عیسائی نہ یہودی ہو صوفیون مین ہو نہ رندون مین نہ میخوارون
مین ؛ تندرستون مین طبیبون مین نہ بیمار ون مین ؛؛ مولوی جی نے جس روز سے ہمارا مقابلہ کیا ہے
عقل و دانش سے مجادلہ کیا ھی گاہی حرف زن ہین کہ قرآن وحدیث وقیاس و اجماع امت کے سوا جسقدر
کتب محمدی ہین سب ردی ہین گاہی معتزلہ کا اعتبار کرتے ہین اور تفسیر کشاف بیردل و دین نثار گاہی تفسیر
کبیر کو معتبر جانتے ہین اور زیادتی کیر بموحدہ سب سے بہتر مانتے ہین گاہی توریت وانجیل کی ورق گردانی کرتے
ہین اور چاہ یہود ونصارا سے پانی بھرتے ہین گاہی تعزیرات ہند سے مائل ہین اور تفسیر سید احمد خان کے قائل
پھر کیف اہل انصاف کی عقل مثل آئینہ صفا حیران ھی کہ آپکا کیا دین وایمان ھی بس وجہہ تسمیہ سوط الجبار وہی
ہی جو ہمنے لکھی ہی جبکہ جناب تعزیرات ہند مین مشتاق ہین ہم اونکی انصاف کی مشتاق ہین کہ خدا کو دشنام
دیکر اور قرآن ہاتھہ مین لیکر راست راست لکھدیجئی کہ آپ نے جسقدر مذہب عیسائی کی برائیان کی ہین
اور پادریون کو گالیان دی ہین اسکی کیا سزا ھی اور تعزیرات ہند مین کیا لکھا ھی واہ واہ ہماری سرکار
ابد قرار کی کیا فیض آثاری ھی کہ گالیون کی عوض عطاء عہدہ تحصیلداری ھی جسقدر مولوی جی سزاوار
حد ہین اور جتنے اون سے ایام غدر مین کار بد سرزد ہم لب پر نہین لا سکتے زبان نہین ہلا سکتے کہ وہ گورنمنٹ
کے نزدیک خیرخواہ ہین فدوی بلا اشتباہ ہین اگر نہ ایسے ہوتے تحصیلدار کیسے ہوتے صدقہ جایئے
اس دربار کی اور اس سرکار کے کہ جو کوئی بغاوت کیش ھی وہی خیراندیش ھی جو کوئی لایق بازپرس ہے
وہی مستحق شاباش ہی جو کوئی بدخواہ ھی وہی سزاوار تنخواہ ہی جو کوئی بانی مبانی فتنہ وفساد ھی وہی شایان
اعتبار واعتماد ھی جو کوئی مغوی ومکار ھی وہی فدوی جان نثار ھی جو کوئی خیانت کار ھی وہی امانت دار
ھی اسناد تعزیرات ہند برای نام ھی واسطی فریب دینے صاحبان فرنگ کے دام ہی بغاوت کی گھات ہی الا تو
ھی ہو علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد ؛؛ دریغ سود ندارد چو رفت کار از دست ؛ ہماری طرف سے
اشارہ کافی ھی گورنمنٹ کی توجہ باقی ھی ہو لمن تا خیر وشر کا رمتیں آر ؛؛ کہ در تاخیر آفات ست بسیار ؛؛
اب مولوی جی حصہ اول وسوم سوط الجبار مین پے درپے جھوٹی تقریر کرتے ہین اور نئی نئی تزو

سوط الجبار اول موسی نے قبطی کو نصیحت کی جب وہ نہ مانی تو بحسن نیت نہ بہ نفسانیت اوسکے گہونسا مارا **جواب** ذکر حسن نیت نہ آیت سے پیدا ہی نہ روایت سی ہویدا اگر آپ سچے ہین تو حوالہ دین کہ کس جگہہ حالات نصیحت و نیکی نیت لکہی ہین مخالفت قرآن و حدیث مین مفرد ہیجی بصفت ارتداد موصوف ہنو جبی ہو سکے تو اپنی دعوی کا اثبات کیجئے اور جواب اعتراضات دیجئے سمع خراشی سی کام نہین نکلتا سخن تراشی سے نام نہین چلتا آپ کی حسب حال ایک شعر یاد کرتا ہون اور بپاس خاطر سامی ایراد

ع از سخن حاصل او آئینہ سان دست تہی ست ؛ سادہ لوحی کہ تراشد سخن از روی سخن ؛ آپکو ہرزہ گوئی سے کوتاہی نہین قرآن تک رسائی نہین قرآن مین تو نصیحت کا کہین نشان نہین ہی اور اصلاح حسن نیت کا بیان نہین خوف خدا کیجئے بندون سے حیا کیجئے قرآن مین جو کچھ ہی وہ یہہ ہی و دخل المدینة علی حین غفلة من اہلہا فوجد فیہا رجلین یقتتلان ہذا من شیعتہ و ہذا من عدوہ فاستغاثہ الذی من شیعتہ علی الذی من عدوہ فوکزہ موسی فقضی علیہ یعنی جسوقت کہ باشندگان شہر بیخبر ہوئے تھے موسی وہان آیا اور دو شخص کو لڑتے ہوئے پایا یہہ ایک قوم موسی کی سے تہا اور یہہ دوسرا دشمن اوسکی سے پس فریاد کی اوس شخص نے کہ قوم اوسکی سے تہا اوس سے کہ دشمن اوسکی سے تہا پس موسی نے اوسکو نیزہ یا گہونسا مارا پس اوسکو مار ڈالا انتہی یہان سی ظاہر ہی کہ نہ موسی نے نصیحت کی نہ نیک نیت بلکہ حمایت سبطی کی اور جان قبطی لی اب میان محمد علی حصہ سوم سوط الجبار کے صفحہ شصت و ششم مین سوال کرتے ہین فی الحقیقت شراب تجاہل کا استعمال کرتے ہین **سوط الجبار** کس مفسر نے لکہا ہی کہ موسی نے برادری کی حمایت کرکے قالون کو مار ڈالا **جواب** جناب من جبکہ خود قرآن سی آپکے سوال کا جواب آشکار ہی تو حوالہ تفسیر و مفسر کیا درکار ہی قرآن کو تقویم پارینہ تصور کرتے ہو اور ردی دیرینہ آسمان کو لا تین چلاتی ہو اور قرآن و حدیث کی برعکس باتین بناتے ہو اگر آپ اسی طرح قرآن و حدیث سی ارتداد کرینگی اور نیا دین ایجاد تو آپکی بات کا جواب ہماری پاس نہین ہی قول سعدی لایق آفرین و تحسین ہی **بیت** آنکس کہ بقرآن و خبر زو نرہی ؛ این ست جوابش کہ جوابش ندہی ؛ بکل وجوہات سے ثابت ہی کہ موسی نے داد رعیت دی اور سبطی کی حمایت کی قبطی کو گہونسا یا نیزہ مارا بعد ازان اوسکا سر گردن سی اوتارا دلیل دوم آنکہ ان کلمہ تاکید مشہور ہی اور آیات و حدیث مشکات مین بطور تائید مذکور ہی اگر موسی نے عصیان نہین کیا اور قصد قتل

Marfat.com

انسان نہین تو کسواسطی کہا کہ تحقیق مینے قبطی کا دم نکالا اور بیگناہ کو جان سے مار ڈالا ہے اپنے رسالہ حملہ ہند مین کلمات پر گرفت کی تھی آپ نے اوسکے جواب سے یک لخت پشت دی اور جیون بھی نہ کی پس معلوم ہوا کہ آپکو بھی قتل عمد سے انکار نہین ہے اور جھوٹی تاویلون پر اصرار نہین دلیل سوم آنکہ مشکات مین روایت ہے کہ روز قیامت موسی اپنے تئین قاتل قبطی شمار کریگا اور شفاعت سے انکار پس اگر وہ بانی مبانی معصیت نہین تو کسواسطے شایان شفاعت نہین شاید کہ براہ دروغ شفاعت سے استبعاد کریگا اور بے سبب حق سے عناد دلیل چہارم آنکہ حضور خدا مین موسی خود اپنے گناہ کا اظہار کرتا ہے اور ارتکاب حرکت شیطانی پر اقرار چنانچہ قال ہذا من عمل الشیطان انہ عدو مضل یعنی کہا موسی نے کہ یہ حرکت عمل شیطان سے ہے تحقیق وہ دشمن ہے گمراہ کرنیوالا فقط مولوی جی معنی آیت مین چون وچرا کرتے ہین اور مصنف قرآن کہتے ہیں اسوط الجبار مشار الیہ ہذا در قول او تعالی ہذا من عمل الشیطان قتل قبطی نیست بلکہ مجموعہ قصہ سبطی وقبطی ست یعنی این معاملہ قبطی وسبطی از عمل شیطان ست کہ ہر دو را اغوا کردہ باہم جنگانید تا آنکہ قتل قبطی بر بنا این عمل بظہور رسید **جواب** بلا شبہہ کلمہ ہذا کا مشار الیہ قتل قبطی ہے کہ سورہ قصص مین بآیاکلمہ ہذا وہی ہے چنانچہ فوکزہ موسی فقضی علیہ قال ہذا من عمل الشیطان علاوہ اسکے قول جناب برخلاف مفسرین ہے پس اصلا صحیح نہین ہے اگر کسی مفسر نے ایسا لکھا ہووے تو ثبوت دیجئے ورنہ اپنے بیان خلاف قرآن پہ موت دیجئے جسوقت اہل اسلام آپکی معنی تراشی استماع کرینگے تکذیب جناب پہ اجماع کرینگے تقریر حسینی اسطرح ہے قال گفت موسی ہذا این کار انتہی یعنی تقریر امام زاہد ہے اور با مضمون ہدیۃ الاصنام واحد ہے اپنے عہد سے نہ پھرنے اور اوس بندہ اصنام کی پیروی سے نہ گذرئیے خوب جان لو کہ اگر مشار الیہ کلمہ ہذا قصہ قبطی وسبطی ہوتا تو مفسرین اور آپکا مقتدای بدین اوسکا ترجمہ این کار نہ لاتی بلکہ این قصہ تحریر فرماتے اب معلوم ہوا کہ آپ نے اطاعت صاحب ہدیہ سے انحراف کیا اور جواب صاف دیا قطع نظر ازین فرمائیے کہ مجموعہ قصہ سبطی مین قتل قبطی داخل ہے یا نہین اگر داخل ہے تو موسی حرکت شیطانی مین شامل ہے اگر داخل نہین ہے تو قول مصنف قرآن باطل بیقین ہے کہ اوس نے مجموع قصہ مین قتل قبطی بھی بلفظ فقضی علیہ شامل فرمایا اور موسی کو اوسکا فاعل ٹھیرایا اب فرمائیے کہ ترجمہ آیت مین آپ نے اسقدر مضمون کہ ہر دو را اغوا کردہ باہم جنگانید الخ

کہان سی ٹرہایا اور قرآن کی کس لفظ کا ترجمہ ٹھیرایا وہ لفظ ہمکو قرآن مین دکھلائیے اور خدای اسلام کی
فرمان مین سمجھائیے دلیل پنجم آنکہ موسی نے اپنے ظلم پر اقرار کیا اور اپنے تئین ظالم قرار دیا چنانچہ قال ربّ انی
ظلمت نفسی یعنی کہا موسی نے ای رب میرے تحقیق مین نے ظلم کیا جان اپنی پر انتہی اس آیت سے واضح ہی کہ بانبوت
موسی نے قبطی کو قصداً تہ تلوار کیا ورنہ کیونکر بکلمہ تاکید اپنے تئین ظالم شمار کیا یہان مولوی جی نے کوئی
تاویل و تقریر نہین کی اور کچہہ تبدیل و تغیر نہین پس بالضرور بجانب موسی نسبت ظلم تسلیم کی اور خاطر
انکار دو نیم کو بظاہر اظہار نہ کیا اور اشتہار نہ دیا **بیت** عاقلان را اشارتے کافیست ؂ صاف تر
پیش صوفی صافیست ؂ دلیل ششم آنکہ موسی نے جناب خدا مین اپنے گناہ کی مغفرت چاہی اور خدا نے
آمرزش فرمائی چنانچہ فاغفرلی فغفر لہ یعنی پس بخش مجکو پس بخشا اوسکو فقط مولوی جی یہان بھی بہانہ
تاویل کرتے ہین اور معنی آیت مین تبدیل **سوط الجبار** کاملین خاصگان الٰہی کا یہہ ہی طریق ہی کہ جب
انکو ہاتہہ سے کوئی کام از راہ زلت و خطا کے واقع ہوتا ہے اوسپر اونکو از بس ندامت ہوتی ہی اور اوسکو
وہ امر عظیم سمجھکر توبہ و استغفار فرماتے ہین پس نسبت کرنا انکا ذنوب کو اپنی طرف مستلزم اسکا نہین کہ
وہ مرتکب ایسے گناہون کے جسمین اور مخلوق مبتلا ہی ہوئے ہون **جواب** پیش از جواب بھی کچہہ تعریض
کیجاتی ہی اور آپ کی دفعیہ جہالت کی تدبیر بنابرین فرمائیے کہ عبارت سامی مین لفظ خاصگان کی
اصل کیا ہی اور کاف فارسی کیسا ہی یہہ جمع بطور فارسی ہی یا بطرز عربی اسی علم و فضل پر آپ نے ہمارے
الفاظ نقل کئے ہین اور اون پر بیجا دخل کئے ہین **ہ** چلے جب ایسی حماقت کی اس چمن مین ہوا ؂
تو چند کیون نہ ہنسے شگفتہ بلبلون کی نوا ؂ آپ نے خوب ارادہ الزام کیا کہ خواص و عوام مین اپنے تئین
بدنام کیا حالت پیری مین اپنی قلعی کھلوائی اور آبروے مسلمانی خاک مین ملوائی اب زبان غلط بیان
بند کیجئے اور ہم سے پند لیجئے کہ لفظ خاصگان مین کاف فارسی محض زائد ہی اور یہہ فقرہ نعمت خان عالی
سے ماخوذ ہی **فقرہ** حکم بلند مرتبت سامی منزلت عز نزول یافت تا نزد باقی محکم چون اساس خلافت در
پیشگاہ سلطنت حاضر آوردند خاصان درگاہ بر ستون بارگاہ نصب کردند انتہی سعدی بھی نعمت خان کا
برادر رضاعی ہی اور آپکی تکذیب مین ساعی **ہ** کہ خاصان درین رہ فرس راندہ اند ؂ بلا احصی

Marfat.com

از تنگ فرو ماندہ اند ۛ اب بندہ جناب سے سائل ہے کہ آپکی عبارت مین لفظ خطا بفتح یا بکسر داخل ہے بر تقدیر
اول باقرار جناب موسی گنہگار رہے اور آپکی تاویل بیکار بر تقدیر ثانی فرض کیا ہم نے کہ موسی نے عمداً
گناہ نہین کیا اور قصداً اپنا نامۂ اعمال سیاہ نہین جناب الٰہی مین از روی دروغ گناہ کا اقرار کیا اور خلاف
واقع استغفار لیکن یہہ تو فرمائیے کہ خدا نے کس طرح بیان خلاف کیا کہ مین نے تیرا گناہ معاف کیا
شاید کہ خدا نے بھی موسی کیطرح بات بنائی اور جھوٹ موٹ اوسکی نجات فرمائی چونکہ یہہ بحث ادب
تفصیلوار سطور ہے یہان اختصار منظور ہے **دلیل ہفتم** آنکہ موسی خدا کے سامنے اپنے تئین عاصی سمجھتا ہے
اور لایق پھانسی چنانچہ ولہم علیّ ذنب فاخاف ان یقتلون یعنی اونکا مجھپر ایک گناہ ہے پس ڈرتا ہون
کہ وہ مجھکو قتل کرین مولوی جی یہان بھی کچھ تاویل کرتے ہین اور معنی آیت مین گفتگو **سوط الجبار**
ولہم علی ذنب فاخاف ان یقتلون دلالت میکند کہ درحقیقت موسی گنہگار شرعی نبود بلکہ چون قتل
مردے از قبطیان از دست وے شدہ بود قبطیان طالب قصاص آن از وی شدند لہذا بلفظ لہم تصریح
فرمودہ یعنی اوشان راست بر من گناہ **جواب** آپ نے قرآن سے روگردانی کی اور داد چنگیزخانی
دی ہر چند چنگیزخان نے شان عثمانی دکھلائی اور کتاب آسمانی جلائی لیکن عالم معنی محفوظ رہا اور یہ
عالم لذت باطنی سے محظوظ رہا آپ نے چنگیزخان سے بھی بازی لی اور عالم معنی پر ترکتازی کی جھوٹی تاویلات
بنائین اور معنی قرآن مین تبدیلات فرمائین **ع** ہیچ از چنگیزخان بر عالم صوری نرفت ۛ انچہ رفت
از مولوی صاحب بلکہ معنوی ۛ مسلمانون مین سے جو کوئی تابع شیخ نجدی ہے اوسکی رائے مین سوط الجبار
کتاب دین محمدی ہے جسکے لئے دربار علماسے حکم دوباش ہے اوسکی زبان پر آپکے حق مین کلمہ شاباش
ہے جو کوئی مصحف آب و گل ہے وہی آپ کی دوشیزۂ طبیعت سے خوشدل ہے روی زمین پر جسقدر سچے مسلمان
ہین اور جنکی سبب عرائس مسلمانی با عزت و شان ہین صبح شام مین کل تغافل کرینگے اور آپکی
لئے تجویز طلاق کرینگے چارون طرف سے سوط الجبار پر نعرۂ لاحول ارینگے بلکہ فوراً ہی بول آپ نے اسلام
کو شرمایا اور محمد و علی کے نام کو شرمایا **ع** ہر چہ گیرد علتی علت شود ۛ کفر گیرد ملتی ملت شود ۛ
اب بحث معنوی ہے اور رد قول مولوی **قولہ** درحقیقت موسی گنہگار شرعی نبود فقط یہان سے

لازم آتا ہی کہ آپکی نزدیک بعضی گناہ ایسے بھی ہین کہ جائز شریعت بنی ہین **قولہ** چون قتل مرد از عمد
از دست وی شدہ بود الخ یہہ قول مجہول ہی اور مخالف معقول و منقول کیونکہ خود موسی بکلمہ تاکید حیثیت
معروف قتل عمد پر اقرار کرتا ہے اور اسطرح پر اظہار انی قتلت منہم نفسا یعنی بالیقین مینے قتل کیا اون
مین سے ایک نفس کو فقط اسی طرح مولف قرآن بھی موسی کو قاتل بالارادہ صاف بتلاتا ہی اور اوسکے
حق مین فعل بحروف لاتا ہی چنانچہ قتلت نفسا فنجیناک من الغم یعنی قتل کیا تو نی ایک نفس کو پس نجات دی ہم نے تجکو
غم سی فقط اب فرمائیے کہ برخلاف اقرار موسی اور گفتار خدا آپنے قول مجہول کہان سی ایراد کیا اور برعکس
قرآن و حدیث نیا دین کہان سی ایجاد کیا **قولہ** بلفظ ہم تصریح فرمودہ الخ موسی نے بلفظ الہم کوئی تصریح
نہین فرمائی مگر یہہ ہی کہ مجکو قوم فرعون کے پاس جانے مین خوف جان بالیقین ہی کہ قضیہ زمین بر سر زمین
ہی پس اس سی یہہ لازم نہین آتا کہ موسی خدا کے نزدیک گنہگار نہین تہا اور سزاوار نہین بر تقدیر یکہ
آپ کی تاویل راست ہوتی اور موسی کی کچھہ اور درخواست ہوتی تو موسی خدا کی سامنے اپنے ظلم پر مقر
نہوتا اور استغفار پر مصر نہوتا حالانکہ اوسنے حضور خدا مین اپنے ظلم پر اقرار کیا اور پے در پے استغفار چنانچہ
قال رب انی ظلمت الخ یعنی کہا موسی نے کہ ای رب میری تحقیق مینے ظلم کیا جان اپنی پر پس بخش مجکو
فقط میان محمد علی حصہ سوم سوط الجبار مین نئی تردید برپا کرتے ہین اور ہندون پر فتح اسوط الجبار
آیت مین کلمہ لہم صاف اس مدعا پر دال ہی کہ حسب قانون فرعون کی موسی پر قبطیون کا جرم ہی اور اس سی لازم نہین
آتا کہ موسی خدا کا بھی گنہگار و مجرم تھا نظیر اسکی یہہ ہی کہ مثلا کوئی ہندو کسی عورت کو ستی کرنے مین مانع ہو
ہو تو سرکار انگلشیہ کا گنہگار و مجرم ہوگا ہنود کے عقیدہ مین خدا کا مجرم نہوگا **جواب** بر تقدیر یکہ موسی
صرف قبطیون کے نزدیک گنہگار ہوتا اور لایق کیفر کردار تو خدا کے سامنے کیون اپنے ظلم پر اعتراف
کرتا اور کسو اسطے خدا اوسکا نام قاتل برعکس انصاف دہرتا پس چونکہ موسی درگاہ الہی مین اپنے کیئے
ہوئے سے پچہتایا اور عیانا اپنے ظلم سے شرمایا اور خدا نے اوسکو تمین قاتل قبطی بتلایا اور بجانب کفارہ
اشارہ فرمایا تو لاجرم موسی ظالم و قاتل ہی اور آپکی تاویل لغو و باطل **قولہ** کوئی ہندو کسی عورت
کو ستی کرنے مین الخ مردودا رباب آداب ہی بلکہ بدتر از بانگ دواب ۵ بہ نطق آدمی بہتر است

Marfat.com

ازدواب ؛ دداب از توبہ گرنہ گوئی صواب ؛ کیونکہ عورت خود بخود ستی ہوتی ہے اور بحکم شوہر میں جان کہوتی
ہے دوسرا کوئی اوسکو ستی نہیں کرتا ہے مخالف ناحق اولٹی دم بھرتا ہے مسلمانون مین سے جو کوئی واقف کار ہے
وہ اس بات سے بخوبی خبردار ہے چنانچہ صائب ؎ ہمچو ہندو زن کسے در عاشقی مردانہ نیست ؛
سوختن بر شمع مردہ کار ہر پروانہ نیست ؛ امیر خسرو ؎ خسروا در عشق بازی کم ز ہندو زن مباش
کز برائے مردہ سوزد زندہ جان خویش را ؛ علاوہ اسکے اگر بالفرض کوئی شخص ہیزم وغیرہ فراہم لانے
مین ستی کا مددگار بھی ہووے تو وہ خدا کے سامنے ہرگز نہین کہیگا کہ مین ظالم وستمگار ہون اور مشغول استغفار
بخلاف موسی کے کہ جناب الہی مین اپنے ظلم پر مقر ہوا اور آمرزش گناہ پر مصر پس تمثیل مددگار ستی
آپکے لئے مفید نہین ہے اور قابل تسوید نہین پھر آپ نے جو معنی لفظ ذنب مین کچھ تاویل کی ہے
اور عبارت عربی بغیر حوالہ کتاب سند دی ہے وہ آپکے اصول ممہدہ کے خلاف ہے لہذا بالکل گذاف
ہے قرآن و حدیث مین اوسکو دکھلائیے یا اپنا لکھا آپ چاٹیے **دلیل ہشتم** آنکہ موسی نے اپنی کفر
و ضلالت پر اقرار کیا اور اپنے تئین کافرین و ضالین مین شمار کیا چنانچہ سورہ شعرا مین ہے وفعلت فعلتک التی
فعلت وانت من الکافرین قال فعلتہا اذا وانا من الضالین یعنی موسی سے فرعون نے کہا کہ کیا تو نے وہ کام جو
کیا تو نے اور تو کافرون مین سے ہے کہا موسی نے کیا تھا مین نے وہ کام اوسوقت اور مین ضالین مین سے تھا فقط
یہان سے پیدا ہے کہ موسی نے گناہ عظیم کیا ورنہ دعوی دشمن کسواسطے تسلیم کیا اب میان محمد علی حصہ سوم سوط الجبار
مین موسی کے ضعف ایمان پر اعتراف کرتے ہین و تحریف قرآن پر **سوط الجبار** یعنی من الضالین کے
جو آیت مین واقع ہے من الجاہلین ہین چنانچہ ایک قرات مین لفظ من الجاہلین بجاے من الضالین واقع ہے
یعنی تہا مین انجام کار سے ناواقف **جواب** پیشتر از بحث معنی بھی کچھ گفتگو ہے اور آپ کی سیاہی جہالت
کی شست وشو کہ یہان پر اد الفاظ من الضالین و من الجاہلین خلاف دبیری ہے اور ثمرہ [illegible]
صاحب اب ایک تدبیر کیجیے کہ کسیکو پیر کیجیے اوسکی خدمت مین ادب و تعظیم دیجیے اور اوسکو تعلیم کہ محمد علی تسلیم کیجیے
؎ ایا بے پیر تا پیرت نباشد ؛ ہوائے معصیت دل میخراشد ؛ ہرچند کہ مولوی صاحب خود پیر مین اور
خاندان مولا مین اخیر لیکن درستی حواس نہین ہے اور اپنے قول کا پاس نہین پشت خمیدہ ہے اور رنگ زرد

Marfat.com

پر یدہ تحصیلداری سے جواب ہے اور اوقات خراب ہے خوف ملک الموت سے رنگ فق ہے اور خیال منکر و نکیر سے جگر شق اتنے پر بھی حق سے ناحق جنگ ہے اور ننگ سے ننگ **مصرعہ** پیری و صد عیب چنین گفتہ اند غرضکہ یہان اسیقدر عبارت واجب ہے کہ اس آیت مین ضال بمعنی جاہل مناسب ہے میاںجی خواجہ سرائی دیگر ہے اور سخن سرائی دیگر **بیت** سخن گفتن و بکر جان سفتن ست ؛؛ نہ ہر کس سزای سخن گفتن ست ؛؛ ہر چند بحث لفظی خلاف آئین ہے اور بر عکس قانون ہے لیکن گاہے گاہے آپ کی استعداد کا امتحان کیا جاتا ہے اسواسطے کہیں کہیں نشان دیا جاتا ہے اگر مخاطب خردمند ہے اوسکے لئے یہہ ھی پند بسند ہے **ع** اگر عاقلی یک اشارت بس ست آیت مذکور مین ضال بمعنی جاہل آپ ھی نے تسلیم کیا ہے یا اہل لغت اور تفسیر نے بھی ترقیم کیا ہے بر تقدیر اوّل آپ کی نادانی ہے اور من مانی گھر جانی لڑکون کی کہانی بر تقدیر دوم حوالہ لغت و تفسیر دیجئے اور ترک خدع و تزویر کیجئے اقتضای مقام سے ظاہر ھے کہ یہان ضال بمعنی کافر ہے کیونکہ جب فرعون نے موسی سے کہا کہ تو کافرین مین سے ہے تو موسی نے یہہ ھی جواب دیا کہ مین ضالین مین سے تہا پس لازم آیا کہ موسی نے فرعون کی کل گفتگو تسلیم کی صرف زمانۂ حال کی نسبت ترمیم کی کہ بندہ اب ضال نہین ہے اور پہلا حال نہین بر تقدیریکہ موسی فرعون کی بات سے انکار کرتا تو فورا یہہ ھی اظہار کرتا کہ یہہ تیرا بہتان ہے بندہ ابدًا با ایمان ہے چونکہ موسی نے کفر سے انکار نہین کیا یہہ ھی جانا گیا کہ اوس نے اپنا کفر دیرینہ یاد کیا اور کلمۂ ضال بمعنی کافر ایراد کیا درصورتیکہ فرض کیا جاوے کہ ضالین بمعنی جاہلین ہے تو بھی موسی از زمرہ کافرین ہے کیونکہ زبان عرب مین لفظ جاہل بمعنی کافر مستعمل ھے اور مسلمانون کا اسی پر عمل ہے چنانچہ محمد صاحب کے آبا و اجداد کی جہالت مشہور ھی اور اونکا زمانہ حال و تال ایام جاہلیت مذکور قطع نظر ازین آپ کی تقریر کا بھی یہہ ہی حاصل ہے کہ موسی جاہل ہے اور انجام کار سے غافل پس قول سعدی بجا ہے اور حسب حال موسی **ابیات** ز جاہل حذر کردن اولی بود ؛؛ کہ از ننگ دنیا و عقبی بود ؛؛ سر جاہلان بر سر دار بہ ؛؛ کہ جاہل بخواری گرفتار بہ ؛؛ بر تقدیریکہ ایک قراءت مین من الجاہلین بجای من الضالین واقع ہے تو عبید اللہ کی تکذیب ذایع ہے کہ وہ فصل سوم باب اول تحفۃ الہند مین رقم طراز ہے کہ قرآن کا عجب اعجاز ہے کہ مشرق سے مغرب تک جتنے نسخے قرآن کے حاضر ہین سب کے وہی الفاظ ہین کہ جو حضرت سے صحابہ کو پہنچے تھے کسی مین زیر و زبر

Marfat.com

کا بھی اختلاف نہین ہی فقط یہان سے واضح ہی کہ مولوی صاحب نے عبید اللہ کو کافر ٹھیرایا اور اوسکی
پشت پر سوط الجبار لگوایا پس کونی ہاتھی کی مثل صادق ہی اور آپکے حق مین لایق اب آپ ہی فرمایئے کہ عبید اللہ
صاحب کذاب ہین یا آپ رحمان الیمامہ کی باپ بالغرض مولف سوط الجبار کی نزدیک قرآن محمدی مثل گلستان
سعدی ہی کہ کسی نسخہ مین من الصالین مذکور ہی اور کسی نسخہ مین من الجاہلین سطور ہی مولوی جی کی عقلمندی
دیکھئے کہ اول موسی کی برأت پر اصرار کیا اور انجام کار اوسکی جہالت پر اصرار بیت انچہ دانا کند کند
نادان ٭ لیک بعد از قبول رسوائی ٭ اب میان محمد علی حصہ سوم سوط الجبار مین برأت موسی سی دست
بردار ہوتے ہین اور الزام ہنود پر تیار سوط الجبار سکند ہ دہم بھاگوت مین مرقوم ہی کہ کرشن نے جب
دیکھا کہ کنس کے دہوبی کپڑون کی لادیان لئے ہوئے چلے آتے ہین تو بلرام سے کہا کہ بھائی ان سب کے کپڑے
چھین لیجئے اور جسقدر آپ سے بچین وہ لٹا دیجئے بھائی کو یہہ سنا کر دہوبی سے کپڑے مانگے اوسنے کہا کہ راجا کے
کپڑے پہننے کا منہہ تو دیکھ چلا جا نہین تو مار ڈالونگا کرشن نے یہہ سنتی ہی غصہ مین آکر ترچھا کر ایک ہاتہہ مارا
اوسکا سر بھٹا سا اوڑ گیا الخ اسیطرح بلرام نے سوت رکہیشر کو بجرم نہ دینے تعظیم کے مار ڈالا بھاگوت بیٹین
کو دشم مین یہہ قصہ لکہا ہی جواب آپکا الزام چند وجہہ سے ناتمام ہی اور سر بسر اتہام وجہہ اول آنکہ ہمنے
موسی کا ظلم قرآن سے انکار کیا اور مخالفین کو اونکی کتاب مقدس سی شرمسار قرآن کا مقابلہ وید سی چاہیئے
نہ بھاگوت سے کہ کتاب قصص و اخبار ہی اور ہماری اصول مہدہ سے برکنار بر تقدیریکہ ہم کسی تاریخ محمدیہ سی ظلم
موسی ثابت کرتے تو فی الجملہ یہہ قصہ آپ کی لئے مفید پڑتے چونکہ ایسا نہین ہی آپکا الزام بجا نہین وجہہ
دوم آنکہ ہمنے عبارت قرآن سندی آپ نے عبارت پران بھی نقل نہین کی پس اعتراض و الزام مین
بعد المشرقین ہی اور تناقض عین وجہہ سوم آنکہ ترجمہ راست نہین ہی اور مترجم مستحق آیت لعنۃ اللہ علی الکاذبین
ہی اگر سچے ہو اور بندہ حق کے تو خدا کو حاضر و ناظر جانکر فرمایئے کہ یہہ دو فقرہ کہ بلرام سے کہا کہ [illegible]
بھاگوت کی کن الفاظ کا ترجمہ ہین یا اپنی طرف سے عبارت بنا لئے ہو اور اوسکو ترجمہ بھاگوت بتاتی ہو خوف
خدا نہین کرتے تہمت طرازی سے نہین ڈرتے پھر یہہ عبارت کہ ترچھا کرکے ایک ہاتھہ مارا بھاگوت سی
زاید ہی اور اون دونون فقرون کے ساتھہ اسکا مضمون واحد ہی پھر یہہ مثال کہ بھٹا سا کسی گنوار

ناہموار کی ایجاد ہی یا تحصیلدار ہماری کی طرح ناظر باقی الفاظ کا ترجمہ بھی مطابقت اصل سے خالی ہی اور
سراسر کذب تعالی ہرچند ہمکو مسلمانون سے بحث کرتے ہوئے ایک عمر بسر ہوئی اور مدت بست سال
گذر گئی مگر ہماری مذہب سے کوئی مسلمان خبردار نہین ہی کسیکا بیان شایستہ اعتبار نہین کتب مخالفین
مین مذہب ہنود سے کوئی نقل نہین ہی کہ جسمین اغلاط فاش کو دخل نہین ہے ۵ رفتہ رفتہ سخن شد دم
بسیار گو ؛ از شمایک تن نشد اسرار جو ؛ بھاگوت مین اسیقدر مذکور ہی کہ کرشن نے ایک دہوبی آتا
ہوا دیکھا اوس سے کہا کہ اگر تو ہمکو پوشش عمدہ پہنائیگا تو نیک نتیجہ پائیگا چنانچہ -

देह्यावयोः समुचितान्यंग वासांसि चार्हतोः भविष्यति परं

دہوبی یہہ سنتے ہی آمادہ کارزار ہوا اور قتل کرشن

श्रेयो दातुस्तेनात्र संशयः २

پر تیار کرشن نے دفع شر چاہا لہذا اوسکی گردن پر ایک طمانچہ مارا پس ظہور مشیت خدا ہوا کہ اوسکا سر گردن
سے جدا ہوا چنانچہ

रजकस्य कराग्रेण शिरः कायादपाहरत्

پس آپ نے جو حصہ اوّل سوط الجبار مین لکھا ہی کہ کرشن نے بہ نیت غارتگری مدد گا ذرکنس کو قتل کیا
اور برعکس انصاف و عدل کیا وہ محض غلط ہی کیونکہ جس صورت مین کرشن نے اوسکو سامنے کہا کہ ہمکو
جو کوئی پوشش با آب تاب دیگا وہ صواب بحساب لیگا تو غارتگری کہان ہی آپ کی سبکسری عیان ہے
ای ظالم زبان تہمت بند کر اور مسلمانون کو پند کر اونکا اعتقاد مین غارتگری پیغمبری ہی اور رہزنی رہبری
آیا تمکو یاد نہین ہی اور صحیح بخاری مین ایراد نہین کہ محمد صاحب نے بنی اسد وغیرہ قبائل عرب پر براہ سے
بغتۃً حملہ کیا اور اونکا جملہ مال و اسباب لوٹ لیا جس کسی نے دفع شر رسالت مآب چاہا تلوار سے جواب
پایا پس مثل مشہور چوری اور سینہ زوری حسب حال حضرت ہی اور فضل و کمال رسالت اب ذرا انصاف کیجئے
کہ غارتگری کسکا کام ہی اور قتل عمد کسکا نام جبکہ بقول آپ کی قتل عمد وہی ہی کہ جو تلوار وغیرہ آلہ سے عمل مین آئے
پس اپنے قول سے کیون پھیرتے ہو اور کسواسطے بد عہدی کرتے ہو کرشن تو خالی ہاتھہ تھے ہتیار اونکے
کہان ساتھہ تھے اسی طرح بھاگوت سے آشکارا ہی کہ بلرام نے سوت کو آلہ سے نہین مارا ہی ایک تنکا
اوٹھا یا تھا اور سوت کو ڈرایا تھا اتفاقاً اوسکا سر جدا ہوا یہہ بھی حکم خدا ہوا وہی یا سفتاد وہشتم

Marfat.com

دشتم سکندہ مین اس قصّہ کی تشریح ہی اور حوالہ ادہیاے لبست وہشتم غلط صریح باوجودیکہ بلرام نے عمداً
سوت کو نہین مارا پھر بھی جیساکہ چاہیے کفارہ دیا اور بہت دان نہان وآشکارا دیا موسیٰ نے قبطی کو
دیدہ ودانستہ قتل کیا اور کفارہ کا نام بھی نہ لیا صرف توبہ کی دوسرے دن وہ بھی توڑ دی عنقریب اسکا بیان
ہوگا اور محمد علی کا سر در گریبان سوت کو کہنے سے آپ نے نادانی سے لکھا ہی وہ رشیون کا تاریخ دان ہوا ہی آیوا سطے
اوسکو پورانک کہتے ہین کہ پورانک کے تاریخ دان معنی ہین وجہ چہارم آنکہ موسیٰ نے ایسے شخص کو عمداً قتل کیا
کہ جس نے اوسکو ایک دشنام بھی نہین دیا اور کرشن کے ہاتھ سے دہوبی مارا گیا جو مرتکب حرکتِ شیطان ہوا
اور کرشن کا خواہان جان بن پس تم کس منہ سے کہتے ہو کہ موسیٰ نے عمداً قبطی کو نہین مارا بلکہ بہ نیتِ دفع شرِ اوسکا
کام تمام کیا کیونکہ قبطی نے موسیٰ سے بات بھی نہین کی اسکا تو کیا ذکر ہی کہ گالی دی البتہ موسیٰ نے ایک گنہگار
کی حمایت کی جو بدتر از جنایت تھی بنابرین انجام کار جب موسیٰ کے حق بات دل مین گڑی تو اوس سے توبہ
کرنی پڑی چنانچہ سورۂ قصص مین ہی فلن اکون ظہیر المجرمین یعنی پس ہرگز ہونگا مین پشتیبان گناہگارون کا
فقط پس مولویصاحب نے حصۂ اول سوط الجبار کے صفحہ ۱۶۹ مین سبطی کو برادر موسیٰ نہین قرار دیا ہی بلکہ اس
بات پر اصرار کیا ہی کہ موسیٰ گنہگارون کا بھائی ہی اور اوسکو دل مین سیاہ کارون کی پشتی سمائی ہے
بالیقین آپ کا گمان صحیح ہی اور بیان صحیح مگر آپکو یہ بھی یاد رہے کہ موسیٰ نے اگلے دن اپنے بھائی کو دوسرے قبطی
سے لڑتا ہوا اور پرخاش کرتا ہوا دیکھا پس عزم جزم کیا کہ مدد بجا لائے اور اس قبطی کو بھی پہلے قبطی کی جگہ
پہنچائے مگر موسیٰ کے بھائی سے نیکی برباد گناہ لازم اوسکا عزم اپنے برعکس مدعا مانا اور اپنی جان کا خطرا
جانا لہذا ایسی بات کہی کہ موسیٰ کو پھر ملک فرعون مین جائے ثبات نرہی اس داستان کا سورۂ قصص مین
مفصل بیان ہی اور تین اعتراض کے شایان ہی اعتراض اول آنکہ موسیٰ عہد برہمزن تھا اور پیمان شکن
کہ اول روز حضور خدا مین عہد کیا کہ مین گنہگارون کی ہرگز مدد نہ کرونگا اور اصلاً عصیان
پھرونگا دوسرے دن برعکس اوسکے جہد کیا کہ عاصی کی حمایت کی اور اوسی سبطی کی رعایت ۔ اعتراض دوم
آنکہ یہان سے آپکا وہ قول باطل ہوا کہ موسیٰ نادانستہ قبطی کا قاتل ہوا کیونکہ اس حرکت سے جانا جاتا ہے
کہ موسیٰ کشت وخون بار بار کرتا تھا اور ادھر اودھر فرار کرتا تھا ہرچند امراء فرعون کا دل جلتا تھا مگر

نہ چلتا تہا جبکہ موسی کے بہائی نے اظہار کیا کہ موسی سرکش ہے اور قتل عمد سے خوش تو وہان سے فرار کیا اور بیغ
مدین اختیار کیا جا کے خاص شعیب مین داخل ہوا اور اوسکی دختر سے واصل ہوا۔ اعتراض سوم آنکہ مولوی صاحب
نے جو حصۂ اول سوط الجبار مین سبطی کو مظلوم کہا ہے وہ سراسر اونکی خطا ہے وہ مظلوم نہین تھا بلکہ ظالم یا شقی
تہا کہ ہر روز قبطیون سے لڑتا تھا اور عربدہ کرتا تہا اسیواسطے اوسکو موسی نے گمراہ کہا ہے چنانچہ سورۂ قصص مین
لکہا ہے قال لہ موسی انک لغوی مبین یعنی موسی نے اوسکے لئے کہا کہ تحقیق تو گمراہ ہے ظاہر فقط یہان سے معلوم
ہوتا ہے کہ وہ قبطی بھی مظلوم تہا کہ بے سبب موسی کے ہاتھ سے مقتول ہوا جو کوئی اوس قبطی کو ستمگار و
جفاکار اور سبطی کو زار و نزار کہیگا وہ قرآن کو بیکار و بے اعتبار کہیگا کیونکہ قرآن سے قبطی کی زبونی ثابت
ہے اور سبطی کی دونی کہ اوروز ایک قبطی سے جنگ کی اور اوسکی جان لی فردا دوسرے قبطی سے لڑنے لگا اور
موسی سے مدد طلب کرنے لگا ہر چند کہ موسی نے اوسکو گمراہ کہا مگر اوسکی مدد سے باز نہ رہا یہہ تمام سرگذشت
سورۂ قصص مین بیان ہوئی ہے جس سے سبطی کی نفسانیت و قبطی کی مظلومیت بخوبی عیان ہوئی ہے
خدا شرمائے مؤلف سوط الجبار کو کہ اتنے پر بھی کہتا ہے کہ موسی نے ازروے حسن نیت قبطی کو مار ڈالا نہ بنابر
نفسانیت وجہ پنجم آنکہ بوقت قتل قبطی موسی جوان تہا اور مکلف باحکام ایمان اور بوقت فوت گاذر
کرشن کے لئے تکلیف شرعی نہین لایق تہی کہ حالت کم سنی لاحق تھی عمر کرشن قریب ہشت سال تھی تذلیل
کنس وغیرہ بالکل بدست قدرت ایزد متعال تھی نہ قتل گاذر نہ لایق الزام ہے بلکہ محض بہتان و اتہام
ہے بر تقدیریکہ کرشن کو اوتار مانئے اور جلوہ گر دگار جانیے جیسا کہ اعتقاد عام ہنود ہے تو بھی جواب شافی
مدام موجود ہے کہ خدا کل مخلوق کو قتل کرتا ہے کون مسلمان دخل کرتا ہے مولوی صاحب سے جب کچھ بات نہ بن
آئی تو جواب حملۂ ہند کے صفحہ ۲۷ مین یہہ تقریر جاہلانہ بنائیے سوط الجبار تمہارے خوب خدا ہین
کہ بلرام کے بھائی ہین خوب خدا ہین کہ کپڑے پہنتے ہین خوب خدا ہین کہ کپڑون کی طمع کرتے ہین جواب
اب اسطرف مایل ہوجیئے اور دل مین قایل کہ کرشن و بلرام مین اخوت اعتباری ہے کیسا ہی جامہ ونسواری
ہے الوہیت اوتارون کی حقیقی و روحانی ہے اور اخوت وغیرہ علایق مجازی و جسمانی سوط الجبار کے
حصہ دوم مین جسقدر آپنے مسئلہ اوتار پر اعتراض کئے ہین عنقریب تمام کا جواب گوش گذار ہوگا اور ایک

Marfat.com

ایک بیت الحرامی شرمسار ہوگا کپڑے پہننا اور مانگنا الوہیت سے منسوب نہیں ہے اور جسمیت کے لئے معیوب نہیں ہے الوہیت اوتار تبرا از الزام ہے کہ برتر از حواس اجسام ہے اب جواب الزامی ہے اور بری از سخت کلامی ہے خدائے مسلمان خوب خدا ہے کہ بندون سے قرض مانگتا ہے تعصب سے درگذر کیجئے اور سورہ بقرہ وغیرہ پر نظر خدائے اسلام خوب خدا ہے کہ بندون کے سامنے منہ بناتا ہے اور چڑاتا ہے اگر اتفاق حق منظور ہے سورۃ والدہر وغیرہ موجود ہے خدائے مسلمین خوب خدا ہے کہ روز قیامت مسلمانون کو اپنی ساق دکھلاتا ہے قرآن مین جب تک سورۃ قلم ہے آپکی زبان انکار تلم ہے خدائے محمدیہ کیا عالی نسب ہے کہ خیر الماکرین جسکا لقب ہے یہہ مضمون سورہ آل عمران سے آشکار ہے پس کیونکر شایان انکار ہے خدائے مصطفی عجب خدا ہے کہ دوزخ مین پانون دھرتا ہے اور سیری جہنم کرتا ہے خدائے محمدیہ کیا خوب ہے کہ محمد جسکا محبوب ہے ہر بیگاہ فرشتے حضرت کو خلوت خدا مین لیجاتے ہین اور زفاف کراتے ہین یہہ تمام مضمون حدیث بنی ہے اور منکر غبی ہے مولوی صاحب اب از روی ایمان کہیے کہ آپکا خدا جسمانی ہے یا مضمون قرآن و حدیث منافی شان حقانی ہے برتقدیر اول اوتارون پر کیون ہنستے ہو اور کسواسطے گناہ مین پھنستے ہو برتقدیر دوم آپکا جواب لاثانی ہے اور سعادت کی نشانی اب اوتار کی تصدیق کیجئے یا مصنف قرآن و حدیث کی تحمیق اے عبید اللہ ہرچند یہان مولوی محمد علی نے اخفائے بدخوئی و عربدہ جوئی مین جان فشانی کی اور داد خوش بیانی دی مگر آخرکار خاموش ہوئے اور جملہ جوش و خروش فراموش جس سبطی کی موسی مدد بجالایا اور آپنے جسکو موسی کا برادر بتلایا وہی سبطی گواہی دیتا ہے کہ موسی صلاح و نیکوی سے دست بردار تھا اور گردن تابی و سرکشی پر تیار سورۂ قصص نکالئے آیت ہذا پر نظر ڈالئے ان تریدا الا ان تکون جبارا فی الارض وما ترید ان تکون من المصلحین یعنی نہین ارادہ کرتا تو مگر یہہ کہ ہووے سرکش زمین مین اور نہین ارادہ کرتا یہہ کہ ہووے نیکوکارون سے فقط مخالفین کی عجیب عادت ہے کہ جسکو موسی کا برادر بتلاتے ہین اور جسکا موسی کو حامی ٹھیراتے ہین اسکی بات پر التفات نہین کرتا [illegible] کی سرکشی اور گردن تابی کی تحقیقات نہین اب موسی کی مغلوب الغضبی کی ایک اور حکایت گوش کیجئے اور حکایت فراموش کہ نہ بکر و عمر کی تقریر ہے بلکہ محدث بخاری و مسلم کی تحریر ہے کہ عزرائیل واسطے قبض روح موسی کے آیا اور فرمایا کہ اے موسی حکم رب قبول کر اور جلد اپنے کام مین مشغول کر موسی نے یہہ سنتے ہی ایک ضرب

دستی عزرائیل کے منہہ پر ماری اور اوسکی آنکھہ پھوڑی پس اوس نے بے نیل مرام اپنی راہ لی اور جناب ایزد
شکایت کی کہ تو نے مجکو ایسے بندہ کے پاس بھیجا کہ مرنا نہین چاہتا ابھی مین نے اوسکی جان نہین نکالی کہ
اوس نے میری آنکھہ پھوڑ ڈالی الخ بھائی صاحب پیدا ہی کہ انبیا غضب کے سبب مین طاق ہین نہ جا آنکہ خوش اخلاق
رہین اب مولوی صاحب اپنے معہدہ اصول اربعہ سے روگردان ہوتے ہین اور اپنے قول سے آپ پشیمان ابلیس کے
یار کی بیعت کرتے ہین اور ہمنام مار کی طاعت **سوط الجبار** در تفسیر این حدیث مارزی رحمۃ اللہ
علیہ گفتہ کہ ہذا علی المجاز یقال فقا فلان فلانا اذا غلبہ بالحجۃ ویقال عورت الشئ اذا ادخلت فیہ نقصا انتہی
یعنی الفاظ حدیث بسبب عدم تصور لطم حقیقی در روحانیان بر مجاز محمول ست ومراد از فقا عین غلبہ است
چنانکہ متعارف است کہ میگویند فقا فلان فلانا یعنی غالب آمد فلان بر فلان ومیگویند کہ عورت الشئ
یعنی ناقص گردانیدم او را **جواب** ای مولوی مارزی کا فضلہ نہ کھائیے اور اپنے سر پر بلا نہ بلائیے کہ وہ
ضحاک کا یار غار ہے اور اوسکے سر پر مار زہر دار ہی پیروشافعی ہے کہ افعی واقعی ہر شین اسکا عیب ہی یہہ ہی وجہہ
تسمیہ بے شک و لاریب ہے ایک کا آغاز اور دوسرے کا انجام واحد ہی معائنہ حال شاہد ہی کہ ایک مار زہر دار ہے اور
دوسرا افعی خونخوار پس خانۂ اسلام نہ جائے امن آمان ہی کہ مار وافعی کا مسکن ومکان ہی جواب بندہ چوب قلم
پکڑتا ہی اور دونون کا کام تمام کرتا ہی اگر مخالف پیچ و تاب کھائیگا اوسکا بھی سر کچلا جائیگا کہ افعی کشتن وبچہ
اش را نگاہداشتن نہ خردمندی وانصاف ہے بلکہ نادانی واعتساف ہی ای بندۂ خدای ذو المنن اندر من
یہہ تیری گفتگو قابل اعتبار نہین ہی اور مخالف بچہ مار بھی نہین ہی بلکہ نطفۂ اسد علی ہی اور زادۂ جنگلی حقیقت
آنکہ جس شخص کے اصل پر نظر ہے اوسکی رای مین میانجی جانور ہی اور جس شخص کا ہیکل ظاہری پر دھیان ہی اوسکے
نزدیک میانجی انسان ہی ثبوت قول اوّل معلوم ہی کہ اونکی عقل ودانش معدوم ہی چنانچہ ماقبل ومابعد چند
جا زیب زبان ہی کہ صرف قرآن وحدیث وقیاس و اجماع امت ہی قابل اطمینان ہی باقی کون خر وگوز
شتر ہی اور مانند موعو سگ نامعتبر جبکہ حقیقت حال برین منوال ہی تو صحت تفسیر مارزی مثل طلب چہرۂ
مار خیال محال ہی شاید کہ آپکا مطلب یہہ ہووے کہ اگر منہو د قرآن وحدیث وقیاس مجتہدین واجماع امت کی
[illegible] دوسری کتاب اسلام سے الزام دیوین تو ساقط از پایۂ اعتبار ہی اور میانجی نقل مختار ہے کہ اہم

جس کتاب سی سند لائی اور جسکا فیصلہ چاہتی ہر نسبت کھائی اسی میانجی ایک طرف ہو رہو دورنگی چھوڑ دو
سے مکر جاؤ کا قاتل نے نرالا ڈھب نکالا ہے ۞ دورنگی تیری باتون نے ہنسا کر مار ڈالا ہو ۞ ملا محبوب علی
کہ میانجی کا وہ مستند ارتھا گرم گفتار تھا کہ مارزی کا اعتزال مذہب تھا اس تاویل علیل کا یہہ ھی سبب تھا
پس تعجب ھی میانجی کو دین و ایمان پر کہ معتزلہ کی کاسہ لیسی پر مرتے ہین اور پھر اون پر طعن کرتے ہین سے
وجد و منع بادہ ای زاھد چہ کافر نعمتی ست ۞ دشمن مے بودن و ہمرنگ مستان زیستن ۞ شاید کہ جوانی مین
میانجی کو معتزلہ سے نفرت تھی حالت پیری مین رغبت ہوئی سے دل ہوا خون خاطر ساغر پرستان
توڑ کر ۞ توبہ کیا چوکا ہون پیمانہ سے پیمان توڑ کر ۞ شاہ عبد العزیز نے تاویل حدیث خلاف محققین سمجھی ہی
اور باب دوم تحفہ اثنا عشریہ مین یہہ عبارت لکھی ہے فقرہ اسرار این معاملات کہ حق تعالی با خاصان خود
میفرماید و با ہر یکے از ایشان برنگ دیگر سلوک میکند بسیار دقیق و باریک اند کہ ذہن ہر کس تا بہا نمیرسد و اگر بر
یک دو نکتہ کسی موافق مذاق و مشرب خود از حکمت و کلام و تصوف و فقاہت یا مبنی بر اصول خود از تسنن
و اعتزال و تشیع پے بردہ و بر زبان آوردہ نسبت بواقع و نفس الامر حکم قطرہ بدریا و ذرہ بصحرا دارد و لہذا
محققین این قسم اسرار را حوالہ العلم الہی نمایند و مہر خاموشی بر زبان نہند انتہی تا یہان سے یہہ مین ہی کہ مارزی
محققین سے نہین ہے مصنف مظاہر حق بھی معنی حقیقی حدیث پر قانع ہوا ہی اور تاویل سے مانع ربع چہارم کہو لئے
اور اس تقریر کو میزان نظر مین تولئے فقرہ اطلاق پانو کا حضرت حق سبحانہ پر متشابہات سے ہی اور حکم متشابہات
کا یہہ ہی کہ اعتقاد کرے کہ جو کچھ مراد ہی اوس سے حق ہی اور در پے دریافت کیفیت اوسکی کے نہ پڑے مذہب اسلم یہہ ہے
اور متاخرین تاویل کرتے ہین کہ مراد قدم اللہ سی قدم بعض مخلوقات ہی انتہی) یہان سے بھی واضح ہی کہ تاویل
حدیث ایجاد بندہ ہی اور بعض گندہ اور مذہب رازی شاہراہ سنت نہین ہی اور تسنن کی علامت نہین میان
محمد علی اپنے قول کی مخالفت اختیار نکرو یہہ کیسے نہ سمجھو کہ جس صورت مین آپکے نزدیک قرآن و حدیث و قیاس
و اجماع امت کے سوا کوئی چیز لائق اعتماد نہین ہے تو اس تاویل علیل تسویل ذلیل سے کچھ استفادہ نہین ہی بلکہ ہمسنگ
کوہ کندن و کاہ بر آوردن ہی اور کار کندہ ناتراشیدہ دکون القصہ جبکہ میانجی ہمارا اعتراض دفع نہ
کر سکی کاسہ لیسی مانندی کرنے لگے حالانکہ وہ خود در بند عجز و انکسار ہی اور درماندہ و ناچار چنانچہ شاہ

Marfat.com

عبدالعزیز نے تحفہ اثنا عشریہ مین تشیع کی ہو کہ تاویل دلیل عجز و درماندگی ہو فقرہ ہم کہ اسماعیلیہ
را راہ ندہند و نگویند کہ ہرچند این ہمہ در کتب معتبرہ شیعہ موجود است اما تاویلی داشتہ باشد کہ ذہن ما بآن
نمیرسد زیراکہ احتمال تاویل در وقت مناظرہ دلیل عجز و بیچارگی ست و نشانہ جہل و نادانی انتہی ہم اب ہم بطرف
میاںجی مائل ہوتے ہین ور اون سے سائل کہ با وجود دعوی قابلیت ایک سطر مارزی کا ترجمہ بھی بلا کم و کاست
نہ آیا جب تک کہ افراط و تفریط نے دخل نہ پایا فرمائیے کہ لفظ ہذا کا ترجمہ الفاظ حدیث کیونکر ہو سکتا ہی اور لفظ
سبب سے ایک لفظ رہ جانیان تک کس لفظ کا ترجمہ کیا ہی اسیطرح باقی الفاظ کے ترجمہ کا بھی یہہ ہی حال ہی
اور آپ کی دانش و فرہنگ پر دال ہے اسیطرح اذا غلبہ بالحجتہ و اذا دخلت فیہ وغیرہ الفاظ کا ترجمہ بالکل چھوڑ
دیا اور امانت سے منہہ موڑ دیا یہہ مضمون بطرز میاںجی اندراج ہوا ہی اور اوسکی ہرزہ درائی کا علاج اگر اتنے
پر بھی لغوگوئی سے باز رہا اور دخل در معقولات کیا تو وہ ہفت معزاری ہی اور اوسکی جناب مین اہل مزاح کی گھر
باری ہی کہ ہفت معزاری شود ہر گوہی کہ دانی خور اب ہم تاویل رازی کیطرف رجوع کرتے ہین اور کئی وجہہ
وسکار دشروع وجہ اول آنکہ یا سبق تقریر شاہ عبدالعزیز وغیرہ سے آشکار ہی کہ مارزی بہ بند عجز و بیچارگی گرفتار
ہی وجہہ دوم آنکہ عبارت مارزی مین لفظ مجاز سے ظاہر ہی کہ حدیث مذکور استعارہ و کنایہ شاعرانہ پر مشتمل
ہے حالانکہ صفحہ چہارم جواب صمصام ہند مین میاںجی نے کنایہ و مجاز و استعارہ کا ابطال کیا ہی اور مارزی
کو گوشمال دیا ہی پس اگرچہ تاویل مارزی شعرا کی نزدیک غلط نہین ہی لیکن مولوی جی کی لایق تمسک کسی نمط
نہین کہ وہ استعارہ و کنایہ کا رد کر چکے ہین اور اس باب مین بڑی کدابت چاہیئے جاننا کہ قرطبی نے کتاب التذکرہ
فی احوال الآخرت مین بنا بر دفع اشکال حدیث مذکور کے چہہ جواب لکھے ہین مگر بالکل مجروح ہین اور سر بسر مقدوح
مضمون کی اوسنے خود تکذیب کی ہی از انجملہ مارزی کو بھی تادیب دی ہی اب ہم اون مین سے دو جواب مرقوم
کرتے ہین اور حقیقت مذہب مارزی معلوم — فان قال قائل کیف جاز لموسی ان تقدم علی ضرب ملک الموت
کہ موسی ایک مرد مضطرب ہی فقط یہان بہی علماء محمدیہ نے بہت رای دوڑائی ہی اور کئی طرح تاویل
بنائی ہی مگر کوئی خس و خاشاک شکوک سے صاف نہین ہی اور لایق پسند اہل انصاف نہین کہ مخالفت لغت
و اصطلاح حائل ہی اور محض لاطائل **قولہ** پس دفع کیا اوسکو حتی کہ نوبت اوسکو اندہا کرنیکی کی
پہنچی فقط یہان سی جانا جاتا ہی کہ یہہ مقولہ محمد علی کی نظم و نفثار عین حقیقی فرشتون کی حق مین ...
قطب الدین خان کی نزدیک بہی دور از کار ہی اور یہہ ہی مقصود حدیث چارنا چار ہی کہ موسی نی فی الحقیقت ...
کی کنپٹی توڑی اور آنکہ پہوڑی پس لازم آیا کہ موسی جابر تہا کہاں صابر تہا کہ اوس مرد کی حقیقت حال
دریافت کرتا کہ رسول پروردگار ہی یا دشمن خونخوار میری دانست مین تو یہہ ہی مناسب تہا کہ اول ...
حال اصلی کرتا کہ آیا وہ مرد رسول پیغام گذار ہی یا دشمن غدار پس بعد بر تقدیر ثبوت کذب ... انتقام ...
انعام برای خدا غور کرو کہ موافق و مخالف کا یہہ ہی طریقہ ہی کہ دشمن کی رسول کو بہی نہین ...
پر نہین جہکار تے کہ رسول پکارتا ہی اور نعرہ مارتا ہی کہ مین تمہاری دوست کے پاس سی آیا ...
پیغام ملاقات لایا ہون ورنہ اوسپر حملہ لائین ورطبانچہ لگائین آنکہ پہوڑین اور کان ...
جس مسلمان کا آئینہ دل غبار جہالت سے صاف ہی اور زنگ ضلالت سی شفاف وہ ...
مسلمانون کی غضب کی سبب موسی پر نفرین کریگا اور صد حیف عزرائیل پر آفرین ...
تشدد و تہدد موسی کی کان نہ ہلایا اور ہاتہ نہ اوٹہایا ؎ شنیدم کہ مردان ...
ہم نکردند تنگ ۞ بلکہ بی ارادہ انتقام و بی نیل مرام اپنی راہ لی اور ...
ہر چند اسکی حال پر غور کی لیکن اور سزا اور کی موسی کو گوشمال نہ دیا ...

بالادست ہی اعتساف کرے تو کون قضیہ صاف کرے ؎ گر مسیحا دشمن جان ہو تو ہو کیونکر علاج ؛
کون رہبر ہو سکے جب خضر بہکانے لگے ؛ جو کوئی حکایت ظلم زدگی و ستم رسیدگی عزرائیل حرفاً حرفاً گ
گوش کریگا مسلمانوں کا گاف و لام بکلم فراموش کریگا دل دو نیم ہوگا سینہ مرکز الف و لام و میم
ہوگا **قولہ** اور یہہ بھی ہے کہ موسیٰ نے اوسکو دروغگو جانا کہ دعوی اوسکی قبض روح کا کیا الخ ذرا یہہ
تو فرمایئے کہ موسیٰ نے اوسکو کیونکر دروغگو جانا اور کیونکر ٹھیک ہی قیاس کو مانا ہمنے فرض کیا کہ تا بعض
ارواح انسان نہیں ہوتا اور ہلاک اشباح انسان نہیں لیکن موسیٰ نے یہہ کہان سے جانا کہ وہ انسان بالیقین
ہے فرشتۂ رحمان نہیں ہے کیونکہ اکثر ملائکہ صورت بشر بن آتے ہین اور صورت اصلی سے تجاوز فرماتے ہین چنانچہ
خود موسیٰ کے پاس جبرئیل نے بصورت انسان ظہور کیا ہے اور یقین نے پردہ گمان دور کیا ہے حتی کہ سامری نے بھی
اوسکو پہچان لیا اور ضلالت بنی اسرائیل کا سامان کیا قصہ اوسکا تفاسیر مین مذکور ہے یہان تشریح کیا ضرور
ہے غرضکہ موسیٰ کے پاس ثبوت دروغگوئی مرد مذکور کی کوئی دلیل نہیں ہے اور اپنی برائت کی کوئی دلیل
نہین اگر کہا جاوے کہ اوسپر دروغگوئی کا گمان واجب تہا تو جواب یہہ ہے کہ اول مین امتحان مناسب تہا بے امتحان محض
گمان سے اوسکو دروغگو یقین کرنا اسکی عقل موسیٰ پر دلیل ہے یہہ محض حاصل تاویل ہے **قولہ** دوبارہ جو ملک الموت بہ
علامت فرشتہ کے آیا الخ اول بار بصورت بشر آنا اور دوم بار بصورت ملک تشریف لانا اگر بحکم رب ہے
تو اسمین یا سبب ہے شاید کہ صاحب مظاہر حق کے نزدیک وہ ہی سبب مسلم ہے جو تحفہ شاہ عبدالعزیز مین حوالہ
قلم ہے کہ ملک الموت را در قبض ارواح بنی آدم دو طریقہ است اول طریقہ کہ با عوام خلق مسلوک میدارد کہ
بے تحیز و بے پرستش قبض روح میکند و نمیگوید کہ من ملک الموت ام اگر مرا در این کار باشد بکنم دیگر
طریقہ کہ با پیغمبران بعمل می آرد کہ خود را ملک الموت وانماید و مختار میکند در رفتن و ماندن انتہی فی الحقیقت اگر
یہی سبب ہے تو ہر آئینہ بر عکس ادب ہے کیونکہ اس سے یہہ ہی لازم آتا ہے کہ نزدیک خدای جلیل یا عزرائیل
موسیٰ عوام الناس سے ہے نہ انبیاء حق شناس سے ورنہ اول بار بھی ملک الموت موسیٰ کے پاس طریقہ
ثانیہ پر آتا کہ انبیا کے لئے خاص ہے اور بطور اختصاص ہے اگر بحکم رب نہیں ہے تو غضب موسیٰ عجب
نہیں ہے بلکہ سزای نافرمانی ہے اور عین رضای ربانی **قولہ** کہتے ہین کہ موسیٰ کی طبیعت مین نہایت

Marfat.com

تیزی تھی فقط یہان ہماری اور تمہاری درمیان کچھ اختلاف باقی نہین ہی اور کسیطرح کی نااتفاقی نہین کہ
ہماری بھی یہی گفتگو ہی کہ موسی بدخو عربدہ جو ہی پس مولف تحفۃ الہند نے بڑی غلطی کی کہ انبیا کی
خوش خلاقی پر گواہی دی شاید کہ اوسکی نزدیک موسی پیغمبر باری نہین ہی اور سزا پیغامگذاری نہین
قولہ اور وہ مظہر جلال تہا فقط اگر مظہر جلال آپکا نام ہی تو تخصیص موسی خیال خام ہی بلکہ جو کوئی مغلوب
غضب ہوگا وہی مظہر جلال رب ہوگا پس موسی کی قید نہین ہی اور وہ **افضل** از بکر و زید نہین **قولہ**
چنانچہ اپنے بہائی ہارون کی ڈاڑھی و بال پکڑے تھے فقط یہان بھی ہمارا تمہارا اتفاق ہی کہ موسی
عربدہ جوئی و تندخوئی مین شہرۂ آفاق ہی محمد علی و عبید اللہ کہ ستیزہ روئی و جنگجوئی موسی سی انکار کرتی
ہین اپنی تئین کافر شمار کرتے ہین پس بہتر وہ ہی کہ ہم ایسے شخصون کے درپے جواب نہ پڑین ورنہ اس بیت پر عمل
کرین **سہ** آنکس کہ بقرآن و خبر زو نرہی * آنست جوابش کہ جوابش ندہی * اب ہم وہ بیجا بیجی کے
الزام سراسر اتہام تقسیم کرتے ہین بعد ازان ایک ایک کا جواب با صواب حوالۂ قلم کرتے ہین یقین ہے کہ
اہل انصاف اوسکو پاک چہانینگے اور ارباب تعصب خاک چہانینگے جو کوئی نجاست تعصب کے درپی تعسف
شو ہی اوسی سی ہماری گفتگو میں تعصب تمامتر حق کی سد راہ ہی تعصب سی خانۂ ابطال باطل تباہ ہی —
سوط الجبار گمان مذلت و خواری عزرائیل سراسر بیجا و خطاست آری مذلت و خواری آنست
کہ در شمشیر بر ہمہ مہابہارت بتشریح مذکورست کہ رامچند برای مقابلۂ کس و لو کارکنان سلطنت را فرستادند
و چون ہمہ عاجز و زبون و مقتول و مجروح شدند خود در میان کارزار تیغ بردہ مذلت و خواری از
دست ہر دو گرد ہا اہل مرگ چشیدند **جواب** جب میان محمد علی جواب با صواب سے عاجز و ناچار ہوئے
تو افترا بندی پر آمادہ و طیار ہوئے ای مفتری ای سرمایۂ مدبری مصنف مہابہارت مؤلف قرآن کا
بھائی بند نہین ہے اور مہابہارت قرآن کی مانند نہین کہ بقول تمہاری کسی نسخہ مین من الجاہلین ہی
اور کسی مین من الضالین ہی بقول امام فخر الدین رازی کسی قرآن مین (وہواب لہم) اسقدر
عبارت موجود ہی اور اکثر سی مفقود اسیطرح نسخ قرآن مین باہم بہت تفاوت ہی اور اکثر کمی و بیشی
عبارت ہی مہابہارت کو قرآن پر قیاس نکیجئے چھوٹی بات کا پاس نکیجئے دنیا مین جسقدر اشاعت

Marfat.com

مہابہارت معہ کل میں ایک بہی عبارت ہے کسی نسخہ مہابہارت میں یہہ روایت مشاہدہ کرائیے اور حضرت مجاہد
کہانی اسی پر مباحثہ تمام کرتا ہون اور مولوی جی کو سلام ہم اسیواسطے آپ سے کہتے تھے کہ ترجمہ
بہروسے نہ رہیے اور اوسکی عبارت غلط ہمارے سامنے نہ کہیے اگر آپ نے معلوم لالہ طوطارام اسناد کرینگے
تو حق سے عناد کرینگے کیونکہ اوسکا حوالہ بہی مبنی بر فاسد علی الفاسد ہوویگا اور آپکا بازار کاسد
کہ لالہ طوطارام نے خود تسلیم کیا ہے کہ مینے ترجمہ فارسی کا اختصار کیا ہے غرضکہ یہہ روایت کسی پرب مہابہارت
سے پیدا نہیں ہے لہذا ہرگز قابل اعتبار نہیں آپکو اپنی مستندہ کتاب کی حقیقت معلوم ہوئی اور
سالکان ترجمہ کی طریقت معلوم کسی عالم سنسکرت سے عقل لیجیے اور اصل عبارت نقل کیجیے سے درحقیقت ترجمہ تا
وہر استادان راہ شاگردی کن ولا کہ استاد نہ ۂ یہہ وہی منہہ ہے کہ ہم سے جا بجا اصل عبارت
کتب محمدیہ طلب کرتے ہو اور ترجمہ صحیح پر دخل دے بسبب خود جہوٹی عبارت فارسی و اردو بنام ترجمہ
وید و پران تحریر کرتے ہو اور لوگون کو دام تزویر مین تسخیر سے تفت ای کیدی باین نافہمی تو بہ باین
حق پوشی و بیہودگی تو [illegible] ہے آپ کو کہنے کی موافق اس کتاب مین یہہ ہی انتظام کیا ہے کہ اکثر جگہہ
اصل عبارت کتب محمدیہ سے کلام کیا ہے طرفہ معاملہ ہے کہ علماے محمدیہ کا کیا ہوا ترجمہ حدیث و قرآن تو
لایق اعتماد نہووے اور مسلمانون کا کیا ہوا ترجمہ وید و پران قابل تسلیم ہووے اور مقام بحث و مباحثہ مین شایان
ترقیم باوجودیکہ وہ مسلمان وید و پران کے واقف اسرار ہوویں اور زبان اصلی وید و پران سے خبردار ہوویں
دوسرونکے منہہ سے سن لیویں اور اوسمین سے جو کچھ دل چاہے وہ چن لیویں پھر اپنی طرف سے کمی و زیادتی
مین ارتکاب کریں اور افراط و تفریط سے کتاب بہر یکسطرح مترجم نے ترجمہ انوسیدہ پرب مین اپنی طرف
سے لوا ور گوشت غیبہ کر روایات لاے ہیں اسیطرح دوسری پرب کے ترجمہ مین بہی خود حکایات بنائی
ہین چنانچہ شانتی پرب مین روایت طولانی بربکی اپنی جانب سے لکہی ہے جو کہ آج تک نسخ مہابہارت
مین ہندوستی نہ دیکہی ہے ہمارے میان جی حیا و شرم سے ہاتہہ جہاڑکر اور مروت مسلمانی کا پردہ پہاڑ کر جواب
حمانہ سند کو صحیح کہیں [illegible] شرم مین مہابہارت پر افتخار کرتے ہیں اور پنڈتون پر بہتان دہرتے ہیں
سنے اگر اسبارے مین بہت پنڈتون کو یہہ مضمون اصل کتاب مہابہارت مطبوعہ مین نکلوا کر

Marfat.com

ترجمۂ فارسی سی مطابق کیا تو لفظاً لفظاً مطابق پایا **جواب** اسی ہندی آیت لعنۃ اللہ علی الکاذبین
کس لیے اپنے حق مین صادق کرتا ہی اور پنڈت تو رن پرکیوں تہمت دہرتا ہی کس نے آیا تہا اور کیا کرتا تہا
و تہمت چند اہل حق پر دہر چلا ہی شاید کہ جیسے آپ پڑھی نہ لکھی ہو ویسا ہی وہ پنڈت بہی ہر ایک
عقل و دانش سی عاطل ہین **ع** ہر کس بمناسب گوہر خود گفت یار در اوقات سوچ سوچ کی مطابق
جسوقت کہ وہ پنڈت آپکی محل مخصوص مین گذرتی تہے اور جناب کو دولت ملاقات خاص میسر ہوتی
تہی اور آپ نے اون سے ترجمۂ فارسی کو اصل سی مطابق کرایا تہا اور حسب لخواہ پایا تہا تو اوسوقت
بندہ کو بہی بلانا تہا و مشاہدہ کرانا تہا یا مضمون سہا عبارت لفظاً لفظاً نقل کرتا تہا اور خاطر خواہ کار
دانش و عقل کرنا تہا جو تحقیق کہ آپنے تنہائی مین پنڈتون سے کی ہی موافق مثل مشہور کر چہ را تنہا پیش
قاضی روی راضی آئی کیونکر سند ہی اگر آپ علم سنسکرت مین متبحر ہین اور تحریر عبارت اصل سی
معذور تو کسی کاتب سنسکرت سی مسطور کرائی اور جا دمان کجے کن کو منظور کر نہ ہم آپکا نام مفتری ہر رنگی
اور شب و روز آپکی شان مین آیت لعنۃ اللہ علی الکاذبین پڑہینگے بہرحال یہ ترجمے بحث مباحثہ مین
لایق استناد نہین ہین و قابل استناد نہین پس انکو آپ کے ساتھ پانی مین ڈالا دیجئے یا آگ مین جلا دیجئے
ہمکو اسکا الزام نہ دیجئے اور اپنا مفتری نام نہ کیجئے کیونکہ الزام مسلمات خصم سی ہوتا ہی نہ اپنی وہم سی سو فہم
پر اگر آپ کی پاس علم مناظرہ کی کوئی کتاب ہی اور مطالعہ کی طاقت رکہتے ہو تو اوسمین دیکہی اور آیندہ
کو ان ترجمون کا حوالہ نہ دیجئے اگر جناب کو علم مناظرہ مین چندان شعور نہین ہی اور اس دریا عمیق مین تیرنا
معہود نہین تو کسی عالم متبحر کو بطور رہنمائی بلا لیجئے اور تہمت عقل و فرہنگ سی خاندان علما کو پانی پانی کیجئے
ازان روی مدہا مل فیض منزل کی زیر تجویز رہی اور بار بار آپ خجالت مین نہ ہوں قطع نظر اسکی
آپ کی پاس پنڈت تو تہے ہین ورنہ حرام کہاں تہی مین تو اون سے اصل عبارت تحریر کرا کر داخل کرا
تقریر فرمائی بہتر تو یہ ہی کہ بصدد خرچ بالائی نہ سمجہو ورنہ مخالف کی رو برو ان کلمہ کی سہتا و دماغ
کے آگی پڑیے اور کچہ علم سنسکرت پڑہی پہر میدان بحث مین پاؤن رکہو اور انگریزی بیت
نہین چہوڑونگا اصلا تجہکو جیتا ✦ اگر ہو وہ میدان سامنے تو اپنا ہمکو کہدو تیسری مین ہندو

کی تحقیق پر نازاں ہیں اور صفحہ آئندہ میں اون پر طعنہ زن ہیں کہ برہمن کو جیہ دبرن میں بیٹھے
ہوئے کہتا بانچتے ہیں اور ہزاروں روایتیں ایسی بیان کرتے ہیں کہ جو محض بے نشان ہیں فقط میاںجی
یقین سمجھے کہ جو پنڈت آپکی محل خاص پر اوترتے ہیں و جناب کا کام کرتے ہیں وہ اسقسم کی ہین کہ
جھوٹی باتیں بناتے ہیں اور اپنے مطلب کی گھاتیں لگاتے ہیں **قولہ** از دست ہر دو گرد و خاہل مرگ چشیدند
فقط اسی جانا جاتا ہے کہ لو اور کش کی تمام روایت برعکس قول انام ہے اور خلاف تاریخ انگلشمن اور دراصل کسی
مورخ نے نہیں لکھا کہ رامچندر پر حالات نزع طاری ہوئی یا وہ پیرایہ حیات سے عاری گذر نشات
رامچندر کے راوی بالمیک ہیں اکثر اون ہی کی روایتیں ٹھیک ہیں بالمیکی راماین کے اوتر کانڈ میں روایت
ہے کہ رامچندر کا جب تک دل چاہا دنیا میں رہے آخر کار معہ جسم سورگ کو گئے تمام اجودھیا کی رہنے والوں
کو اپنے ہمراہ لیگئے اور لو اور کش کو راج دے گئے یہہ رامچندر کا عجب اعجاز ہے جسپر اہل حق کو بڑا ناز ہے یہاں
موسی و عیسی حیران ہیں اور محمد و جبیل سر در گریبان یہہ شان خدائی تھی کہ رامچندر میں سمائی تھی
وہ جلوہ ایزد منان ہے اور کل اعجاز اوسکے زیر فرمان ہے یہہ میاںجی عداوت رام میں کہیلا ہے اور اپنی آخرت
پر کھیلا ہے چنانچہ صفحہ یکصد و چہل و ہشتم جواب حملہ ہند میں رقم زن ہے کہ ہر کانڈ کا ترجمہ منظوم موجود ہے
اوسمیں مطلق تذکرہ اسکا نہیں ہے کہ رامچندر اجودھیا کی لوگوں کو ہمراہ لیگئے فقط اب ہم میاںجی
کی عقل ٹھکانے آنیکے لئے اور ترجمہ کو جھٹلانے کے لئے لفظاً لفظاً عبارت اوتر کانڈ نقل کرتے ہیں۔

भेजिरे सरयूं सर्वे हर्षपूर्णाश्रु विक्लवाः॥ अवगाह्याप्सुयोयो वै प्रा
णांस्त्यक्त्वा प्रहृष्टवत्॥१॥ मानुषं देहमुत्सृज्य विमानं सोध्यरो
हत॥ तिर्यग्योनिगतानां च शतानि सरयूजलं॥२॥ संप्राप्य
त्रिदिवं जग्मुः प्रभासुरवपूंषितु॥ दिव्या दिव्येन वपुषा देवा
दीप्ता इवाभवन्॥३॥ गत्वा तु सरयूतोयं स्थावराणि चराणि
च॥ प्राप्य तत्तोयविक्लेदं देवलोकमुपागमन्॥४॥ तस्मि
न्नपि समापन्ना ऋक्षवानरराक्षसाः॥ तेपि स्वर्गं प्रविवि

اس تمام عبارت کا مقصود یہہ ہے کہ رامچندر کی نسب کو دیکہتے ہوئے باشندگان اجودہیا کو پرم پد مین
پہنچایا اور بند جہان گذران سے چہوڑایا اب اپنے قول سے آپ قائل ہو جیئے اور ترجم خاین کی خدمت مین
سائل کہ اگر تیرا ترجمہ اصلی ہوتا تو مطلب ہذا سے کیون خالی ہوتا ہم اسیواسطے بے در پے عرض کرتے تھے کہ
ان ترجمون مین امانت و دیانت کو دخل نہین ہے اور نقل مطابق اصل نہین ہے افراط و تفریط
بسیار ہے اور کمی و زیادتی بیشمار عالم اوسی ترجمہ پر اعتبار کرتا ہے کہ جسکو دونون زبان کا وقعت کامل
کرتا ہے علاوہ اسکے ترجمہ مین یہہ بات بہی ملحوظ ہووے کہ افراط و تفریط سے محفوظ ہووے چنانچہ ترجمہ
قرآن و حدیث کہ خود علماء محمدیہ نے کئی ہین اور تمام مسلمانون کو فایدے دئے ہین آج تک پنڈتون
نے اپنے مذہب کی کسی کتاب کا ترجمہ اردو یا فارسی مین نہین کیا اور ہمنے بہی کسی جگہہ حوالہ نہین دیا
سو اصلی ان ترجمون کو اوراق قرآن کے ساتھہ پارہ پارہ کیجیے اور اپنے مرض موروثی کا چارہ
کیجیے خدا میانجی کو ہدایت کرے تاکہ وہ مسلمات خصم پر کفایت کرے علم مناظرہ سے خبر رکہے اور ہرزہ
درائی سے حذر شکر خالق انعام کہ بدولت رام جملہ اجودہیا باشیون کو معراج ہوئی اور یہہ خبر تمام اخبار
معراج کی سرتاج ہوئی اس خبر صدق اثر کے سنتے ہی میانجی کے سینۂ پر کینہ مین جوش حسد ہوا اور
بے ساختہ اوسکے منہہ سے یہہ کلام سرزد سبحان الجبار اگر واقع مین ایسا ہوا بہی ہو تو بہی کچہہ
دلیل الوہیت نہین راجہ ہرشچندر نے ایک بہنگی کو مع تمام شہر کے سورگ مین پہنچایا بلکہ ملت ایا
چنانچہ سکندہ دہم بہاگوت کی ادہیاے ۲ مین تصریح اسکی موجود ہے مہابہارت سے ظاہر ہے کہ راجہ یدہشٹر
ایک کتے کو اپنے ساتہہ سورگ مین لیگئے اندر نے ارجن کو مدت تک وہان رکہا غرض کہ کسی کو سورگ
مین بہیجنا مستلزم الوہیت نہین ہے الحق جواب اگر از دل ہے سے ہماری بات مانتے اور جب تسلیمات
جانتے تو کیون ترجمون کے درپے تصدیق پڑتے اور ہم سے ناحق جہگڑتے پہر بہی ہمارا ارادہ ہے قول ہے کہ
ان ترجمون کی عبارتین لکہکر بالکل اپنا اعتبار کہووگے آخر ہمارا کار رد دیگے ہندو کیا مسلمان بہی
آپکو الزام دینگے بلکہ صریح دشنام دینگے و دشتم سکندہ بہاگوت مین راجہ ہرشچندر کی ریت کہلائیگے اور اوسی
پر مباحثہ کی غایت ختم ہوئی جبوقت آپ بہاگوت کی سکندہ دہم مین یہہ مذکور نکالینگے ہم ردین

محمدی سے ہاتھ باندھ ور اوٹھا لینگے اب بھی ہماری بات مانئے اور خوب چھانئے یہہ ترجمے آپکی
عزت و آبرو کے نہایت ہارج ہین کیونکہ مطابقت اصل سے بدرجۂ غایت خارج ہین پس ان کو برسر قرآن
رکھکر پشت پا مارئیے اور یہہ بار گران سر سے اوتارئیے مسلمات خصم پر اکتفا کیجیے اور ترجمون سے بلکہ ترا بکہ دور
از کار ہین اور جواب نا رتم کہتے ہو کہ ترجمۂ دشم سکندہ کی تہتر مورین دہیای مین ہرشچند کی روایت لکھی ھے
ہم کہتے ہین کہ تہتر وین دہیای دشم کا تو کیا ذکر ھے بلکہ تمام بھاگوت مین نہ سنی ھے نہ دیکھی ھے اب ہم سے گفتگو
کیجیے اور مباحثہ کیطرف رو نکیجیے یا صحت ترجمون پر برہان لائیے اور مطابقت اصل نقل عیان دکھلائیے
قطع نظر اس سے اگر روایت ہرشچند کہین لکھی ہوگی تو اوس سے غرض یہہ ھی ہوگی کہ ہرشچند نے رام
کی اطاعت کی اوسی نے ہرشچند کو یہہ طاقت دی پس جو کچھہ ہرشچند سے ہوا وہ بالکل بکرم رام ہے
پس کیونکر جای الزام ہے اسیطرح جو کچھ یدہشٹہر کے ہاتھ سے بر آیا وہ بالتمام اوسنے کرشن کی توجہ
سے پایا ارجن بھی کرشن ھی کی بدولت سورگ مین گیا اور مدت تک وہان رہا بطرف سورگ لیجانا دو
امر ہے اور مراسم مہمانداری بجالانا دوسرا امر پس اندر کو ارجن کے بطرف سورگ جانے مین کچھ دخل
نہین تکو اس بوستین یافتادہ کی عقل نہین اب چاہئے جاننا کہ کرشن و رام مین اتحاد ھے پس کیونکر بتمام
استبعاد ھی رام کو خدای محمدیہ پر قیاس نکیجیے اوسکی جناب سے کسیطرح کی یاس نکیجیے [illegible]
عقیدۂ باطلہ پر پشت پا مارینگے لاجرم بالای عرش معلی سدہارینگے معراج اعلی پاینگے اسم بامسمی کہلاوینگے
اگر موسیحیہ نے رام نام لیا اوسکو درجۂ موسوی دیا اگر اہلیل نے ہو رام مین پر لایا تو یہہ جبریل پایا

ابیات رام نام ست کہ اعجاز دہد انسان را ؛ رام نام ست کہ بر عرش نشاند جان را ؛ رام نام
ز در خلد برد انسان را ؛ رام نام ست کہ فردوس دہد حیوان را ؛ رام نام ست کہ یابند از و آب حیات
؛ رام نام ست کہ بینند از و روی نجات ؛ رام نام ست کہ بر سنگ اگر نقش شود ؛ مثل کشتی بسر آب
شب و روز رود ؛ رام نام ست کہ در جسم دہد روح و روان ؛ رام نام ست کہ بخشد بجسد تاب و توان ؛
رام نام ست کہ فضل و کرم او عام ست ؛ رام نام ست کہ لبریز ز جوشش جام ست ؛ جبکہ وصف رامچند
میان بی کسمان پر گذرا تو اوملعون نے حسد سے یہہ نعرہ مارا **سوط الجبار** بموجب صوت تمہاری کے اجودھیا

باسیون کا مع جسم سورگ مین جانا غلط هی کیونکہ تم نے معراج کے اعتراض مین عروج آسمانی کو ممتنعات
ومحالات سے ٹھیرایا هی پھر جو چیز ممتنع الوجود هے اوسکے ثبوت کا دعوی غلط هی **جواب** سیانجی
تم نے مضمون تحفة الاسلام نہین سمجھا اصلا ہمارا کلام نہین سمجھا ہمنے ہرگز نہین کہا کہ بہشت مین محمد صاحب
کا گذرنا دشوار ہے اور بیرون از حیطۂ اقتدار بلکہ یہ هی کہا هی کہ لامکان پر قدم دہرنا او خدا سے ملاقات
کرنا ممتنع الوجود هی کیونکہ وہان جسمانی کا گذارہ نہین ہے او مسلمانی کا اجارہ نہین ملاقات خدای محمدیہ ہر جگہہ
میسر ہے کہ وہ تمہاری رگ گردن سے قریب تر هی لامکان روحانیون اور گیانیون کا مقام هی جسکا وید
مقدس مین پرم بیوم اور پرم پد اور پرم دہام نام هی اگر تم اسیقدر کہتی کہ محمد صاحب مع جسم عنصری بہشت
مین گئی ہین اور مکان خاص حور وغلمان پر اوتری تو ہم ہرگز انکار نکرتے اور اسبات مین جھگڑا کرنہ
کرتے کہ بہشت اسلام جسمانی ہی اور مکان شہوت رانی بہشت محمدیہ بدتر از کنشت هی اور مثل قحبہ خانہ زشت کہ
وہان زنان بازپستان مقیم ہین جن سے اہل اسلام کے دل ونیم ہین غلمان پری پیکر حاضر ہین جن پر اہل ایمان
شب و روز ناظر ہین ہر ایک بیت الحرامی نشۂ شراب مین چور هی اور طایفہ کسبیہ کا دل جمال حور سے
مسرور هی بہترین نعمت وہان کی گوشت طیور هی اور شہوت رانی وہان مدامی دستور ہے یہ عجب مکان ہے
جسپر مسلمانون کا دین و ایمان قربان هی یہ غریب قحبہ خانہ هی جسمین عابدان محمدیہ کا ٹھکانہ هی ایام شکم پروری
و شہوت پرستی مین گذرتا هی اور ادنی و اعلی دم حیات ابدی بھرتا هی فی الحقیقت وہان سوا نظر بازی
و عاشق نوازی و شراب کشی و شہوت رانی و ہوای نفسانی کے کوئی کام نہین هی لہذا اوسکے باشندون کو
ہمیشہ قیام و مدام آرام نہین هی **ابیات** تو ای زاہد سوی باغ بہشتم میکنی دعوت ؛ نمیخواہم بہشت
و نعمت دیدار میخواہم ؛؛ تو و طوبی و ما و قامت دوست ؛؛ فکر ہرکس بقدر ہمت اوست ؛؛ با نعمت فردوس
زاہد را و ما را رو دوست ؛ قیمت ہرکس بقدر ہمت والای اوست ؛؛ بر تقدیریکہ کسی نے عقائد اسلام [illegible]
انجام دیا تو آخر کار قحبہ خانہ مین آرام لیا جو کوئی رام پر ایمان لایا اوسنے لامکان پر مکان پایا عالم اجسام
سے تعلق نرہا خاص و عام سے تعلق نرہا رام کی عجب شان هی زائد از حد بیان ہے چنانچہ لنکا کانڈ بالمیکی
مین روایت ہی کہ جسقدر لشکر رام نے جنگ راون مین جان دی رام نے پہر سب کو زندگی تازہ بخشی

Marfat.com

پھر رامچندر کا بڑا اعجاز ہے اسیواسطے وہ کل جن و بشر سے ممتاز ہے یہ اوسکی عجب کرامت ہے کہ جس سے
ایک لشکر کی جان سلامت ہے روح اللہ نے کیا پشم کندہ کی کہ ایک دو جان زندہ کی **ع** بجو رشید
نسبت نباشد سہارا ؛ جبکہ میاںجی حق فراموش نے رامچندر کا یہ معجزہ گوش کیا نہایت جوش حسد
سے مثل نیروس ہے بہنگام حصہ سوم سوط الجبار مین اسطرح خروش کیا **سوط الجبار** آپ نے جو ارقام
فرمایا حقیقت مین ہماری دلیل ہے کہ اسی واقعہ سے اونکی عبودیت اور عدم الوہیت ثابت ہی یہاں بہات
کا بن پرب دیکھیے کہ راجہ رام گشتگان واقع لنکا کو جلا نہ سکے بلکہ عاجز ہوکر جناب برہما مین ملتمس ہوئے
کہ آپ دعا فرمائیے کہ تمام عمر میری عقل مین نقصان نہ آوے اور جسقدر کہ محاربہ لنکا مین مارے گئے ہین سب
زندہ ہو جاوین بموجب اونکے التماس کے برہمانے دعا کی اور مستجاب ہوئی **جواب** پیشتر از بحث
معنی میاںجی کی عربی دانی کی بابت سوال کیا جاتا ہے کہ لفظ ارقام کس معنی مین استعمال کیا جاتا ہے
اب صحاح کہان گئی صراح کہان رہی آپ تو کہتے تھے کہ لغت مین صحاح سے بہتر قاموس ہے اوس سے ہماری
طبیعت مانوس ہے اب معلوم ہوا کہ آپکو مطالعہ صحاح وغیرہ کی طاقت نہین ہے بلکہ رشیدی وغیاث اللغات
کی بھی لیاقت نہین ہمنے تو گفتگوی لفظی بحث سے خارج سمجھی تھی اور تقریر مذہبی کی طرح آپ ہی
لغت دانی و عربی خوانی مین لنترانی کرتے تھے اور بار بار بحث لایعنی **قطعہ** دل در فغان ست دائم
دلی ؛ چہ حاصل چو اندرمیان ہیچ نیست ؛ دگر دانشی نیست معنی طلب ؛ بصورت مشو غرہ کان ہیچ
نیست ؛ چونکہ تم نے بحث لفظی کو اپنا شعار گردانا اور اوسی پر مناظرہ کا دار و مدار مانا اسواسطے
ہم بھی آپ کی بعض غلطیاں جناب کے گوش گذار کرتے ہین اور اکثر سے درگذر کرتے ہین بخوبی ظاہر ہوا
کہ آپ نہ عربی خوان ہین نہ لغت دان واگر نہ ارقام بمعنی نوشتن ترقیم کرتے ایسی غلطی عظیم نکرتے کتب
لغت مین اقسام بمعنی خطبا مرقوم ہے اور طفلان نیز ان خوان کو معلوم ہے پھر فرمایا کہ واقع لنکا یہان
لفظ واقع کس معنی مین مستعمل ہے یہ مثل الغالب غلاب مبالغہ سے فی الواقع ہمارے میاںجی کے نزدیک واقعہ و
واقع مین فرق نہین ہے تفاوت مغرب و مشرق نہین ہے ہرچند کہ ہمنے بن پرب کے ایک ایک ورق پر غور
تمام کیا مگر یہ روایت نہین ملی پس آپکا افترا ہے یا افراط و تفریط مترجم ہمیا ہے اگر آپ ایسی چھوٹی

Marfat.com

باتین کرینگے تو ہم جناب کے حق مین آیت لعنۃ اللہ علی الکاذبین پڑہینگے یہی واسطے کہتا تہا کہ ان ترجمین
کا اعتبار نکیجیے اور پاکہانوین پر دین و ایمان نثار نکیجیے ورنہ دنیا مین اہل حق کی پہٹکار ہوگی اور عقبی مین
خدای مطلق کی مار ہم برابر تمکو دریافت کرتے ہین کہ اگر آپ اپنی مستندہ عبارتین اصل کتب سے ثابت
کرا دین تو ہم مباحثہ سے ہاتہ اوٹہالین تکذیب قرآن پر پشت پا مارین اور محمد علی کو سر بے سر سے باجواجہی
اوتارین اسواسطے دولت خانہ پر پنڈتون اور عالمون کو بلائے اور فقیر اندرمن کو طلب فرمائے بلا تامل بندہ
آپکے پاس حاضر ہوویگا اور بواسطہ قلم و قرطاس مناظر آپ ترجمہ اپنشد و مہابہارت وغیرہ کو اصل کتاب
سے مطابق کرائی اور اپنے الزامات کا ثبوت بہم پہونچائے اصل کتب مطبوعہ وغیر مطبوعہ بہی بندہ
لائیگا اور ایک ایک کا مضمون کہولکر دکہائیگا آپ ہم سے جو کچہ قیل و قال کرینگے اور جسطرح کا سوال ہم
بلا مدد غیر کے ایک ایک بیان کرینگے اور کما ینبغی آپ کی خاطر نشان مگر بشرطیکہ مناظرہ بمقدمات دین ہندو
زیب تفسیر کہین ہرچند کہ طرفین سے تحریر پے در پے ہو مگر دشوار ہے کہ یہ بحث طے ہو کیونکہ بوساطت غیر جس امر کا
انجام گمان کیا جاتا ہے وہ مانند بوسہ بپیغام ال لیا جاتا ہے اگر آپ مجلس برپا کرینگے اور پنڈتون اور
مولویان کو ندا کرینگے تو ہم آپکو الزامات رد مسلمان کے سپرد کرینگے اور اوسی شمشیر برہنہ سے مدینۂ اسلام
پیوست برد کرینگے دل چاہے تو یہان بہی کچہ گوش کیجیے کہ فارسی ترجمہ صواعق محرقہ مین لکہا ہے کہ
جسوقت روز بدر حبیب خدا پر قریش چڑہ آئی اور اوسکی بے آبی کرنے لگے تب آدم و نوح و شیث پیغمبرون
پیغمبر نے رب العالمین کے پاس جاکر کشمکش قریش سے خبر دی اور عرض کی کہ اگر نہ آپ پشتی کرینگے قریش
نہایت درشتی کرینگے یہ خبر سنتے ہی خدا نے محمد پر یہ کا معاملہ آبی ہوا تو بیچارہ پیغمبر علیہ بیتابی بیکس آدم
وغیرہ سے التماس کیا کہ آپ دعا کیجیے میری درد بیدرمان کی دوا کیجیے ہمین نبیون نے دست دعا اوٹہایا
اور خدای اسلام نے لب آمین ہلایا تب پشت حبیب خدا پر لشکر ملائکہ اوترا اور فوج کفار مین
قریش نے ہزیمت کہائی اور مسلمانون کے ہاتہ غنیمت آئی پیغمبرون کی دعا مقبول ہوئی اور سپاہ
قریش مقتول انتہی القصہ ہمین ریب کا تو کیا ذکر ہے کل مہابہارت مین یہ کہین نہین ہے کہ رامچندر
کشتگان قوم لنکا کو جلا نہ سکے الخ ہم آپکو ایک پند دیتے ہین بلکہ سوگند دیتے ہین کہ آپ خدا کو جانئے

Marfat.com

جانکر اور ناظر مانکر کہا نہ کہاین جب تک کہ یہہ مضمون مہابہارت سے نہ برلائین بلکہ آپکو شیر مادر بھی حرام ہوگا یہہ بھی پاداش اتہام ہوگا بن پرب کی راموپاکہیان مین اسیقدر ہے کہ رامچندر نے کشتگان لنکا کو بواسطہ برہما خلعت حیات پہنائی اور کلاہ برہما آفتاب پہنائی اور لنکا کانڈ بالمیکی مین اسطرح ہے کہ اندر نے جان دادگان لنکا کو بواسطہ اندر آبحیات پلایا اور اندر نے باران کرامت برسایا آل دونون یہ ایکسی ہی اور پسندیدہ مردنیک کہ رامچندر نے اونکو از سر نو جان دی اور بندگان درگاہ کو عزت دی میانجی بن پرب مہابہارت پر افترا کرنے کی بعد تلسی کرت راماین پر بہتان کرتے ہین ور دین پناہ سے آشکار اوہان گذرتے ہین سوط الجبار تلسی کرت مین تو یہہ مضمون نہین اور یہہ تو عجب ہے کہ جب رامچندر کے بہائی لچہمن جی باربہ لنکا مین زخم کاری کہا کر مرگئے یا قریب مرگ ہوئی تو وہ جنگ کر سکے کہ وہ جانوروں اور حیوانوں کی بوٹی کے محتاج ہوئے تمام شکر کو بذات خود کیونکر جلا سکتے جواب میانجی ہاتھ مین قران لیجئے اور راست راست بیان کیجئے کہ تمنے تلسی کرت راماین دیکہی ہے یا پڑھی ہے اس کذب صریح سے مطلب جناب یہی ہوگا کہ جہلا جانین کہ آپ تلسی کرت رامائن پڑہے ہین بالغرض اگر یہہ بات راست ہوتی تو بھی واہیات بلا کم و کاست ہوتی کہ اکثر نور باف ڈہولک دف بجاتے ہین اور شب و روز تلسی کرت رامائن گاتے ہین لیکن اونکو نہ کوئی پنڈت مانتا ہے اور نہ کوئی خنیاگر جانتا ہے اب اپنی نارسائی پر ایمان لائیے اور تلسی کرت کے مضمون ہذا پر دہیان لگائیے ✣ ———

सुन सुरपति कपि भालु हमारे । परे भूमि निशिचरन्ह के मारे ॥॥
मम हित लागि तजे इन प्राना ॥ सकल जियाउ सुरेश सुजाना ॥
सुन खगेश प्रभु की यह बानी । अति अगाध जानहि मुनि ज्ञानी
प्रभु चह त्रिभुवन मार जिवाई । केवल शक्रहि दीन बड़ाई ॥॥
सुधा बरषि कपि भालु जियाए । हरषि उठे सब प्रभु पहँ आए
सुधा वृष्टि भई दुहु दल ऊपर । जिये भालु कपि नहिं रजनी चर

Marfat.com

جس صورت مین تلسی کرت کی حوالے بھی خلاف واقع ہین تو اتہاس و پران کے کب برہان قاطع
ہین اب آپ کی بات پر ہم اعتماد اصلا نکرینگے جب تک کہ آپ مطالعہ تلسی کرت کی استعداد پیدا نہ
کرینگے پھر جناب کی اس مقولہ سے کہ زخمکاری کہا کر مر گئے یا قریب المرگ ہوئی جانا جاتا ہے کہ آپکو جز
فارسی و اردو سمجھنے کا بھی شعور نہین یا احقاق حق منظور نہین ورنہ کلمہ تردید تحریر نکرتے شیخ نجدی کیطرح
تزویر نکرتے اگر عبارت سامی مین لفظ جانور بمعنی جاندار ہے تو آپکی نقد سرہ ذات سرہ کی معیار ہی علاوہ آپکی
آپ بھی جانور ہین خواہ مادہ خواہ نر ہین اگر بمعنی حیوان مطلق ہے تو خلاف حق ہے کہ ہنومان وغیرہ چرند
نہین ہین ورنہ مانند ملائکہ اسلام پرند نہین اگر اسیکا نام احتیاج ہے تو خدای محمدیہ بڑا محتاج ہے کہ بے امداد
پرندون کے کوئی کام نہین کرسکتا اور اصلا عالم کا انتظام نہین اگر جبرئیل نہووے تو درستی وحی و تنزیل
نہووے اگر پرند مسلمہ محدث مسلم ناپیدا رہو تو کار تخلیق دشوار ہو اگر میکائیل نہووے تو فرقہ محمدیہ بھوک
کے ماری بہت روئے اگر عزرائیل روپوش ہووے تو عمرو بکر بھی نشہ ابدیت سے مدہوش ہووے کوئی
حیات سے ہاتھ نہ دھووے اور کسی پر تسلط ممات نہووے خدای محمدیہ اسقدر پرندون کا حاجتمند
ہے کہ اونکے بغیر کاروبار عالم بالکل بند ہے بذات خود نہ خلاق ہے نہ رزاق نہ مالک ہے نہ مالک خدا ہے
حقیقی کسیکا محتاج نہین ہے ہر ایک کو اوسکی اعمال کے موافق منزلت و مقام دیتا ہے اور ہر ایک سے اوسکی
حیثیت کی مطابق مشقت و کام لیتا ہے ؎ باحدی نیست اورا احتیاج : دہد ہارا برای آرواج
اگر بیاس و برہما ہین اپنے اعمال سے پیشوا ہین اگر اندر او پر راج ہین اپنے اعمال سے بہشت و دوزخ کے
سرتاج ہین غرضکہ رامچند کے نزدیک کوئی امر محال نہین ہے مگر بغیر سلسلہ اعمال نہین و نیز اونہون نے
تمام لشکر کو بذات خود جان بخشی اور ہنومان و جامونت کو عمر و نشان بخشی اس قسم کی بہت روایتین ہین
کہ کرامت رام کی آیتین ہین چنانچہ بن پرب مہابہارت کے گندہ ما دن پرب مین لکھا ہے کہ رامچندر
نے ہنومان کو حیات ابدی عطا کی اور دو بار دیوتون نے عصمت سیتا پر گواہی دی ایکبار
لنکا مین دوسری بار اجودھیا مین جبکہ سیاجی نے رامچندر کا یہہ معجزہ سنا بہت سر دھنا جگر
پر کالہ پر کالہ کیا اور حصہ سوم سوط الجبار مین اسطرح پر گریہ و نالہ ہے سوط الجبار اگر لنکا مین سب کے

Marfat.com

سامنے دیوتون نے گواہی دی ہوتی تو رامچندر اوسکی عصمت مین شک کیون کرتے اور عوام اوسپر
بدگمان کیون ہوتے اور دوسری مرتبہ کا دعوی بالکل غلط ہے **جواب** ای منتری امانت مین خیانت
مکر اونھون روا نہین ہر گز دیانت نکرا **ابیات** ہر کہ درو طرح خیانت گریست ؛ دین وی
از عہد امانت تہیست ؛ سکہ مردی ز دیانت بود ؛ قلبی مردم ز خیانت بود ؛ فرمائیے کہان لکہا ہی کہ
رامچندر نے عصمت سیتا مین شک کیا اور لوح خاطر سے حرف محبت حک نشاید کہ آپکو مضمون
صحیح بخاری یاد آیا کہ محمد صاحب عصمت عائشہ مین شک کرتے تھے گاہی بریدہ دائی سے پوچھتے تھے اور گاہی
عمر و علی سے جبکہ بعض اصحاب نے ایمای مبارک کی موافق فعل عائشہ سے اغماض کیا اور حرکت صفوان سے
اعراض حضرت شیخین مانے لگے اور صحابہ کو پکارنے لگے کہ میرے پاس جبرئیل آیا ہی اور برارت عائشہ مین
وحی و تنزیل لایا ہی اگر ہم آپکی طرح افراط و تفریط کا انداز رکہین اور ریت گوئی سی قلم باز بہی رکہین
تو بہی میان جی گلہ کرینگے اور شکایت کا حوصلہ کیونکہ چور کی داڑہی مین تنکا ہی یہہ ہی مقولہ انسان [illegible]
ہے اسواسطے بندہ فعل عائشہ سے مزاحمت نہین کرتا او صفوان سے مخاصمت نہین کہ قرآن [illegible]
منصوص ہے اور صدیقہ کے لئے مخصوص شیعہ و سنی پر مخفی نہین ہی اور تبہہ مالکی و حنفی نہین ع نہان کی
ماند آن رازی کزو سازند محفلہا ؛ غرضکہ ہماری مذہب کی کسی کتاب معتبر و غیر معتبر مین نہین لکہا کہ
رامچندر نی عصمت سیتا مین شک کیا بدگمانی عام بہی سو اخیال خام نہین ہے اور جا طنز و الزام نہین
منکرین اجودہیا مثل کافرین مکہ نہین تھے کہ بقول تمہاری باوجود دیکھنے معجزات پدر پے کے نبوت حضرت
سے انکار کرتے تھے اور کفر دیرینہ پر اصرار مردمان اجودہیا نے جسوقت آسمان مین جماعت دیوتا
دیکہی اور اونکی منہہ سے عصمت سیتا گوش کی فی الحال پردہ شک پہاڑا اور بدگمانی سے ہاتہہ جہاڑا
رامچندر ہر قسم مین قبا [illegible] مثل خدای محمد [illegible] کہ ہرچند قریش حبیب خدا سی طالب کرامت ہوتے
تھے اور خواہان علامت مگر وہان کہان طاقت تھی اوسکو لیاقت کہ معجزہ دکھلائی اور [illegible]
کا شک مٹائی **قولہ** دوسری مرتبہ کا دعوی بالکل غلط ہی فقط وجہہ غلطی بیان نہین کی اور کوئی
برہان نہین دی زبان درازی سی کام نہین چلتا بے بہول ذرت نہین کہلتا اگر غلطی [illegible]

Marfat.com

مخالف ہی کہ بیان پر منحصر ہے تو قرآن وحدیث غلط تر ہی کہ یہود و نصارا ایک ایک آیت وروایت
کی دہجیان اڑاتے ہین اور قول وفعل حضرت پر منہہ چڑاتے ہین رامچندر کی عجیب خرق عادت ہین اور
غریب کرامت کا او نمونے خرد سالگی مین تن تنہا کہر و دوکہن کو معہ لشکر زیر کیا اور جان سے سیر راون
وکنبہکرن کو مکافات عمال دیا جیسا کہ چاہئی گوشمال دیا جبکہ بیہ روایت میاجی کے گوشگذار ہوئی تلوار
انکار سینہ سے پار ہوئی نالہ خونچکان کیا اور زخم دہان اسطرح پر خونفشان کیا **سوط الجبار** بموجب
مثل مشہور کس سوئی نے سوئی ماری ایسے الیسی ہزارون کشتن اون اشخاص نے جنکو تم اوتار نہین کہتے
ماری ہین مہابہارت بہیم نے اندر نے ارجن نے اون سے زیادہ زیادہ سرکشون کو قتل کیا ہی خدا ہی تعالی اگر
چاہی تو ایک پشہ کے ہاتھ سے ارض وسما کو خراب کرادی **جواب** اس مثل کا اونسے جانا جاتا
ہے کہ میاجی بیگمات لکہنو کے چیلے ہین یا محل خاص نبوت مین بی بی عائشہ کے ساتھ گڑیان کھیلے ہین میاجی
ابھی تو بہت ماری ماری پکار روگی اور نالہ جانگداز آسمان سے گذار دوگے اب ہوش مین آئی کہ اگر مہادیو
نے کسی کہرش کو تہ تلوار کیا یا کل عالم کا سنہار کیا تمام توجہہ رام ہی او سدہ جود مہادیو مانند ذریعہ وواسطہ
ہے انام ہی اسطرح بہیم وغیرہ کو جان لیجئے اور اکرم رام کا امتحان کیجئے جس کسی نے رام نام لیا دنیا مین
سرکشون کا کام تمام کیا آخر کو رام مین آرام لیا خدای حقیقی تو لاریب لیسا ہی ہے کہ ایک پشہ کے ہاتھ
سے ارض وسما کو خراب کرادی اور زمین وآسمان کا حساب کرادی لیکن معبود مہود محمدیہ سے امید
نہین ہے کہ … بڑے دشمنون کے ہاتھ سے پا ہی مور بھی تڑوا سکی یا پر پشہ بھی اوکہڑوا سکی چنانچہ
مدارج النبوت مین صحیحین سی منقول ہے کہ روز احد جبرئیل ومیکائیل حفاظت کے لئے حضرت کے یمین ویسار
کہڑے تھی اور سپاہ یہ کرہی تھے فقط برتقدیر یکہ سعی ملائکہ کارگر ہوتی تو روز احد مسلمانی کیون سرنگوں
کرتی صحابہ شکستہ … دستہ ہوتے محمد صاحب کے دندان شکستہ ہوتے میاجی صفحہ یازدہم حصہ چہارم انتخاب
مین رونا … ہین اور آبروی مسلمانی کہوتے ہین **سوط الجبار** جب تقریر عبید الله سے
دریافت ہوا کہ … تابع حکم ہین اختیار مستقل نہین رکہتے پس ہر حال ہین جیسا حکم ہوتا ہی بجا لاتے
ہین اور جب اجازت پاتے ہین اوس سے تجاوز نہین کرتے پس اگر ایک واقعہ مین مامور بامداد

Marfat.com

ہوئے امداد بقدر امر کے کی اور جب کہ مسلم جنگ رسی کا پایا رکھی گئی ہے اونکی قوت و قدرت مین خلل
نہین آتا **جواب** سیاجی یاد رکھنا کہ یہان آپ تقریر عبید اللہ تسلیم کرتے ہین لیا ہو کہ کچھ
اسکی ترمیم کرنے لگے ہین کہ آپکا مزاج تمام مختلف ہے اور آیات متشابہ کا یہ دائم نہین آج ایک بات قرار دیتے
ہین کل ویسی رائے قرار دیتے ہین مثلا صفحہ دو سو چھیاسٹھ دہم دو سو صد و بست و ششم وغیرہ سوط الجبار مین تواریخ محمدیہ
کو صحیح جانتے ہین اور اکثر صفحات مین اسکو تنگ کرتے ہین سو ایسا شرح کیجیے تیری نطق و بیان کی ؛
کہتا ہوں تو زمین کی کبھی آسمان کی ؛ فرض کیجیے کہ ملائک بذات خود مستقل نہین ہین در حقیقت مین
فاعل نہین مگر پھر تو فرمائیے کہ جنگ احد مین خدا تعالی نے طائفہ ملائک حفاظت و محاربت کے لئے روان
کیا تھا صرف حیلہ و بہانہ کیا بر تقدیر اول خدا عوام اسلام فرشتون کے ہاتھ سے حضرت کی کشتی نکرا سکا
اور ضربت قریش سے نہ بچا سکا کہ قریش نے باوجود امداد ملائک کے سپاہ اسلام کو راہ عدم دکھلائی اور
آبروی مسلمانی خاک مین ملائی بر تقدیر ثانی خدا کو اسلام کی تخریب منظور تھی اور قریش کی توقیر تا ظاہر
ہو کہ قریش نے بڑی شجاعت کی کہ باوجود امداد ملائک کے لشکر اسلام کو شکست دی اگر فرشتے
بقدر امر کے امداد کرتے ہین تو فرمائیے کہ جنگ احد مین کسقدر امداد کی شاید کہ اونکو اسیقدر اجازت تھی
کہ محمد صاحب کے تن پر گذری جو کچھ کہ گذری مگر جان سلامت رہے پس پیغمبر خدا کا محبوب نہین ہے
کہ اوس تعالی کو اوسکی تندرستی مطلوب نہین **جواب** حملہ ہند مین بابجی نے جسقدر ہرزہ درائیان کی راجندر
کی جناب مین کہ تحسین لکل مردود ہوئے ہین ایسا ہی کتاب مین بھی حیا و شرم پر لعنت یا مارتے ہین اور
اسطرح جو کہتے ہین **سوط الجبار** شنیدہ کفر و شرک سے باز آؤ ہمیشہ دنیا مین رہنا نہین
خدا کو کیسا منہ دکھاؤ گے مرتے ہی آگ مین جلائے جاؤ گے اور بہت پچھتاؤ گے اب بھی سمجھ جاؤ اور راہ
پر آؤ **جواب** بحث معنی سے پہلے ہی کچھ گفتگو ہے کہ محمد علی کوکب مہارت اردو مین لاریب اردو بھی
آپ کی زبان نہین شہری نہیں قصبہ وال شہری حوصلہ دہقان ہے چونکہ آپ دہقان پسر ہین اسواسطے گنوارون
کے مستعمل الفاظ جناب کو ازبر ہین کوئی باشندہ شہر پچھتا کا مستعمل نہین کرتا اور ایسی گفتگو سے
مہمل نہین بلکہ اسی جگہ پچھتانا تحریر کرتا ہے یعنی بجائے سین مہملہ جیم فارسی و ہائے ہوز تسطیر کرتا ہے

Marfat.com

اگر آپ دیہات مین بود و باش نکرتے تو ایسی غلطی فاش نکرتے ایک ہی جگہہ آپ نے لکھا نہین لکھا ہی بلکہ
بہت جگہہ اسیطرح لکھا ہی اپنی غلطیون کا آپ ہی بلا کم و کاست حساب کیجئے یا راست رہت انتخاب کیجئے
آپ نے ہمکو جسقدر یہان دشنام دی ہین ہمنے تمام حوالہ خدا کے اسلام کئے ہم کچھہ جواب نہین دیتے اور کچھہ حساب
نہین لیتے ـــه گالیان دیتا ہی وہ مجھکو دعا دیتے ہین طرفہ انعام کا ملتا ہی یہہ پاداش سمجھو مگر آپ کو
ایک ہدایت کرتے ہین اور اوسی پر کفایت کہ اپنی تئین بیت الحرامی شمار نہ کیجئے اور اپنے خاندان کو طائفہ
سبیہ قرار نہ دیجئے ارادہ بیت الحرام نہ ٹھانئے بتخانہ کو دار الاسلام نجانئے احرامی سر پر نہ ڈالئے گردن مین
جو مین نخ یا لئے تمہارا بیت الحرام تو وہ سنگ و خشت ہی نہ وسیلہ جنت و بہشت نہ شیرہ آب و گل ہی نہ
سرمایہ جان و دل جو کچھ تمنے سمجھا ہی خطای صریح ہی اور گناہ قبیح ـــه سعایت کو سعادت اور عنا
کو تم غنا سمجھے پڑین پتہر سمجھہ پر آپکی سمجھے تو کیا سمجھے حجر الاسود پر دل و دین نثار نہ کیجئے دنیا و عقبی مین نہ
آپ سنگسار نکیجئے وہ سنگ بامیان ہی گو معبود بیت الحرامیان ہی اوسکے گرد گھومنے سے کیا کام ہی اور اوسکے
چومنے سے کیا آرام ہی حالت پیری مین بعلت مشائخ مبتلا نہ ہوجئے اور ضرب مثل مشہور ع علت دہوی دارے
جائے عادت کبھی نجائے کالاصلاۃ سہی محراب کو مرجع بامیان خیال کیجئے اور نظر اعتبار سے بتقبیل اسلامیان ڈال دیجئے
مقام ابراہیم مین سرنگون نہ پڑئے اور حجر الاسود کی اپنی طرف بسمل نہ اگرئے میدان صفا و مروہ مین شیلنگ
نہ مارئے پائے عافیت مین سنگ نہ مارئے زیارت گور مینی عقل کا کام نہین اور مردہ شایان سلام و اکرام نہین
خدا اس عقیدۂ باطلہ سے باز آئیے اور کئے ہوئے سے پچتائیے ایکدن دنیا سے گذرنا ہی خدا کے سامنے
منہہ کرنا ہی بہت شرماؤگے آخرکار سر جھکاؤگے مرتے ہی آگ مین جلائے جاوگے یعنی آب گرم سے نہلائے جاؤگے
غسل میت مین جس بات پر سنیون کا عمل ہے وہ بالضرور آتش سوزان کا بدل ہی بعد ازین گھر سے نکالے
جاؤگے اور خندق تنگ و تار مین ڈالی جاؤگی منہہ پر خاک پڑیگی اور رگ رگ [illegible] سڑیگی ایسی بدبو آئیگی کہ
کو سنائیگی کہ سکان گور جب تک کہ تمام جسد نہ کہا سکیگے [illegible]
نام و ہرنگیم ہی آپکا انجام ہی اسیکا برزخ نام ہی اب بھی [illegible]
رباعی بازآ بازآ ازانچہ ہستی بازآ + گر کافر و گبر و بت پرستی بازآ [illegible]

صدبار اگر توبہ شکستی باز آ یہان تک ہمنی ترجمہ مہابھارت کی بے اعتباری خاطر نشان کی اور ضمناً
… رہات بھی بیان کی اسپر دل سے اعتبار کرنا چاہیے بلکہ دل و دین نثار کرنا چاہیے اسیطرح صفحہ
یکصد وسی و ششم حصہ سوم سوط النجار مین مبتلای مالیخولیا ہین اور سرگرم واویلا سوط النجار مین خود
مقر ہے کہ یہہ ترجمہ مہابھارت کا عہد اکبر بادشاہ مین پنڈتون نے جمع ہوکر کیا ہے اپکے عہد والی ترجمہ کی
صحت پر منشی کنہیا لال لکھہ ہاری جو بڑا حامی دین ہنود کا ہے گواہی دیتا ہے **جواب** درنغ گویم ہر روی
تو آپکی یہہ ہی مثل ہے اور ہمیشہ اسی پر عمل ہے کیونکہ کن پر آپ ہمسر کرتے ہو بڑی خطا کرتے ہو نشان دیجیے کہ فقیر
اندرمن نے کیا اقرار کیا ہے اور کہان لکھا ہے کیون مرتکب دم ہانی گناہ ہوتے ہو کسواسطے پیرانہ سری مین
روسیاہ ہوتے ہو جیسیکہ ہم فقیر اندرمن پر بہتان کرتے ہو ویسی ہی منشی کنہیا لعل پر تہمت دیتے ہو علاوہ
اسکی تحقیق وید اپنی نہین ہی اور تعصب حمایت وید جز تحقیق ہو اوسکی گواہی لایق اعتبار ہی اور متعصب
و حامی کی گواہی و در ازکار تحقیق و تعصب مین فرق ظاہر ہے مثل مومن کافر ہے ع سخن شناس
نۂ دلبرا خطا اینجاست … اگر در تحقیق وید اندرمن ہوتا تو کسواسطے حرف حرف چین ہر کرنا کس ہوتا دارا شکوہ کے
ترجمہ کو کیون اردو کرتا … سے گفتگو کرتا اوس نے اپنی کتاب مین خود لکھا ہے کہ … ترجمہ
دارا شکوہ کو اردو کیا ہے مگر اس پر بھی گفتار ہے تو ہاتھ کنگن کو آرسی کیا درکار ہے کہ وہ مسلمان تھا …
ہے مگر مسلمانون کیطرح بدذات و خبیث … ہے کہ تمام مسلمان اسکو آگے لعنت دیتے ہین اور اگر بالفرض
اگر آپ لکھہ ہاری کے سامنے ایک کلمہ بھی منہہ سے نکالینگے تو کنہیا لعل کی سیٹر والینگے مولوی … تصنیفات
شاہ عبد العزیز محدث جلال الدین و ملا معین شیخ عبد الحق وغیرہ کو اسلام کا منافی جانتے ہین ہماری لئے
منشی و شاعر اردو و فارسی کی شہادت کافی مانتے ہین اگر آپ اسیطرح بیتابی کرینگے تو ہم آپ کی بڑی
بے آبی کرینگے ہر ایک ہندو مسلمان … اور آب شرم سے روی مسلمانی تر الکہد … وغیرہ نے
تمہاری معنی عوا کرکے داد خرافات دی ہے اور … اور … عداوت کی ہے کہ آپ اوسکو ہمارے
مقابلہ مین زبان پر لاتے مین اور سوداگی کہلاتے مین ہماری نزدیک تو وہ مثل تقویم پارینہ بیکار ہے … قرآن
ہی بے اعتبار وید مقدس مثل قرآن نہیں ہی اور ہر شخص کا دماغ نہین کہ بغل مین دبا کر ملا ہوئے اور مردود

Marfat.com

زن کو درپے اغوا ـــــہ پڑہ پڑہ قرآن بنے مولوی حافظ عالم فاضل ٭ علامہ وقت پڑہ ہو نہ تما فضل فاضل ـــــ
پڑہے کیا جاہل ٭ اب ہم بطرف مطلب اصلی رجوع کرتے ہین اور مہادیو جی کے الزامات کا بطلان شروع
ـــــہ بار دیگر با قصہ آمدیم ٭ ما زقصہ خود جدا اسکی بود ہ ایم ٭ مسعود الجبار در مہابھارت [illegible]
مرقوم ست کہ چون باہم ارجن و مہادیو جنگ افتاد گاہی مہادیو ارجن را از زمین [illegible] گرفتہ
مہادیو را اکنون زبونی معبود و کارکنان معبود خود مدعو شد بود ہ سراز خجالت بر نیا ند ـــــجواب [illegible]
سے پہلے بھی کچھہ تصحیح کرتا ہون ورفارسی دانی میا نجی کی تفضیح کچھہ فارسی کی بھی محل [illegible] ترکیب
بیطلق دخل نہین مہابھارت بن پرب عجیب ترکیب ہی اور عجیب ترتیب اگر آپ نے مہابھارت کو بطرف
بن پرب مضاف کیا تو عقل و دانش سے انحراف کیا کہ بن پرب مہابھارت کا ایک پارہ ہی اور اضافت اصل
بطرف فرع محض ناکارہ اگر آپ نے اضافت مقلوب سمجھی تو بھی خلاف اسلوب سمجھی کیونکہ اضافت مقلوب
عام نہین ہی اور ہر جگہہ اوسکا موقع و مقام نہین ہی مثلا جہانپناہ شاہ روا ہی اور [illegible] اسی طور پر مہابھارت
بن پرب کو خیال کیجیے اور بجای اوسکے بن پرب مہابھارت استعمال کیجیے لفظ پرب کے آخر [illegible] بھی موافق
املا نہین ہے اور صحیح اسلا نہین جسکا املا ہی خراب ہو تو انشا کا کیا حساب ہی بیچہ تعجب [illegible] ہی کہ جس
شخص کو صحت لفظی کا شعور نہین ہی اور تمیز اثبات و ذکور نہین ہی بحث دینی مین مشغول ہی اور مدعی معقول و
منقول ہی ـــــہ اب اونکو وہی شغل سیخ شال بافی ٭ بنا ہو کرتے تھے یل [illegible] اگرچہ بحث
لفظی لا یعنی ہی اور سدراہ معنی لیکن مخاطب کو پسند ہی اسواسطے رسالہ ہا مین کہین کہین قلمبند ہی اور لازم
ہی کہ بحث لفظی سے ہاتھ اوٹھائین اور ہوسکے تو بطرف معنی رجوع لائین ـــــہ آگے [illegible] ہندی کی [illegible]
گرامی ٭ کہ صورت نیارد کسی را انجا ٭ اب بحث معنی و مقصود سہے اور مخالف کے لیے [illegible]
بھی وہی آتش و کاسہ ہی یعنی غلط ترجمہ ہم بار بار سمجھا چکے ہین آپ اصلا امرتسر [illegible] ـــــہ
رہا ہے ٭ مثال مشہور ٭ کبھی کج فہم کو سیدھا نہ پایا ٭ ان غلط ترجمون سے ہاتھ ہار بیٹھے اور اوراق قرآن
کے ساتھہ بھاڑ دیئے اگر نہ ہم تو مسلمان والے سے آپکو [illegible] دلا دینگے اور نسخہ ہمارے [illegible] منگوا لیجئے آپ مہابھارت
منگوائیے اور یہہ مضمون کہ ارجن مہادیو کو زمین سے اوٹھاتا تھا اور زور آزمائی [illegible] دکھلا دیجئے اگر آپ

پر شیر مادر حرام ہی اور الزام دروغگوئی لاکلام بالضرور یہہ تمام مترجم شوم کی خیانت ہی یا مولوی مرحوم کی
سوء امانت اگر آپ اپنی ہر ایک دروغگوئی کا جواب اہل حق سی چاہینگی تو لاجرم وی عاجز آئینگی پس جناب
کی شان مین مثل مشہور کہ نزد دروغگو شخص لاجواب ہی عین صواب ہی ان ترجموں سے دست استبداد اوٹھائی
اور اصل کتاب سی اسناد لائی ہمنے جو جو اعتراض آپکی اسناد پر کئی ہین اور جسقدر الزام صحیح تر دئی ہین اونکا جواب
باصواب دیجئی یا اپنی جرأت و حوصلہ پر پشیمان کیجئی سعدی گفتہ ندارد کسی با تو کار ؛ ولیکن چو گفتی دلیلش بیار
شاید کہ مولوی جی کا استحضار لیح بوقت تصحیح کاذب تابان ہوا ہی اور ستارہ اقبال مسلمہ کذاب سی ملتجی قران
کیونکہ اونکو شریعت مین راستی کو فروغ نہین ہی اور کوئی بات بیدروغ نہین بندہ نی لفظاً لفظاً بن پرب کا
مطالعہ کیا اگر یہہ مضمون کہ کہ گاہی مہادیو ارجن را از زمین بر میداشت و گاہی ارجن مہادیو را کہین نہین ملا
بن پرب کا او نتالیسواں ادہیاہ مین جنگ ارجن مہادیو مرقوم ہی اور اونی عاقل کو معلوم ہی وہان وہی عنوان
ہی اور وہی بیان اور وہی گفتگو ہے اور جسے تجسس ہو بجنسہ تمام عبارت مہابھارت یہہ ہی دل چاہی جسکو دکھلائی اور
دل چاہے جس سے پڑہوائی —

तदा वृक्षान्महाकायः प्रत्यगृह्णात् द्यो शिलाः किरातरू-
पी भगवांस्ततः पार्थो महाबलः १ मुष्टिभिर्वज्रसंकाशैर्धू-
ममुत्पादयन्मुखे प्रजहार दुराधर्षे किरातसमरूपिणम् २
ततः शक्राशनिसमैर्मुष्टिभिर्भृशदारुणैः किरातरूपी भ-
गवानर्दयामास फाल्गुनं ३ ततश्चटचटाशब्दः सुघोरः
समपद्यत पांडवस्य च मुष्टीनां किरातस्य च युध्यतः ४
सुमुहूर्तं तु तद्युद्धमभवल्लोमहर्षणं भुजप्रहारसंयुक्तं वृ-
त्रवासवयोरिव ५ जघानाथ ततो जिष्णुः किरातमुरसा ब-
ली पांडवं च विचेष्टंतं किरातोऽप्यहनद्बलात् ६ तदोर्भुज-
विनिष्पेषात्संघर्षेणोरसोस्तथा समजायत गात्रेषु

पावकोंगात् धूमवान् ७ ततएनं महादेवः पीडयगात्रैः
सुपीडितं तेजसाव्यक्तमद्रायाच्छेतस्तस्यविमोहयन् ८
ततोनिपीडितैर्गात्रैः पिंडीकृतइवाबभौ फाल्गुनोगात्र
संरुद्धो देवदेवेन भारत निरुच्छ्वासोभवच्चैवसन्निरुद्धो
महात्मना पपातसम्मूढो निश्चेष्टोगतसत्त्वइवाभवत्॥१२०

ان جہوٹہ حوالون سے معلوم ہوتا ہے کہ مولوی جی مخلوق دربوئی عزرائیل بیان کیا چاہتے ہین اغلاط
نشان ہندو و مسلمان لیکن تو مین تہجین مہادیو کو واسطہ گردانتے ہین کیا خوب رمز و کنایہ جانتے ہین ع
خوشتر آن باشد کہ سر دلبران * گفتہ آید در حدیث دیگران * اب چاہئے جاننا کہ مہابہارت غیر ہے اور
بھارت غیر مہابھارت کے شلوکون کی ایک لاکھ سے زیادہ تعداد ہے اور بھارت کی صرف چوبیس ہزار ہے
چنانچہ آدی پرب مہابھارت کے ادھیائے اول مین لکھا ہے کہ ویدبیاس نے بھارت بنائی اور اپنے شاگردون
کو اوسکی مہارت کرائی جسمین سوائے ذکر خاندان راجہ بھرت کے دوسرا قصہ نہین ہے اور جسکی مقدار
چوبیس ہزار سے زیادہ تر نہین اصل عبارت وہان کی یہہ ہے —

चतुर्विंशतिसाहस्रीं चक्रे भारतसंहिताम् उपाख्यानै
र्विना तावद्भारतं प्रोच्यते बुधैः १ ततोध्यर्द्धशतं भूयः सं
क्षेपं कृतवानृषिः अनुक्रमणिकाध्यायं वृत्तान्तानां सप
र्वणां २ इदं द्वैपायनः पूर्वं पुत्रमध्यापयच्छुकम् ततो
न्येभ्योनुरूपेभ्यः शिष्येभ्यः प्रददौ विभुः ३

جو کوئی کہتا ہے کہ بھارت راماںجیون یا مادہون نے مہابہارت سے اختصار کی ہے اور ایک لاکہ سے
چوبیس ہزار اختیار کی ہے وہ محض بے اصل ہے صحیح یہہ ہے کہ مہابہارت بھارت کا مزید علیہ ہے
اب کسیکو معلوم نہین کس نے مہابہارت بنائی اور کسوقت بھارت پر اسقدر بڑھائی جنگہ پہ لفظ بھارت
ایراد کیا جاتا ہے اوس سے یہہ بھی نسخہ مراد لیا جاتا ہے جہان کہین لفظ مہابہارت مرقوم ہوتا ہے اوس سے وہ نسخہ

مفہوم ہوتا ہے کیونکہ لفظ مہا معنی کلان لیا جاتا ہی اور بطور صفت بیان کیا جاتا ہی بتقدیریکہ بھارت مہابھارت
سی انتخاب کیجاتی تو مہابھارت یہ نہ ہوسکی سنہ کیونکر دیجاتی یہان سی جانا جاتا ہی کہ مہابھارت بعد بھارت
کی اختراع کی گئی ہی کہ اوسکے شروع مین حال بھارت سی اطلاع دی گئی ہی پس مہابھارت اوسی قدر اعتماد کے
لایق ہی کہ بھارت کی موافق ہی بھارت اسکا نام اسواسطی کہا ہی کہ اسمین خاندان راجہ بھرت کی کتھا ہی دیگر
مہابھارت مین لکھا ہی کہ جو روایت بھرت بنش کی اس کتاب مین منقول ہی وہی مقبول ہی اور جو روایت اس کتاب مین
منقول نہین ہی وہ مقبول نہین ہے مثلاً
यदिहास्तितदन्यत्रयन्नेहास्तिनततक्वचित्
مولوی جی نی جو اس قول کو مطلق خیال کیا ہی اور جابجا دوسری روایتون کو مین اس سی استدلال کیا
ہی وہ اونکی بدگمانی ہی یا نادانی کیونکہ یہ صرف روایات خاندان راجا بھرت پر مقصور ہی اور آمین
اوسیکا مذکور ہی آپکو طرفت ثانی کی بات سمجھنے کا سلیقہ نہین ہی اہل مناظرہ کا یہ طریقہ نہین جو کوئی مطلب
مسلم سی کہ دور ہوتا ہی اوسکو حق جانین چنانچہ حافظ شیرازی کہتا ہی ؎ تسلیم من خشت در میکدہا ؛ مدعی فہم سخن
گر نکند سو خشت ؛ سوط الجبار در ادہیا کچا ہم سکند پران مرقوم ہست کہ بشن خود را باستر ضای
دیوتایان پیش گرر رسانید وچون از فہمایندن در گذشت بجنگ پیوستند آخر کار بشن با گرڑ گفت کہ
من خود انیقدر قدرت دارم کہ انچہ بخواہی دہم شما بدہم **جواب** واہ واہ جس شخص کو اسقدر تمیز بھی نہین
ہی کہ صحیح لفظ بشن یا بشنو ہے وہ بحث مذہبی مین آمادہ گفتگو ہی ؎ ہای فرعون نا موسی مکن ؛ توشتر
مہیج طاؤسی مکن ؛ دونون جگہہ لفظ انچہ بمعنی اگر خلاف طریقہ فارسی دانی ہی مگر ہرکس و ناکس کو کہان سلیقہ
سخن ارائی ہی شمار ادہیا بھی شایان اطمینان نہین ہی اور بر طریقہ اتیہاس پران نہین کیونکہ ہر ایک کہنڈ
و سکندہ کی شمار ادہیا جدا جدا کیجاتی ہی یہہ بھی رسم اہل تواریخ کی چلی آتی ہی اگرچہ پرانون مین صحیح
و غلط روایتین ہین اور دہرم اور ادہرم کی حکایتین ہین مگر یہہ کہانی مثل حدیث و قرآن بی بنیان
ہے اور بر خلاف عقائد اتیہاس پران ہی کہ اتیہاس پران سی ثابت ہی کہ گرڑ بشنو کی سواری
ہے اور بندہ دربار ہی جبکہ بشنو گرڑ پر سوار ہی تو بر عکس اتیہ اعتراض سوط الجبار ہی بلکہ خود سکند
پران مین چند جا مندرج ہی کہ گرڑ بشنو کی سواری ہی اور عادت اوسکی فرمانبرداری ہی بہتر تو یہہ

ہی پُران کا ذکر نہ کیجیے اوسکی صحت مین فکر نہ کیجیے کہ رطب و یابس سے لبالب ہی بس بحث و مباحثہ مین سراسر
تمسک آپ ہی نے جو آخر جگہہ پُران کے اعتراضات کا جواب آشکارہ دیا ہی اس بات پر اشارہ کیا ہی کہ
ہر چند مسلمانون کے اعتراض بحوالہ پُران ہین مگر محض خلاف بیان مین مخالفین کو پُران تک بھی رسائی
نہین ہے اور کوئی کام سوا ہرزہ درائی نہین اب مسلمانون کو لازم ہی کہ ہماری مسلمات سی الزام دین نہ ہمارا
سلام لین کیونکہ انکی پاس آپ کی ہرزہ درائی و ژاژخائی کا جواب نہین ہی اور پُران اور تلسی داس کی رامائین وغیرہ
مذہبی کتابین نہین عالم مین طرح طرح کی روایتین مشہور ہوتی ہین ورنہ سب رد و زر نگارنگ حکایتین مطبوع و بحث
مذہبی سے خارج ہین دوست داد تحقیق کی راہ مولوی محمد علی نے تحفۃ الہند حصہ دوم جواب حملۂ ہند مین اپنشد سی صحت پُران
کی جستجو کرتے ہین ہاتھی سے گنے کی آرزو کرتے ہین **سنو جواب الجواب** منڈک اپنشد مین لکھا ہی کہ برہم گیان کے
دو قسم ہین ایکا نام علم صغیر ہے اور دوسرے کا نام علم کبیر علم صغیر مراد ہی چار وید سے اور اوسکی فروعات
سے جیسے چھ شاستر اور اٹھارہ پُران اور صرف و نحو اور نظم و نثر اور ریاضی و طبعی و علم [illegible] اور کئی فروعات اصل
نجوم و طب وغیرہ ہین کہ انکی تعلیم سے تمیز نیک و بد اور نیک افعالی و بد افعالی کی پیدا ہوتی ہی اور قدرت تہذیب
اخلاق ہو جاتی ہی اور علوم کرنے اقوال مختلف گزشتہ رون کی اور اخبار و تواریخ ہر ولایت سے کہ بعضی واقف
با ادب ہو جاتا ہی اور تمام خلق بموجب آئین و اعتدال کے کرتا ہی اور عیوب سی پاک ہو جاتا ہی کہ کسی شبہہ
کے وہم مین نہین آتا ہی اور کسی سے دائو نہین کھاتا ہی علم کبیر مراد ہی علم الٰہی سے جسکو مابعد الطبیعت و
ماقبل الطبیعت کہتی ہین اس سے اوس ذات پاک کو پاتا ہی جو بے زوال ہے فقط الغرض جب مطابق
اپنشد بید و لکے اٹھارہ پُران کہ جنکی تصریح بتفصیل ذیل ہی معتبر ٹھیری تو کسی ہندو کو مجال یون [illegible] کی
نہین **جواب** منڈک اپنشد کی جس شرتی کا آپ نے ترجمہ لکھا ہی اوسکی اصل عبارت کیا ہی
اور وہ لفظ کونسا ہی جسکا اٹھارہ پُران ترجمہ کیا ہی اگر آپ عند نا واقفی سنسکرت مین انکار [illegible]
آپکو بڑا احسان سمجھینگے کہ مہاراج اس شرتی مین ایسا کوئی لفظ نہین ہی کہ جسکے معنی اٹھارہ پُران
ہون بلکہ اٹھارہ پُران کی جگہہ صرف لفظ [illegible] مذکور ہی اور شرتی معلومہ کی اصل عبارت یہہ ہی۔

द्वे विद्ये वेदितव्ये इति ह स्म यद्ब्रह्मविदो वदंति परा चै

Marfat.com

वा परा चतत्रापरा ऋग्वेदो यजुर्वेदः साम वेदोऽथर्ववेदः
शिक्षा कल्पो व्याकरणं निरुक्तं छंदो ज्योतिषमितिहासपु
राणन्यायमीमांसा धर्मशास्त्राणीत्यथ परा यया तदक्ष
रमधिगम्यते ॥ २१ ॥

یعنی برہم گیان کیلئے دو علم درکار ہین ایک صغیر دوسرا کبیر چار وید کا کرم کانڈ وسکشا وکلپ بیاکرن ونرکت وچہند وجوتش واتیہاس وپران ونیای ومیمانسا ودھرم شاستر علم صغیر ہین اور اونپنشد علم کبیر ہی جس سے ذات لازوال حضرت سبحانی جانی جاتی ہے یہ نقل یہان سے معلوم ہوتا ہے کہ ترجمہ الکہد ہاری کا کچھ اعتبار نہین ہے اور جو اہل اسلام مسیر دینیات کا مدار نہین لہذا اوس ترجمہ سے دست بردار ہو جائین اور ذرا خواب غفلت سے بیدار کہ اصل عبارت اونپنشد و ترجمہ مین سقدر تفاوت ہے یہان ہے کہ فرق زمین و آسمان دیتا ہے افراط و تفریط سے لبالب ہی اصل مطلب و مطلب ہی فرماتے کہ اوسکی فروعات جیسے چہہ شاستر و اٹھارہ پران یہہ فقرہ اونپنشد کے کس لفظ کا ترجمہ ہی اور شرتی مین اس معنی کا کونسا کلمہ ہے ہرگز اس معنی کا کوئی لفظ نہین ہی البتہ بعد کلمہ اتیہاس کے لفظ پران مذکور ہے اور چہہ شاستر مین سے نیای و میمانسا و کا نام لکہا ہی پھر دیکھیے کہ سکشا وکلپ و نرکت کے دیکر انگ ہین ان تینون کو متعلم نظم انداز کیا مصنف امانت یہ بائی خیانت ورا ز کیا نہ اصل لفاظ لایا نہ کسی معنی کی پھر لفظ چہند کا ترجمہ نظم و نثر محض غلط ہی سنسکرت مین چہند بمعنی علم عروض ہی جسمین قاعدہ نظم سنسکرت کا معروض ہی پھر شرتی مذکورہ مین لفظ جوتش مرقوم ہی جسکا ترجمہ نجوم ہی اگر آپ کی عقل سالم ہی تو فرمائی کہ لفظ ریاضی سے لیکر (نہین ہارتا ہی) یہان تک متن کے کس لفظ کا ترجمہ ہی پھر شرتی مین کلمہ جوتش کے بعد لفظ اتیہاس ہی جسکے ترجمے سے مترجم بالکل کنارہ ہی پھر اس شرتی مین لفظ دھرم شاستر آنکلا ہی جسکے ترجمے سے مترجم دست بردار ہوا ہی جبکہ ترجمون کا حال ایسا ہی پس اون سے استدلال خطا ہی یہان پہنچنے اطبو نشتے نمونہ خروار کی دو تین فقرے ترجمہ کی خرابی بیان کی ہی اور افراط و تفریط لکہی ہی تاکہ دانا ان ترجمون کو معتبر بیان نکریں اور اونپنشد و عبارت انکا نام نہ لین اگر بعد ازین اہل اسلام ان ترجمون کو الزام دینگے تو ان کو بیان لائینگے جواب تو کیا بہتر کی پائینگے اگر اونپنشد مین لفظ پران سے تصدیق اٹھارہ پران

Marfat.com

لازم آتی ہی تو قرآن مین بھی لفظ قصص الانبیا سی تصدیق روضۃ الصفا وغیرہ تواریخ [illegible] لازم آتی ہی
پس یہ کہنا کہ روضۃ الصفا کا اعتبار نہین ہی اور روضۃ الاحباب سی سروکار نہین [illegible] کہ قرآن مین لفظ
قصص الانبیا سی وہی قصص مقصود ہین کہ جو قرآن مین موجود ہین تو [illegible] واسطی اس کے وہی
قصص و اخبار مراد لی گئی ہین جو وید کے براہمنون مین ہین [illegible]
اوپنشد کی ایک شرح کی تفسیر مین یہہ مطلب مفصل لکھا ہی [illegible] اس طرح پر ہی

उ अरे [illegible]महतो [illegible]स्य निश्वसितमेतद्यदृग्वेदो यजुर्वेदः सा
मवेदो [illegible] इतिहासः पुराणं विद्या उपनिषदः श्लो
काः सूत्रा[illegible]व्याख्यानानि व्याख्यानान्यस्यैवैतानि स
र्वाणि निश्व[illegible]सितानि ॥ अरे मैत्रेयि अस्य परमात्मनः प्रकृतस्य
भा महतो भूतस्य [illegible]सितमेतन्निश्वसितमिव निश्वसितं यथा ऽप्रयत्नेनैव पु
रुषनिश्वासो भवत्येवं वा अरे किं [illegible]श्वसितमिव ततो जातमित्युच्यते । यदृग्वे
दो यजुर्वेदः [illegible]थर्वाङ्गिरसश्चतुर्विधं मंत्रजातं इतिहास इत्युर्वशी पुरू
रवसोः संवा[illegible] उर्वशी हाप्सरा इत्यादि ब्राह्मणमेव पुराणमसद्वा
इदमग्र आसी[illegible]दित्यादि विद्या देवजनविद्या वेदः सोऽयमित्यादि रुप
निषदः प्रियमित्येतदुपासीतेत्याद्याः श्लोकाः ब्राह्मणप्रभवा मंत्रास्त
देते श्लोका इत्यादयः सूत्राणि वस्तुसंग्रहवाक्यानि वेदे यथा आत्मेत्ये
वोपासीतेत्यादीनि अनुव्याख्यानानि मंत्रविवरणानि व्याख्यानान्य
[illegible] अथवा वस्तुसंगृहवाक्यविवरणान्यनुव्याख्यानानि यथा
चतुर्थे ध्याये [illegible]त्येवोपासीतेत्यस्य यथा वान्यो ऽसावन्यो ऽहम
[illegible] वेद यथा पञ्चमे ऽभि[illegible]स्यायमेवाध्यायशेषः मंत्र विवरण
[illegible]ख्यानानि [illegible]स्य विधेर्ज्ञाता ॥

سورہ یوسف کی آخر مین آیا ہی کہ جو لوگ عقلمند ہین اونکے لئے قصص الانبیا مین نصائح لمبند ہین چنانچہ (لقد کان
فی قصصہم عبرۃ لاولی الالباب) درینصورت اگر مولوی جی تکذیب قصص الانبیا کا نام لینگے تو بالضرور خدائے
اسلام کو الزام دینگی ذرا خیال عزت و آبرو کیجئے اور عقل و ہوش سے گفتگو کہ ابطال قصص الانبیا ابطال قرآن
پر شامل ہی کہ قرآن اونکی تصدیق و تائید کا حامل ہی یہہ فقرات آپکی انداز پر قلمبند کئی ہین اور ارسال
خدمت ارجمند حاصل آنکہ منڈک اونپشد مین جو لفظ اتیہاس و پران آیا ہی اوسکا یہہ ہی مطلب ہی کہ جو تنتر
و بیاکرن وغیرہ کی مانند وید کی براہمنون کی قصص وا بھی علم صغیر مین داخل ہین اس سے یہہ لازم نہین آتا کہ
بدہ پران وغیرہ اٹھارہ (۱۸) پران متبہر برتقدیر یکہ اونپشد سی اٹھارہ پران اسما و تفصیلاً آشکار ہوتی تو بھی
اوسی صورت مین قابل اعتبار ہوتے کہ افراط و تفریط اہل تعصب سی مصون ہوتی اور مخالفت وید اقدس سے
بیرون حال آنکہ اونپشد مین اٹھارہ پران کا نام لیا ہی اور نہ اونکی تصدیق و تکذیب سی اعلام کیا ہی اگر آپکی
گوشہ خاطر مین یہ یاد اشتگیر ہے اور تعلیم قرآن اثر پذیر تو جسقدر حال ضلال انبیا توریت و انجیل مین لکھا ہی اوسکے
انکار واجب نہین ہی اور عار مناسب نہین کیونکہ اکثر سور قرآن مین توریت و انجیل کو کلام ربانی مانا ہی اور
وحی آسمانی جانا ہی اگر آپ غدر نسخ توریت و انجیل درمیان لاینگی تو بہت خفت اوٹھاینگے کیونکہ جسطرح
قرآن مین توریت و انجیل کو کلام الہی ثابت کیا ہی اسطرح اوسکی نسخ پر کوئی ثبوت نہین پایا دین اسلام
مین کوئی وجہ نامعتبری توریت و انجیل نہین ہے اور اس باب مین کوئی دلیل نہین کسواسطی کہ مصنف قرآن
جیسے قرآن کو کتاب الہی کہتا ہی ویسے ہی توریت و انجیل کی سماویت پر گواہی دیتا ہی اگر اخبار قرآن سزاے
تکریم ہین تو قصص عہد عتیق و جدید بھی لائق تسلیم ہین اگر قرآن مردود ہی تو اسلام و مسلمان دونون مطرود
ہین علاوہ اسکی تم نے خود سوطا لبعار مین جا بجا اسی توریت و انجیل کو قبول کیا ہی اور اون ہی کی عبارتون
سے کوشش متعامات پر طول دیا ہی اب مولوی جی کو لازم ہی کہ اپنے تئین کافر تصور فرمائین یا فسق و فجور
انبیا پر زبان تمسخر ہلائین کہ کتاب پیدایش توریت مین مرقوم ہی کہ نوح پیغمبر مست شراب ہوا اور اپنے تئین
دروازہ خیمہ پر برہنہ کیا باب نوزدہم (۱۹) کتاب پیدایش مین لکھا ہی کہ لوط پیغمبر کی دختر بزرگ نے دختر
خورد سے کہا کہ آؤ اپنے باپ لوط کو شراب پلائین اور اپنے بستر پر سلائین کیفیت جماع اوٹھائین اور اوس سے

Marfat.com

اولاد بہم پہونچائین پس وسی رات دختر بزرگ نی لوط کو شراب پلا کر اوس سے بدفعلی کرائی اور لذت مجامعت
اوٹہائی دوسری روز دختر بزرگ نے دختر خرد سے کہا کہ کل کی رات مین نے باپ کو شراب پلا کر خلوت مین
بلایا اور نخل امید بارور کرایا آج کی رات پہر اوسکو شراب پلائین اور عالم آب کا تماشا دکھلائین اوسوقت تو اوسکو
خلوت مین بلانا اور صحبت کرانا پس وس رات بھی حضرت لوط کی صاحبزادیون نے اونکو مست می کیا اور
دختر خرد نے شربت وصال پیا فی الحال اسکی بھی امید بر آئی کہ بارگیر ہوئی ۵ بار بگرفت از نسیم لطف
با باخت لوط؛ ہمچنان کز روح قدسی دختر عمران گرفت ؛ باب بست وچہارم کتاب پیدائش مین ہے کہ
اسحاق پیغمبر رتقا نام عورت کو اپنی مادر سادہ کے خیمہ مین لایا اور اوس پر دل لگایا ماتم مادر دل سے فراموش
کیا اور شربت وصل نوش فقط باب بست وششم کتاب پیدائش مین ہے کہ جب اسحاق پیغمبر نے ملک جرار
مین سکونت اختیار کی لوگون نے اسحاق سے اوسکی عورت کی حقیقت حال استفسار کی اسحاق نے
کہا کہ یہہ میری بہن ہے باب سی ودوم ۳۲ کتاب خروج مین آیا ہے کہ ہارون پیغمبر نے گوسالہ زرین بنایا اور
بنی اسرائیل سے پجوایا اور خود بھی گوسالہ پرستی شروع کی باب یازدہم کتاب دوم سموئیل مین مرقوم
ہے کہ داؤد پیغمبر نے اوریا مبارز کی بی بی سے زنا کیا اور اوسکو حمل رہا پس داؤد نے بنا بر دفع بدنامی اوسکی
شوہر کو مہم سے طلب کیا اور حکم دیا کہ اپنی گہر جا لیکن وہ نگیا دوسری دن داؤد نے اوریا کو پہر اپنی پاس
بلا کر شراب پلائی کہ مسلوب العقل ہووے اور گہر جا کر بی بی کے پاس سووے مگر وہ اوس روز بہی گہر نہین
گیا پہر داؤد نے اوریا کو کفار کے ہاتہ سے گردن مروایا اور اوسکی منکوحہ کو اپنی جورو بنایا باب یازدہم
کتاب اول سلاطین مین مرقوم ہے کہ سلیمان پیغمبر نے چند گناہ کئے اول آنکہ اون عورتون پر دل لگایا
کہ جنکی نزدیکی سے خدا نے منع فرمایا دوم آنکہ حالت پیری مین بپاسخاطر عورتون کے بت پرستی کی
سوم آنکہ خدا نے دوبار سلیمان کو جلوہ دکہلا کر اوسے بتاکید بت پرستی سے منع فرمایا مگر اوسکے دل پر
ایسا خبط سمایا کہ اتنے پر بہی مخالفت حکم خدا اپر کمر باندہی اور صیدونیون و اموریون کے بتون کی
پرستش کی چہارم آنکہ بتخانہ فیج بنوایا اور اپنی عورتون سے بتون کے سامنے لوبان جلوایا یہہ تمام
حال کتب مقدسہ سے آشکار ہے جنکی سماویت پر صاحب تحفہ آن کا اقرار ہے کیا خوب بات ہے کہ انبیاء مذکورین

اور اونکی تئین اس سی مقصود پر اشارہ قرآن کی تصدیق واجب ٹھہرائی ہی ورنہ باوجود اقرار سماویت توریت
وانجیل کی ان آیات مذکورہ سی باتفاق مفسرین قرآن مین تحریف توریت کا [illegible] ثابت نہین [illegible] اس باب مین
اہل اسلام کا اتحاد نہین ہی چنانچہ محدث ابن قیم نی خاتمہ [illegible] اغاثۃ اللہفان
[illegible] (وقد اختلف فی التوراۃ التی بایدیہم ہل ہی مبدلۃ ام التبدیل وقع فی التاویل دون التنزیل
علی ثلثۃ اقوال [illegible] فافرطت طائفۃ [illegible] واکثرہا مبدل [illegible] حتی [illegible]
[illegible] من ائمۃ الحدیث والفقہ والکلام فقالوا انما وقع التبدیل فی التاویل [illegible] فی صحیحہ یحرفون یزیلون
[illegible] کتاب من کتب اللہ ولکنہم یتاولونہ علی غیر تاویلہ وہو اختیار الرازی ایضا وسمعت شیخنا یقول
وقع النزاع فی ہذہ المسئلۃ بین بعض الفضلاء فاختار ہذا المذہب ووہن غیرہ فانکر علیہ فاحضر لہم خمسۃ عشر نقلا بہ ومن حجۃ ہؤلاء
ان التوراۃ [illegible] مشارق الارض ومغاربہا وانتشرت جنوبا وشمالا ولا یعلم عدد نسخہا الا اللہ [illegible]
[illegible] التواطی علی [illegible] فی جمیع تلک النسخ حتی لا یبقی فی الارض نسخۃ الا مبدلۃ وہذا مما [illegible]
[illegible] قال اللہ تعالی قل فاتوا بالتوراۃ فاتلوہا ان کنتم صادقین قالوا وقد اتفقوا علی ترک [illegible]
[illegible] تغییرہا من التوراۃ [illegible] قراوہا علی النبی ووضع القاری یدہ علی آیۃ الرجم فقال لہ عبد اللہ
بن سلام ارفع یدک فرفعہا فاذا ہی تلوح تحتہا) یعنی جو توریت یہودون کی پاس ہی [illegible]
ہی کہ وہ لفظون مین بدل گئی یا معنی مین تبدیل ہوئی عبارت [illegible] ہی اور اس اختلاف مین تین قول
ہین ایک جماعت تو یہہ کہتی ہی کہ تمام توریت یا اکثر بدل گئی ہی اور بعض لوگ مبالغہ اتنا کرتے ہین
کہ اس سی استنجا کرنا درست ہی اور ایک جماعت ائمہ حدیث وفقہ وکلام کی یہہ کہتی ہی کہ تبدیل صرف
معنی مین ہوئی ہی بخاری نی اپنی صحیح مین کہا ہی کہ یحرفون کے معنی یہہ ہین کہ زائل کرتی ہین اور کوئی
شخص کسی لفظ کو اللہ کی کتابون مین سی دور نہین کرتا مگر اسکے جو معنی ہوتی ہین ان کی سوا دوسری
معنی کرلیتی ہین اور رازی نی بھی یہی اختیار کیا ہی اور مین نی اپنی شیخ کو کہتی سنا ہی کہ فاضلون
مین اس بابت جھگڑا ہوا تو امام رازی نے اس مذہب کو درست رکھا اور [illegible] کو ضعیف
کیا مگر اون پر انکار کیا گیا یعنی لوگون نی نمانا تو وہ [illegible] پندرہ نسخی اوسکی [illegible]

لوگون کی دلیل یہہ ہی کہ توریت مشرق و مغرب و شمال و جنوب مین منتشر ہو گئی ہی اور اوسکی نسخون کی شمار سوا خدا تعالیٰ کی اور کوئی نہین جانتا تو تبدیل و تغیر ان نسخون مین برابر ایک ساتھ ہو جانا نہین ہو سکتا کہ کوئی نسخہ زمین مین بدون تبدیل کی نرہی اور یہہ ادن باتون مین سی ہی جنکو عقل محال جانتی ہی اور یہہ جماعت یہہ بھی کہتی ہین کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی (قل فاتوا بالتوریۃ فاتلوہا ان کنتم صادقین) یعنی تو کہہ لاؤ توریت اور پڑہو اگر سچے ہو اور ایک دلیل یہہ ہی کہ یہودیون نے سنگسار کرنیکے فرض کو چہوڑنے پر اتفاق کیا مگر توریت مین سی اوسکو بدل نسکی اور اسیواسطی جب یہودون نے توریت کو آنحضرتؐ کی سامنی پڑہا تو قاری نی اپنا ہاتہہ رجم کی آیت پر رکہا عبد اللہ بن سلام نے اسکو فرمایا کہ اپنا ہاتہہ اوٹہا جب وسنی ہاتہہ اوٹہایا تو وہ آیت ہاتہہ کے نیچے سے معلوم ہونی لگی فقط یہان سی مدلل ہوتا ہی کہ بڑی بڑی محدث و مفسر مثل بخاری وابن تیمیہ و امام فخر الدین رازی وغیرہ کے نزدیک تحریف توریت بہتان ہی اگرچہ مسکا تشیطان مخالفین ایمان ہی اگر یسا جی یہان بھی کچہہ آگ لگا دینگے تو دائرہ وہابیت سی باہر نکالا جاینگے کہ اگرچہ ابن تیمیہ عبد الوہاب سے سابق ہی مگر عقیدہ دونون کا مطابق ہی جیسا ان لیجیی کہ کتاب ابن تیمیہ کا مترجم مہتمم مطبع صدیقی ہی جسنے آپکی بکر فکر پر نظر اول کی ہی اس صدیقہ نج جھپا با ہی اور یارون کو جلوہ دکھلایا ہی غرضکہ مصنف و مترجم دونون آپکے خویش ہین اور جناب کی انکا رنگا کے تیر مژگان سے سینہ اشتیاق ب آپکا سر انکار لایق سنگ ہی اور یاد نہ لینگ اسواسطی مثل قرآن توریت کی بھی تعظیم کیجیے اور تمام اعتراض مرفوع تسلیم یہہ نہ صرف حقانیت توریت پر اشارت ہی بلکہ علماء یہود و نصاریٰ کی لئے بشارت ہی کہ صدق دل سے ہماری کتابون کو مطالعہ کرین اور پہر مسلمانون سے مقابلہ کرین جسنے ایسا ہی تو ایسا مغلوب کرینگے کہ قیامت تک مرعوب کرینگے ہرچند کہ پادری صاحبون نے بجای مسلمانون کو زک دی ہی اور ہر بار بحث و مباحثہ مین شراب کامرانی آب پی ہی مگر دعوی تحریف توریت سبب [illegible] کیا اور آج تک وہی قول سی اونکو قایل [illegible] یہود و نصاریٰ پر واجب فرض ہی کہ درگاہ کبریا مین شکر و سپاس [illegible] مسلمانون کا پاس خصوصاً رسالہ عماد ہند پر دل و جان فدا کرین [illegible] مادام شکر خدا اوا کرین [illegible] رسالہ [illegible] جواب نہایت اصلح پر رقم کیا گیا ہی کہ مسلمانون کا نام [illegible] مبسوط الجبار جسٹ کا قول ہی کہ دنیا مین

ہزارون زبان لاکہون کتابین معقول ومنقول کی ہین اور ہند مین چار وید اور چہہ شاستر اور اٹھارہ پران ہین اور جتنی منہہ وتنی باتین بنائی چار وید و اٹھارہ سمرتی اور چہہ شاستر اور اٹھارہ پران بنائی تاکہ ہر کوئی اس آئین کی موافق نیک عمل کرے دیکہو چوتھا پرکرن جوگ باسشٹ کا علی ہذا القیاس اور بہت تصریحات اسکی معتبر پر کتب ہنود مین موجود ہین **جواب** یہہ بہی بوجوہ غلط ہے وجہہ اول آنکہ جوگ باسشٹ مین کہین یہہ مضمون نہین ہے پس جا بجا ڈہونڈہا ہم نے حسب تحریر آپ کی جوگ باسشٹ کی لفظ لفظ پر نظر کی اور ایک مدت اسی مین بسر کی مضمون مذکور کہین نہین ملا مگر چوتھی پرکرن مین اسطرح پر نکلا کہ برہما نے لوگون کی نجات کیلئے ویدون پر نظر ڈالکر اور سب کا خلاصہ نکالکر نانا گون شاستر بنائے اور ہر ایک مین دہرم کرما چار درج فرمائے جوگ باسشٹ کی اصل عبارت یہہ ہے۔

वसंतः कुसुमानीव वेदानादाय संस्तुतान लीलया कल्पयामास च्कित संकल्पजा प्रजाः १ नानाचार समाचार गंधर्व नगरे यथा तासां स्वर्गा पवर्गार्थं धर्मकामार्थ सिद्धये २ ऽनंतानि विचित्राणि शास्त्राणि समकल्पयत दृष्टे रेव मियं राम सर्गे स्थितिमागता ३

اب اسکو جاہے جسکو دکہلائیے دل چاہے جس سے ترجمہ کرائیے اپنی تئین مسیلمہ کذاب کا نائب سمجہے یا مترجم اسکا ذب سمجہے اگر آپ کو نیک وبد کا شعور ہے اور احقاق حق منظور تو کہئے کلمہ دنیا سے لیکر لفظ باتین تک کس شلوک کا ترجمہ کیا ہے اٹھارہ سمرتی واٹھارہ پران تو ایکطرف ہین یہان لفظ سمرتی و پران بہی نہین ہے وجہہ دوم آنکہ جوگ باسشٹ علماے ہنود کی نزدیک معتبر نہین ہے اور مصنف رشی نہین مقرب کسی وید ویدانتی نے بنائی ہے اور بسشٹ رشی کے نام سے پہیلائی ہے تاکہ اپنے مذہب کا سلسلہ عہد قدیم تک پہنچائے اور صداقت وحدت الوجود مین بسشٹ رشی سے سند لائے وجود یون کے مرشد شنکر اچاریہ گذرے ہین جنہون نے اس مذہب کی تائید مین بہت کتابین بنائی ہین اور اپنی شاگرد آنند گیری سے سب کی شرح لکہوائی ہین مگر متن وشرح مین جوگ باسشٹ کا حوالہ کہین نہین

Marfat.com

دیا اورکسی جگہہ اوسکو تسلیم نہین کیا اگر جوگ باسشٹ اوسکی نظر سے گذرتا تو اصلا اوسکی اسناد سے درگذر نکرتی
کیونکہ اونہون نے جو بات رشیون کے قول سے تاویلاً ثابت کی ہے وہ جوگ باسشٹ سے صریحاً نکلتی ہے پس
معلوم ہوا کہ جوگ باسشٹ شنکر اچاریہ اور آنند گری کے بعد کسی نے بنایا ہے تاکہ اپنے پیشوا کے ذمہ سے الزام و تاویلات
بعیدہ اوٹھائی اور ایک نامی رشی سے وحدت الوجود کا سلسلہ ملائے اسواسطے جوگ باسشٹ چندان معتبر نہین ہے
کہ بحث دینی مین اوسکی سند تسلیم کیجاوے دوسرے یہہ کہ آپنے لکہا ہے کہ وید مقدس کلام برہما ہے کہ بواسطہ برہما ہمکو پہنچا
ہے پس یہہ قول کہ وید برہما نے بنایا ہے قابل التفات نہین ہے اور داخل دینیات نہین بلکہ زندیقانہ ہے اور
اوسکے قائل کا جہنم مین ٹھکانہ ہے اسیطرح اٹھارہ سمرتی اور اٹھارہ پران کو بھی برہما سے منسوب کرنا مردود ہے
اور برخلاف عقائد ہنود کیونکہ اٹھارہ سمرتیون کے بنانیوالے منو وغیرہ اٹھارہ رشی مشہور ہین اور متاکشرا کے
اول مین اونکے نام مذکور ہین چہہ شاستر کے مصنف بھی بیاس جیمنی و گوتم وغیرہ رشیان واجب التعظیم ہین اور
شاستہ تہنہ گانہ اونکی تعلیم مین اسیطرح اٹھارہ پران کے بنانیوالے بھی اٹھارہ مورخ نامدار ہین ور بہسیہ پران کے
دیکھیا آخر سے کل کا اسما پیدا ہین **قولہ علی ہذا القیاس** الخ بہت تصریحات اوسکی معتبری پر کتب ہنود مین
موجود ہین فقط مولوی جی بہت زبان درازی نکیجئے اور داد خیانت پردازی نہ دیجئے شاید آپ کے دماغ مین
خلل ہے کہ جب بیجا استعمال لفظ مہمل ہے فرمائی یہان علی ہذا القیاس کی کیا ضرورت ہے اور مقیس و مقیس علیہ
کی کیا صورت ہے یعنی آپ نے جو کلمہ علی ہذا القیاس سبب تقیاس فرمایا ہے کس چیز کو کس چیز پر قیاس کیا ہے
مقیس کسکو شمار کیا ہے اور مقیس علیہ کسکو قرار دیا ہے اب مولوی جی سرگرم تصدیق پران ہین جو کہ
متروک و مردود شاستردان و ویدخوان ہین **سوط** ہمارے کوئی وجہہ نامعتبری پرانون کی دین
ہنود مین نہین پائی اینکہ جو راوی بہارت کے ہین یعنی شونک [illegible] سوت عن بیاس یا شونک عن سوت عن
بشیم پاین عن بیاس وہی راوی پرانون کے ہین اور شاید وہی راوی ویدون ور اپنکہدون کے ہین
پس کیا وجہہ کہ ایک روایت تو مقبول ہووے اور دوسری مردود **جواب** اگر آپکے یہان [illegible]
توعقدہ نامعتبری پران آسانی سے حل ہو لیتی چونکہ آپ [illegible] داخل نہین کی معتبری و نامعتبری پران
مین دخل نہین ہے راوی کی وہان بھی نہایت احتیاط [illegible] کہ جہان بعد مدت کتاب مین روایت

Marfat.com

اندراج ہوتی ہی وید بیاس فی واقع بعبارت جیسا کہ بچشم خود دیکہا ویسا ہی لکہا پس راوی کو کچھ
نہیں دربیسہ پیغام نہیں چونکہ روایات اسلامیہ سو سو اور دو دو سو برس تک زبان پر جاری رہین
اور جامہ تحریر سے عاری دشل پندارہ راوی کی محتاج ہوئین […] کی سراج مولوی محمد علی
کا کیا منہ ہی کہ صداقت رواۃ وحفاظت روایات مین کوئی شبہ لا سکین در واسطے نگہبانی اہل سنت
کے کوئی حجت بنائین اگر اہل اسلام کتب اسماء الرجال درمیان لائینگے تو نادان سمجھے جاینگے کہ اسماء الرجال
بعد صدہا سال محسوب ہوئی ہین اور کاغذ پر مکتوب اور کتابون کے مولفون نے سو سو اور دو دو سو برس
کے لوگون کو صدق وکذب کا حال کیونکر جانا اس طرح انکو سچا مانا اگر کتب محمدیہ مین انکی سچائی
کی کوئی دلیل ہو تو نکال لیئے اور اپنا کہنا سچا کر کہ روایات وید بیان اور حکایات مداریان مین کیا فرق
ہی اور علماؤن کو اون پر کسواسطے عداوت کہ جس طرح روایات محمدیہ سالہا سال تک بے تحریر
رہین اسی طرح روایات مداریان بہی ہنوز بے تحریر پڑی ہین بعض ہی کہ ایک روز یہ بہی قید کتابت مین
آنکلین اور مثل قرآن وحدیث اور کتب روایت […] غرضکہ مسلمانون کی یہان ایسی کوئی روایت
نہین جو […] ہم قرآن بہی سالہا دراز تک متفرق […]
پریشان تہا اور حافظ ونگہبان تہا جبکہ […] قرآن […] تو ابوبکر سے اجتماع کا […]
ہوا پس خلیفہ اول و دوم سے اجتماع […] پریشانی قولہ دیکہی راوی
پرانون کے […] ہے کہ پستکون […] اول سے آخر تک کہین بہی […]
وشنونک بیاس جیسا […] کا نام نہین […] زبان […] کو لگام نہین ہر جگہ جو […]
سے کان […] ہو اور جہد وبلیغ […] غلط بیان کی خبر لیجیے اور مصرع
اور کیجیے ع خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم […] روات نہین جو کہ مانند […]
وسکنات نہین وید مقدس کا […] نازل ہوا […] صفحہ قرطاس پر ڈال […]
(سا […] سوجہتا ہی) آپ کو […] قرآن […] بس ایک فقرہ […]
ہوا اور بعد انتقال […] اصلاح عمر وابوبکر کا […] راویون کی ضرورت ہوئی تہی (

جامع قرآن کی صورت ہوئی جس شخص سے جو ثابت ہو وہ صورت حاصل کی قرآن مین بہ صورت تسلسل
کی یہ سارا حال مشکات سے مثل آفتاب نصف النہار عیان ہی اور رسالہ صولت ہند سے تفصیلوار نمایان
ہو مطلب یہ کہ جو راوی قرآن کے ہین وہی روضۃ الاحباب و مدارج النبوت وغیرہ کے ہین کیسا جہہ
ایک روایت تو قبول کرو اور دوسری سے ہو عدول اگر زمرہ رواۃ معتبر ہی تو ہر ایک روایت برابر ہی اگر وہ
راوی مردود ہین تو پہر دین داہی مین مفرد دہی اگر تواریخ محمدیہ سے عناد کرو گے قرآن صحاح ستہ سے
ہاتھ دہو بیٹہو گے کہ راوی ان سب کے ایک ہین خواہ بدخواہ نیک ہین پہر نہ کہنا کہ مہابہارت اور پرانون
کے بیاس وسوت راوی ہین اسواسطے دونون مساوی ہین وگرنہ ہم بہی آپ کی طرح بیان کرینگے اور
مسلمانون کے کان بہرینگے کہ صحاح ستہ و تواریخ محمدیہ کے راوی برابر ہین خواہ معتبر خواہ نامعتبر ہین پس کیسا
وجہ کہ مسلم و بخاری وغیرہ کا اعتبار ہووے اور صحت روضۃ الصفا و روضۃ الاحباب مین گفتگو رہوے اب حدیث
و قرآن کی قلعی کہل گئی و حقیقت فروع و اصول آب خجالت مین گہل گئی ـــہ ز فروعت محکم آمد نہ اصول
؛ شرم بادت از خدا و از رسول ؛ اب ہم مسلمانون کی بیوقوفی آشکار کرتے ہین و اس مطلب کو اختصار
کرے وہان ہی درکار ہوتا ہی کہ جہان روایت کا ایک زمانہ تک بان پہ مدار ہوتا ہی ہماری ہان ایسی
روایت نایاب ہی کہ تا مدت مدید دور از تحریر و کتابت ہی وید و بہارت وغیرہ ایک مدت بی تحریر و رقم نہین
رہی اور بلا قرطاس و قلم نہین پس وید و بہارت پر زبان درازی کیجیے اور اس عقل و دانش پر ناز کیجیے ـــ
رباعی ناز را روی ببایدہمچو ورد ؛ چون نداری گرد بدخوئی مگرد ؛ زشت باشد روی نازیبا و ناز
سخت آید چشم نابینا و درد ؛ اگر آپ حقیقت صحاح ستہ پر غور کرینگے اور سو اور کرینگے کہ سو برس تک
کوئی رقم پذیر نہین ہوئی اور حوالہ کاتب و دبیر نہین چنانچہ شاہ عبد العزیز نے کید ہفتاد و ششم تحفہ اثنا عشریہ
مین تو فرمایا ہی کہ تاریخ دانایان اسلام عالم اجماع دارند بانکہ تا صد سال از ہجرت ہیچ تصنیف و [illegible]
نشدہ انتہی اب برائے خدا انصاف کیجیے کہ جو روایت سو برس تک زبانی رہی اوسکی کیونکر [illegible] رہی
سو برس کی اندر دس پشت تک راوی کی بغیر کارروائی نہین ہو سکتی اور عقدہ کشائی نہین پس
ان راویون کی تم نے کیونکر بات راست جانی اور مستطیع اونکی روایات بلکم و کاست مانی

Marfat.com

سیانجی اوسی صفحہ جواب حملہ ہند میں پہر حضرت مہابہارت کی نسبت کچھہ وہم کرتے ہیں اور گفتگوی خارج از فہم
سوط الجبار سلسلہ رواۃ بہارت کا مجروح اور صریح غلط ہی کیونکہ شروع بہارت مین شونک لکہتا ہی
کہ مین بہارت کو ابھی سوت سی سننے ہوے آتا ہون حالانکہ سکند دھم بہاگوت سی ثابت ہی کہ سوت کو
بلرام ظالم نے بجرم مذہبی تعظیم کے قبل از وقوع مہابہارت جان سی مارڈالا پس یہہ قول شونک کہ مین مہابہارت
کو سوت سی ابھی سنتے ہوئے آتا ہون صریح غلط ہی جواب سیانجی ہوش کی دارو پیجئے اور سمجھکر گفتگو کیجئے
ابھی تک آپ کو بہارت و مہابہارت مین فرق ناپیدا ہی اور وہی سر و سودا ہی ع ہست مجلس بران
قرار کہ بود ۔ ہست ساقی بران ترانہ ہنوز ۔ آپ کی عجب عبارت ہی کہ جس مین تین جگہہ لفظ بہارت اور ایک
جگہہ لفظ مہابہارت ہی شاید کہ جناب کی بےتمیزی پر اشارت ہی یا جان بوجہہ کر شرارت ہی بہارت کو سوت
و شونک وغیرہ راوی نہین ہین اور مہابہارت و بہارت دونون مساوی نہین دید بیاس نے حقیقت بہارت
بچشم خود دیکھی ہی اور بدست خود لکھی ہی برتقدیر یکہ حال بہارت بعد وید بیاس کے مسطور ہوتا تو البتہ تسلسل
رواۃ بالضرور ہوتا بہارت کو صحاح ستہ پر قیاس کرتے ہو روح القدس کا نام خناس دھرتے ہو آپ پیرایہ ادب
سے عاری ہین اور افترا پردازی مین ہفت ہزاری غضب ہی کہ سیدن مرا جھوٹے فنا ہوئی ہین آپ پیدا ہوئی
ہین ای خدا شونک نے یہہ کہان لکہا ہی اپنی جگہہ سے کا قائم مقام نیچی شونک نی سوت سی سماعت مہابہارت
کا ہرگز اقرار نہین کیا اور برخلاف واقع اظہار نہین یہہ سب آپ کا اتہام ہی یا مترجم ناقص عقل کا خیال
خام جو کچھہ شروع مہابہارت مین لکہا ہی اوسکا یہی مدعا ہی کہ سوت کا بیٹا جسکا نام اوگر شروا ہی شونک
کے یگ مین آیا اور رشیون نے استماع مہابہارت کے لئے چارون طرف سی اوسکو بلایا پس وہ رشیون کے
بستر پر بیٹھا اور کہنے لگا کہ مین بہت تیرتہون مین زیارت کر آیا ہون اور راجہ جنمیجی کے یگ مین ویشم پاین کے
منہہ سے استماع مہابہارت کر آیا ہون فقط اب اس مقام کی اصل عبارت داخل کتاب کرتا ہون اور
آپ کی غلط بیانی روشن تر از آفتاب ۔

تسمنسدسیوستی رنو مونینان بہاوتاتمنام (سوت اواچ) جنمیجیسی راجرشی سرپ ستری مہاتمنہ ۱ سمیپے

तस्मिन्सदसिविस्तीर्णे मुनीनां भावितात्मनाम(सौतिरुवा च)जनमेजयस्यराजर्षेःसर्पसत्रे महात्मनः॥१॥ समीपे

Marfat.com

पार्थिवेंद्रस्य महाकपारिक्षितस्यचकृस दै पायन प्रोक्ता:
पुण्या: विविधा: कथा: ॥२॥ कथितास्थापि विधि वद्या
वेशंपायने नैव श्रुत्वा ऽ हंता विचित्रार्था महाभारतसंश्रि
ता: ॥३॥ बहूनि सं परिक्रम्य तीर्थान्यायतनानि च स
मंत पंचकं नाम पुण्यं द्विज निषेवितम् ॥४॥ गतवान
स्मि तं देशं युद्धं यत्रा भवत्पुरा कुरूणां पांडवानांच सर्वे
षांच महीक्षिताम्

دل چاہی جس سی ترجمہ سنئی اور گلشن معنی سی گل چنے اسیواسطے بندہ عرض کرتا تہا کہ ان ترجموں کا یقین
نکیجے اور ہماری دین میں یکہ مین نکیجے **قولہ** حالانکہ سکندہ دہم بہاگوت سی ثابت ہے کہ جبکہ سوت فوت ہوا
اور سیر بیچہ موت بلرام نے بپاس خاطر رشیان پسر سوت کو منصب سوت دیا اور دانا اسرار ناسوت و ملکوت
کیا پس وہ مانند پدر روایت کرنے لگا اور رشیون کو ہدایت یہہ ہی حاصل ویدہی کہ بیٹا باپ بہیدی چنانچہ
आत्मा वै जायते पुत्र: یہہ تمام سرگذشت اوسی ادہیائے ہفتم سکندہ مین تحریر کی گئی ہے۔
جسمین مرگ ناگہانی سوت سی تقریر کی گئی ہی پہر آپ نے جو بلرام کو ظالموں مین محسوب کیا ہی وہ کار ناکارہ
ہے اور آپ کی شرارت پر اشارہ ہی کیونکہ بلرام نے سوت کو تلوار وغیرہ آلہ سے نہین مارا ہی چنانچہ ادہیائے
ہفتاد وہشتم دہم سکندہ بہاگوت سی آشکارا ہی کہ جسوقت بلرام کو غصہ سوت پر آیا تو اونھون نے ایک تنکا
اوٹہاکر اوسکو ڈرایا اتفاقاً اوسکا سر جدا ہوا یہہ ہی حکم خدا ہوا پس بلرام نے قتل عمد نہین کیا اور آپنے
بھی کہیں جرم نہیں ہے پس جو کوئی دعوی کرے کہ بلرام قاتل سوت ہی اوسکا کیا ثبوت ہے قتل عمد وہ ہی
کہ موسی نے جام حمایت سبطی پیا اور ورکز سے قتل قبطی کیا قتل عمد وہ ہی کہ خضر نے بیمعصوم بالکا
کام تمام کیا اور اپنی گردن پر خون غلام لیا قتل عمد وہ ہی کہ داؤد نے اوریا مبارز کو صرف نفس کی جانب
سے مروایا بعد اوسکی بی بی کو اپنے بستر پر بٹھلایا محمد صاحب مرد و زن سی اپنی تعظیم کراتی تھے اور اپنی تئین رسول اللہ
کہلاتی تھے جو لوگ کہ انکار کرتے تھی اونکو مجرم شمار کرتے تھے صحابہ سی اونکو گردن مرواتے تھے اور ناحق

ہتیار چلواتی تھے ہم اس رسالہ مین تمام اعمال حضرت بیان کرینگے جیسا کہ چاہئے مسلمانون کا اطمینان کرینگے
پس ظالم یہہ لوگ تھے جن کے ظلم سے گھر گھر ماتم و سوگ تھے اپنا لکھا آپ برباد کرتے ہو کیون نہین یاد کرتے
ہو کہ تم نے جواب حمایہ ہند کے صفحہ شصت و ششم ۶۶ مین خود رقم کیا ہے اور اسطرح پر اپنا ہاتہ آپ قلم کیا ہے کہ قتل
عمد وہ ہے کہ قاتل ایسی آلہ سے کہ جسکی ضرب سے بحکم اکثر مر جانا مضروب کا مظنون ہوتا ہو مرتکب قتل کا ہو جیسے تلوار
وغیرہ اسلحہ یا بندوق گولی وغیرہ سے اسے چہانکہ یا عصا چوب سے مقتول اگر کوئی شخص کسی کو ٹہیر یا گہونسا یا لات مارے
اور مضروب جاوے تو وہ مرتکب قتل عمد کا نہین بالخصوص اگر بہ نیک نیتی تادیباً مباشر اس ضرب کا ہو اور
اتفاقیہ مضروب اوسکی ضرب سے جاتا رہے انتہی جناب من بلرام نے تادیباً بہ نیک نیتی سوت کو ہرگز کاہ سے ڈرایا
تہا مگر کیا کیجئے کہ اوسکا وقت نزدیک تر آیا تہا اصلالات و گہونسے کی نوبت نہین آئی تھی اور بلرام کے
ہاتہ سے کسی طرح کی ضرب نہین پہنچائی تھی اب مولوی جی اٹہارہ پران کی تفصیل کرتے ہین
اور قول پہستان کی تبدیل سوط البجار تفصیل اٹہارہ پران ۱ بشنو پران ۲ بہاگوت پران ۳
متسیہ پران ۴ سکند پران ۵ مارکنڈے پران ۶ بہوشت پران ۷ برہم وی ورتک پران ۸ کورم پران
۹ بدم پران ۱۰ برہم پران ۱۱ بایو پران ۱۲ باون پران ۱۳ گرڑ پران ۱۴ اگنی پران ۱۵ باراہ پران
۱۶ لنگ پران یعنی شیو پران ۱۷ نارد پران ۱۸ برہمانڈ پران ۔ ہم ثابت کر چکے کہ پرانون کا اعتبار
مطابق وید ہنود پر لازم ہے **جواب** آپ کو کس نے تحصیلدار کیا ہے اور کسنے دیہات پر اختیار دیا ہے تمکو
شمار بھی یاد نہین ہے ایک دو تین چار بھی یاد نہین ہمارے گورنمنٹ کا خوب دربار ہے جسکی بدولت طفل
مکتب بھی ادعا سبحانی کرتے ہین اور برابری عقل اول و جوہر ثانی یہہ مولف سوط البجار کی حقیقت
حال ہے اور کعب کن کی صدق مقالی پہ دال آپ اتنا بھی نہین جانتے کہ اول پران کونسا ہے اور
اٹھارہوین کا نام کیا ہے یہہ اٹہارہ پران کی تفصیل نہین ہے اور محمد علی کی راست بیانی کی دلیل
نہین اگر آپکو اول پران سے خبر ہوتی اور جناب کی اٹہارہوین پر نظر تو دوسرے سے شروع شمار نکرتے
اور اٹہارہوین پہ بے ہندسہ کی گذار نکرتے چاہئے تعجب کہ آپ کی تمام عمر ہند مین گذری ہے اور ہنوز علم ہندسہ
سے بیخبری ہے آپ نے جو صمصام ہند کے جواب مین گنیش پران سے استدلال کیا ہے اوسیجا اٹہارہ پران

Marfat.com

کی شمار مین اوسکا نام نہین لیا پس آپ نے وہان خیانت کی ہی یا یہان [illegible]
دو بہاگوت مشہور ہین ایک بہاگوت معلوم دوسری یہ دیوی بہاگوت [illegible]
اٹھارہ پران مین بہاگوت شامل کی ہی وہ کونسی ہی پہر آپ نے جو اوٹہا [illegible]
شامل کیا ہی اور مین بعد اوسکو بلفظ یعنی شب پران قرار دیا ہی و [illegible]
و شب پران دونون علیحدہ کتاب مین اور دونون مین شیوست کی [illegible]
و شب پران مین فرق نہین کرسکتے اور زمین و آسمان مین فرق نہین تو [illegible]
آرزو کرتے ہین پس نتیجہ سے خبر نہین لامکان سے گفتگو کرتے ہین ؎ [illegible]
وہ کہتے ہین یون ٭ ہم نے دیکہا ہی عجب کچہ عالم لاہوت ہی ٭ جواب حملہ ہند کے صفحہ [illegible] مین
مولوی جی نے جسقدر ہرزہ درائی کی تہی اور راہ خودستائی لی تہی اوسکا سر بسر بطلان ہوا اور یہ
گوش ہر مسلمان ہوا اب ورد کرم پیش کیجئے نی بکر فکر میتین کیجئے ؎ چہ خوش باشد اگر بندہ نوازی ٭ کنی
بر ما نظر از چارہ سازی ٭ اللہ تعالی آپکو سلامت باکرامت رکہے اور ملامت سے معصون تا قیامت
کہ ہم لوگ جسوقت آپ کی ابکار افکار پر نظر ڈالتے ہین حسب خاطر خواہ دل کی ہوس نکالتے ہین ایک ایک کا
کفر توڑتے مین جیسے کہ چاہئے دل کے پہپہولے پہوڑتے ہین اب پہر بد خلقی موسیٰ کی حکایت ہی اور انحضرت
کے ظلم کی شکایت مسلم و بخاری کی روایت ہی اور مسلمانون کے لئے ہدایت ابو ہریرۃ قرصت نملۃ
نبیا من الانبیاء فامر بقریۃ النمل فاحرقت فاوحی اللہ الیہ ان قرصتک نملۃ احرقت امۃ من الامم تسبح یعنی
ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ محمد صاحب نے فرمایا کہ ایک چیونٹی نے کسی پیغمبر کو کاٹا پس اونسے حکم کیا تب چیونٹیون
کا مکان جلا دیا گیا پس خدا نے اوس پیغمبر سے فرمایا کہ تجکو ایک چیونٹی نے کاٹا تو نے مخلوقات کا ایک گروہ
کو جلا دیا جو تسبیح کرتا تہا فقط اس حدیث مین لفظ نبیا سے مراد موسیٰ ہی جنانچہ شارح [illegible]
نے لکہا ہی کہ موسیٰ نے جناب الہی مین عرض کی کہ اے خدا تو گنہگار و [illegible] کرتا ہی
حالانکہ اون مین نیک لوگ بہی رہتے ہین جو تیری تسبیح کہتے ہین [illegible]
موسیٰ گرمی سے بیقرار ہوا اور سایہ کا طلبگار ایک درخت کے سایہ تلے [illegible]

موسی کو ایک چیونٹی نے کاٹا موسی نے چیونٹیون کا مسکان جلوا دیا تب خدا نے فرمایا کہ تونے ایک چیونٹی کے قصور مین سب چیونٹی جلا دین جو یاد خدا کرتی تھین انتہی اس حدیث سے کئی امر برآتی ہین وہ موسی اور خدا کی کل عقل و عدل مین آگ لگاتی ہین امر اول آنکہ ظلم موسی و خدا بیحساب ہی اور دونون کا خانہ عدالت خراب ہی ایک کا گناہ دوسری پر عائد ہی اور یہہ ہی حدیث شاہد ہی کہ زیادہ گناہ مین کمبہی گرفتار ہوتا ہے اور سزا وار ادا امر دوم آنکہ موسی و خدا کی نزدیک ایمان و کفر مین تفاوت نہین ہے اور مومن کافر مین عداوت نہین بلکہ نیکی و بدی کا ایک حال ہی اور نیک و بد کا ایک مآل ہی امر سوم آنکہ جب کوئی شخص حرکات واہیات خدای محمدیہ پر اعتراض کرتا ہی تو اوس سے کچہہ جواب نہین آتا سوای اسکی کہ جب وہ اوس معترض سی وہی حرکت صادر پائی تو خدا کی ہاتھ موقع گفتگو آئی کہ تیرا بھی یہی کام ہی پس میری لئے کیا الزام ہی جیسے بندہ خلاف انصاف کرتا ہی ویسی ہی خدا بھی عدم انصاف کرتا ہی واہ ری خدا واہ ری موسی اگر غور کیا جاوے تو گناہ بندہ بھی خدا ہی کی گردن پر سوار ہی کہ مذہب محمدیہ مین بندہ بی اختیار ہی اور خالق جمیع خیر و شر آفریدگار ہی دلیل اسکی واضح تر از اہل روزگار ہی کہ بکر فکر محمد علی موسوم بہ سوط الجبار ہی پس خدا نی موسی کو لاجواب نہین کیا بلکہ دہوکہ دیا اگر مسلمان برا نہ مانین اور خارج از مناظرہ نہ جانین تو ہم سوال کرتے ہین بلکہ استفسار حال کہ دونون مین جفا گستر کون ہی اور ستمگر تر کون ہی چہارم آنکہ جانور بہ نسبت بشر ناچیز نہین ہے اور بی تمیز نہین کہ خدا کی یاد کرتے ہین اور کار معاد پس معائنہ حال شاہد ہی کہ دونون کا مآل واحد ہی اگر مسلمانان اس بات مین کچہہ جستجو کرینگی تو لاجرم سیاہی دل کی شستشو کرینگی امر پنجم آنکہ موسی کو اوس چیونٹی سی بیخبری تھی جس نے اوسکو ایذا دی تھی اسواسطے تمام کو جلا دیا اور مبتلای بلا کیا شاید خدا بھی نہین جانتا کہ فلانی شہر مین کون نکوکار ہی اور کون گنہگار اسواسطے کسیکی نیکی و بدی سی حساب نہین لیتا اور بقدر جرم عذاب نہین دیتا اب ایک اور بھی مغلوب الغضبی موسی کی حکایت ہی اور بخاری و مسلم کی روایت ہی فوضع ثوبہ علی حجر ففر الحجر بثوبہ فجمع موسی فی اثرہ یقول ثوبی یا حجر ثوبی یا حجر یعنی ایکدن موسی اپنی کپڑے پتہر پر رکھکر برہنہ نہانی لگا پس پتہر بہاگا اور موسی کی کپڑے لیگیا موسی اپنے اوسکا تعاقب کیا یہہ کہتی ہوئی کہ ای پتہر میرے کپڑے

دی ای تہہر میرے کپڑے دے حتی کہ جماعت بنی اسرائیل تک پہنچا پس موسی نے غضبناک ہوکر اوس تہہر
کو مارنا شروع کیا فقط اس حدیث سے واضح ہوتا ہے کہ موسی نہایت مغلوب غضب تہا کہ بے محل خشمگین ہوا
اور بانی سبائی کین ایسی چیز پر کہ علم وارادہ سے بری ہے غصہ کرنا سبکسری ہے جو کوئی جماد سے آمادہ قصاص
ہے لاریب مضحکہ عوام وخواص ہے ہرچند لوگون کو درختون و دیوارون سے نقصان پہنچتا ہے اور ضرر
جسم وجان مگر کوئی نادان مثل صبیان بہی اون درختون و دیوارون کو نہین مارتا اور نہین پکارتا
کہ ای درخت تو نے مجکو آزار دیا اور اے دیوار تو نے مجکو سنگسار کیا معلوم ہوا کہ موسی کو یہ تجربہ نہین تھی
اور نیک و بد سے خبر نہین اگر موسی جانتا کہ انسان جاندار ہے اور تہہر علم وارادہ سے برکنار تو تہہر کے بہاگنے کو
امر عظیم سمجہتا اور منبہ از جانب خدای کریم اپنی خطا پر تہہر کو اقرار کرتا اور آئندہ کو استغفار بالیقین خدا
حقیقی نے موسی کو سرور گریبان کیا اور بنی اسرائیل کے سامنے عریان کہ کل نادانی مین نہپا تہا اور ننگا
پانی مین گہسا تہا اگر خدای محمدیہ نے اوس تہہر کو طاقت رفتار دی تو لابد اطاعت شریعت منود اختیار کی
اسیطرح جو کوئی مخالفت حکم ربانی کریگا اور ننگا پانی مین گذریگا موسی کی طرح ندامت اوٹہائیگا
پانی سے زیادہ مبتلا کیا جائیگا معاملہ آبی ہوگا یا دشمن شتابی ہوگا مسلم وبخاری نے جو لکہا ہے کہ حضرت
موسی تمام بدن ڈہانکے رہتے تھے اور لوگ کہتے تہے کہ موسی کا بدن ڈہانکنا بسبب حرض جزام کے ہے
اور زشتی اندام کی اسواسطے اوتعالی نے حجر کو حرکت دی اور موسی کی خوشی اندامی ظاہر کی وہ محض
غلط ہے خدای حقیقی بے قصور کسیکو بے پردہ نہین کرتا اور ندامت زدہ نہین حالانکہ موسی کے بدن
سے پردہ مسلمانی اوٹہایا اور بنی اسرائیل کو اوسکا اندام نہانی دکہلایا قطع نظر ازین خواہ خدانے
موسی کو سزا واجبی دی خواہ اوسکی بے عیبی ظاہر کی بہر دو صورت اوس تہہر کو مارنا جہکمارنا ہے
اور خدا سے بگاڑنا جو کوئی اسقدر بیباک ہے کہ آیت الہی پر غضبناک ہے اوس سے کیا عجب ہے کہ وہ
شرابے ادب ہے اب ہم موسی کی غصہ کے سبب سے مسلمانون کو خبردار کرتے ہین وہ دو فقرون پر
اختصار کہ موسی نے حرکت ناکردنی کی کہ آیت ربانی کی بے ادبی کی چونکہ تندخوئی وسطوت قہری
موسی کی جبلی تھی کاہے گاہے اوسکو حلت وحرمت کی تمیز بھی نہین ہوتی تھی چنانچہ سورہ طاہا مین

ہی کہ موسی ناپاک چمڑے کی جوتیان پہنکر وادی مقدس مین حاضر ہوا اور آیات خدا پر ناظر پس خدا نے
فرمایا کہ ای موسی جوتیان اوتار ڈال کہ تو میدان پاک مین ہی جسکا نام طوی ہی اب خیال کیجئے کہ موسی
کی جوتیان ناپاک چمڑے کی تہین یا خدا نے بے سبب وتر وائین بر تقدیر اول موسی جاہل ہی بر تقدیر
دوم سوال الہی لا طائل ہی کہ سوط الجبار باستثنای دہوتی ٹوپی و دستار وغیرہ کپڑے ہنود کے پاک
مین یا ناپاک در صورت اول لازم آتا ہی کہ شاستر نے بے سبب ہنود کو ٹوپی و پگڑی اوتارنے کے لئے وقت
کہانا کہانے اور پوجا کرنے کے امر کیا و در صورت دوم ہنود کیطرف حماقت عائد ہوتی ہی کہ حلال و حرام
کی تمیز نہین رکہتی جب آپ … پگڑی ٹوپی اوتارنے کی وجہہ بیان فرمائینگی تو ہم بھی موسی کی جوتی نکالنے
کا سبب بتائینگی جواب چشم بد دور آپ کی عقل و ذکا پر دل اسلام مثل سپند سوزان ہی اور جان مسلمان
قربان جو اعتراض کہ موسی یا خدا پر وارد تہا اوسکی جواب سے اغماض کرنے لگے اور اولٹا شاستر پر اعتراض
کیا ؎ تو کار زمین را نکو ساختی ٭ کہ با آسمان نیز پرداختی ٭ میان جی اپنے تئین رسوا نکیجئے اور شاستر
نہ پہیرا شاستر مین وقت عبادت و طعام پگڑی و ٹوپی اوتارنے کا حکم بہی نہین ہے اور جرم بہی نہین البتہ
شاستر مین اسقدر مذکور ہی کہ عبادت کیلئے طہارت بہی ضرور ہی پس شاستر پر کیا الزام ہی سب آپکا اتہام
ہی اب ہمارے اعتراض کا جواب دیجئے یا موسی اور خدا پر عتاب کیجئے کہ فہم و فراست کا کام نہین رکہتے
اور وقوف حلال و حرام نہین اگر آئندہ آپ شاستر پر بار بار اتہام کرینگی تو ہم آپکا افترا پرداز خیانت کار
نام دہرینگے چونکہ موسی کی مزاج پر غضب غالب تہا اسواسطے گاہی گاہی آمادہ ترک واجب تہا چنانچہ خضر
سے عہد کیا اور خلاف اوسکے … جیسا معالم التنزیل مین مذکور ہی کہ بنی اسرائیل مین سے کسی نے موسی سے
دریافت کیا کہ اسوقت زمین پر کوئی تجہہ سے دانا تر بہی ہی موسی نے جواب دیا کہ مین اپنے سے دانا تر کسیکو
نہین جانتا پس خدا نے موسی پر وحی نازل کی کہ ای موسی مجمع البحرین کی راہ لے وہان ہمارا ایک
ولی … دانا ہی … حقیقت مین … ہے اوسکا نام خضر مشہور بحر و بر ہے پس موسی اوسکی
پاس گیا اور کہا کہ مین تیری اطاعت کا … اور … قدم … ہوتا ہون بشرطیکہ مجکو وہ باتین بتلائے
کہ تجہکو خدا نے سکہلائی ہین خضر نے کہا کہ تو میری ساتہہ صبر نکر سکیگا کہ تجکو علم کامل نہین ہے اور

Marfat.com

حکمت تام حاصل نہین ہوئی موسی نے کہا کہ حتی الوسع صابر رہونگا اور نافرمانی نہ ہوگی خضر نے کہا کہ میری
پیروی کرے تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک مین کہون موسی نے قبول کیا پس دونون گرفتار
ہوئے یہان تک کہ کشتی مین سوار ہوئے خضر نے کشتی کو پہاڑ دیا اور سوراخ دار کیا موسی نے کہا کیا تحقیق
تو نے تقصیر کی کہ ایک جماعت کی ڈوبو نے کی تدبیر کی خضر بولا کہ مین نے پہلے ہی کہا تہا کہ تو میرے ساتھ
صبر نہ کرسکیگا موسی نے کہا کہ مین بھول گیا معاف رکھیئے پھر دونون روانہ ہوئے یہان تک کہ خضر نے ایک
طفل معصوم کو قتل کیا موسی نے کہا کہ تو نے خلاف عقل و عدل کیا خضر بولا کہ مین نے اول ہی کہا تہا کہ
تو میرے ساتھ صبر نہ کرسکیگا الخ سورہ کہف مین اس قصہ کا تفصیلوار بیان ہے اور کئی امر پر تنبیہ کا
برہان ہے اول آنکہ موسی جیسا کہ چاہیئے حق شناس نہین تہا دوم آنکہ اوسکو اپنی بات کا پاس نہین تہا سوم
آنکہ اپنے تئین عارفان زمان سے فائق جانتا تہا اور اسلئے ٹھوکر کہیون ما دیگر نسبت اپنے حق مین جیسا دقیق تہا
تہا چہارم آنکہ خضر بھی ستمگر ہے بلکہ موسی سے بھی ظالم تر ہے کہ محض کشتی شکستہ کی اور جماعت کثیر کے
ڈبونے پر کمر بستہ طفل معصوم کا خون کیا اور اپنے تئین ظلم کے ساتھ مطعون کیا اگرچہ اپنی برات کے
لئے حیلہ بنایا اور عذر لایا کہ جسطرف کو کشتی گرم رفتار تھی اودہر سلطنت جبار تھی کہ وہ سلطان ہر ایک
کشتی بے عیب چھین لیتا تہا اور کوڑی نہین دیتا تہا اسواسطے مین نے اوسکو معیوب کیا ملاحون کے حق مین خوب کیا
لیکن خضر کا یہ حیلہ بے ڈہنگ ہے اور عذر لنگ کیونکہ اگر فی الحقیقت شکست کشتی مین یہی سبب تہا تو خضر
کو یہی لائق تہا کہ ملاحون کو اصل حال سے آگاہ کرتا کہ اوسطرف کشتی نہ لیجاؤ اپنے سر پر بلا نہ بلاؤ اودہر
ایک جبار ہے کشتی کا طلبگار ہے مبادا کہ کشتی بھر لے اور تمکو کچھ نہ دے یا خضر پر واجب تہا کہ بادشاہ ظالم
پر نفرین کرتا اور خلق کو اپنی احسان کا رہین ظلم ظالم پر دہیان نکرنا اور غریبون کی کشتی مین نقصان کرنا
خلاف انصاف ہے اور اعتساب صاف ہدیۃ الاصنام آن پادشاہ ظالم را نفرین نکردن انبیا
ثابت شد انبیا و اولیا ہمیشہ ظالمین را نفرت میکردند و ایشان از خرق عادت براہ سعادت و ہدایت
قدم مے نہادند خسران دنیا و آخرت مے اندوختند فی الجملہ خضر بنقصان قلیل را از نقصان کثیر تر اہل کشتی
را محفوظ داشتند جواب خضر نے اوس بادشاہ کو نفرین نہین کی ور ہدایت دین نہین اگر کی ہوتی

Marfat.com

توقرآن و حدیث مین لکہی ہوتی چونکہ قرآن و حدیث سے مؤید نہین ہی اسواسطے آپکا قول لایق اعتبار نہین بر تقدیر یکہ خضر نے نفرین کی تو اوس دیکہنا تاثیر بخشی یا نبخشی در صورت اول شکست کشتی مقبول نہین تہی اور در صورت دوم دعا خضر مقبول نہین کہ کچہہ کام نکیا اور ظلم ظالم کا انتظام نکیا ورنہ ظالم ظلم مین ارتکاب کیون کرتا اور خضر کشتی کو خراب کیون کرتا **قولہ** انبیا و اولیا ہمیشہ ظالمین را نفرین میکردند الخ اس کلام کا حاصل یہہ ہی ہی کہ نہ دعا انبیا اثر پذیر ہی اور نہ دعا اولیا مین کچہہ تاثیر ہے کہ ہر چند انبیا و اولیا بددعا کرتے تہی لیکن ظالمین صد دعا کرتے تہی اگر ان کی دعا مین کچہہ اثر ہوتا تو لاجرم ظالمین کو ظلم سے حذر ہوتا چنانچہ جس جگہہ اوباش کو بادشاہ کامل دیا جاتا ہی اور جرمانہ بہی شامل کیا جاتا ہی تو چور چوری سے گہبراتے ہین اور قزاق راہزنی سے تہراتے ہین جبکہ بقول آپکے انبیا و اولیا کی یہہ صورت ہی تو اسقدر استخوان فروشی کی کیا ضرورت ہی اہل اسلام کو چاہیئے کہ رای عقلا سے اتفاق کرین و راہ طاعت مردگان بالای طاق دہرین **قولہ** خضر بنقصان قلیل تر از نقصان کثیر تر الخ محض غلط ہی کیونکہ اگرچہ غصب کرنے کشتی کے دو مین تختی توڑنا نقصان قلیل ہی لیکن نزدیک عقل یہہ دلیل بہت علیل ہی کہ صورت عدم غرق کشتی و اہل کشتی کا احتمال تہا پس بلاشبہہ نقصان کمال تہا کشتی مین پانی کا نہ آنا ظاہر امر اتفاقی تہا جماعت عظیم کے ڈوبنے مین کیا باقی تہا اسیواسطے موسی نے خضر پر زبان طعن دراز کی خاطر خواہ نیک و بد مین امتیاز دی اگر کوئی کہی کہ عدم غرق کشتی خضر کی خرق عادت تہی تو جواب یہہ ہی کہ بالکل تمہاری بلادت ہی اگر خضر کرامت رکہتا تو وہ ظالم اوسکی تیر دعا سے ہو کر سلامت بچتا القصہ خضر کو نہ طاقت اعجاز تہی اور نہ بد و نیک مین امتیاز ورنہ اوس ظالم کو زمین مین پیوند کرتا یا ملاحون کو نصایح ارجمند کہ اوسطرف کشتی روان نکرو اپنے ہاتہہ سے اپنا گہر ویران نکرو اگر اودہر روانہ ہوگی تباہی کا زمانہ ہوگی مؤلف اعجاز محمدی نے اس مقام پر اسقدر داد خرافت دی ہی کہ جعفر زٹلی سے بہی گوے سبقت لی ہی اب ہم بالکل اوسکا مطلب و مضمون بیان کرتے ہین اور فقرہ فقرہ کا بطلان

اعجاز محمدی این قصہ در سورہ کہف مع شان نزول مرقوم ست کہ موسی را خیال علم خود دامنگیر شدہ بود کہ ... باشد علم ازلی متنبہ ساختن خواستہ حکم گردید کہ از خضر ملاقات کند بعد

ملاقات خضر فرمود که تو طاقت رفاقت من نداری علم تو ظاهریست بر ظاهر حکم میکنی و خواهی کرد
و علم من باطنی که بامر عالم الغیب سرانجام مهام انام میکنم موسی اصرار کرد و شرایطها قبول خضر باول
وهله کشتی محتاجان را ناقص کرد بعلم باطن که انجامش بخیر بود چنانچه طبیب داروی تلخ بحال مریض تجویز
کند ثانیاً بچه را کشت موسی بیهوده امر اعتراض کرد خضر گفت نگفته بودم که تاب رفاقت من نخواهی آورد
باز موسی گفت ازین درگذر سوم بار اگر غلط کنم ترک رفاقت کن ثالثاً خضر دیوار کج را که قریب الانهدام
بود راست کرد این بار موسی گفت که چرا اجرت نگرفتی بر بنگاه ساکنان این موضع نان سوال تو
نداده بودند پس خضر بموجب وعده گفت هذا فراق بینی و بینک بعد ازین مقصد را شرح داد که آن
کشتی مال مساکین بود آن را ناقص کردم تا بادشاه ظالم که از عقب می آید آنرا غصب نکند و قتل
بچه بحکم خداوند قدیر بود که پدر و مادرش مسلمان اند و او باعث آزار ایشان خواهد شد و درستی
دیوار برای آن نمودم که در زیر آن خزانه امانت فلان مسلمان مدفون بود و موصی له هنوز نابالغ
است در صورت هدم دیوار ضرر مال و امانت نابالغی خواهد شد این همه کردم بحکم الهی کردم موسی
چون نبی ظاهر بود دانست که مرا علم ظاهر بادار علم استغنا کرد و بر حکمت جهان آفرین اقرار این اعتراض
بعینه بر معترض وارد میشود که نادان مشیوای اهتدا ازین اقسام فعل خونریزی و فساد و عناد و جنگ را
و غصب زنان وغیره مصدر شده است حالش مکرر گذارش یافت کتاب مفصل من ملاحظه فرمایند

جواب سورۂ کہف کا حوالہ دیجیے اور افترا پردازی کا پیالہ نہ پیجیے آپ کے اکثر فقرون کا
قرآن مین نشان نہین ہی بلکہ اون سے ایک بھی درمیان نہین ہی **قولہ** ہو شان نزول مذکور ست
فقط اس قول سے جانا جاتا ہی کہ ابھی تک آپکو معلوم نہین ہے کہ قرآن مرسل کیا چیز ہی اور شان
نزول کیا چیز متفق من قرآن مین کسی آیت کی شان نزول نہین ہے لہذا تا ابد آپکا قول مقبول نہین
ہے شان نزول تفاسیر مین مذکور ہوتی ہی اور اس بارہ مین مفسرین معتبرین کی سعی مشکور ہوتی ہی
جبکہ تمکو قرآن و تفاسیر ہی سے بیخبری ہی تو دیدہ و دانستہ دخل کرنا دلیل سکبری ہی ؎ چون ندانی
که در سرای تو کیست * تو برای فلک چه دانی چیست * قطع نظر ازین اگر آپکا دعوی صحیح ہی اور

Marfat.com

قرآن مین صرف شان نزول اس قصہ کی تشریح ہی تو ہاتھہ مین قرآن لیجیے اور کہا مینے نشان دیجیے
قولہ موسی را خیال اعلم خود دامنگیر شدہ بود فقط اس فقرہ مین یہہ ہی مذکور ہی کہ موسی اسقدر تکبر مین چور
ہے قولہ کہ دور باش علم ازلی الخ اس فقرہ سی یہہ ہی مراد ہی کہ دعوی موسی بی بنیاد ہی اللہ تعالی روز
ازل سے جانتا تہا کہ موسی کسی عالم پر فائق نہین ہی اور وقت دقائق نہین قولہ خضر فرمود کہ تو طاقت رفاقت
من نداری فقط یہہ گفتگوی خضر لایق صاد نہین ہی اور شایان استاد نہین کیونکہ موسی نی رفاقت حضرت
زنہار انکار نہین کیا اور اپنی بی طاقتی پر کسی بار اقرار نہین البتہ کار و بار خضر مین سوال سی باز نرہتا تہا
کچھ نہ کچھ کہتا تہا خضر ہی رفاقت موسی سی روگردان تہا اور ہر بار دامن کشان قولہ علم تو ظاہر است
ظاہر حکم میکنی الخ اس قول سی واضح ہی کہ ولی سالک طریقت ہی اور نبی مرسل بی حقیقت پس اہل
سنت کا یہہ عقیدہ کہ تعلق انبیا بہترین کائنات ہی محض واہیات ہی خلاف قرآن ہی اور گزاف شیطان
دیکہہ لو حضرت خضر نبی اولوالعزم کی متعدا ہین پس یہہ کہنا کہ اولیا تابع انبیا ہین جو کوئی فضیلت
مین اصرار کری اسکو چاہیی کہ اول قرآن سے انکار کرے کیونکہ سورہ کہف سی یہہ پیدا ہی کہ موسی امیدوار
شاگردی خضر کا خواستگار ہی چنانچہ قال لہ موسی ہل اتبعک علی ان تعلمن مما علمت رشدا یعنی موسی
نے کہا آیا تیری پیروی کرون مین بشرطیکہ مجہکو سکہلائی تو وہ چیزین کہ سکہلایا گیا ہی تو فقط اس آیت
مین لفظ علمت موزون نہین ہی کہ متعلق تقادیر صحیح نہین ہی فرمائیے کہ وہ شخص مجہول کون تہا کہ جسنے خضر
کو ہدایت کی اور منزلت ولایت دی اب ایک اور بہی نکتہ استماع کیجیے اور مسلمانون کو اطلاع دیجیے کہ
جیسی موسی سی خضر علم و فضل مین اعلی ہی ویسی ہی ابلیس بہی بالا ہی عنقریب اسکی تفصیل ہوگی جسمین جای
قیل و قال ہوگی قولہ با مر عالم الغیب سرانجام مہام انام میکنم فقط یہان دریافت ہوتا ہی کہ خدا اسلام نہ خالق ہی
نہ رازق نہ مالک ہی نہ مالک بلکہ معطل ہی یا آپکا قول مہمل ہی یہہ جملہ کام خضر کی اختیار مین ور میکائیل و
عزرائیل بہی بیکار ہین پس اہل اسلام کو چاہیے کہ عبادت خضر مین سرگرم رہین اور واسطے خوشنودی
معطل کے اسقدر مشقت روزہ و نماز نہ سہین قولہ موسی اصرار کرد و شرایطہا قبول نمود جبکہ موسی
نے تمام شرطین قبول کین اور پہر توڑ دین تو معلوم ہوا کہ موسی عہد شکن ہی اور پیمان برہمزن قطع نظر

ازین شرائط خود جمع شرط ہی اوسکی آخر با والف جمع محض خبط ہی **قوله** انجامش بخیر بود نقط غلط صحیح
ہی کہ خرق کشتی کا انجام خراب ہی جسکا نام غرق آب ہی اگرچہ با وصف خرق اتفاقاً غرق نہو وی لیکن
انجام وہی ہی اور خاطر نشین خواص عوام وہی **قوله** چنانچہ طبیب داروی تلخ بحال مریض تجویز کند الخ یہہ
تشبیہہ بی سود ہی بلکہ برعکس مقصود ہی کیونکہ طبیب حاذق بیمار و سقیم کو داروی تلخ دیتا ہی نہ کہ تندرست و سلیم
کو ملاح بیمار نہین تھی اور مبتلای مرض ظاہری و باطنی زنہار نہین البتہ بیماری ظلم بادشاہ کی لاحق حال
تھے اور سبب زوال دولت و اقبال تھی بیمار کی خبر نہ لینا اور تندرست کو داروی تلخ دینا خلاف حکمت
ہے اور برعکس طبابت اگر خضر حکمت و معرفت سی بہرہ ور ہوتا تو حتی الوسع مرض بادشاہ سر بسر کہوتا کشتی
کو کسواسطی خرق کرتا ملاحون کو کسواسطی بحر تردد مین غرق کرتا اگر خضر خردمند ہوتا اس قول سعدی
پر کاربند ہوتا **فقره** طبیب دارو ندہد جز سقیم را **قوله** گفت نگفته بودم کہ تاب رفاقت من نخواہی ورد
الخ یہہ قول خضر محض دروغ ہی کیونکہ تاب رفاقت نہ لانا اور بات ہی اور حال دریافت فرمانا اور بات
ہی موسی نی دریافت حال کیا تہا اور قتل معصوم و خرق کشتی معلوم سی سوال کیا تہا نہین معلوم کہ خضر سوال
سے کسواسطی ناخوش تہا اور دریافت حال سی کسواسطی دامن کش **قوله** موسی گفت ازین درگذر سہوم
را اگر غلط کنم ترک رفاقت کنی فقط یہان سے آشکار ہی کہ موسی غلط کار ہی مین راوس سی غلطی سرزد
ہوئی ساری نصرانی رد ہوئی **قوله** موسی گفت کہ چرا اجرت نگرفتی الخ اس قول سی واضح ہی کہ موسی
لالچی آدمی ہی اور اوسکی طمع کا دامن دراز تہا خدا داد پیشواؤن نہین تہا اور حرص ہوا سی آزاد نہین **قوله**
جدتش ہر سہ مقصد را شرح داد الخ اگر آپ چین بجبین ہوویں اور لعبتکان پیر خشمگین ہوویں تو ہم بھی
ایک کلام کرتے ہین در حقیقت حال سے اعلام کہ اسیطرح ابلیس بھی اپنی تلبیسات کی نکات بیان
کرسکتا ہی بلکہ اس بارہ مین خضر کا سر درگریبان کرسکتا ہی اسیواسطی فریدالدین
عطار نی ابلیس سی بھی علم سیکہا ہی **ابیات** روزی از روزہا کلیم اللہ خاص ... زایزد داد بار
شد ندا زبرای اوکہ برو پیش ابلیس منصب سالار و زین سخن تحفہ علم جید جست از خانقاہ
ہجو شرار راہ سر کرد در دو حکم نہاد رفت پیش آن لعین ناچار گفت ایزد برای ارشادم بر

Marfat.com

تو نہادی تاج مدار ❊ گفت من از دم ازل دارم ❊ طوق لعنت بگردن ادبار ❊ تو کلیم اللہی اری ننگ ❊
تو ندیم اللہی نداری عار ❊ من کجا و طریق این احکام ❊ من کجا و طریق این اطوار ❊ بزبان نیاز باز شرح
گفت ❊ کای تو در راہ عشق پاک عیار ❊ شرح کرد بیان تو می گفتی ❊ نکتۂ از براے من بگذار ❊ در تکلم در آمده
بکشود ❊ لب بگوہر فشان در شکر بار ❊ من بگو گفت تا چو من نشوی ❊ این سخن را ز من بجا طردار ❊ یعنی اول
چو من نشوی بیراہ ❊ زخم اوراسیر سینہ بیار ❊ چون نشوی [illegible] بی از آن ❊ ہرچہ خواہی بگو
باک مدار ❊ آب را تو تمام [illegible] ❊ خویشتن را تو در میانہ مبین ❊ شد
سکندر راز میان بردار ❊ [illegible] آب ست ہمے نمائیم لولوی شہوار ❊ [illegible] آہیم ما و با ما
بہم آمیختہ شکر کردار ❊ [illegible] آب بہم ❊ گرچہ آمیختہ [illegible] کردار ❊ الخ یہان سے ثابت ہی کہ
موسی نے بحکم ربانی [illegible] ابلیس کی تعظیم کی [illegible] معرفت کی تعلیم لی پس تمہاری
[illegible] ثابت ہوا کہ جیسے خضر دانای اسرار ہے ویسے ہی ابلیس بھی معرفت کار ہی جیسے موسی
خضر کا مرید ہے ویسے ہی ابلیس کا شاگرد رشید ہی پس دونون مین کون تفریق کر سکتا ہی کہ ہر ایک بدرجۂ
غایت تحقیق سمجھتا ہی البتہ خضر اپنے تئین برترین عارفین جانتا ہے اور ابلیس نے تئین بعین بیدین
ناشناہی پس دونون مین ایک ہی زرق و برق ہی صرف صفت تکبیر و تواضع کا فرق ہی چونکہ خود کی
سے خدا کو عداوت ہی اس راہ سے دونون مین بڑی تفاوت ہی مگر حق شناسی مین دونون ایک
[illegible] دنیک ہین موسی کو دونون پیر ہین اور راہ خدا مین دستگیر ہین ای مسلمان نادان مرض
حماقت سے افاقت حاصل کر اور پیران پیر کی رفاقت قولہ تا بادشاہی ظالم کہ از عقب مے آید الخ یہان
مؤلف اعجاز محمدی نے خدای محمدیہ سے نسبت بیکاری کی ہی اور مخالفت قرآن اختیار کیونکہ خود قرآن
مین جیلانیہ مذکور ہی کہ وہ کشتی [illegible] کی بادشاہی تھی چنانچہ وکان
وراءہم ملک یاخذ کل سفینۃ غصبا یعنی حال آن بہت [illegible] پس ایشان بادشاہی کہ اورا
جلندی بن کرکر گویند میگیرد [illegible] نذکانی جیسی یہان
سے پیدا ہی کہ مؤلف اعجاز محمدی کو پس و پیش کی تمیز نہین [illegible] روش و نیش کی تمیز نہین

[illegible] علم و دانش پر ناز ہو اور دعوی اعجاز **قوله** قتل آن بچه بحکم قادر قدیر بود الخ اسیطرح سی ابلیس
[illegible] تقریر [illegible] کرتا ہی اور اپنے تمام افعال کا قادر قدیر رجوع پس کیا دھکیه شعر از عارفین ہو دی
[illegible] ہین **قوله** از علم استغنا کرد فقط موسی نے علم سے استغنا نہین کی بلکه ہر بار تمنا
[illegible] آپ کی [illegible] ہی اور موسی [illegible] **قوله** بحکمت جہان آفرین اقرار کرد الخ یہان سے واضح ہی که
[illegible] پہلے سے حکمت جہان آفرین سے انکار کرتا تہا اور منافی ایمان گفتار جسکو عذر [illegible]
[illegible] یاب ہو انکار دیرینه سے [illegible] تائب ہوا **س** بحمد الله موسی مسلمان شده از کفر قدیم پشیمان
[illegible] **قوله** نار د دشمن بدترین [illegible] قبیح اثم فعل خونریزی الخ نار د پر بہتان نه کیجے اور تہمت بازی
[illegible] جان نه کیجے نار د ذات مین سے کوئی کام نہین کیا آپ نے خلاف عادت مومنین الزام دیا نوبت دشنام
[illegible] پہنچی اور جرأت اتہام پائی ہمارا کیا نقصان ہی آپ ہی کا زیان ہی **س** لگی منہه بهی چڑانے دیدے دیگر
[illegible] زبان [illegible] کی بہی خبر لیجے دہن بگڑا نار د نے کسی کا خون نہین کیا اور کوئی کار
[illegible] نہین نه کسی سے فساد کیا نه حق سے عناد کیا نه کسی سے جنگ کی [illegible] حیا و ننگ کی نه کسی کی
[illegible] تباہ بنی ہی بقول شخصی **ع** انچه خوبان همه دارند تو تنها داری * محمد صاحب
خونریزی وغیره تمام افعال کے مصدر ہین و جمله انبیا سے بڑہکر ہین تمام عمر اونہون نے جدال و قتال کئے
اور [illegible] بری اعمال کئے کسی کی عورت چہینی اور کسیکی دولت نار د بیچاره ایک فقیر ہی گنج ریاضت
مین گوشه گیر ہی خلق [illegible] وارسته ہی پیوسته عرفان ایقان مین دل بسته ہی [illegible]
[illegible] ویراگ [illegible] کب خست ہی اور رنگ و راگ دنیا کی کب درست ہی مولف اعجاز محمدی الجواب
[illegible] اور [illegible] درحجاب اب سوط الجبار کا زد ہی اور جہوٹے کی پشت پر تازیانه حد ہی ——
سوط الجبار طریق خلاو خلال بچنان است [illegible] درست [illegible] شکست یک تخته بود در بادبان [illegible]
کشتی درست [illegible] ہلاک و غرق کسے [illegible] اگر چیزی که [illegible] کشتی میگرفت آن
کشتی را غرق بود و بہتر بود با این مثل در دندان [illegible] فتد برای صحت جمله بدن آن دندان را
[illegible] کنند [illegible] انگشت کسے میگزد [illegible] قطع می کنند تا از ہلاک جسم وارہد صد ہزاران

انچنین اشتباه است مگر معترض بیچاره که از عقل معذور است از صد هزار یکے بہ نظر انصاف نمے بیند
اگر نیکو نظر کند بپندارد که مدار نظم عالم بر ہمین کار است **جواب** اگرچہ طبیعت سخن رس کو بحث لفظی
گوارا نہین ہی لیکن مجبوری اسسے چارا نہین ہی کہ لفظ و معنی دونون لازم و ملزوم ہین ورنہ مانند
علم و معلوم بس فرمایئے کہ آپکی علم و فضل کی کیا صورت ہی اور بعد بہچان حذف کاف بیانیہ کی کیا ضرورت
ہی کسواسطی کاف قلم انداز ہوا کسواسطی خلاف قاعدہ عبارت کا پرداز ہوا اسی لیئے و شعور پر ناز تہا
اور دعوی عقل و امتیاز جو کوئی فن لغت و محاورہ سے ماہر ہے اوس مرد خدا پر ظاہر ہے کہ یہان لفظ
درست درست نہین ہی اور جناب کی تقریر و تحریر صحیت نہین ایسی جگہہ لفظ درستی آتا ہی جیسا کہ اکا
پیر مخدوم ملای روم فرماتا ہی **ے** گر خضر در بحر کشتی را شکست * صد درستی در شکست خضر ہست *
باوجودیکہ شعر ملای روم چند سطر بعد آپ نی بھی مرقوم کیا مگر جای تعجب کہ اوس سے فرق درست
و درستی نہ معلوم کیا کیون معلوم کرتے اور کسواسطے اپنی سرشت سی پہرتے آپ اون ہی لوگون
سے ہین کہ جنکے کان و دل پر خدای محمدی نے مہر لگائی ہی اور جن کی شان مین آیت سورہ کہف
نازل فرمائی ہی اب بحث معنی ہی اور رد تقریر لایعنی غصب کشتی نہ تحقیقی و یقینی تہا بلکہ وہمی و ظنی تہا
کیونکہ یہہ قید نہین ہی کہ ظالم ہر وقت ظلم کرے اور ہر شخص کی گردن پر چہوری دہرے شاید کہ
ملاحون کو رحمت نہ تیا اور غریبون کی کشتی نہ لیتا اور درصورت عدم کشتی یقین غرق تہا اور
زندگی اور موت مین کیا فرق تہا ادنی و اعلی جانتا ہی کہ جسوقت کشتی شکستہ ہوتی ہی امید سے آدمی
بستہ ہوتی ہی جبکہ معاملہ کشتی آبی ہوتا ہی خرد و کلان کو یقین خانہ خرابی ہوتا ہی قطع نظر
ازین در صورت غصب کشتی صرف کشتی کا نقصان تہا اور در صورت غرق کشتی جماعت کثیر
کا زیان جان تہا اور یہ کہ کشتی نہ ڈوبی تھی اتفاق کی خوبی تہی ایسا اتفاق نادر پڑتا ہی اور
نادر پر حکم کون کرتا ہی **قطعہ** گہ بود کز حکیم روشن رای * بر نیاید درست تدبیری * گاہ باشد
کہ کودکی نادان * بغلط بر ہدف زند تیرے * پس خرق کشتی خالی از حکمت ہی اور منافی رحمت
اگر کوئی عالم سمجھ اندک غور کریگا خطا خضر یقین فی الفور کریگا بس آپ جو فعل خضر کو

Marfat.com

بطریقہ عقلا وحکما بیان کرتی ہین اپنی نادانی عیان کرتے ہین حکیم علیم دیدہ ودانستہ جاہ زیان مین نہین
گرتے اور ذراسی فایدہ کی لئے خطر جان مین نہین پڑتے اگر آپکو عقل وحکمت سی کام ہوتا تو کب گردن مین قلادہ
اسلام ہوتا دونون مثالین آپکی مثل زہد ہاروت وماروت ہین اور محض بے ثبوت کہ شفاخانہ سرکاری میز
ایک دو دانت ہر روز توڑا جاتا ہی لیکن کسی سی کرمک نہین آتا ہی اگر شک ہووے تو دندان شریف
تڑوائیے اور ضربت بابو صاحب کہائیے یقین ہے کہ کوئی کرمک نمودار ہوگا جبتک کہ دندان شکن ہکار ہوگا
اسیطرح آجتک نہین دیکہا گیا کہ کسی کی انگلی مین سانپ نے کاٹا فی الفور انگلی کاٹی گئی اور جان سلامت
رہی اس قسم کی جسقدر کہانی ہین جسملہ تراشیدہ نادانی ہین بالکل بے اصل ہین اور خلاف عقل غرض کہ
آپ کی مثالین نہ مطابق قول بوعلی سینا وجالینوس ہین نہ موافق عمل اہل فرنگ روس اگر دعوی
طبابت ہووے تو کتب طب سی ثبوت لائیے ورنہ دارو سکوت کہائیے بر تقدیریکہ آپکی مثالین زبردستی
حکمای عقل وفضل عرض کیجاوین اور صحیح فرض کیجاوین تو بھی ظلم وجہل حضرات دو آئے ہے اور دور از شفا کیونکہ
انسی بیمار نہین تہی اور گزیدہ مار نہین پس کسواسطی کاٹی گئی اور مجروح کی گئی اگر طبابت حضرات قیامت
تک نہ ہوتی تو کس کی جان سلامت رہیگی نیم حکیم خطرہ جان ونیم ملا خلل ایمان حضرات صاحب کو چاہئیے کہ اول
اپنے مرض معلوم کی دوا کرین اور اپنی مس کو کیمیا بعد ازان خواہ دست بیمار پکڑین خواہ انگشت
گزیدہ مار کترین معالجہ بیمار سی ہاتھ اوٹھانا اور تندرست کو دوا کہلانا خلاف حکمت وعدالت ہے
بلکہ سراسر بطالت وضلالت ہے بیمار بادشاہ تہا جسکا دل زنگ ظلم سی سیاہ تہا اگر جناب حضرات
قانون حکمت سی خبردار ہوتے اور گاہ گاہی معالج بیمار تو بادشاہ کے دانت توڑتی یا سر پھوڑتی جہان
کرمک ستم کا گذارا تہا جس مین سودا ظلم نے جوش مارا تہا حضرات نے تشخیص نہین کی بلکہ شراب بیہوشی پی
کر متعصبی غضب الہی او حلیم کو دارو دی اگر مولوی صاحب برأت حضرات مین کوئی دلیل رکہتے ہو وین تو
اثبات کرین اور دو بد دبات کرین سے گہہ قمار آن یار رو برو باشم ❊ جز این مراد ندارم کہ دو
بدو باشم ❊ یہانتک آپ کی دونون مثالین رد ہوئین اور تقریباً طرح طرح کی باتین سرزد اب جناب
کی باقی ماندہ افکار پر نظر کرتے ہین اور ایک دو دم آرام سی بسر کرتے ہین **قولہ** صد ہزاران

اینچنین شباہ است الخ بہرحال کلمۂ صدہزار بمعنی لک ہے اور یہہی مقصود جناب ہے شک ہی پس لاکہہ
لکہیرے کی دکان مین ہی یاگیی کی زبان مین وردگوئی آپکی آبائی ہے اور نسلاً بعد نسلاً مولوی
محمد علی مین ہی ہی بلا شبہہ آپ کی صدہزار کے انتظار دیدار نے معترض کو عقل سے معذور کیا اور مجنون مشہور
اب بہر خدا اون صدہزار کے اسمای متبرکہ تحریر فرمائیے یا حجاب استتار سے باہر لائیے نظر اغیا سے بچائیے
عاشق زار کو دکہلائیے آپکا نام ہوگا اور ہمارا کام افسوس یہہ تمنا باقی ہے اور اون صدہزار کی ملاقات
اتفاقی ہے لیکن غم نہین ہی اور سطح کا الم نہین کہ بقول شخصے یار باقی صحبت باقی اگر مردان معنی سالمت
ہین ور مولوی باکرامت تو لاجرم حال مشتاقان پر خیال کرینگے اور اون صدہزار خورشید دیدار کو متلاشی
رجال کرینگے اوسوقت ہمارا قلم گوہر افشان بھی خدمت بجا لائیگا اور جرأت دست درازی پائیگا
ہر ایک پر چشم ... باز کریگا جیسا کہ چاہئے سرفراز کریگا اور ہر گرم بازاری نازہ ہوگی اور ہمین ارزانی
متاع نیاز ہوگی اگر ہماری زندگی باقی نرہی اور یہہ آرزو ساتھ ہی ہے تو حکم قضا سے ناچار ہین
تابع رضای آفریدگار ہے ؎ ورنہ مانیم عذر ما بپذیر ✽ ای بسا آرزو کہ خاک شدہ ✽ **قولہ** اگر
نظر کند پندار د الخ اب ایک ایک کو جلوہ دیجئے یارون کی نذر کیجئے جیسی کہ چاہئے نظر ڈالینگے
خاطر خواہ دل کی ہوس نکالینگے آپ کو بہی خوب راضی کرینگے جونپور کا قاضی کرینگے ہم ہمارا ...
آپ کی ابکار افکار کی دیدار مین مشغول رہے اور اصل مطلب بہول گئے ؎ کجا بودم الخ
فتادم کجا ✽ عنان سخن شد ز دستم رہا ✽ اب پہر اصل مطلب کی فکر ہے اور داستان خضر سے کہ خضر
نے کام کا کام نہین کیا اور ظلم ظالم کا انتظام نہین گلوی انصاف شاخ شاخ کیا اور کشتی
سوراخ کیا طویلہ کی بلا بندر کے سر اس مثل مشہور کی تائید کی اور پریشانی خاطر ملاحان
ازمزید کی اقتضای انصاف یہہ ہی تہا کہ ظالم پر نفرین کرتا اور ملاحون کی تسکین **سوط التجلی**
معترض نمی پندارد کہ **قطعہ** آہنے راکہ مورچانہ بخورد ✽ نتوان برد ازو بصیقل زنگ ✽ با سیہ
دل چہ سود گفتن وعظ ✽ نرود میخ آہنی در سنگ ✽ اگر آن ... را از نفرین اصحاب خطا
باک بودی دست تطاول بر سفائن چرا دراز کردے اگر معترض را امتحان آن مقصود ست

Marfat.com

درہمین سال وقتی کہ عزم فوج شاہی بسوی گردد ارابہ با جمع کردہ شود بفحع سرہنگ کہ بر جمع کردن ارابہ
مامور شد برخیزند و نفرین بروی آغاز نہند یقین ست کہ چنان آن زار کشند کہ رنگ رخ بریزد و خفتہ تازہ
برخیزد و بمالک ارابہ ہمین اندرز مناسب نماید کہ بگویند کہ صبر کن ای برادر ازین طرف ارابہ نوازد
رفت و ازان طرف ایمان بردگان **جواب** بحث لفظی سی ابتدا کرتا ہون اور اہل حق کو
ندا کہ میانجی کو طفل مکتب سی بھی تقابلہ کا ذہن نہین ہے اور علم لغت سی اصلا بہرہ نہین آپ معنی لفظ
نفرین نہین جانتے ہین ناحق اپنے تئین برتر عالمین مانتے ہین تا بہم جمع کرنے سی کوئی ملا نہین ہوتا اور
وزیر کے آگے دوڑنے سے کوئی پیشوا نہین **ابیات** نہ محقق بود نہ دانشمند + چارپایہ
برو کتابی چند + آن فرومایہ را چہ علم و خبر + کہ برو ہیزم است یا دفتر + اگر آپکو ترجمہ صحیح لفظ
نفرین معلوم ہوتا تو بی محل قلم مبارک سی قطعہ سعدی کیونکر مرقوم ہوتا پس لا کلام آپ نے کلمہ
نفرین بمعنی وعظ و پند گمان کیا اور برخلاف کتب لغت مان لیا اسیواسطے بعد نقل قطعہ سعدی
کلمہ نفرین بطرف ناصحان مضاف کیا ہے اور اپنی غلطی پر صریح اعتراف کیا ہے اب یہ بات ہی منہہ
ہے کہ تم اپنے تئین لغت دان کہتے تھے اور صرف و نحو مین یکتای زمان معلوم ہوا کہ آپ ابجد خوان
ہین در عقل دبستان ور از خواب غفلت سی بیدار ہو تو اور نشہ جہالت سی ہوشیار ہو تو نفرین ناصحان
غلط صریح ہے اور بیجا اوسکی نصیحت ناصحان و ... آن ... نفرین بکو ناصح ... نسبت نہین
ہے آپ کی عقل متین پر آفرین ہے لفظ نفرین معنی دعا بد ہے اور آپکا وہم ... دل واجب رد ہے
ہاں طفل ابجد خوان پر تفضیل نہین ہے اور تمہاری بوستان تک بھی تحصیل نہین اگر مطالعہ بوستان
کی استعداد ہوتی تو بالضرور یہ بیت یاد ہوتی ع نہ ... کہ نفرین کنند از پست + نکو باش تا
بد نگوید کست + غرض کہ لفظ نفرین مرادف وعظ و پند نہین ہے گو مولوی جی ... تصدیق کی
ہین مگر پیرایہ علم و ہنر سے عاری ہین ... آپ کی ... ارابہ ... سی جناب کی
کم استعدادی شایع ہے کیونکہ اس لفظ کو ... مین حذف کیجاتی ہے آپ نے
اوسکو محذوف کیون نہین کیا یا عقل و شعور سی کام کسیواسطے نہین لیا جبکہ تمکو ایسی ...

ہی اعمال سی کانا و اندہا ہوتا ہی اور اپنی ہی افعال سی گونگا و بہرا ایک کی عمل ہی دوسرے کو دخل نہین ہی
زید کی گناہ مین بکر کا قتل نہین ہی ہمنے ابطال التناسخ مین کی پانچوین جلد رسالۂ اعجاز ہند مین اس

مرکا بیان مفصل کیا ہی درمنثور مین مرقوم ہی کہ ولدالزنا دخول جنت سی محروم ہی چنانچہ (اخرج ابن شیبہ والنسائی والحاکم والبیہقی عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لایدخل الجنۃ عاق ولا ولدزنا ولا مدمن خمر ولا منان) واہ واہ بکر مرتکب کردار بد ہووے اور عمر سزاوار ہو محدث ابن قیم نی تنجید الشیطان کی خاتمہ مین لکھا ہی کہ تمام قتل ناحق کا کچھ حصہ قابیل کو پہونچتا ہی چنانچہ (وقد ثبت فی الصحیح عنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال مامن نفس تقتل ظلما الاکان علی ابن آدم کفل من دمہا لانہ اول من سن القتل) یعنی روایت صحیح مین آنحضرت سی ثابت ہوا ہی کہ جو نفس ظلم سی قتل کیا جاتا ہی اوسکے خون مین سی ایک حصہ آدم کی بیٹے پر پہنچتا ہی اسواسطے کہ طریق قتل کو اول وہی نی جاری کیا ہی فقط **قولہ** قصہ راجہ سرجات کہ بسبب بدکاری دخترش خود راجا و لشکر راجا کور گردید الخ معلوم ہوا کہ آپکو صرف و نحو فارسی مین بھی دخل نہین ہی اور مفرد و جمع سمجھنی کی عقل نہین ورنہ راجا و لشکر دونون کی لئے کلمہ گردیدند لاتی بجای صیغہ جمع صیغہ مفرد تسوید نہ فرماتی مسلمانی پر اسقدر تصرف نادانی ہی کہ ہم لوزبان و نذات کو دعوی سحبانی ہی کوئی پرسان حال نہین ورنہ سیاہ دست رس گوشمال نہین بعد لفظ لشکر تکرار راجا بھی بیفایدہ ہی اور خلاف قاعدہ صرف ایراد ضمیر کافی ہی اور کلمہ لشکرش وافی اگر طبیعت اہل اسلام رسا ہی تو بحث لفظی اسیقدر خوشنما ہی کہ جسوقت مولوی جی کی کسوت کا امتحان لینگی تو سمجھ جان لینگی کہ آپ کی اسقدر استعداد ہی اور یہ تمام ہا و ہو ماننداواز دہل کی بنیاد ہی جیسی آپکے الفاظ خلاف عقل ہین ویسی ہی معنی بھی برعکس نقل ہین ہمارے مذہب کی کسی کتاب مین منقول نہین ہی اور علمای ہنود کو ہرگز مقبول نہین کہ بکر کی بدکاری کا عوض عمر کو ملتا ہی اور نافرمان کا پھول پایمال پر کھلتا ہی بلا تامل راجا و لشکر اس جنم یا پہلی جنم کی گنہگار تھی نہ گناہ دختر سی خود گنہگار تھی البتہ بواسطہ دختر اونکو کیفر کردار ملا یہی حکم کردگار ملا یہ خاصیت اسلام ہی کہ گناہ عمر کا [illegible] ہی ذرا اپنی گھر کی خبر لیجئے اور کتب اسلامیہ پر نظر کیجئے **۵** حیف ہی کہ آپ متعرض ہی منہ :: اپنی بھی گھر کی نہین ہمکو خبر :: اسیطرح ایک کی وضو ہونا دوسری مین انتقال کرتا ہی اور حدث امام مقتدی کی نماز کا ابطال کرتا ہی اگر میانجی اس بات سی اعتراض کرینگی تو فقہای محمدیہ پر اعتراض کرینگی کیونکہ

فقہا نے لکہا ہے کہ اگر امام کو نماز مین حدث واقع ہووے تو مقتدی کی نماز بھی ضایع ہووے فرید الدین عطار
نے تذکرۃ الاولیا مین رقم کیا ہے کہ ایک دانشمند بایزید بسطامی کے ساتھہ بے ادبی سے پیش آیا اور بایزید
بے ادبی اوس نے اور اوسکی اولاد نے پایا بجنسہ عبارت تذکرۃ الاولیا یہہ ہے **نقل ست** کہ شیخ یکبار
پای دراز کردہ بود دانشمندی بہ خاست تا برود پای بر پای شیخ فرو نہاد گفت ای نادان چرا چنین کردی
گفت چہ میگوئید طاقت ندارد گفتہ ست بیمار در پای دانشمند خورہ افتاد گویند کہ بجندین فرزند
دران ملت سرایت کرد وار بزرگی پرسیدند کہ چون ست کہ یک تن گناہ کرد و عقوبت آن بدیگری
سرایت کند چہ معنی دارد گفت چون مردی سخت انداز بود تیر او دورتر رود انتہی غرضکہ کتب محمدیہ
سے یہہ ہی آشکار ہوتا ہے کہ زید کے گناہ مین بکر بھی گرفتار ہوتا ہے چنانچہ موسی نے ایک مور کے گناہ
مین بہت سے مورونکو جلا دیا اور بسبب بلاے ناگہانی مین مبتلا کیا حسب حدیث مین یہہ مذکور ہے اوسمین یہہ بھی مسطور
ہے کہ خداے محمدیہ گنہگارون کے شہرون کو ہلاک کرتا ہے جن مین نیک لوگ بھی رہتے ہین جو کہ
اسلام کی تسبیح کہتے ہین فقط اس سے یہہ ہی لازم آیا کہ ایک کا گناہ دوسرے کی گردن پر سوار ہے اسی پر
عدالت محمدیہ کا دارومدار ہے اسی طرح بخاری مین روایت ہے کہ جب نمرود نے ابراہیم کو آگ مین ڈالا
تب سب جانور آگ کو بجہاتے تھے مگر گرگٹ پہونک پہونک ٹہرکاتا تہا لہذا اس ہذیان کے قتل مین
ثواب ہے فقط اس حدیث سے یہہ ہی معلوم ہوا کہ ایک کا گناہ اوسکی کل نوع مین منتقل کیا جاتا ہے سطح
عدالت محمدیہ مین پاداش عمل دیا جاتا ہے اگر میان محمد علی اس تفسیر سے منکر ہین تو کیونکر گرگٹ کے
مارڈالنے پر مصر ہین اس قسم کی جملہ آیات واحادیث کا یہہ ہی مقصود ہے کہ عدالت خداے اسلام مردود ہے
جلد دوم تفسیر حسینی مین مذکور ہے کہ سامری شامت معصیت سے ایسی عقوبت مین مبتلا رہا کہ اوسکو تپ
جو کوئی خویش و تبار جاتا تہا اوسکو اور سامری کو بخار آتا تہا اسواسطے سامری وحشی کی مانند جنگل
مین عمر بسر کرتا تہا او صحبت مردم سے حذر بعضے تفاسیر مین ہے کہ ایک جماعت اولاد سامری سے
فی الحال بھی اسی عقوبت مین گرفتار ہے اور ایک کا گناہ دوسرے کی گردن پر سوار ہے انتہی
سامری کا عجیب عصیان تہا کہ پاس جانے والے اوسکے بہی وبال بجان تہا دیکھو اسلام کی

پریشان ہی کہ گناہ آبا و اجداد آل و اولاد کی حق مین ایذا رسان ہے میان محمد علی عبارت
تفسیر حسینی سی ایک دو لفظ کم کرکے اور عالم معنی پر ستم کرکے حصہ دوم سوط الجبار مین جواب تیری
مین گویا کہ خارزار جہل مرکب کو آب دیتی ہین **سوط الجبار** اگر سامری ایسی مرض ذات
الالتہاب مین مبتلا ہوا کہ اوسکے تعفن و التہاب خلاط کی سبب سے ہوا اوسکی پاس کی سمیت پیدا
ہونیکے باعث حمی پاس جانیوالون کی ہو جاتی ہو تو از روی قواعد طبیہ کے یہ مستبعد نہین ہی اوسکو
مسئلہ متنازعہ سی کیا مناسبت ہی **جواب** مفسرین پر تہمت طرازی نکرو اور عبارت
تفسیر مین دست اندازی نہ کرو حسین واعظ نے یہ کہین نہین لکہا کہ سامری کسی مرض مین
مبتلا ہوا بلکہ سورہ طاہا کی تفسیر مین یہہی تحریر کیا ہی کہ جو کوئی اوسکی پاس یار و اغیار جاتا اوسکو
و سامری کو بخار آتا اسواسطے سامری شہر و دیار سی دست بردار ہوا اور آوارۂ دشت ادبار اصل عبارت
حسینی مع آیت قرآن اسطرح پہہ ہی (قال) گفت موسی مر سامری را کیعون مرا از قتل تو منع
کردند (فاذہب) پس بیرون رو از میان ما (فان لک) پس بدرستیکہ ہست ترا از عقوبت
(فی الحیوٰۃ) در زندگی (ان تقول) آنکہ گوئی ہر کرا کہ نزدیک تو آید (لا مساس) مس مکن مرا
دور شو و چہ مقرر شدہ بود کہ ہر کہ نزدیک شود بوی او را و آنکس را ہر دو را تب گیرد پس مردمان
از وی متنفر شدند و او تنہا چون وحشیان در صحرا میگشت و ہر کرا از دور میدید مبالغہ میکرد کہ نزد
من میا و در بعضی تفاسیر ہست کہ جمعی از اولاد سامری درین زمان نیز ہمین حال دارند انتہی تمامیہ
کر علت شیخوخت نے آپکی عقل لی ہی اور کاندہے سے ردائے حیا اوتاری ہی کہ عبارت تفسیر مین
کم و بیش کرتے ہو اور جہوٹی تقریر پیش خدا اس علت سی امان دی اور عزت و آبرو سی جان کی
ع عمرے کہ بخواری گذرد کوتہ بہ ۔ قطع نظر ازین عبارت تفسیر مین لفظ عقوبت واقع ہی
اوسکی معنی مرض ذات الالتہاب نہین ہی آپکو خوف روز حساب نہین کہ جہوٹی باتین بناتی ہو اور
و تفسیر پر تہمت لگاتی ہو اگر سامری کسی مرض مین گرفتار رہتا تو کیونکر تارک خویش و تبار ہوتا کسواسطی
صحرا گردی اختیار کرتا اور کسواسطی لوگون کو اپنی پاس آنے سے ممانعت با صرار کرتا کہ اوسکا کچہہ نقصان

Marfat.com

نہ تہا اور حضرت عزیر پر اصلا حیا ہی نہ تہا اور نہ بنی اسرائیل کا شیفتہ ایمان چہوڑ نکرتا کسی کو شرا
شرک سے محفوظ نکرتا اگر حضرت عزیر ملحوظ ہوتی تو کیونکر کسیکی اضلال مین طبیعت محفوظ ہوتی گمراہی بنی
اسرائیل مین ساعی نہوتا لشکر ابلیس کا راعی نہوتا سامری کو کوئی بیماری لاحق حال نہ تہی البتہ صحبت
انعان کی مجال نہ تہی ذرا ایمان کو سنبہالو ذرا قرآن کو دیکہو بہالو تفسیر حسینی حاضر ہی ہر لنتر آپ کی
خیانت پر ناظر ہی قطع نظر از ین طب کا حوالہ دیجئی اطبا مین بنا منہہ کالا نہ کیجئی حکمت لقمان کو سیکہا نی
زیرہ کرمان کو نہ لیجائیی بندہ بہی قواعد طبیہ سی گو نہ خبردار ہی اور واسطی دفیعہ مرض موروثی مسلمانی
کے لیں وہا نسخہ نگار ہی نام مصنف وکتاب لیجئی نشان فصل وباب دیجئی کہ تصنیفات بو علی جالینوس
مشہور ہین فرمائیی کہ وہ قواعد طبیہ کس نسخہ مین مسطور ہین اول تو آپ نیم ملا خلل ایمان ہی تہی
اب نیم حکیم خطرہ جان بہی ہی آپ کی مستندہ قواعد کسی کتاب سی مستفاد نہین ہین اور اطبا کی
یاد نہین شاید کہ مخزن مفردات جعفر زٹلی مین مرقوم ہوں یا سفینہ سید میان محمد علی مین آئی
دروغ بیفروغ سی مقصود جناب ہوری ہی کہ میاں جی نی بجب کام کیا کہ جواب تحفۃ الاسلام دیا
سمجہ لیجئی کہ اگر جہوٹ بولنی سے نام ہی تو مسیلمہ کذاب آپکا امام ہی آپ سی جہوٹی بہت گذری ہین
کہ اونکو آپ پر فوق ہے مگر کیا فایدہ کہ گردن مین لعنت کا طوق ہی کون نہین جانتا کہ نیش کی
سزا نیش ہی اور کردنی خویش آمدنی پیش ہی جن لوگون کا ناعاقبت اندیشی شعار ہی اونکا
مضمون ہذا پیدا رکار ہی **ع** اپتو آرام سی گذرتی ہی ٭ آخرت کی خبر خدا جانی ٭ ہمارے
مخالف کی جستجو کا یہی آغاز ہی جسپر اسقدر ناز ہی انجام کار دوزخ مین ٹہکانا ہی اور آتش کا
زمانہ ہی ہرچند نمرود وشداد وفرعون نی اپنی تئین خدا ٹہیرایا آخر کار کیا پہل پایا نہ وہ تاج ہی
نہ خراج نہ تخت ہی نہ رخت نہ مال ہی نہ جمال نہ جوانی ہی نہ زندگانی کوئی نام نہین لیتا جب تک اتنا نام
نہین دیتا آپکا مضمون کسی کتاب مین نہین ہی درجناب کا مرض علوم اطبا کی حساب نہین شاید کہ
آپنی کسی بیطار سی سنا ہی کہ کوئی مرض بیاذات الالتہاب ہوتا ہی کہ مریض کی قریب کی
والون کو لگ جاتا ہی اور مانند خارش مین لگ جاتا ہی ... مین مرقوم ہی اور آپکو بہی

Marfat.com

معلوم ہی کہ مرض الموت مین محمد صاحب کو ایسی تپ ذات الالتہاب تہی کہ نمونۂ آفتاب روز حساب تہی مگر
انکی پاس کی ہوائی سمیت پیدا نہ کی اور قریب جانیوالون کی باعث حتمی نہوئی آخر ذکر آدم میرے مولوی
جی نے نہایت بے تمیزی کی ہی اور سند تفسیر عزیزی دی ہی کہ آدم سی گناہ بارادہ خود نہین ہوا اور بہ ہوای
نفسانی فعل بد سرزد نہین بلکہ گناہ آدم از قبیل لغزش پا ہی اور مشتمل بر حکمتہا **سعود الحجاب** شاہ
عبدالعزیز در تفسیر خود نوشتہ کہ انچہ از انبیا خلاف شرع صدور می یابد بعجز گناہ نمی باشد بلکہ بطریق زلت است
دبس ای معترض غافل سر از گریبان بر آر و بشنو کہ نار دشمن گناہ زا آگاہ می ساز ند شش مولود دیوک
ہیجم از دست کدشت جل کنند یا آنکہ نفس قصداً آنان نمید انست و ہنگام استفسار را جہ تحقیت
شاد یحی توجیہ آن بدین نمط فرمودند کہ نار دشمن کار خوب کرد کہ اگر ظلم کنش زحد گذرد شری
ہنگو ان زودتر ظہور فرمایند دہیا دوم سکند دہم ہجا گوت ملاحظہ فرمایند **جواب** ہر شخص جانتا
ہے کہ کسی چیز کا کہانا اور شکم مین فرو لیجانا بے ارادہ فعل دانستہ سی بسیار دور ہے اور شرح اسکی بالتفصیل
مذکور ہو چکی پس آدم نے بلا تامل بہوای نفسانی گندم تناول کیا اور بڑی جان پر آپ ظلم کیا اور جس شخص کے
کہ زلت قدم پیش آتا ہی اور جو کوئی پہسل جاتا ہی وہ اپنے ظلم پر ہرگز اقرار نہین کرتا اور دوسرا بھی اسکو
ظالم شمار نہین کرتا حالانکہ خدای محمدیہ نے آدم کو ظالم قرار دیا اور آدم نے بھی اپنے ظلم پر اقرار کیا
چنانچہ سورۂ اعراف مین ہی فتکونا من الظالمین یعنی پس ہو جاوگے تم ظالمون سے فقط اوسی سورہ
مین ہی قالا ربنا ظلمنا انفسنا یعنی کہا دونون نے ای رب ہمارے ظلم کیا ہمنے جانون اپنی پر فقط
علاوہ اسکے آدم فرشتہ ہونے کی امید رکہتا تہا اور تمنای سکونت روضۂ جاوید جو کوئی کہی کہ کسی چیز کی
امید و تمنا بلا ارادہ ہی وہ بیوقوف حد سی زیادہ ہی جب کہ پہلے ڈالا اور ٹہوکر کہانیوالا آرام جب کہ
یہان سزای سزا نہین ہوتا اور مبتلای بلا نہین پس خدای اسلام نے
سی بیرون کیا اور آوارہ کوہ و ہامون شاید کہ عدالت سی روگردانی کی اور داد نادانی دی کیا
اگر آدم کو بہشت سے نکالنے اور دنیا مین ڈالنے سے مقصود یہی تہا کہ آدم صاحب اولاد ہووے اور
اونکی ذریت روی زمین پر آباد ہو تو بلاشبہہ آدم و حوا کو بہشت سی باعزاز تمام نازل فرماتا اور دنیا کی

Marfat.com

باکرام مالاکلام داخل بیچارون پراتہام عصیان نکرتا اور دفتر عدالت نسیان نکرتا حقیقت آنکہ
دحوّا بعزم خود مرتکب عصیان ہوئی اور عاصی درگاہ یزدان عصمت کی کشتی طوفانی ہوئی اور
فرمانی کی طغیانی خوف سزا سے دونون کی پیٹ مین پانی پڑگیا اور سارا کہیل بگڑ گیا اسقدر
ہوش باختہ ہوئی کہ انکی دم فاختہ ہوئی پہر آپ نے جو سند بہاگوت دی ہے وہ حق سے عداوت
کی ہے کہ بہاگوت کہین مین نہین ہے کہ نارد منی نے کنس کو ورغلایا اور آمادہ قتل کرایا یہہ باتمام مترجم
بددیانت کی چوری ہے یا آپ کی سینہ زوری مین اسیواسطے کہتا تہا کہ بارباران ترجمون کا مذکور
سند نہ کیجئے اور عادت غلط سے درگذر و جسکو آپ نے بہاگوت کا ترجمہ سمجہا ہے وہ کلمہ کلمہ بیجا ہے جبکہ ترجمہ
پیران اسقدر خراب ہے تو صحت ترجمہ اونکا خود نایاب ہے اگر آپکو کچہ حیا و شرم ہے تو کسی بہاگوت
خوان کو محل خاص مین بلا کر اور اسجگہہ کی اصل عبارت تحریر کرا کر ہمارے پاس رسال کیجئے ورنہ اپنے
ترجمہ کا آپ ابطال کیجئے آیندہ کو اوسکا حوالہ نہ دیجئے اور اپنا منہہ کالا کیجئے بہاگوت کی کسی کنده مین
نہین ہے کہ نارد منی کے کہنے سے کنس نے قتل اطفال کیا اور راجہ پریکشت نے شکدیوجی سے اس امر کا
سوال کیا اور شکدیوجی نے اوسکو جواب دیا اور حکمت قتل سے کامیاب کیا یہہ تمام مضمون مترجم ملعون
کی ایجاد ہے یا آپکا طبع زاد اگر جناب کو اپنی غلطی پر اصرار ہے تو سعادت کا آثار ہے ورنہ غلطی تو
آپ کی اصل مین سرشتہ ہے اور آپکے بزرگون کی پیشانی مین نوشتہ ہم اسکی زیادہ تفصیل نہین
کرتے اور آپکو بہت ذلیل نہین کرتے جیسی کہ آدم نے نافرمانی کی ہے ایسی ہی یونس پیغمبر نے بہی سرکشی
ربانی کی ہے چنانچہ مفسرین نے لکہا ہے کہ جسوقت یونس پیغمبر نے اپنی قوم کو بددعا دی خدا نے اوسکو
یہہ ندا کی کہ جب وقت موعود آئیگا اون پر عذاب نازل کیا جائیگا یونس یہہ سنتے ہی خدا تعالی
پر غضبان ہوا اور میان قوم سے گریزان مثلا سورہ انبیا مین وارد ہے و ذاالنون اذ ذہب مغاضبا
فظن ان لن نقدر علیہ یعنی یونس جب گیا خفا ہوکر پس گمان کیا یہہ کہ نہین قادر ہم اوپر اوسکے فقط بعض
شیعہ جو تاویل کرتے ہین کہ یونس نے خدا پر عتاب نہین کیا بلکہ اپنی قوم کے آداب پر کیا وہ بالکل
لغو ہے کیونکہ عدم اجابت دعا کی بعد خدا ہی پر غصہ کرنا بن سکتا تہا کہ قوم پر پہلے ہی خفا

Marfat.com

وکر بد دعا کرچکا تہا دوسری بار قوم پر غصہ کا کیا کام تہا شاید کہ یونس کا خیال خام تہا سورۂ قلم کی آیت
سے صریح جانا جاتا ہی کہ یونس نے خدا پر عتاب کیا اور عصمت انبیا کو خراب کیونکہ وہان لکہا ہی کہ جسوقت
خدا نی یونس کو پکارا تہا وہ غم سی بہرا تہا وہ آیت یہہ ہی (اذ نادی وهو مکظوم) یعنی جبکہ پکارا وہ غم
سے بہرا ہوا تہا فقط باب دوں تحفۃ الاسلام مین حدیث سی منقول ہی کہ اوتعالی نی یونس کو بقدر
پشم زدن کی خود مختار کیا پس اوس نی ایسا کار ناسزاوار کیا کہ اپنی تئین دنیا و آخرت مین شرمسار
کیا اسیواسطی سورۂ قلم مین محمد صاحب کو حکم ہوا کہ تو یونس کی مانند نہو اور آبروی عبودیت نکہو حکم
خدا پر صابر رہو اور فرمان برداری مین حاضر (مثلا فاصبر لحکم ربک ولا تکن کصاحب الحوت) یعنی
صبر کر واسطی حکم پروردگار اپنی کے اور مانند یونس کی نہو فقط اسی مسلمان یونس معصیت مین آدم سی
کم نہین ہی کہ جیسے آدم نی اپنی تئین ظالمین مین شمار کیا ہی ویسی ہی یونس نی بہی اپنے ظلم پر اقرار کیا ہی
مثلا سورۂ انبیا مین ہی انی کنت من الظالمین یعنی بالضرور مین ظلم کرنیوالون سی ہون انتہی گذارش
آدم سی ظاہر ہی کہ ظالم پر خدا نی لعنت کی ہی اور بندون کو اوسکی اہانت کی لئے اجازت دی ہی بتقدیریکہ
یونس نے بغاوت نہین کی اور راہ شقاوت نہین لی تو کسواسطی دہان ماہی مین ڈالا گیا اور کسواسطی
اپنی وطن مالوف سی نکالا گیا کس لئی مورد شماتت ہوا اور سزاوار ملامت چنانچہ سورہ والصافات
مین ہی فالتقمه الحوت وهو مليم یعنی پس نگل گئی اوسکو مچہلی اور وہ لایق ملامت تہا انتہی اور کیونکر
اوسکی دو فرزند ضایع ہوئے کہ ایک لقمۂ دہان گرگ ہوا اور دوسرا غریق بحر بزرگ اور کسطرح اوسکی
جورو کو ایک شاہزادہ بہگا لیگیا اور یونس کے دل پر داغ دہر گیا تفصیل اس روایت کی آیندہ ہوگی
اور خاطر محمد علی پراگندہ غرضکہ وقایع آدم و یونس سی ظاہر ہی کہ بیباکی شعار بزرگواری و برتری ہی
اور بیخوفی زیب و زینت سرداری و پیغمبری بیباکی و بیخوفی انبیا کی ایک دو برہان ہی کہ
قرآن ہی یعنی سورہ نمل کی آیت ہی دلائل قطعی کی غایت ہی چنانچہ لا یخاف لدی المرسلون یعنی
نہین ڈرتی نزدیک میرے پیغمبر فقط اگر کوئی کہے کہ چون انبیا گناہ سی پاک ہین لہذا حضور خدا مین
بیباک ہین تو ہم کہینگے کہ اس سی یہہ ثابت ہوا کہ باعث خوف باری گنہگاری ہی اور عصمت سبب

Marfat.com

بیباکی وخودمختاری اگر یہی جواب ہی تو آیت سورۂ احزاب ہی کہ انبیا خدا سی ڈرتے مین مدد
پر دیدہ دلیری کرتے ہین چنانچہ الذین یبلغون رسالات اللہ ویخشونہ یعنی وہ لوگ کہ پہنچاتی ہین پیغام
خدا کا اور ڈرتے ہین اوس سی فقط اس آیت سی لازم آیا کہ انبیا گنہگار ہین اور سزاوار کیفر کردار اب
آپ خواہ اونکو بیباک جانئے خواہ ناپاک مانئے **ع** بہر رنگی کہ خواہی جامہ می پوش من انداز قدت را می شناسم شرک بھی
برے کام مین شامل ہی اور آپکا باوا آدم اوسکا عامل ہی چنانچہ حسین واعظ نے (حملت حملا خفیفا) کی
تفسیر مین لکھا ہی کہ اکثر مفسرین نے کہا ہی کہ آدم وحوا نے ابلیس کے ورغلانے سے اپنے فرزند اول کا عبد الحارث
نام کیا اور برخلاف توحید کام کہ جب شیطان کو تعلیم ملائکہ مین اہتمام تہا تب اوسکا حارث نام تہا
اس روایت مین یہہ ہی بیان کیا ہی کہ حضرت آدم نے اپنے فرزند کو بندۂ شیطان کیا ہی میان محمد علی
تنزیہ آدم مین قدم دہرتے ہین اور قول مفسرین کا عدم کرتے ہین **سوط الجبار** این نقل
سراسر غلط وافترا وخلاف کتب مقدسہ است وبطلانش نیز ظاہر ست زیرا کہ ازین قضیہ واضح است
کہ این نقل ولین بود کہ حوا بآن حاملہ شدہ وباتفاق مورخین ہم از کتب مقدسہ ثابت است کہ نام
مولود اول قابیل بود نہ عبد الحارث واز کتب مقدسہ ہیچ ثبوت نرسیدہ کہ عبد الحارث نام پسری از پسران
او بود ونیز در توریت مقدس تصریح ست بر اینکہ ہنگام ولادت مولود اول حوا شکر الہی بجا آورد چنانکہ
گفتہ ترجمہ عربی در رقمت رجلا من عند اللہ ای بخشیدہ شدم من مرد از خدا ترجمہ اردو لیا مین نے مرد خدا
سے ونیز در ہیچ روایت وارد نیست کہ نام شیطان در ملائکہ حارث بودہ **جواب** یہان ایراد
لفظ غلط سراسر غلط ہی اور کلمۂ افترا افترا ہی نمط تفسیر حسینی موجود ہی اور اوس سی صدق مقالئ فقیر اندر نیمروز
مشہود اب آپ کی فقرات کا مطلب بیان کرتا ہون اور احقاق حق بدل وجان **قولہ** خلاف
کتب مقدسہ ہست فقط اگر کتب مقدسہ سی مراد حدیث وتفسیر لی گئی ہی تو اون مین شرک آدم کی کیفیت
بخوبی تحریر کی گئی ہی ہرگز اون کی خلاف نہین ہے مگر تمکو صداقت حدیث وتفسیر پر اعتراف نہین اگر
کتب مقدسہ سی مراد مجموعۂ توراۃ ہی تو فسق وفجور انبیا مین کیونکر جای توہمات ہی زنای لوط وداؤد
سے کیون انکار ہے مکر وفریب یعقوب ویوسف سے کس واسطے عار ہی شراب انگور سی کیونکر گریز ہی گوشت

خنزیر سے کسطرح پرہیز ہی **قولہ** و بطلانش نیز ظاہر است فقط اوسکے بطلان کی وجہہ کیا ہی شاید کہ آپکو مرض مالیخولیا ہی **قولہ** باتفاق مورخین و ہم از کتب مقدسہ ثابت است الخ شکر خدا کہ بعد مدت آپ نے قول مورخین پہ اعتبار کیا اور انکار تاریخ سے انکار اپنا لکھا آپ مثانے لگے اور جہکمار کر مورخین اسلام کا فضل کہانے لگے پھر نہ کہنا کہ روضۃ الصفا لائق اعتماد نہیں ہی اور رضۃ الاحباب سزاے صاد نہیں معارج النبوت کیونکر معتمد ہی اور مدارج النبوت کسطرح مستند یقین ہی کہ وہی مولود باسم عبد الحارث موسوم ہو دی اور وہی کلمۂ قابیل کا مفہوم ہووی چنانچہ جس شخص کا نام محمد ہی اوسیکا اسم احمد ہی بر تقدیریکہ ایک شخص کی متعدد نام ساقط از پایۂ اعتبار ہین تو محمد صاحب کی گوناگون اسم بھی دور از کار ہین **قولہ** از کتب مقدسہ بثبوت نرسیدہ الخ بجای بہ ثبوت رسیدن فقط ثبوت رسیدن خلاف محاورۂ فارسی ہی اور دلیل کم مایگی مولوی جی ہی آپ نی بار سوحدہ کو کیونکر محذوف کیا اور اپنا عیب خانگی کسواسطے مکشوف کیا چونکہ جناب کو اپنی صحت لفظی پر کمال غرور ہی اسواسطے بقدر ضرورت بحث لفظی مذکور ہی اگر کتب مقدسہ سی حدیث و تفسیر مراد ہی تو قول فقیر اندر من لا یتوداد ہی کہ حدیث و تفسیر سی شرک آدم اظہر ہی اور بکر فکر ابو عیسی ترمذی و حسین واعظ جلوہ گر ہی خواہ یارون سی اتفاق کرائی خواہ طلاق دلائی ہم دونون طرح شکر گذار ہین اور کار سازی میاںجی پہ جان نثار اگر کتب مقدسہ سی مراد توریت و انجیل ہی تو فسق و فجور انبیا مین کیا جاتا قائل دلیل ہے **قولہ** و نیز در توریت مقدس تصریح است بر ینکہ ہنگام مولود اول حوا شکر الہی بجا آورد فقط تصریح توریت تنزیہ حوا کی دلیل نہین ہی اور رفع اشراک باللہ کی سبیل نہین بلکہ عین تصدیق روایت حسین واعظ و ابو عیسی ترمذی ہی اور شرک حوا پر برہان قطعی کہ حوا نے اپنے مولود کا عبد الحارث نام کیا اور شکر الہی مین بہی اقدام لیا کیونکہ شرک کی یہہ ہی معنی ہین کہ کسی کام مین خدا کو مانے اور غیر کو بھی مددگار جانے **قولہ** چنانکہ گفتہ ترجمۂ عربی زرقت رجلا من عند اللہ یعنی بخشیدہ شدم من مرد از خدا الخ واہ واہ حصہ اول سوط الجبار کے صفحہ ۲۸۵ مین ترجمۂ توریت کا بطلان کرتی ہو اور یہان اوسکی مذکور پہ دل و جان قربان آپکے فعل و قول کا اعتبار نہین ہی اور نہ ایسا اطاقتی

گفتار ہنین **س** یاوہ گو کی بات کا ہرگز نہین ہی اعتبار ؛ اہل دانش جانتی ہین لغو دیوانہ کی بات ؛
یہہ نشۂ بنگ کی ترنگ ہی مخالف عقل و فرہنگ ہی کہ آج ایک امر سی انکار کرتے ہو اور کل اوسی پر اقرار **س**
تیری اقرار پر تحسین تیرے انکار پر تحسین ؛ تیری رفتار پر تحسین تیری گفتار پر تحسین ؛ جو کچھہ آپ نی بحوالہ
توریت لکھا ہی وہ بلا تامل غلط ہی کہ ترجمۂ توریت آپ کی نزدیک بالکل غلط ہی بالیقین میانجی کی عقل
ماری گئی کہ گاہی ترجمۂ توریت کو لایق ابطال جانتی ہین و گاہی سند اسکی استدلال قطع نظر ازین آپکے
مستندہ ترجمہ کا حاصل یہہ ہی کہ خدای اسلام نی کوئی مرد حوا کی نزدیک کیا اور باوا آدم کا شریک
ترجمۂ مذکور مین سوا اسکی دوسرا مذکور نہین ہی اور ہرگز ذکر یہہ نہین میانجی ترجموں کی مذکور یہ مخرور نہ ہو اور
خم غفلت سی مخمور یہہ ترجمی تمکو بہت بدنام کرینگی اور ہو رو ملام **قولہ** نیز در ہیچ روایت وارد نیست
کہ نام شیطان الخ ہیچ روایت کا تو کیا ذکر ہی خود ابو عیسی ترمذی کی بگڑی فکر ہی جسکو جناب نی
اپنی انکار کی ہمراہ تعظیم دی ہی اور رمز دلبری تعلیم کی ہی اب وسکو بلفظہ حوالۂ نوک قلم کرتا ہون
اور مدار او اول صحیح پر در و الم روی سمرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لما حملت حوا طاف بہا ابلیس
وکان لا یعیش لہا ولد فقال سمیہ عبد الحارث فسمتہ فعاش فکان ذلک من وحی الشیطان و امرہ یعنی
ہرگاہ حاملہ شد حوا پیش آمد او را ابلیس و حال آنکہ نمی زیست ہیچ فرزند او پس گفت کہ نام او عبد الحارث
بنہ پس خواہد زیست پس نام نہاد او را عبد الحارث و بود این بارادۂ شیطان و حکم او انتہی حاصل
حدیث آنکہ ملائکہ مین شیطان کا عبد الحارث نام تھا اور آدم مشرک لاکلام تہا اب میانجی حق پسند گردان
ہوتی ہین لو جامع ترمذی پر متکلمان **سوط الجبار** را اولا مضمون این حدیث مخالف روایۃ
حسین واعظ است چہ مصداق آن مولود اولین ہست و مصداق این حدیث مولودی خواہد بود کہ پیشتر
از وی چند مولود پیدا شدہ مردہ باشند ثانیا آنکہ ترمذی تصریح کردہ بر اینکہ این حدیث غریب است یعنی
صحیح نیست و غریب در اصطلاح ترمذی از وجوہ طعن ہست و وجہہ غرابت خود ظاہر ست زیرا کہ باتفاق
اہل ملت ثابت است کہ تا روز قتل ہابیل کسی از بنی نوع ما نمردہ بود و ہمین سبب قابیل را در پوشیدن جسم
مردہ ہابیل تردد پیش آمدہ تا آنکہ بفعل کلاغ کہ کلاغ مردہ را بزمین دفن کردہ بود دفن برادر مردہ خود

Marfat.com

پی بردہ تمالگا در آن حدیث لفظ سمیہ وسمتہ بصیغۂ تانیث وارد شدہ است کہ بر تقدیر تسلیم دلالت میکند
بر بینکہ این جرم از حوا واقع شدہ نہ از آدم **جواب** اگرچہ دونون روایتون مین گونہ اختلاف
ہے مگر حاصل مطلب بہت صاف ہے شک کا مقام نہین ہے اور شرک آدم و حوا مین کلام نہین کیونکہ مضامین
ہر دو روایت واحد ہین اور اشراک بالله پر بتنا ہد آدم نے شرک عیان کیا اور اپنا فرزند مالک شیطان
اب احقاق حق و ابطال باطل کرتا ہون اور آپ کے فقرہ فقرہ کو پیرایۂ صدق سے عاطل **قولہ** ثانیا
آنکہ ترمذی تصحیح کردہ بر بینکہ این حدیث غریب است فقط اگر جامع ترمذی مین یہ تصحیح ہے تو نقل ہوا
دروغ گویم بر روے تو سنیون کے حق مین صحیح ہے کسواسطے کہ جس صورت مین ترمذی وغیرہ مین طرح طرح کی
حدیثیں مرقوم ہین تو بعد سنیون کے نزدیک کیونکر با نام صحاح موسوم ہین پس معلوم ہوا کہ مسلمانون کی
گفتار مطابق فعال نہین ہے اور تناقض قول و فعل سے ان لوگون کو عار نہین **قولہ** یعنی صحیح نیست فقط بلا شبہ
یہ آپ ہی کی تصریح ہے اسیواسطے غلط صریح ہے تم تو کہتے تھے کہ میرا درجہ بڑا ہے اور مین نے علم حدیث پڑھا ہے
اب یقین ہوا کہ آپکا دعوی محض باطل ہے اور جناب کا نام ناحق محمد فاضل ہے جو کوئی علم حدیث مین
بقدر ضرورت ماہر ہے اوس مرد خدا پر ظاہر ہے کہ غریب وہ حدیث ہے کہ جسکا راوی کسی وقت مین ایک ہی
ہو دیکھو ترجمۂ مشکات من تصنیف شیخ عبد الحق دیکھہ لو غلط گوئی سے باز رہو **قولہ** وغریب اصطلاح ترمذی
از وجوہ طعن نیست فقط اصطلاح گروہ کثیر کی ہوتی ہے نہ کہ ایک نفر کی اسواسطے اضافت لفظ اصطلاح بطرف
ترمذی سراسر حمق ہے اور غلط مطلق علاوہ اسکے اگر ترمذی کو حدیث مذکور کی عدم صحت پر دانش حاصل
تھی تو کسواسطے اوس نے اپنی صحیح مین داخل کی اگر از راہ سہو اندراج ہوئی تو بعد نظر ثانی کیون نہین
لایق اخراج ہوئی قطع نظر ازین درصورتیکہ جامع ترمذی مشتمل ہے باحادیث صحیح وغیر صحیح ہے تو مخنث متکلم کے
ساتہہ اوسکی تشبیہ نہایت قبیح ہے پس ابو عیسی ترمذی نے بڑی بے ادبی کی کہ اپنی جمع کی ہوئی کتاب
صحیح و غیر صحیح کو پیغمبر متکلم سے تشبیہ دی چنانچہ من کان فی بیتہ ہذا الکتاب فکانما فی بیتہ نبی یتکلم
الخ یعنی در خانہ ہر کہ این کتاب باشد گویا در خانۂ او پیغمبر یست کہ تکلم میکند الخ پس آپ کی گفتگو کا یہ
ہی حاصل ہے کہ قول نبی حق و باطل ہے اور کلام ابو عیسی ترمذی محدثین مین کامل ہے اور احکام تورع و زہد

Marfat.com

یہ عامل گو نام اوسکا مذی ہی مگر ماکی دشمنی سی بری ہی محمد علی کہ اوسکی حدیث کو غیر صحیح قرار دیتا ہی شاہ
حق سی راہ فرار لیتا ہی کالای بد بریش خاوند ہمکو اس سی کیا غرض ہی وہ اپنی فعل کا آپ نتیجہ دیکھیگا
ابو عیسی ترمذی وہ شخص ہی کہ شاہ عبد العزیز نی بستان المحدثین مین جسکا تعظیم و تکریم سی نام لیا ہی اور جسکی
مدح و ستایش مین طول کلام کیا ہی صحیح ترمذی کو صحیحین کے قریب مانا ہی بلکہ جمیع کتب حدیث کی نسبت
نادر و غریب جانا ہی یہہ کہا ہی کہ جس سے یہہ فیض جاری ہی وہ خلیفہ بخاری ہی خود ترمذی کا قول ہی
کہ جسوقت مین جامع ترمذی کی تصنیف سی فارغ ہوا تو اول اوسکو علمای حجاز کو دکھلایا اون سبنے وہ
پسند فرمائی بعد ازان مین اوسکو علمای عراق کی سامنی لیگیا اونھون نی متفق الکلمہ اوسکی مدح کی پس
ازان علمای خراسان کی روبرو مین نی پیش کی وی بھی رضامند ہوئی پھر مین اوسکی ترویج و تشہیر پر کربستہ
ہوا بستان المحدثین کی اصل عبارت یہہ ہی کہ تصانیف بسیار درین فن شریف ازوی یادگار ست و این
جامع بہترین آن کتب است بلکہ بعضی وجوہ و حیثیات از جمیع کتب حدیث خوبتر واقع شدہ اول از جہت
ترتیب و عدم تکرار دوم ذکر مذاہب فقہا و وجوہ استدلال ہر ایک از مذاہب سوم بیان انواع حدیث
از صحیح و حسن و ضعیف و غریب و معلل بعلل چہارم بیان اسمای رواۃ و القاب و کنیتہای انہا و دیگر فوائد
متعلقہ بعلم رجال و ترمذی را در حفظ مثل زنند و او را خلیفہ بخاری گفتہ اند و تورع و زہد و خوف بحدی داشت
کہ فوق آن متصور نیست بخوف الہی سالہا گریہ و زاری کرد و نابینا شد و ترمذی گفتہ است کہ من ہرگاہ
از تصنیف این جامع فارغ شدم اول آن را بعلمای حجاز شریف نمودم ایشان ہمہ پسند فرمودند بعد ازان
پیش علمای عراق بردم ایشان نیز متفق الکلمہ آنرا مدح کردند بعد ازان بر علمای خراسان عرض کردم
ایشان نیز رضامند شدند بعد ازان آن را ترویج و تشہیر نمودم انتہی جبکہ جامع ترمذی صحیحین سے بالاتر ہے
بلکہ جمیع کتب حدیث سے افضل و اعلی تر ہی تو میان محمد علی کیونکر اوسکی حدیث کو غیر صحیح خیال کرتی ہین
اور کسواسطی حدیث مقدس کو بلا وجہ وجیہ پامال کرتے ہین یقین ہی کہ عنقریب قرآن سی بھی اعراض کرینگی
اور صحاح ستہ پر اعتراض یہ سب کن کی حق بیانی کی تاثیر ہی انجام کار آپ کا آپ اوسکا نتیجہ ہے
قولہ وجہہ غرابت خود ظاہر است چرا کہ باتفاق اہل حدیث ثابت است کہ تا روز قتل بابل الخ

Marfat.com

یقین ہی کہ اہل ملت کی یہہ کہانی لایعنی ہووی اور شعر بر نادانی نسل ہابیل سی بیشتر بھی بہت اولاد آدم کی
ہووی اور آگ مین جلی ہووی چونکہ قابیل حق سی آگاہ نہین تہا اور وبراہ نہین پیروی کلاغ مین مشغول ہوا
ور آمادہ دفن مقتول اگر عقیدہ اسلام استوار ہوتا ہر ایک مسلمان تسنت زاغ و قابیل سی بیزار ہوتا حق سی در گذر
نکرتا پیروی کافر و جانور نکرتا اپنے ماں باپ کو گور مین ہر گز نہ سڑاتا کیڑون کو نہ کہلواتا بیچار دن کی سر پر پلانہ
بلاتا اونکی گور کو بیت الخلانہ بناتا بلکہ آگ مین جلاتا اور ایکدم جملہ عناصر اپنے اپنے کرہ مین ملاتا جس فرقہ
کا ہادی کلاغ و قابیل ہووے اوسکے لئے کیون نہین نجات کی سبیل ہووے جن لوگون کا مرشد قابیل و کلاغ ہووی
اونکا کیون نہین عرش پر دماغ ہووی جس گروہ کا مہتر قابیل و غراب ہووی اوسکے لئے کیون نہین ثواب
بیحساب ہووے کیا خوب سنت اسلام ہی جسکا جانور بخشش بشر کا ذمام ہی **قوله** تا لگا در آن حدیث
لفظ سمیہ و ہمتہ بصیغہ تانیث وارد شدہ است الخ اگر فرض کیا جاوی کہ صرف حوا سی یہہ جرم واقع ہوا تو بھی
یہی شایع ہوا کہ مسلمانون کی ماں نی شرک عیان کیا اور اپنا فرزند سعادت پیوند بندہ شیطان کیا آدم
نی کسواسطی حوا کو طلاق ندی اور کیونکہ شورش شرک بیباق کی اب مخفی نہی کہ شرک آدم کا ثبوت صرف
تفسیر و حدیث ہی پر محصور نہین ہی بلکہ قرآن مین بھی تفصیلوار مذکور ہی چنانچہ (ہو الذی خلقکم من نفس
واحدۃ و جعل منہا زوجہا لیسکن الیہا فلما تغشہا حملت حملا خفیفا فمرت بہ فلما اثقلت دعوا اللہ ربہما لئن
آتیتنا صالحا لنکونن من الشاکرین فلما آتہما صالحا جعلا لہ شرکا فیما آتہما **ترجمہ** وہ ہی جس نے پیدا کیا
تمکو ایک نفس سی اور کی اوس سی جوروا اوسکی تاکہ آرام پکڑی طرف اوسکی پس جب ڈہانکا اوس نے اوسکو
اوٹھا لیا اوس نی بوجہہ ہلکا پس چلی گئی ساتھ اوسکے پس جب بوجھل ہوئی دعا مانگی دونون نے اللہ
پروردگار اپنے سے اگر دیگا ہمکو تندرست البتہ ہونگی ہم شکر کرنیوالون سی پس جب دیا اونکو تندرست
کیا واسطے اوسکے شریک بیچ اوسکے کہ دیا تھا اونکو فقط یہہ ترجمہ مولوی رفیع الدین ہی جو
نزدیک زعما معتمدین ہی اگر کوئی اسمین چون و چرا کریگا حق سی مار اٹہیگا اس آیت مین لفظ دعوا
و جعلا سی ثابت ہی کہ آدم و حوا دونون نی شرک کیا اور اپنا فرزند غیر کے ملک کیا اب مولوی محمد علی
سیاق آیت بیان کرتے ہین اور مصنف قرآن کی مخالفت عیان **سوط الجبار** سیاق

Marfat.com

آیت شاہد عدل است بر بطلان این قصہ چہ آیت مسوق ست برائی تشنیع مخاطبین پس اگر مصداق
مضمون آن آدم و حوا قرار داده شود ہیچ تشنیع بحال مخاطبین عاید نمیشود بلکہ تمسک مخاطبین در جواز
اشراک بالله خواہد شد چہ ہنگام الزام بجواب خواہند پرداخت کہ اگر اشراک بالله کفر و معصیت بودی پدر و
مادر ما را کہ مرتکب اشراک بودند چگونہ خدا تعالی بہ نبوت و خلافت برگزیدی و نیز در قرآن لفظ شرکا
بصیغہ جمع وارد است و ازین قصہ انچہ ظاہر است اتخاذ یک شریک ظاہر ست نہ جماعت شرکا و نیز
در قول او تعالی (فتعالی الله عما یشرکون) فعل اشراک کہ بصیغہ جمع واقع شده صاف دلیل است بر آنکہ
آیت متقدمہ تصویر حال جماعہ مشرکان است نہ بیان حال آدم و حوا کہ بصیغہ جمع تعبیر آن ہر دو
جایز نیست و ہمچنان تذییل کلام بقولہ تعالی (ایشرکون ما لا یخلق شیئا و ہم یخلقون) بصیغہ جماعت
برہان قطعی ست بر بودن آیت متقدمہ تصویر حال جماعہ مشرکین نہ بیان حال آدم و حوا و نیز ظاہر ست
کہ اگر مراد از آن آدم و حوا بودندی در آیت لاحقہ کلمہ عما یشرکون و ایشرکون بصیغہ حال واقع
نشدے بلکہ بصیغہ ہای ماضی وارد شدی **جواب** شاہد عدل نہین ہوتا شاہد عادل ہوتا ہے
جیسے کہ زید عقل نہین ہوتا زید عاقل ہوتا ہی اگرچہ بحث لفظی ہمارا کام نہین ہی اور لایق مقام نہین مگر چونکہ
آپ دعوی ثنائی کرتے ہین اور ادعای قواعد دانی اسواسطے کہین کہین قدری بیان ہے اور
آپکی صرف و نحو کا امتحان قطع نظر ازین فرمائیے کہ آیت ہذا مین آپ کے نزدیک مخاطبین عوام انام
ہین یا اہل اسلام بر تقدیر اول ہنود وغیرہ اکثر لوگ جیسے بطلان نبوت محمدیہ اتفاق کرتے ہین ویسے ہی
ابوت آدم بالاطلاق دہرتے ہین پس معنی آیت مین کچھ دشواری نہین ہی اور جای جگرخواری
نہین بر تقدیر دوم فرقہ حشویہ کہ خلافت ابوبکر وغیرہ کی قایل ہین اور بطرف اہل سنت مایل عصمت
آدم بدلایل ثابت کرتے ہین اور جیسا کہ چاہیے جناب کو ساکت ترجمہ ملل و نحل مین اس حال کی بخوبی
تفصیل کی گئی ہی اور ابطال نبوت و خلافت آدم کی دلیل دی گئی ہی اب آپ کی انکار انکار پر
مثل گوہر افشان دخل ہوتا ہی نہین نہین مریم سخن محمد علی پہ جبرئیل مسئلہ دان نازل ہوتا ہی **قولہ**
و نیز در قرآن لفظ شرکا بصیغہ جمع وارد ست الخ آپکو مہارت مصحف عزیز نہین ہی اور ڈھونڈ جمع

Marfat.com

کی تمیز نہین ناحق دخل در معقولات فرماتے ہو اور بڑی بڑی بات کہاتے ہو اگر آپ مین سر مو جوہر عقل ہوتا
و رعربی مین کچھ دخل تو یہ ہرگز نہ کہتے کہ آیت مذکور مین شرکا بصیغہ جمع ہے اور معنی منفرد منع شہاب الدین
دولت آبادی نے تفسیر بحر مواج مین لکھا ہے کہ ابو بکر و عکرمہ و اعرج و اکثر اہل مدینہ شرکا بکسر شین و
اسکان الرا میخوانند برین تقدیر شرک بمعنی شریک باشد کالصوم بمعنی الصایم والفطر بمعنی المفطر
انتہی تفسیر حسینی واعظ سے معلوم ہوتا ہے کہ سواے حفص جمیع قاری شرکا بصیغہ مفرد پڑھتے ہین اور خاطر خواہ
آپکا رد کرتے ہین چنانچہ فلما اتہما یعنی پس آن ہنگام کہ عطا کرد خداتعالی بدیشان صالحا فرزند صالح الجسم
و تندرست جعلا لہ گردانیدند آدم و حوا برے خداے شرکا خداوند شرکتے یعنی شریکے ساختند در اسم نہ در عبادت
یعنی بدل کردند عبد اللہ را بعبد الحارث یعنی بر آنند کہ آنوقت کہ داد حق تعالی آدم و حوا را فرزند
شایستہ ایشان غیر را شریک حق ساختند در عبادت و حفص شرکا میخوانند بلفظ جمع انتہی اگر بقول
آپ کے شرکا بصیغہ جمع خیال کیا جاوے تو محمد علی کا اسطرح ابطال کیا جاوے کہ آدم نے شرک عظیم کیا کہ
جماعت کثیر کو شریک خدا تسلیم کیا **قولہ** و نیز در قول او تعالی فتعالی اللہ عما یشرکون ضمیر اشراک کہ
بصیغہ جمع واقع شدہ الخ بر تقدیریکہ قرآن ایک وقت مین بنایا جاتا تو البتہ آیات مین باہم ربط پایا
جاتا چونکہ ایسا نہین ہے آپکا معقول سمجھا نہین کہ شاید ہر مقام پر ایک آیت کسی خاص نفر کی شان مین ہے اور
دوسری آیت عام بشر کے بیان مین علاوہ اسکے قصہ گویان فصیح کا دستور ہے کہ اول ایک شخص خاص
کی گذارش حال شروع کرتے ہین بعدہ رفتہ رفتہ بطرف وقائع عام رجوع کرتے ہین جیسے طرز گلستان کی
حکایات کا ہے وہی قرآن کی آیات کا ہے جا افسوس کہ آپ کی گلستان تک بھی رسائی نہین ہے اور
شیخ سعدی سے بھی شناسائی نہین پس گفتگوے جناب محض لاطایل ہے اور خالی از دلایل قطع نظر ازین آپ
کے اس قول مین اور قول آیندہ مین لفظ تصویر لایعنی ہے یا بامعنی بر تقدیر اول آپ کی نادانی
اور بر تقدیر دوم اوسکی کیا معنی ہے واہ واہ باوصف دعوے دبیری و خوش تقریری الفاظ غلط زبان
پر لاتے ہو اور الزام کہاتے ہو **قولہ** و نیز ظاہر است کہ اگر مراد از آن آدم و حوا بودندی الخ اسکا بھی
یہی جواب معقول ہے کہ قصہ خوانان فصیح کا معمول ہے کہ اول گذارش گذشتگان سے کلام کرتے ہین

Marfat.com

من بعد مردمان حال کی حال پر اختتام کرتے ہین چنانچہ آغاز مین پادشاہی را شنیدم الخ سلطان کی حکایت ہی اور انجام مین **ع** بہان ای برادر شاند کبس ہ الخ اپنی وقت کی لوگون کو ہدایت ہی پس بلاشبہہ آیت مذکور آدم و حوّا کی شان مین ہی اور اشراک باللہ کی بیان مین (فتعالی اللہ عما یشرکون) آدم و حوّا کی حسب حال ہی اور بطور مثال ہی (ہو الذی خلقکم من نفس واحدۃ) صرف آدم کا بیان ہی کیونکہ وہی آپ کی نزدیک جد انسان ہی جو کوئی اس آیت کو غیر کی حق مین گمان کریگا وہ ابطال قرآن کریگا اسی طرح الفاظ (جعل منہا زوجہا) آدم ہی کی شان مین کرسی نشین ہو سکتی ہین دوسرے کی حق مین ہرگز نہین کیونکہ آدم ہی کی جو ہر جسم شوہر سی خلق کی گئی ہی نہ محمد و علی کی اگر اتنے پر بہی سخن پروری کا پاس کرو گی اور آیت مذکورہ جماعہ مشرکین کے حق مین قیاس کرو گی تو کلمہ (دعوا) کی کیا تفسیر کرو گی اور (جعلا) کی کیا تعبیر کرو جماعت کے لئی صیغہ تثنیہ خلاف نحو ہی اور نتیجہ سہواب میاںجی ابطال قرآن کی تدبیر کرتے ہین ور بر خلاف تغیر (ہو الذی خلقکم) کی تفسیر **سوط الجبار** اکنون مناسب مقام آن ست کہ تفسیر آیت مطابق لغت و قواعد بدیع ست بیان کنیم بر ماہران فن بلاغت مخفی نماند کہ چنانکہ درین آیت واقع شدہ خلقکم من نفس واحدۃ وجعل منہا زوجہا الآیہ ہمچنان در سورۂ زمر بحرف تراخی بجای حرف جمع وارد شدہ کہ خلقکم من نفس واحدۃ ثم جعل منہا زوجہا الآیہ والقران یفسر بعضہ بعضاً پس واضح شد کہ در آیت سورۂ زمر ضمایر متصلہ مجرورہ راجع بسوی نفس واحدۃ کہ مراد از آدم ست نیست چہ درینصورت لازم می آید کہ جعل حوّا بسبیل کلمہ تراخی یعنی ثم از خلق مخاطبین متراخی باشد و این بالبدیہہ باطل ست پس بالجزم متعین شد کہ با تقدیر کلام بدین طور ست خلقکم ایہا النفوس من نفس واحدۃ ثم جعل منہا زوجہا و ضمایر متصلہ مجرورہ نمایہ بطریق التفات بسوی نفوس کہ در ضمن ضمیر خطاب متصل منسوب یعنی کم مذکور ست راجع ست و این التفات در کلام فصحا ذایع ست نہ بینی کہ امراء القیس در یک شعر چندین التفات بکار بردہ الخ پس معنی آیت ہمین تقریر این ست کہ پیدا کرد شمارا از نفس واحد باز پیدا گردانید از جنس شما زوجہ شمارا **جواب** آپ تو مراتب ترکیب دانی مین بہت بڑہی ہوئی ہین اور اس زینہ کی سیڑہیون پر خوب چڑہی ہوئی ہین سو واسطی آپ سی ایک سوال کیا جاتا ہی بلکہ امتحان فضل و کمال کہ آپ نی جو بعد لفظ بدیع کی کلمہ رابطہ کا استعمال

کیا ہی اسکا مبتدا و خبر کسکو خیال کیا ہی جا شرم کہ آپ دبیر کہلاتی ہین اور جابجا الفاظ غلط تحریر فرماتی ہین چونکہ
بحث لفظی تحقیق دینی کی مانع ہی بندہ اسیقدر پہ قانع ہی اب آپ کی فقرہ فقرہ کا ابطال کرتا ہی اور جناب
کی شان مین لفظ ابطال استعمال **قولہ** تفسیر آیت مطابق لغت الخ کیون جہوٹا کلمہ پڑہتی ہو اور نئی
کا سانپ گڑہتی ہو اگر آپ اسیطرح دروغ زنی اختیار کرینگے تو لوگون کی کان کہڑی ہوونگی اور مسلمان
نقیر اندر من کی ساتھ بدل وجان کہڑی ہوونگی قصبہ چہراون پہ جہاد کرینگی اور خانمان سولا برباد جنی کی پیچھے
گہس پڑیگا اور ہر ایک مولوی سوراخ مار گہس ہیگا **س** بیک ما تراشیدہ در مجلسی زبر بجد دل ہوشمندان
لبسی **قولہ** چنانکہ درین آیت واقع شدہ خلقکم من الخ بلاشبہہ یہہ دونون عبارتین سورہ زمر
و اعراف مین ہین اور آدم و حوا کی اوصاف مین تقدیر عبارت آپکا مکر و تزویر ہی اور برخلاف تفسیر
اسی واسطی محض زائدہ ہی اور سراسر بے فائدہ **س** فایدہ بخش ہونہ مکر و فریب ز شجر سحر سی ملک سبب
قولہ والقران یفسر الخ کیا دین و ایمان ہی او شان مسلمان کہ لب پر (والقران یفسر بعضہ بعضا) مذکور
ہی اور دل اسکی اطاعت امر القیس منظور ہی عنقریب ہماری قلم سی اسکی تفصیل سرزد ہوگی جس سی آپ کی ارتداد
کی تفصیل برآمد ہوگی **قولہ** در آیت سورہ زمر ضمائر متصلہ الخ کیون مسلمانی کا خون کرتی ہو اور اپنی تئین
مطعون جسوقت آپ کی یہہ معنی تراشی مولوی احمد حسن کی نظر آئی اونکی روح تہرائی کہنی لگی کہ جہان
وہابیون کا گرم بازار ہی وہان کتاب و سنت کا کون غمخوار ہی مقام حیرت ہی بلکہ جای غیرت کہ آپنی بیہی
مسلمان محمد علی کی حمایت کرین اور اندرمن کی شکایت اگر اندرمن نی اسی قسم کی باتون کا رد کیا ہی
تو کیا بد کیا ہی عرضکہ ضمائر متصلہ راجع بطرف نفس واحدہ ہین اور الفاظ آیت شاہد آپ کی تقریر جعلی ہی
اور ہمہ جگہ راستی سی خالی **قولہ** چہ درینصورت لازم می آید کہ جعل حوا الخ معلوم ہوا کہ آپ کو شیطان
پیچھے پڑا ہی اور جناب کے کان مین کلمہ ارتداد پڑہا ہی کہ بیخ اسلام برکندہ کرتی ہو اور شیطان
حق کو چہپاتی ہو اور معنی قرآن بدلتی ہو تمام مفسرین قائل ہین کہ دونون آیتین آدم و حوا کی حال مین نازل
ہوئی ہین کلام جعل حوا خلق بحالطبین سے تراشی ہی مگر اوسکی اور ہی معنی ہی چنانچہ اول سند تفسیر حسینی ہی اور بعدہ
... ہابیل **عبارت تفسیر حسینی** وگفتہ اند کہ آدم اول اخراج ذریت کرد از ظہر

Marfat.com

آدم پس حوا را بیافریدہ فقط کہا گیا ہے کہ نکالا اللہ تعالی نے حضرت آدم کی ذریت کو اونکی پیٹھ سے مانند چیونٹیون کی پھر پیدا کیا بعد اوسکی حوا کو اونکی پسلی سے کذا فی جامع التفاسیر **قولہ** این لبدیہہ باطل ست فقط فرقہ محمدیہ مین جو کوئی عاقل ہے اوسکی رائے مین یہ کلام باطل باطل ہے شاید کہ آپکو تفاسیر قرآن پر عبور نہین ہے یا احقاق حق وابطال باطل منظور نہین **قولہ** یا تقدیر کلام بدین طور ست الخ میان جی بلاشبہہ یہی تقدیر کلام مین کلام ہے اور آپکا خیال خام اگر تقدیر کلام ہی پیدا ہے تو حسین اعطا آپ کی صدف گوش مین گھسا رہے جسکی گہرباری سے چشمہ حق بیانی روان ہے اور دودھ کا دودھ پانی کا پانی عیان ہے بجنسہ عبارت حسین اعطا یہ ہے خلقکم بیافرید شمارا ای آدمیان را من نفس واحدۃ از تن تنہا کہ آدم ست ثم پس خبر کرد شمارا کہ جعل منہا بیافرید از استخوان پہلوی چپ وی زوجہا زن ویرا یعنی حوا را انتہی مگر آیت پھر بھی آدم و حوا کی شان مین ہے اور آپ کی بطلان مین **قولہ** ضمائر متصلہ مجرور غایبہ بطریق التفات الخ صنعت التفات کا کلام شاعرین مین استعمال ہوتا ہے اور گونہ ہذیان پر دال کہ عقل و درایت قایم نہین ہے اور مطابقت تکلم وخطاب غیبت لازم نہین اگر مصنف قرآن کو بھی صنعت التفات سے التفات ہوگی تو کیونکر تمیز مزخرفات و آیات ہوگی اگر آپ سچے ہین تو کلام اللہ وحدیث رسالت پناہ سے سند کاہے لائیے اور بانی مبانی امرء القیس کی داخلہ بہائیے **قولہ** مبنی کہ امرء القیس در یک شعر چندین التفات بکار بردہ الخ میانجی شیطانی ہوتی ہو اور آبروی مسلمانی کہوتے ہو مسلمانون کو بہکاتے ہو اولٹی باتین سمجہاتے ہو اب ہماری سوال کا جواب دیجیے کہ امرء القیس آپکا خدای اکبر ہے یا مصطفے پیغامبر بلاشبہہ ان دونون شق مین سے ایک لایق اعتماد ہے کہ آپ کے نزدیک سوا کلام خدا وحدیث مصطفی بالتمام بے بنیاد ہے تف ہے آپکی مخافت گفتار و رفتار پر اور بیعت کفار پر کہ زبان پر والقران یفسر بعضہ بعضا مذکور ہے اور دل و جان سے اطاعت امرء القیس منظور جبکہ آپ کے نزدیک صحت قرآن امرء القیس کے نظم پر محصور ہے تو تکذیب تفاسیر و تواریخ محمدیہ انصاف سے دور ہے واہ واہ روضۃ الاحباب و روضۃ الصفا و مدارج النبوت و معارج النبوت وغیرہ تو لایق رد ہووین اور امرء القیس کے اشعار قابل سند خدای محمدیہ لاابالی نہین جو کہ اول ایک صیغہ کی لئے ضمیر حاضر ایراد کرے اور بعد اوسکو ضمیر غائب کی ساتھ یاد کرے اگر قرآن مین کہین ایسا آیا ہو تو نشان دیجیے اور حصن حصین

Marfat.com

راستی ہیں بیان کیجیے اپنا لکھا آپ مٹائیے والقرآن یفسر بعضہ بعضا دل سے نہ بھلائیے **ف** قول حق
راہم زحق تفسیر جو ڈھیں مختار اثر از گمان ای زیادہ گو ہواب میاں محمد علی اپنی تمکین خاک دمان کعبہ کن ہیں داخل
کرتے ہیں ور مصنف قرآن کو شاعران عرب میں شامل **سوط الجبار** ربادرین کلام صنعت استخدام
مرعی ست کہ از مرجع چیزے مراد باشد و از راجع کہ بسوی آن مرجع باشد چیزے دیگر بسبب علاقہ و این ہم در کلام
اکثر واقع شدہ چنانکہ گفتہ **ف** اذا نزل السماء بارض قوم رعیناہ و ان کانوا غضابا از مرجع کہ لفظ سما است
باران مراد است و از راجع کہ ضمیر غائب منصوب است گیاہ و سبزہ کہ منتفع بہ باران است الخ و بریں تقدیر ضمائر
مجرورہ مستعمل اگرچہ راجع اند بسوی نفس مذکورہ لیکن مراد از آن نفس مخلوقہ برعایت صنعت استخدام مراد است و بر
تقدیر معنی آیت این ست کہ پیدا کرد شما را از نفس واحدہ و گردانید از جنس نفس مخلوقہ زوج او را چون معنی
این آیت بطرزیکہ بیان کردیم متعین شد از سیاق آیت کہ در آن بحث است ہمین ثمرہ است
ہمین معنی در آن ہم متعین گردید و ہیچ اشکال باقی نماند **جواب** یہاں لا کے یا تردیدیہ جو جمع
یعنی داد ایراد کرتے ہو اور جواب حملہ ہند میں وس سو استبعاد کرتے ہو اب داد انصاف دیجیے اور اپنے قول
فیصل کی مخالفت پر اعتراف کیجیے آپ کی ان دونوں تحریر میں سے ایک غلط ہے اور مزاج گرامی سنجیدہ چند در
چند ہمتاطراب خوبی و ربودنی معنی میں گفتگو کرتا ہوں اور تفضیح افکار محمد علی دو بدو **قولہ** ودرین کلام
صنعت استخدام مرعی ست الخ اگر قرآن و حدیث میں کہیں صنعت استخدام آئی ہو ویسے تو دکھلائیے اور معنی تراشی
جو باز آئیے بہتر تو یہ ہے کہ قرآن پر نظر اصلاح ڈالیے اور اپنے معبود کی غلطیاں نکالیے شان عثمانی دکھلائیے
اور قرآن آسمانی جلائیے تم منصف خوب ناخوب کیجیے اور رجح ابن مسعود مضروب **ف** تف اسکی کید پر تیز
نافہمی تو بہ این حق پوشی و بیرحمی تو **قولہ** و این ہم در کلام اکثر واقع شدہ فقط فرمائیے کس کے
کلام میں واقع ہوا ہے اور کون اس صنعت کا صانع ہوا ہے اوسکا نام لیجیے لسان مقام دکھلا [illegible]
خدا و رسول ہے تو آپکا قول قابل قبول نا مقبول ہے کیا آپ سوط الجبار میں قرآن و حدیث کے سوا تمام کتب اسلام
سے انکار کر چکے ہیں اور بڑا اعتبار کی تفاسیر و تواریخ محمدیہ پر اقرار بعلاوہ ہوا آپکے قول و فعل میں مطابقت
نہیں ہے اور دعوی قدم میں موافقت نہیں **قولہ** چنانکہ گفتہ **ف** اذا نزل السماء بارض قوم الخ

Marfat.com

اگر فاعل گفتہ احد یا احمد ہی تو آپ کی سند شایان رد ہی کہ یہ ابیات قرآن و حدیث مین مرقوم نہین
ہین اور کسی حافظ و محدث کو معلوم نہین اگر ایجاد شاعران عرب ہین تو مولوی محمد علی نہایت بے ادب ہین
کہ تفاسیر و تواریخ محمدیہ کا ابطال کرتے ہین اور اشعار عرب پر اتکال **قولہ** لیکن مراد از آن نفس مخلوقہ الخ
بعد لفظ استخدام دوبارہ ایراد کلمہ مراد محض فاضل ہی اور آپ کی شان مین آیت فضولی نازل ہی کہ جا
بجا الفاظ مہمل استعمال کرتی ہین اور اپنے فضل و کمال پر استدلال اسی استعداد پر از کتاب جواب تحفۃ الاسلام
کیا ہی اور تمہارے تمنای عزت و نام دیا **قولہ** بر تقدیر معنی آیت این آیت الخ اگر بفرض محال آپ کی
تقریر تسلیم کیجاوے تو بھی آیت آدم و حوا کے حق مین نازل ہی اور اوسکا وہی حاصل کہ آدم و حوا نے شرک عظیم کیا
اور اپنے پسر کو بندہ شیطان رجیم **قولہ** گردانید از جنس نفس مخلوقہ الخ یہ تفسیر تامہ نہین ہی اور کسی کلمہ
قرآن کا ترجمہ نہین بلکہ میا جی کا تکلف ہی اور قرآن مین تصرف جب تک کہ آپ حضرت عثمان کی خیر اندیشی
نکرینگے اور قرآن مین کمی بیشی منصوب جناب حاصل ہوگا اور فقیر اندرسن کا دعوی باطل ہوگا **قولہ** حو
معنی این آیت بطرزی کہ بیان کردیم متعین شدند الخ آج کل عجب دور ہی سرا غو ہی کہ جس شخص کو تمیز جمع
و مفرد نہین ہی اور فرق نیک و بد نہین وہ مسلمانون کا مولوی ہی اور مصر مجتہد و عیسی کلمہ معنی کو لہذا کہ مفرد مشہور
ہی ایراد لفظ شدند خلاف دستور جمہور ہی یہان تک تحفۃ الہند کا یہ قول کہ انبیا سی تمام عمر برا کام صادر
نہین ہوتا رد ہوا اور آدم کیطرح یونس بھی سزاوار حد ہوا مولف سوط الجبار کی زبان ... ہی اور آئندہ
کو بند اب تحفۃ الہند کی قول آئندہ کا رد درپیش ہی اور تنبیہ مخالف بد اندیش **قولہ** انبیا حرص و طمع و
مکر و فریب سے بالکل پاک ہوتی ہین فقط یہ بھی خلاف حدیث و قرآن ہی اور اسکی معنی فی الفور مسلمان
کیونکہ آدم فرشتہ ہوجانیکا طامع تھا اور فرمان ابلیس کا تابع پھر اوس نے زندگی دنیا کی طمع سے تکذیب
عزرائیل کی اور راستی پر دروغ کو تفضیل دی تشریح اسکی مشکات مین ہی اور آدم کے حال مین کہ جبوقت
خدا نے اولاد آدم اوسکو روبرو کی آدم نے اون مین سے ایک شخص کی نسبت گفتگو کی کہ یہ کون ہی خدا نے جواب
دیا کہ یہ تیرا مولود ہی اور اسکا نام داود اسکو انبیا پر تفضیل دی گئی ہی اور عمر اسکی چالیس سال مقرر کی
گئی ہی آدم نے کہا کہ یا الہی مین نے ساٹھ برس اپنی عمر مین سے اسکو دیے خدا نے فرمایا تجھکو اختیار ہی ...

آدم سے نو سَو چالیس برس گذرے اور عزرائیل قبض روح کے لئے آیا آدم نے کہا کہ تونے جلدی کی میری ہزار برس کی لکھی گئی ہے فرشتہ بولا تونے ساٹھ برس اپنی عمر مین سے داؤد کو دئیے ہین آدم نے یہہ سنتے ہی انکار کیا لہذا انکار کرتی ہی ولاد اوسکی انتہی اس حدیث سے واضح ہے کہ آدم نے داد دروغ بیانی اور تکذیب بیک بانی کی میانجی جواب حملۂ ہند کے صفحہ ۳۰ مین صحت حدیث ہذا کی نسبت کلام کرتے ہین اور فقیر اندرمن پر دروغگوئی کا اتہام دہرتے ہین **سوط الجبار** لالہ جی آپ بڑے کذاب مفتری نکلے آپکو شرم نہین آتی جھوٹی باتین بناکر اوسکو حدیث کا ترجمہ بتاتی ہو تس پر تہریہہ کہ اس جھوٹی زبان پر نام مشکات کا لاتے ہو شرماتے نہین مشکات کی کس فصل اور کس باب مین یہہ روایت لکہی ہے عبرت ہو تو ڈوب مرو اور منہہ نہ دکہاؤ **جواب** میانجی آپ جسقدر مرتکب ملام ہوئے ہین در استعداد دشنام اوسکا ہم کچہہ جواب نہین دیتے اور قتل موذی کا ثواب نہین لیتے **ف** انتقام از خصم نگرفتن صفائی سینہ است صیقل آئینہ باشد دل زکین بر داشتن ڈ اصل حال ہم رقم کرتے ہین اور کچہہ بحث لفظی حوالۂ قلم داد تہذیب کیجے اور بڑے کذاب مفتری کی ترکیب کیجے کہ جس صورت مین آپ نے کلمہ کذاب ایراد کیا تو لفظ بڑے مفتری کس واسطے ایزاد کیا کہ تحصیل حاصل ہے اور نیز جملہ اعمال واقوال جناب لال طائل صیغہ مبالغہ کے لئے محتاج اوصاف نہین ہین اور وہ محتاج انصاف نہین علاوہ اسکے اپنی بڑے کو مفتری کہنا خلاف ادب ہے آپکا بڑا مفتری کب ہے آپکی افکار انکار کے حسن خوبی پر نظر کرتا ہون اور ہر ایک کے دیدار مین یک ساعت بسر **قوله** آپکو شرم نہین آتی الخ بلاشبہہ جناب سے سخن نرم نہین آتی اور آپکو شرم نہین کہ بار بار بات کہاتی ہو اور حدیث مشکات کو جھوٹی بات بتاتی ہو ہمکو جھوٹ سے کیا غرض ہے یہہ تو آپ ہی کو مرض ہے کہ جھوٹی بات بناتی ہو اور اوسکو ترجمہ او منشدات بتاتی ہو یہان سے بخوبی معلوم ہوا کہ آپنے مشکات کا ایک فقرہ بہی نہین پڑہا اور یہہ جھوٹا انکار از خود گڑہا نعقریب حدیث قلمبند کرینگی ان اور آپکا دم بند **قوله** تس پر تہریہہ کہ اس جہوٹی زبان پر نام مشکات آتا ہے الخ تس پر تہذیب ہے کہ آج تک کسی اردو خوان کی زبان سے نہین سنا گیا اور کسی کتاب مین نہین دیکہا گیا شاید کہ واضع اوسکے بیجہ ادران آپ دانا ہین جیسے کہ میان محمد علی جلیس ہمنشین ہین **ف** بجنس خود کند ہر جنس آہنگ

ندارد ہیچ کس از جنس خود ننگ ۔ یہان سی ظاہر ہی کہ آپکو سلیقہ گفتگو نہین ہی اور استعداد آرد

قولہ مشکات کی کس فصل مین اور کس باب مین یہہ روایت لکہی ہی فقط جناب من اول آنکہین

اور روائی ترقی بصارت کہائیے بعدہ ربع چہارم مشکات پر نظر کیجئے اور باب السلام کی فصل ثالث

یہہ روایت وہان مرقوم ہی اور ہر ایک مشکات خوان کو معلوم ہم عنقریب اوسکو ترقیم کرینگے اور آ

جارنا چار تسلیم **قولہ** غیرت ہو تو ڈوب مرو فقط جبکہ آپ ربع چہارم مشکات نکالینگے اور با

کی فصل ثالث پر نظر التفات ڈالینگے بالضرور یہہ حدیث برآئیگی اور جناب کو چاہ حیرت جہکائیگی

اوسوقت آپ غیرت سی ڈوب مرینگے بسیار خوب کرینگے ہم عنقریب آپکے ڈوب مرنے کی تدبیر کرتے ہین و

حدیث مذکور بجنسہ تسطیر حصہ اول سوط الجبار مین آپ کی اور ہی گفتار ہی گویا کہ حدیث مذکور پر خود اقرار

سوط الجبار معاملہ عطاے عمر در ابتداے پیدائش آدم واقع شدہ و معاملہ کہ با ملک الموت بیان

آمدہ بعد ہزار سال بود پس گر معاملہ اول آدم را یاد نماند محل اعتراض نیست **جواب** جائے تعجب کہ

جس آدم سی بحث علمی مین ملائکہ نے الزام کہایا اور جس آدم نے بے تعلیم غیر کے ہر ایک شی کا نام بتایا

وہ بہی غفلت سی اسقدر مدہوش ہوا کہ معاملہ عطاے عمر فراموش ہوا قطع نظر ازین جبکہ آدم کو اسقدر

سہو ہوا کہ معاملہ عطاے عمر لوح خاطر سی محو ہوا تو بروقت سامنے آنے ملک الموت کی یہہ بات کس طرح یاد

آئی کہ روز ازل میری عمر ہزار برس کی قرار پائی واہ واہ اپنے مطلب کی بات تو بعد ہزار برس کے

بہی ذہن نشین رہی اور سرگذشت عطاے عمر بالکلیہ تیرہ ذہن گئی یہان سے جانا جاتا ہی کہ آدم نے عطاے عمر سے

دیدہ ودانستہ انکار کیا اور قصداً دروغ صریح پر اصرار ورزیدہ کیا یعنی کہ تقرر عمر ہزار سالہ تو یاد آئی اور اوسکا

تتمہ عطاے عمر مثل کاہ کہنہ بر باد جائے طرفہ معاملہ ہی کہ ایسا امر عظیم کہ جو خداے کریم کے سامنے قرار پایا

آدم نے کیونکر دل سی بہلایا میاں جی حصہ سوم سوط الجبار کی صفحہ ۱۳ مین واسطے برات آدم کی کلام

کرتے ہین اور ارادہ الزام **سوط الجبار** آپ کی دیدہ دن اور کتب معتبرہ مین لکہا ہی کہ انسان

اون معاہدون کو جو دوسرا جنم لینے سی پہلے اوس نے کئے ہوتے ہین یکقلم بہول جاتا ہی یعنی قبل از جنم لینے

کے وہ سوتی اعتقاد کرتا ہی کہ ابکی مرتبہ جو جنم لونگا تو بجز گیان کے اور کچہ نکرونگا پہر یہان آکر سب بہول

Marfat.com

ہے کیا وید وغیرہ کتابین ایسی جھوٹی ہین جیسے کہ آپ ہین **جواب** اوّل بحث لفظی ہے اور بعدہ
ن مقصود اصلی فرمائے کہ یہان ویدون بصیغہ جمع آپ نے کیونکر لکھا ہے آپکا مستندہ مضمون سوا
ہ وادینشد کے دوسری کسی کتاب مین ہے ذرا ہوش مین رہا کرو اور سمجھ سوچ کر بات کہا کرو اسیطرح کتب معتبرہ
ہ آپنے ہماری مذہب کی کون سی کتاب مراد لی ہے یا یہہ عبارت بحسب عادت مبارک زائد ایراد
ہے برائے خدا کتب معتبرہ کی تفصیل فرمائیے اور اس عطف کی صحت پر دلیل لائیے لغوگوئی سے اجتناب کیجیے
نام کتاب بحوالہ باب لیجیے اگر آپکو عہد و معاہد مین فرق معلوم ہوتا تو قلم مبارک سے بجا عہد معاہد
بلکہ مرقوم ہوتا سبحان اللہ جس شخص کے نزدیک عہد و معاہد مین تفاوت نہین ہے اور جمع و واحد مین
ورت نہین وہ مسلمانون کا مولوی ہے اور ہمنام نبی ورلی ہے ۵ چلی جب ایسی حماقت کی اس چمن مین
دو تو بلبلون پہ کرے فخر کسطرح نہ لوا ز علاوہ اسکی معاہد خود جمع ہے اوسکی ساتھ واو اور نون جمع کی
ورت نہین ہے افسوس الفاظ و عبارات زائد لاتی ہو اور اپنی اوپر الزام زیادتی عائد کراتی ہو پھر بعد کلمہ
کے جو آپنے لفظ وغیرہ رقم کیا ہے فرمائیے کہ وہ وغیرہ کیا شی ہے اور کسواسطے ہے یہہ مطلب کہ گربھ اوپنشد
ن وید کو کسی کتاب مین ہووے تو نشان دیجیے اور فصل و باب بیان کیجیے اب بحث لفظی کو تمام کرتا ہون
ر آپ کے مطلب معنی پہ نگاہ بے تامل آپکا الزام غلط ہے یا بجناب آدم کلمہ منقط کیونکہ اس سے یہہ ہی
زم آتا ہے کہ آدم مرکب بخط و نسیان تھا اور مثل عام آدمیان بلکہ ہم رنگ آدمیان کوتاہ بین تھا اور مانند
نین کسواسطے کہ آیات گربھ اوپنشد کا یہہ ہی مطلب ہے کہ مولود شکم مادر مین عہد و پیمان کرتا ہے اور بروقت
پیدائیش مابالاطاق نسیان ہوتا ہے فقط نسیان جنین نتیجہ اعمال بد ہے جو کہ تا لب پشین سرزد ہے پس جب تک
ب حضرت آدم کے بیٹے جنم پر ایمان نہ لائینگے اور اونکو مصدر عصیان نہ ٹھہرائینگے آپکی مشکل آسان
ہوگی اور گفتگوی الزام چسپان ہو سکی قطع نظر ازین جبکہ آدم نے اسی جنم کا عہد و پیمان فراموش کیا اور
ہے انکار نوش تو وہ کمترین بشر ہے بلکہ جنین سے بھی بدتر اب مولوی صاحب بخوبی سمجھ گئے ہونگے کہ عصمت آدم
مفقود ہے اور الزام جناب کا یہہ ہی مقصود کہ آدم کے حواس مین فتور تھا اور وہم و قیاس مین قصور اسکو
نے عہد و پیمان کا پاس نہین تھا اور بدعہدی و پیمان شکنی سے ڈر اس نہین جبکہ سیاحتی نے حال بدحواسی

Marfat.com

آدم ستا حصہ سوم سوط الجبار مین اسطرح پر سرزد ہنا **سوط الجبار** اس اصل پیلازم آتا ہی
کے اکابر جنہون نی بذریعہ تناسخ کے جنم لیا ہی مسلوب الحواس ہون کہ اون امور کو جو بالذات مہم
بہول گئی اور آپ بھی علی ہذا القیاس کیونکہ آپکا نشار حالیہ نشار سابقہ پر متفرع ہی اور سب امور پچھلے
کے بہولی بیٹھے ہے **جواب** ہماری کل اکابرون کا علم وعرفان درست ہی اور عہد وپیمان حیثیت تمام
جانی سمر تھی اور سب کو پہلی جنم کی حالات از بر ہر گز امور ضروری سی نسیان نہین تہا کہ پہلی جنم مین علانیہ عصیان
نہین ہوا برخلاف اکابر اسلام کہ عہد الست بھول گئی اور مدت العمر مطیع غول رہی اگر محمد صاحب کو عہد الست
سی خبر ہوتی تو کسو طرح عمر چہل سالہ بدمستی وبت پرستی مین بسر ہوتی اسیطرح اگر آپ کو عہد الست سی
آگاہی ہوتی تو کیونکر بندگی نصارا مین روا ہی ہوتی کعبہ پر انگلستان کو ترجیح نہ دیتی اور بجای تسبیح
نام مسیح نہ لیتی آپ کی اولاد امجاد کا بھی یہی حال ہی اور کل شی یرجع الی اصلہ چہرہ کشای حال ہی کہ کوئی
وکیل سرکار ہی اور کوئی پیشکار دربار کیا خوب سعادت آثار ہین کہ اپنی باپ کی سنت پر جان نثار ہین جس
شخص کی نزدیک انکا آدم مین احتمال نسیان ہی وہ در پی تحصیل کمال عصیان ہی کیونکہ آدم بعد عطای
عمر کے ہمیشہ اپنی عمر شمار کرتا رہتا تھا اور عطای عمر پر اقرار پل دس سے نسیان محال ہی اور دفع صریح سی برأت
آدم کس کی مجال ہی میانجی حصہ سوم سوط الجبار کے صفحہ ۳۰ مین پھر بھی بنتیر می پر معترض ہین اور حدیث
ربع چہارم مشکات سی منکر لہذا مین حدیث مذکور بجنسہ مع ترجمہ تحریر کرتا ہون اور روسیاہون کو سیراز
آب تشویر (عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خلق اللہ آدم ونفخ فیہ الروح عطس
فقال الحمد للہ فحمد اللہ باذنہ فقال لہ ربہ یرحمک اللہ یا آدم اذہب الی اولئک الملائکۃ الی ملأ منہم جلوس
فقال السلام علیکم قالوا علیکم السلام ورحمۃ اللہ ثم رجع الی ربہ فقال ان ہذہ تحیتک وتحیۃ بنیک بینہم
فقال لہ اللہ ویداہ مقبوضتان اختر ایتہما شئت فقال اخترت یمین ربی وکلتا یدی ربی یمین مبارکۃ
ثم بسطہا فاذا فیہا آدم وذریتہ فقال ای رب ما ہولاء قال ذریتک فاذا کل انسان مکتوب عمرہ
بین عینیہ فاذا فیہم رجل اضوءہم او من اضوءہم قال یا رب من ہذا قال ہذا ابنک داؤد قد کتبت
لہ عمر اربعین سنۃ قال یا رب زد فی عمرہ قال ذلک الذی کتبت لہ قال ای رب فانی قد جعلت لہ

Marfat.com

ہو پیشوایان ہنود پر اتہام شنیع ناحق کیکو دشنام دیجئی **ابیات** یہہ دشنام دینا کچھہ اچھا نہین
کہ اشراف جھکمارتی ہین کہین نہ چڑہی ہی جو سر مین شراب غرور نہ وہ ہوویگی اک آن
مین سر سی دور نہ کسی پیشوا کی ہنود نی معاملہ دروغ نہین کیا اور کذب کو فروغ نہین دیا **قولہ** از آنجملہ
سری کرشن برای حصول اسپ زناجہ مورالیج الخ مورالیج کوئی راجا نہین ہی اور مہابہارت
مین ہرگز اسکا چرچا نہین اس لزام سراسر اتہام کا رد بالا ہوا او مترجم خیانت فن امانت دشمن
منہہ کالا کسواسطی دیدۂ دلیری سی عداوت کرتی ہو اور کس لئی اپنی حق مین بار بار آیت سورہ
آل عمران تلاوت کرتے ہو **قولہ** سری کرشن با وجود آنکہ عہد باہیکم پتامہ بستہ بود کہ جکر
خود الخ فیضی نی ترجمہ مہابہارت نہین بنایا ہی بلکہ مسلمانون کو بنایا ہی کہ جسوقت اونکو بیہودہ
حوصلۂ الزام کرتی ہین سب حیا و شرم کی تمام کرتی ہین ثبوت بسیار دشوار ہوتا ہی سکوت چارناچار
ہوتا ہی اگر سیاجی کو اپنی بات کا پاس منظور ہی اور ہوش وحواس بدستور تو یہہ روایت مہابہارت مین
معائنہ کرا دین اور عہدہ وجہ ثبوت سی برآمین ہم قسمیہ کہتی ہین کہ جسوقت مولوی جی اس بات کا
التزام کرینگی ہم فورًا رد اسلام تمام کرینگی ذرا اپنی طرف دیکھی کہ جس جگہہ آپ نی ترجمہ حدیث وقرآن
مسلمہ اہل ایمان سی انکار کیا ہی ہم نی جلد ثالث آپکو اصل ہندی و آیت سی شرمسار کیا ہی مترجم مہابہارت
داونیشد نی مکر عجیب کیا حتی کہ ہمکو بھی فریب دیا کہ ہم نی اکثر امور اونکی صواب سمجھی اور اوسی طور پر جواب
لکھی بقول سعدی **س** توان شناخت بیک لحظہ در شمائل مرد کہ خبث نفس نگردد بسالہا

علوم ذ بعد مدت بسیار بر تحقیق مبسوط الکتاب معلوم ہوا کہ مترجمین نے راہ خیانت لی ہی اور سہوا ما نستہ
ہی اسواسطی اب یہہ بھی عہد ہی کہ جب تک اصل کتاب نہ دیکہین جواب نہ لکہین ہم بیچ بین ہرگز
ہین ہی کہ شری کرشن نے چکر ہاتھ مین نہ لینی کا عہد کیا اور خلاف اوسکے جہد کیا بہیکہم پر جیسے اوہیا
ستہ ششم مین اسطرح مذکور ہی کہ جسوقت بہیکہم نے اکثر سرداران پدہشٹہر کو آب شمشیر پلایا اور شری کرشن نے
باران تیر برسایا تب آپ نے ارجن کے گہوڑے ہانکنی چہوڑی اور کوڑا ہاتھ مین لیکے بہیکہم کی طرف دوڑے
ارجن مانع ہوا اور جفای بہیکہم پر تانع نقل عبارت اصل مہابہارت کرتا ہون و از افترا پردازی مترجم اثبات

वासुदेवस्तु संप्रेक्ष्य पार्थस्य मृदुयुद्धतां भीष्मं च शर
वर्षाणि सृजंतमनिशं युधि ॥ १ ॥ प्रतपंतमिवादित्यं म
ध्यमासाद्य सेनयोः वरान्वरान्विनिघ्नंतं पाण्डुपुत्रस्य
सैनिकान् ॥ २ ॥ युगांतमिव कुर्वाणं भीष्मं यौधिष्ठिरे
बले नामृष्यत महाबाहुर्माधवः परवीरहा ॥ ३ ॥ उत्सृज्य
रजतप्रख्यान् हयान्पार्थस्य मारिष वासुदेवस्ततो यो
गी प्रचस्कंद महारथात् ॥ ४ ॥ अभिदुद्राव भीष्मं स भु
ज प्रहरणो बली प्रतोदपाणिस्तेजस्वी सिंहवद्विनदन्मु
हुः ॥ ५ ॥ तमापतंतं संप्रेक्ष्य पुंडरीकाक्षमाहवे असंभ्रमं र
णे भीष्मो विचकर्ष महद्धनुः ॥ ६ ॥ उवाच चैव गोविंद
मसंभ्रांतेन चेतसा एह्येहि पुंडरीकाक्ष देवदेव नमोऽस्तु
[illegible] हरस्व यथेष्टं वै दासोऽस्मि तव चानघ अन्वग
च्छन् [illegible] मभिद्रुत्य केशवं ॥ ८ ॥ निजग्राह हरिं वी
रो बाहुभ्यां परिगृह्य वै ... चित् ह्रशमे परेतत एवमुवाच आर्तः क्रोधपर्याकु
लेक्षणं ॥ ९ ॥ निश्वसंतं यथा नाग मर्जुनः प्रणयात्सखा

निवर्तस्व महाबाहो नान्तं कर्तुमर्हसि ॥ २० ॥ यत्त्वया
कथितं पूर्वं न योत्स्यामीति केशव मिथ्यावादीति लो
कास्त्वां कथयिष्यन्ति माधव ॥ २१ ॥ माधवस्तु वचः श्रु
त्वा फाल्गुनस्य महात्मनः न किंचिदुक्त्वा सक्रोधश्चारु
रोह रथं पुनः ॥ २२ ॥

قولہ کہ کرشن را زین عہد بنا چاری لازم آید فقط واہ واہ ری عربی دان فارسی خوان واقف موز خفی وجلی میان محمد علی اتنی بھی خبر نہین کہ آید فعل معروف مشہور ہے اور اوسکے لیئے فاعل ضرور ہے ذرا انصاف کیجیو کہ علم ترکیب سے عافل کون ہے اور آید کا فاعل کون ہے شان الہی ہے کہ جس شخص کو فعل و فاعل کی تمیز نہین ہے اور جسکے نزدیک علم ترکیب کوئی چیز نہین وہ مسلمانون کا مولی ہے اور اونکی رایین اوسکی یاوہ درائی و دراز خائی اعجاز محمدی سے اولی ہے بتقدیریکہ شری کرشن یہہ عہد کرتے کہ مین تیر و تفنگ لونگا اور داد جنگ دونگا اور پیچھے اوسکے خلاف کرتے اور بہیکھم پر ہاتھ صاف کرتے تو بھی مولوی محمد علی کا منہہ نہین تھا کہ ان پر زبان ملامت دراز کرین اور دہان غرامت باز کیونکہ اونکے ہمنام اور امام محمد و علی نے جنگ وجہاد مین رنگا رنگ مکر کیا ہے اور قتل زید و بکر عہد شکنی کی ہے اور راہ گردن زنی لی ہے تفصیل اسکی ذکر حضرت مین آئیگی اور آپکو جا بجا حیرت مین گرائیگی یہانسے جانا جاتا ہے کہ بھاگوت مین جو لکھا ہے کہ شری کرشن نے رتھ کا پہیا اوٹھایا اور بہیکھم کو ڈرایا وہ خلاف مہابھارت ہے اور غلط عبارت ہے **قولہ** چون پسر دیوداس براجہ منوہر میت داد الخ چونکہ آپ نے نام کتاب نہین لیا اور اعلام باب نہین کیا اسواسطے ہم اس روایت کی صحت و سقم مین کلام نہین کرتے اور آپکا دیانت دار یا خیانت کار نام نہین دہرتے اگر بالفرض کسی کتاب مین درج بھی ہووے تو مفید پیسہ آز نہین ہے کہ دروغ ابراہیم بہ آخاطت لنتر نہین بیچہ دروغ بھگو مصلحت آمیز تھا اور کذب براہیم فتنہ انگیز پس دونون مین فرق آسمان و زمین ہے اور تفاوت فلک با دروج جبین **قولہ** پانڈوان برخلاف واقع خود را ملازمان جدھشٹھر وانمودہ الخ اگر

Marfat.com

پانڈون نے اپنی جان بچانے کے لئے اور آتش فتنہ بجھانے کے لئے تبدیل لباس کیا اور حضور راجہ بیراٹ
مین خلاف واقع التماس تو ابراہیم کے لئے سودمند نہین ہے اور ہماری زبان طعن بند نہین کہ ابراہیم
نے فتنۂ خفتہ جگانے کے لئے جھوٹی بات بنائی اور اپنی گردن مروانے کے لئے گھات لگائی پس تفاوت
فیما بین ہی بلکہ بعد المشرقین ہے علاوہ اسکے پانڈو راجہ تھے اونکے لئے سب بجا تھے اسیطرح اگر ابراہیم بھی
بادشاہ ہوتا معذور خواہ مخواہ ہوتا شکر خدا کہ رد الزامات سے فراغت حاصل ہوئی اور بکربلات
واصل ہوئی اب تسلی مومنات و مومنین کرتا ہون اور دروغگوئی سارہ و ابراہیم کرنشین بروز
عید قوم ابراہیم بطرف عیدگاہ راہی ہوئی اور ابراہیم سے طالب ہمراہی ابراہیم نے از روے دروغ
کہا کہ مین بیمار ہون اور تمہاری ہمراہی سے ناچار چنانچہ سورۂ صافات مین ہے اور ابراہیم کی حالات
مین فنظر نظرة فی النجوم فقال انی سقیم یعنی پس نظر کی اوس نے ایک نظر درمیان تارون کے پس
کہا تحقیق مین بیمار ہون **سوط البتار** دلیلی برین نیست کہ ابراہیم خود را بدروغ بیمار وانمود ممکن است
کہ بیمار باشد یا از آثار و علامات دریافتہ باشد کہ قریب تر بیمار خواہد شد و باعتبار مایول کہ نوعی از مجاز
است خود را بیمار وانمودہ و اطلاق کذب برین توریہ و ایہام بر سبیل مشاکلہ است **جواب** ہمارے
دعوی پر یہہ ہی دلیل ہے اور ثبوت دروغگوئی ابراہیم کی یہہ ہی سبیل ہے کہ محدث بخاری نے انی سقیم کو
کذبات ابراہیم مین شمار کیا ہے اور خود ابراہیم نے بھی بسبب کاذب ہونے کے شفاعت سے انکار کیا ہے ان
دونون باتون کی سند عنقریب مسطور کرونگا اور شکوک مخالفین دور اگر ابراہیم جھوٹا ہوتا تو
اوسے طریق شفاعت چھوٹا ہوتا اگر فی التحقیق ابراہیم بیمار ہوتا تو محدث بخاری کو اوسکی دروغگوئی
پر کسواسطے اصرار ہوتا درصورتیکہ ابراہیم اعتبار علامات و آثار کرتا اور بطور مایول گفتار کرتا تو یون
نہ کہتا کہ تحقیق مین بخور ہون اور تمہاری ہمراہی سے معذور بلکہ بغیر کلمۂ تائید کے اپنا مدعا ادا
اور مین بیمار ہون صرف اسیقدر بات کرتا علاوہ اسکے مایول وغیرہ مجاز خیالات شعرا مین ہوتے ہین
نہ مقالات پیغمبر خدا مین ہم دریافت کر چکے ہین کہ ابراہیم نے انی سقیم اس نظر سے کہا کہ وہ نمرودی زمانہ
حال مین بیمار تھا مین یا اس نظر سے کہا کہ زمانہ استقبال مین بر تقدیر شق اول دروغگوئی ابراہیم مین

شک نہین ہی اور رسائی میا بجی مطلب اصلی تک نہین کیونکہ اوسوقت وہ بیمار نہین تہا اور در
حالت اضطرار نہین پس اوس نے حقیقت حال کو برخلاف کام کیا اور اپنا دروغباف نام شق دوم
برعکس عالی ابراہیم ہی پس خطای عظیم ہی کیونکہ اگر نمرودی لوگ وسکو زمانہ مستقبل مین بیمار جانتی تو
اوسوقت کیونکر معذور از رفتار مانتی بالضرور ہمراہ لیتی اور در صورت انکار اذیت بلا اشتباہ دیتی
غرضکہ ابراہیم نی یہہ ہی کہا کہ مین فی الحال صاحب فراش ہون اور قابل کلمہ و دربانش وگرنہ آپکی
ہمراہ ہوتا کسواسطی عذرخواہ ہوتا پھر آپ جو دروغ ابراہیم کو توریہ وایہام کہتی ہین خلاف علمای
علام کہتی ہین کیونکہ کسی مفسر نی انی سقیم کو توریہ وایہام خیال نہین کیا اور آپکی طرح بیہودہ قال و
مقال نہین اگر اسبات مین کوئی آپکا شریک ہو دی تو نام لیجئی اور نشان مقام دیجئی سوای اسکی
توریہ وایہام کو معنی لغوی برخلاف ارادہ کی ظاہر کرنا او دسیکو غلطی مین ڈالنا ہین درینصورت دروغگوی
و فریب دہی ابراہیم نقش بر سنگ ہی اور عذر میا بجی لنگ ارباب معنی کی اصطلاح مین توریہ ایہام
اوسکو کہتی ہین کہ ایسا کلمہ ذکر کرین کہ دو معنی رکہتا ہو وی ایک قریب اور دوسرا بعید حالانکہ انی سقیم کی
ایک ہی معنی ہین اور مولوی صاحب کی ساری تاویلین لایعنی ہین پھر آپ نی جو منتا کلہ کا نام لیا ہی
خیال خام کیا ہی ہم اسکا رد آیندہ کرینگی اور جیسا کہ چاہئی آپکو شرمندہ اب یہہ ہی خلاصہ تقریر ہی کہ
ابراہیم بانی مبانی تزویر ہی اگر قوم کو فریب دینا منظور ابراہیم نہوتا تو (انی ساقم) کی جگہہ قرآن
میں (انی سقیم) نہوتا قصہ کوتاہ نمرودی راہی عیدگاہ ہوئی بدون اسکی کہ مکر و کید ابراہیم سی آگاہ
ہوئی اوسوقت ابراہیم نی آپ ہی آپ چپکی سی کہا کہ تمہاری بتون سی مکر و کید کرونگا اور ایک ایک
کو زندان نیستی مین قید چنانچہ سورہ ابراہیم مین ہی (وتاللہ لاکیدن اصنامکم یعنی قسم ہی اللہ کی البتہ
مین مکر کرونگا بتون تمہاری سی نقط ضمیر حاضر یعنی کلمہ کم سی معلوم ہوتا ہی کہ ابراہیم کو بتان قوم سی
پیکار تہی نہ کہ بت پرستی سی عار تہی چنانچہ ہرچند اہل اسلام دوسری قوم کی بتون سی تنزویر کرتی ہین
لیکن حجر اسود کی توقیر کرتے ہین پس جو کوئی کہتا ہی کہ دامن مسلمانی لوث بت پرستی سی پاک کیا
گیا ہی وہ مخالفت حق سی ہلاکت کو پا گیا ہی عہد مسلمانی مین بت پرستی نی اسقدر رونق پائی کہ اکثر

Marfat.com

دیا مین دین حق کہلائی غرضکہ غیر کے بت سی دشمنی کرنا توحید کی دلیل نہین ہی اور شرک و بت پرستی سی برات خلیل نہین جو کچہ کہ ابراہیم نے خصومت بتان قوم مین باخود گفتگو بے دسر دبن کی تہی وہ قوم مین سی بعض اشخاص نے سن لی تہی اب مولوی محمد علی حمایت ابراہیم کرتی ہین اور ترمیم قرآن عظیم

سوط الجبّار آنکہ گفتہ کہ ابراہیم آہستہ باخود گفت غلط محض است دانستہ صریح گو کہ از مورخان و غیرہم کسی بدان طور نقل کردہ باشد چہ ابراہیم آن را در عین مباحثہ و مناظرہ بخطاب کفار باعلان گفتہ

جواب جو کوئی باخود گفتن کو غلط دانستہ سمجہیگا وہ قرآن کو مخبط و خطا سمجہیگا کیونکہ سورۂ انبیا سی نمایان ہی کہ گفتگوی ابراہیم پنہان ہی چنانچہ وتاللہ لاکیدن اصنامکم بعد ان تولوا مدبرین یعنی قسم اللہ کی البتہ مین بدی کرونگا بتون تمہاری سی بعد اسکی کہ پہر جاؤ تم پیٹہہ پہیر کر فقط اس سی ظاہر ہی کہ اگر ابراہیم علانیہ سبات کا اظہار کرتا اپنا پای غمایت فگار کرتا نمرودی اوسیوقت ابراہیم کو گرفتار کرتے اور بسیار خستہ و خوار ہاتہ مین ہتکڑی پاؤن زنجیر ڈالتی اور بیت الاصنام سی بافضیح و تشہیر نکالتی لہذا ابراہیم نے تذکرہ بت شکنی پوشیدہ و نہان کیا نہ علانیہ و عیان چنانچہ آیت مذکور کی تفسیر زاد الآخرت مین مرقوم ہی

ابیات

اور خدا کی قسم سمجہہ تمام نے توڑ ڈالون تمہاری مین اصنام نے جسدم گہری جا چکو گوا ہی مردم نے پہیر کر پیٹہہ عیدگاہ کو تم نے ایک نے گرمہ سن لیا اوسکو نہ لیکن افشا نہین کیا اوسکو نے سورۂ انبیا کی تفسیر حسینی مین بہی ہی کہ ابراہیم نے نہان کہا کہ مین تمہاری بتون سی بدسگالی کرونگا اور اونکی وجود سی بیت الاصنام خالی عبارتہ ہکذا چون ابراہیم با جمعی از ایشان در باب تماثیل مناظرہ فرمودہ گفتند فردا عید ماست بیرون آئی تا ببینی کہ دین و آئین ما چہ زیباست ابراہیم بلا نعم ایشان را گفت و روز دیگر کہ میرفتند خواستند کہ او را ببرند بہانہ بیماری پیش آورد فقال انی سقیم ایشان از و باز داشتہ برفتند ابراہیم پنہان از ایشان فرمود کہ وتاللہ لاکیدن اصنامکم انتہی ایک ترجمہ قرآن عبد القادر وہابی ہی جو کہ مولوی محمد علی کا ہمرکابی ہی فایدہ آیت مذکور مین اوسکا بہی یہی بیان ہی کہ گفتگوی ابراہیم پنہان ہی عبارتہ ہکذا یہ ملاحظہ کرنا اونکون نے جنکی کہا پہر جب

Marfat.com

وہ شہر سے باہر گئے ایک میلہ مین تب بتخانہ مین جا کر سب کو توڑا انتہی ہمارے میانجی کے دماغ مین کیا خبط سمایا ہے کہ عیب وہابی نکالتے ہین اور اپنے دین مین آپ خرابی ڈالتے ہین جیسی کہ تقریر مولوی صاحب خلاف نقل ہے ویسی ہی برعکس عقل ہے کیونکہ ابراہیم اگر باعلان کہتا کہ تم سے دشمنی کرونگا اور تمہارے بتون کی گردن زنی تو دے فوراً اوسکی تدبیر کرلیتے بلکہ اوسیدم اسیر کرتے منصوبہ ابراہیم بیکار ہوتا بلکہ اوسی کی گردن کا بار ہوتا کیونکہ مردمان قوم اوسکو دربار بادشاہ مین حاضر لاتے اور سزائے ظاہر دلاتے بیت الاصنام تباہی سے محفوظ رہتا اور آفت جانکاہی سے محفوظ بالضرور ابراہیم نے مکر عظیم کیا اسیواسطے مصنف قرآن نے اوسکے حق مین کلمہ کید ترقیم کیا اب مولوی جی کی ابکار افکار پر نظر الفت ڈالتا ہون اور خاطر خواہ دل کی کلفت نکالتا ہون **قولہ** کو کہ از مورخان وغیرہم کسے ہمان طور نقل کردہ باشد فقط وغیرہم سے بلاشبہہ مفسرین ومحدثین مقصود ہونگے پس آپکی رائے مین دے بھی مثل مورخین مردود ہونگے میانجی آپکے سوائے کسی نے مورخین ومحدثین ومفسرین اسلام کا رد نہین کیا اور عہد نبوت سے لیکر آجتک نطفہ مسلمان نے ایسا فعل بد نہین جبکہ آپ مورخ ومحدث ومفسر کی بات نہ مانینگے تو بالیقین مطالب قرآن بلا تبات نہ جانینگے کیونکہ صرف قرآن سے کام نہین چلتا بغیر تفسیر وبیان کے کام نہین نکلتا محدثین وغیرہ نے تو علانیہ دروغ ومکر ابراہیم تحریر کیا ہے اور آیت مذکور مین لفظ کید بمعنی تزویر لیا ہے اگر آپ مفسرین کے کلام سے بیزار ہونگے تو مرتد ہوسے ہمارا کلام نہین ہے اور جھوٹے کے کام ودہان مین لگام نہین اگر آپکا دہاں بیون ہی بیدار ہے تو اونکا بھی یہی گفتار ہے ترجمہ مولوی عبد القادر مشہور ہے اور بلفظہ اوسکی عبارت بالا مذکور ہے مگر کیا کیجیے کہ میانجی نہ وہابی ہین شیعی صافی دونون طرف سے گئے گذرے ہین نہ ادھر کے نہ ادھر کے ہین **سو** ہوئے اپنے کہے سے منفعل تم نے ہونٹی بیدون سے بھی اپنے خجل تم نے **قولہ** چہ ابراہیم آنرا درعین مباحثہ ومناظرہ الخ یہ محض خطا ہے ایسا کہین نہین لکھا ہے نہ حدیث وقرآن مین ہے نہ مفسرین ومورخین کے بیان مین صرف آپکی سخن تراشی ہے اور ناحق سامعین کی سمع خراشی البتہ اپنے باپ اور قوم سے ابراہیم نے علانیہ یہ بات کہی تھی کہ تم عبادت کرتے ہو کہ اپنی تراشیدہ تماثیل

کی عبادت کرتی ہو چونکہ اسمین عبد السلام کم رتو نہ ویر ہنین ہی تقریر مولوی محمد علی دلپذیر ہنین میان جی
کہان تک جھوٹی بات بناؤ گی اور تکذیب قرآن و تفسیر کی گھات لگاؤ گی کتب اسلام سی سند
لائیے اپنی ہرزہ درائی کی حد ٹھہرائیے ہمارا ایسی سی کلام ہی جو کہ تابع اسلام ہی چاروں امام کا
قائل ہی اور کتب سنیہ سی مائل ہی ورنہ آپ سی نامقلد تو بہت پھرتے ہین ویسے ہی انکو کچھ اعتبار
سی کرتی ہین کوئی جلالی کوئی صابی ہین کوئی مداری کوئی وہابی ہین برائے نام سب مسلمان ہین
جیسے چاہئین ویسے کہان ہین اب مولوی صاحب راہ حق سی انحراف کرتی ہین اور خوان نعمت
سوط الجبار وچونکہ مشرکین اصنام خود را بر بوبیت می پرستیدند او لا بنظر تحقیر اصنام
فرمودہ (ما ہذہ التماثیل التی انتم لہا عاکفون) وبعد ازان فرمود (ربکم رب السموات والارض
الذی فطرہن) وچونکہ از واہب العطیات ابراہیم را رشد تمام در اتمام حجت وطریق مناظرہ
عنایت شدہ بود بطرز شایستہ آنہارا آگاہ گردانید برینکہ تماثیل راکہ رب خود میگوئید ہیچ ربوبیت
شما نمیکنند بلکہ محتاج محافظت ونگہبانی شما بودہ اند اگر شما در محافظت وبقای آن نکوشید خراب
ودرہم برہم شوند وبعد دور شدن شما از ینجا تدبیر آن خواہم کرد چنانکہ فرمودہ (تاللہ لاکیدن
اصنامکم بعد ان تولوا مدبرین) وچونکہ اصل مدعای ابراہیم آن بود کہ این جہلا راکہ بر ربوبیت والوہیت
بتان خود اصرار داشتند وفاعل ہمہ چیز ہا آنہا را می پنداشتند از روی حجت ومناظرہ برین معنی آرد کہ
ایشان خود بزبان خویش اقرار کنند کہ اینہا ہیچ نیستند وہیچ نمیتوانند **جواب** عبارت
سامی مین کلمہ چون کی بعد تین بار حرف کاف ہی اور تینون جگہہ محاورہ کے خلاف ہی چون کی بعد
کاف لانا صریح غلطی ہی اور برعکس روزمرہ فارسی آپ کہین ایراد لفظ چون نہین کرتی بلکہ
حرف کاف افزون نہین کرتی گویا چون کی بعد کاف آپکا تکیہ کلام ہی
بادہ وجام ہی **سہ** خوی بد در طبیعتی کہ نشست نرود جز بوقت مرگ از دست ہی اب میان جی
کی کفایہ پر نظر کرتا ہون اور علاج نامہ جگہ **قولہ** وچونکہ مشرکین اصنام خود را بربوبیت
می پرستیدند الخ ..... اصنام ..... لہذا کہہ جاتے تھے یا پتھر ماتے تھے جب تک ان ..... ان

Marfat.com

باتون مین سی کوئی بات تاریخ نمرود یہ سی عیان نہو گی لایق اطمینان نہو گی مسلمانون کی نقل
سزا ہو مسا نہین ہی جیسی کہ دیوانون کی عقل قابل اعتماد نہین چنانچہ اہل اسلام خوش فہمی یا بیرو
سے بہتان الوہیت نار بوس پر دہرتی ہین و تہمت ربوبیت احجار اہل روس پہ کرتے ہین مسلمانون
کا تعصب دیرینہ ہی اور سینہ پر کینہ ہر ایک سخن بیطور ہی اور سی اور یہہ کلیہ نہین ہی کہ کل مشرکین
احجار کو رب العالمین مانین اور مالک یوم الدین جانین چنانچہ محمدی لوگ ہر چند کہ حجر الاسود کے
گرد گہومتی ہین اور دونون ہاتھ سی پکڑ کر چومتی ہین رو بہ رو حجر سجود و سلام کرتی ہین اور قعود و قیام
دست دعا اوٹہا کر اوسکی سامنی کرتی ہین اور یہہ نغمہ گاتی ہین (اللہم انت السلام ومنک السلام
والیک یرجع السلام حینا ربنا بالسلام وادخلنا دار السلام تبارکت ربنا وتعالیت یاذا الجلال
والاکرام اللہم زد بیتک ہذا تعظیما وتشریفا ومہابۃ وزد من تعظیمہ وتشریفہ من حجہ وعمرہ تعظیما وتشریفا
ومہابۃ پہر حجر الاسود کے سامنی آکر اور کانون تک ہاتھ اوٹہا کر یہہ راگ گاتی ہین (بسم اللہ
اللہ اکبر وللہ الحمد) یہان سی ثابت ہی کہ حضرات حجر کی سامنی عرض حال کرتی ہین اور اوسکو عبادت
خدا خیال کرتی ہین سو عرض حاجت جو کہ پتہر سی کرین تو اونکی ایسی عقل پہ پتہر پڑین تو
لیکن حجر الاسود کو رب العالمین نہین جانتی ہین اور مالک آسمان و زمین نہین مانتی چنانچہ روایت مشکوۃ
ہی اور محمد صاحب پیر عمر کا مات ہی قال رایت عمر یقبل الحجر و یقول انی لاعلم انک حجر لا تنفع ولا تضر ولولا
انی رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبل ما قبلتک یعنی عابس بن ربیعہ سی روایت ہی کہا اوس نے کہ دیکہا
مین نے عمر کو حجر الاسود چومتی ہوئی اور کہتا تہا کہ مین خوب جانتا ہون کہ تو پتہر ہی نہ تو نفع پہنچاتا ہی
اور نہ نقصان اور اگر نہ دیکہتا مین رسول اللہ کو چومتی ہوئی تو نہ چومتا مین تجکو فقط مگر قول عمر
لایق اعتبار نہین ہی کہ مطابق اخبار نہین احادیث صحیح سی یہہ ہی ثابت ہی کہ محمد صاحب ابتدای
دعوی نبوت سی وقت وفات تک باعتقاد دل و ایمان کامل حجر الاسود کو چومتی رہی اور اس
امید سی کہ یہ پتہر روز قیامت ہماری گناہ معاف کرائیگا اور سارا قصیدہ مدح اوسکی گرد گہومتی رہی لیس
عقیدہ مسلمانان مین وہ سنگ صاحب کرامت ہی اور ذریعہ نجات گو بظاہر پتہر کا لا ہی مگر در باطن آمرزش

نیا الاہی کیونکہ بحکم رب العزت اوسنے آسمان سے نزول کیا تہا اور اندرون بیت الحرام دخول
ان وہ پتہر سفید تر از شیر تہا سپہر صفائی و شفافی کا بدر منیر اپنے چومنے والون کے گناہ سے سیاہ تر
بخت بد ہوا اور موسوم باسم اسود چنانچہ جامع ترمذی مین ہے قال رسول اللہ نزل الحجر الاسود
ان الجنتہ و ہو اشد بیاضا من اللبن فسودتہ خطایا بنی آدم یعنی فرمایا رسول خدا نے کہ وتر احجر اسود
ہشت سے اور وہ تہا زیادہ سفید دودہ سے بس سیاہ کر دیا اوسکو گناہون بنی آدم کے نے فقط
نسیہ عزیزی مین لکہا ہے کہ حجر الاسود دنیا مین خدا کا داہنا ہاتھ ہے جو کوئی اوسکو چومتا ہے خدا
وسکے ساتھ ہے افسوس کہ ان دلون خدای محمدیہ کا دست راست شکستہ ہوا اور محمد علی بر راد
ملاقات حق البتہ فریاد کہ از تش جہنش رلہ بستند ز آن خال و خط و زلف و رخ و
عارض و قامت و تار و زشمار امید وار ہے اور طلبگار دیدار کہ کعبہ کن نے ایک خبر حسنی ہے بلکہ
صحیح ابن ماجہ سے بوقت نظر سیر حسنی ہے کہ او تعالی روز قیامت حجر الاسود کے قالب مین جان ڈالیگا
اور اوسکے وسیلہ سے مسلمانون کا کام شتابان نکالیگا اوسکو چشم و زبان دیگا او زعوت نطق و بیان
جس مسلمان نے کہ حجر کو اعتقاد دل سے بوسہ دیا ہوگا اوسکے لئے وہ روا حاجت کریگا اور اداے شہادت
اس حدیث کی عنقریب تصحیح کی جائیگی اور ابراہیم کو محمد پر ترجیح دی جائیگی غرضکہ روز حساب
محمدیہ حجر کو ایک مورت مانند عزی ولات بنائیگا اور حقیقت بت پرستی بپایہ اثبات پہنچائیگا
یہان سے ظاہر ہے کہ دین محمد و کفار قریش مین فرق واجبی ہے اور غیریت تہوڑی سی کیونکہ
قریش کہتے تہے کہ آخرت مین ہر ایک بت اپنے پرستار کی شفاعت کریگا بس الکعبہ
وکتاب مین کچہ رعایت کریگا کون کہتا ہے کہ محمد صاحب نے ملت آبائی اپنے برکندہ کی
رسم زندہ مگر اونہون نے دین بت پرستی مین کچہ ترمیم فرمائی کوئی بات
کوئی تسلیم فرمائی مسلمانون کے یہان ایک دوسرا بت حجر الاسود کا ثانی ہے جسکا نام رکن یمانی
ہے اہل اسلام رکن یمانی کی بھی از بس تعظیم کرتے ہیں اوسکے مساس کو دفیعہ عذاب جہیم سمجہتے ہین چنانچہ
عن عبید بن عمیر ان ابن عمر کان یزاحم علی الرکنین زحاما ما رایت احدا من صحابۃ رسول اللہ

Marfat.com

يزاحم عليه قال ان افعل فانى سمعت رسول الله يقول ان مسحهما كفارة للخطايا يعنى روايت ہے
عبيد بن عمير سے يہہ كہ ابن عمر لوگون پر غلبہ كرتا تھا اوپر ہاتھ لگانے ركنون كو يعنى حجر اسود و ركن
يمانى كے غلبہ كرنا كہ نہين ديكھا مين نے كسيكو اصحاب رسول خدا سے كہ غلبہ كرتا ہو اوسپر يعنى ہر ايك پر
اون دونون ركنون سے ابن عمر كہتا ہے كہ اگر كرون مين غلبہ لگانے كو مجھپر اسلئے كہ تحقيق سنا مين نے
رسول خدا سے كہ فرماتے تھے تحقيق ہاتھ لگانا ان دونون ركنون كا كفارہ ہے واسطے گناہون كے
فقط **قوله** ما هذه التماثيل التى انتم لها عاكفون فقط اس آيت مين لفظ ما هذه التماثيل سے
پايا جاتا ہے كہ ابراہيم كو بتان قوم سے انحراف تھا نہ كہ بت پرستى سے انصراف تھا اگر مطلق
بت پرستى كو برا جانتا تو كيونكر لفظ هذا لاتا بلكہ يہہ عقيدہ كہتا كہ جو كوئى پرستش اصنام كريگا وہ
دوزخ مين مقام كريگا خود سمجھ ليو كہ اگر كوئى مجوس يا اہل روس كعبہ و حجر اسود كيطرف انگشت اوٹھا
ہے كہ يہہ بتخانہ لايق تعظيم نہين ہے اور يہہ بت سزاوار تكريم نہين تو اس سے يہہ لازم نہين آتا كہ
اوسكى راے صايب ہے اور وہ بت پرستى سے تائب ہے بلكہ يہہ ہى ثابت ہوتا ہے كہ وہ شخص كسى بت
بتخانہ سے فيضياب ہے البتہ كعبہ و حجر اسود سے روتاب ہے **قوله** چونكہ از واهب العطيات ابراهيم
را رشد تمام در اتمام حجت و طريق مناظرہ عنايت شدہ بود الخ يہہ بات ابراہيم كے لئے باعث
رشد و فخر نہين ہو سكتى اور سبب فخر كا نہين كيونكہ مشہور و مذكور ادانى و اعالى ہے كہ حجر عقل و تميز
سے خالى ہے علم و ادراك سے بيخبر ہے اوس سے كسيكو نہ فايدہ نہ ضرر ہے اگر ابراہيم اسقدر بھى عقل نہ
ركھتا تو كاربار انسانيت مين دخل نہ ركھتا بلكہ گاؤخر ہوتا يا بجنس حجر شجر البتہ محمد صاحب پر
ابراہيم كو تفضيل ہے كہ اون حضرت كے عقيدہ مين پتھر كى قدر جليل ہے چنانچہ روايت مشكات سے اور
غايت واهيات قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فى الحجر والله ليبعثنه الله يوم القيامة له عينان
يبصر بهما و لسان ينطق به يشهد على من استلمه بحق يعنى كہا محمد صاحب نے حجر الاسود كى شان مين كہ
قسم ہے الله كى كہ ديويگا اوسكو خدا قيامت كے دن دو آنكھين كہ ديكھيگا وہ اون سے اور زبان
ديگا اوسكو كہ بوليگا وہ اوس سے اور گواہى ديگا اوس پر جس نے اوسكو چوما سچے ارادہ سے فقط

Marfat.com

اس حدیث سے لازم آتا ہے کہ وہ قول عمر کہ حجر الاسود کسی کو فایدہ و نقصان نہین پہنچا سکتا پہنچا تا حجر
چونکہ بقول حضرت حجر الاسود کے چومنے والون کو فایدہ بلا اشتباہ ہو گا کہ وہ اونکے لیے روبرو خدا
گواہ ہو گا ادنی و اعلی پر ظاہر ہے کہ شہادت موافق سے اکثر نفع ہوتا ہے اور ضرر دفع پس بدلیل
حجر الاسود مسلمانون کے لیے فایدہ پہنچائیگا اور اپنے چومنے والون کے لیے جنت مین مایدہ بچھائیگا بت پرستان
عرب و عجم کا بھی یہہ ہی اعتقاد تھا کہ عاقبت مین اصنام اونکے شافع ہونگے اور کشمکش روز حساب کو دفع
اسواسطے محمد صاحب کی نسبت ابراہیم عقیل ہے اور فیما بین تفاوت دلیل ضلیل ہے کیونکہ اوس نے
بد رستی عقیدہ مشرکین کے دل کے پھپھولے پھوڑے اور اسنے لیشتی مکیدہ بت توڑے وہ مشرکین کو سر چڑہاتا
تھا اور یہہ جھکاتا تھا اگر نا واقف لوگ یہہ ذکر سنینگے اونکے کان کھڑے ہونگے بلکہ اونکے ساتھ
مسلمان کھڑے ہونگے جسوقت ہم سے مناظرہ کا حوصلہ کرینگے ہم ایک دم مین فیصلہ کرینگے پھر اونکو اصلا
گنجایش گفتگو نرہیگی بحث و مباحثہ کی آرزو نرہیگی **قوله** بعد دور شدن شما ازینجا تدبیر آن خواہم
کرد فقط یہہ محض غلط ہے اسکا کہین نشان نہین ہے اور حدیث و قرآن مین بیان نہین سورۃ الانبیا
مین یہہ ہی بات تسلیم کی ہے کہ ابراہیم نے بت توڑنے کے لیے تزویر کی ہے مکر و کید کا نام تدبیر دھرتے ہو
مضمون قرآن مین تغیر کرتے ہو **قوله** چنانکہ فرمودہ تالله لاکیدن اصنامکم الخ الفاظ آیت پر
غور کیجیے قرآن راستی کا دم کیجیے لفظ کید بمعنی تدبیر تعبیر کرتے ہو صریح تزویر کرتے ہو کید بمعنی فریب اور
بدسگالی ہے چنانچہ ذکر یوسف مین صراح وغیرہ سے معروض رائے عالی ہے خوب جان لیجیے جسبات کو
الفاظ آیت مذکورہ مین تغیر و تبدیل نہوگی کسی طرح پر برات خلیل نہوگی حاصل آیت وہی ہے
کہ ابراہیم کو نمرودیون سے فریب کرنا منظور تھا اور نیت مین فتور تھا آپ نے لفظ کید پر خیال نہ
کیا بلا وجہہ یون ہی ٹال دیا آپکو حرف حرف مین مخالفت قرآن کی تا... ہے
بعید ہے **قوله** چونکہ اصل مدعا ابراہیم آن بود الخ ابراہیم کون تھا ... غیر ... دل
دیتا اور سرداران قوم کو عقل دیتا عیسی بدین خود و موسی بدین خود مثل مشہور ہے کیسی کو دین مین
پر اعتراض کرنا انصاف سے دور ہے مولف اعجاز محمدی بھی اسیطرح رقم طراز ہین جو آپکے بیان

Marfat.com

پہر بھی ہمسائی میں اونکی ارشاد پر اعتماد کیجیے اور صفحہ صد و یکم اعجاز محمدی کا سبق یاد کیجیے عبارتہ ہکذا اہل دین ہند و نیو گ صد نکاح نہ شتگانہ جایز داشتہ اند و نیز آفتاب را مظہر ذات دانند سجدہ پیش بت آتش و دیگری را نمی رسد کہ بگوید کہ این چرا است **سوط** ہر قوم راست راہی دینی و قبلہ گاہی ذو من قبلہ راست کردم بر سمت کج کلاہی ذ انتہی اگر ابراہیم صاحب اعجاز سی عقل لیتا تو کسیکی دین مذہب مین کسواسطی دخل دیتا قطع نظر ازین نصیحت وحدت وہی کر سکتا ہی کہ جو فن توحید مین کامل ہوی اور عالم عامل حالانکہ ابراہیم خود اجرام پرست تہا اور شراب شرک سی مست کہ اوس نی ستارون کو اپنا پروردگار ٹہیرایا اور مضمون ہذا ربی اوسکی زبان سی بار بار برآیا عنقریب اسکی تفصیل آئیگی اور مخالفین کو ذلیل بنائیگی اب ہم میا جی بطرف انی سقیم رجوع کرتے ہین اور بحث گذشتہ شروع

سوط الجبار لہذا اولا برای دفع کفار از انجا تدبیری کرد کہ چنانکہ مردم بحسب عادت ہنگام گذشتن اکثری از شب بسوی ستارگان می بینند بسوی ستارگان نظر کرد تا کہ بمشاہدۂ این فعل اوحردمان بر سپری شدن شب پی بردہ بجا نہای خود روند این ست مراد قولہ تعالی فنظر نظرۃ فی النجوم و برای قیام خود دران مقام عذری پیش آورد کہ من بسبب بخوری خانہ نخواہم رفت فقال انی سقیم و در کتب مقدسہ صلا استعاری بر آن نیست کہ ابراہیم در آنوقت چیزی مرض نداشتہ باشد بلکہ گذاشتہ رفتن مردمان ورا در آنجا و پذیرفتن عذر وی دلیل قوی ست بر اینکہ او را در قیام بجا خود ور داشتند و بمجانستم ظاہری عذرش پذیرفتہ خود بدر شدند و او را گذاشتند چنانکہ فرمودہ فتولوا عنہ مدبرین ـ

جواب کیون جہوٹا رونا بار بار روتی ہو اور کسواسطی اپنا اعتبار کہوتی ہو ابراہیم نی تدبیر نہین کی بلکہ براہ تزویر تلقین کی اسیواسطی مؤلف قرآن نی آیت لاکیدن اصنامکم ترقیم کی اور دلالت بطرف فریب براہیم اب ابکار افکار مولوی صاحب بر سر جوش جوانی و دستانی ہین امرزادگان کعبہ کین آمادۂ کامرانی و گوہر افشانی ہین **قولہ** بسوی ستارگان نظر کرد تا بمشاہدہ این فعل الخ کسی مفسر نے فنظر نظرۃ فی النجوم کی یہہ تفسیر نہین کی اور آپکی طرح بیہودہ تقریر نہین اس سی عصمت خلیل باطل ہی اور ہمارا مدعا بدلیل حاصل کیونکہ مقصود تقریر جناب یہہ ہی کہ

خاتمہ

Marfat.com

ابراہیم نے ایسا بہانہ کیا کہ لوگوں نے چارناچار عزم خانہ کیا اور اوسجگہ سے قیام کے لیے دوسرا
عیان کیا کہ جھوٹ موٹ اپنے تئین بیمار و ناشکیب بیان کیا **قولہ** کس سبب تجویز خانہ
نیت الخ شاید کہ میاں جی نے بالائے خانہ سے بائے موحدہ محذوف کی ہے اور اپنی حماقت کا
فی الحقیقت ابراہیم مریض و بیمار ہوتا تو سوئے خانہ چارناچار گرم رفتار ہوتا کہ حالت بیماری میں
گھر کو یاد کرتا ہے اور بار بار مادر و پدر کو کیونکہ بہ نسبت باہر کے گھر آرام ملتا ہے اور بآسانی تمام
آب و طعام علاوہ اسکے اگر ابراہیم فی الواقع بیمار ہوتا تو وہاں سے لوگوں کو نکالنے کے لیے گھر
ٹھیرا رہتا کسواسطے کہ مریض کو تنہائی سے ہراس ہوتا ہے اسواسطے خویش و اقربا دوستوں کو اپنے
پاس رکھتا ہے ابراہیم نے شعور نہ تھا کہ رنجور ہوتا اور خود بخود خویش و اقربا سے دور ہوتا پس
نے مکاری بالیقین کی کہ اوسکو کوئی بیماری نہیں تھی **قولہ** در کتب مقدسہ نشان
الخ یہ تقریر جاہلانہ ہے اور تحریر ابلہانہ کہ انکار کے لئے ثبوت ضرور نہیں ہے ایسا کسی دیار و شہر کا
دستور نہیں ہے اگر حاکم کے سامنے مدعا علیہ بخلاف مدعی اظہار کرے اور دعوی مدعی سے قطعی انکار
کرے تو کوئی عاقل اوسکا اظہار رد نکریگا اور اوس سے ثبوت طلب نکریگا بلکہ مدعی سے کہیگا کہ گواہ لا اور ثبوت
دکھلا اگر تحصیل بلاری میں اسکے برعکس قانون ہے تو عدل و انصاف کا خون ہے اگر اوسوقت ابراہیم
رنجور ہوتا تو بلاشبہہ کتب مقدسہ میں مذکور ہوتا چونکہ کتابوں میں بیماری ابراہیم منقول نہیں ہے
بلکہ میاں جی منقول نہیں اگر کتب مقدسہ سے مراد حدیث و تفسیر ہے تو خلاف واقع آپکی تقریر
ہے کہ اکثر مفسرین و محدثین کی یہی گفتگو ہے کہ ابراہیم دروغگو ہے چنانچہ بخاری نے روایت کی ہے او
کذبات ثلاثہ ابراہیم سے حکایت پس ظاہر ہے کہ اگر اوسوقت طبیعت ابراہیم بیمار ہوتی تو کیونکر
(انی سقیم) کی کذبات ابراہیم میں شمار ہوتی لہذا معلوم ہوا کہ وہ بیمار نہیں تھا
ہو نیز اگر نہیں اگر کتب مقدسہ سے مراد توریت و انجیل ہے تو کافہ انبیا گنہگار و ذلیل ہے کسواسطے کہ
میں سیئات انبیا کی اسطرح پر تشریح کی ہے کہ جس میں گنجائش تاویل نہیں ہے اور حاجت قال و قیل نہیں
قولہ بلکہ گذشتہ رفتن ہر وما ل ... آنجا دیدیرفتن عذر و وسیل توسیت الخ آپکی

آپ ہی کی گردن کا ہار ہی جسکا عمل اوسکی گردن پر سوار ہی کیونکہ اگر ابراہیم بیمار ہوتا اور محتاج تیمار
تو مردمان قوم اوسکو اکیلا نہ چھوڑتے اور اوسکی مرافقت سی منہہ نہ موڑتی کہ وی سب اوسکے رشتہ دار
تھے اور خویش و تبار کوئی اپنی مریض سی جدائی نہین کرتا اور اسقدر بیوفائی نہین پس جسوقت کہ
ابراہیم نی عیدگاہ کی جانی سے انکار کیا اور اپنی تئین مریض آشکار ا دکھون نی بخوبی جان لیا کہ یہ
رنجور نہین ہی لیکن اوسکو جانا منظور نہین اسواسطی زیادہ تر اصرار نکیا غلام نازپرورده کو آزاد دیا
اگر وی جانتی کہ ابراہیم خلاف آئین و دین کوئی کام کریگا یا گردن اصنام پر صمصام دہریگا تو
فورًا اوسکو گرفتار کرتے اور حوالہ تہانہ دار جو انصاف کرو کہ اگر ابراہیم رنجور ہوتا اور آمد و رفت
سے معذور تو بتون کو کیونکر توڑ سکتا اور دل کی پہپہولی کسطرح پہوڑ سکتا کسواسطی کہ اصنام
پر کوہا ڈا ابجانا آسان نہین ہی اور پہاڑ ڈانا کارنا توان نہین **قولہ** چنانکہ فرمودہ فتولوا
عنہ مدبرین فقط اس آیت سی یہہ نہین بر آتا کہ ابراہیم اوسوقت سقیم تھا اور ہمراہی قوم
اوسکو بیم تھا کیونکہ اوسکا ترجمہ یہی ہی کہ پس پہرے اوس سی پیٹہہ پہیرتے فقط مقصود آنکہ
جسوقت ابراہیم عذر خواہ ہوا طایفۂ قوم متوجہ عیدگاہ ہوا اس سی یہہ نہین نکلتا کہ ابراہیم
بیمار تھا اور معذور از رفتار غرضکہ عذر خلیل بدتر از گناہ تھا کہ وہ تندرست خاطرخواہ تھا اگر
آپکا سینہ صاف ہی اور دل مین انصاف تو آیت آیندہ پر غور کیجیو اور کذب ابراہیم پر یقین نی الفور
فراغ الی الہتہم فقال الا تاکلون مالکم لا تنطقون فراغ علیہم ضربا بالیمین یعنی پوشیدہ گیا طرف
بتون قوم کی پس کہا از روی استہزا کی کیا نہین کہاتی تم کہانا کیا ہی تمکو کہ نہین بولتی پس پہر
آیا اوپر اونکی مارتا ہوا ساتہہ داہنی ہاتہہ کی فقط یہہ جملہ کام تندرست کی ہین اور چالاک و چست
کے اگر ابراہیم بیمار ہوتا تو ان مین سی ہر ایک کام اوسکو دشوار ہوتا یہان تک تفسیر آیت
(انی سقیم) ہوئی اور تقریر در رفع اول ابراہیم ابکلوی صاحب مقصود آیت بل فعلہ کبیرہم
بیان کرتی ہین اور در رفع دویم ابراہیم واضح رای اہل بیان **سموط التجار** چون نگاہ
او آنان خالی شد ابراہیم تبان را بشکست مگر بکی را کہ از آنجملہ بزرگ بود گذاشتن یکی برای

ن بود که بسبب این ترک مدعا او که اقرار بعجز که منافی الوہیت ست از جانب قوم بظہور رسید و
ہچنان شد که چون رجوع بسوی آن کردند او را سالم و دیگران را شکسته یافتند و از حال شکننده
بتشکن و ندو بسوی ابراہیم که سوگند بجا آکرده بود که تدبیر آن خواہد کرد گمان بردند و ابراہیم را حاضر
آوردند و پرسیدند که آیا تو کردی اینچنین با معبودان ما ای ابراہیم ازینکه باعتقاد فاسدهٔ آن تتمیر
پنہان بود که فاعل جملهٔ افعال ہمین صنم بزرگ ست و خیر و شر ہمه بدست اوست مطابق اعتقاد
آنها برای تبکیت و اتمام حجت و نیز بغرض آنکه اوشان را باقرار بعجز اصنام در آرد جواب داد
(بل فعله کبیرہم ہذا فسئلوہم ان کانوا ینطقون) **جواب** اس کلام مزخرف انجام کا حاصل
یہہ ہی ہے کہ جسوقت بیت الاصنام مردمان قوم سے خالی ہوا ابراہیم مرتکب بدسگالی ہوا یعنی
تبر سے بتون کو توڑا اور بڑے بت کو بجنسہ سلامت چھوڑا جبکہ مردم قوم عیدگاہ سے واپس آکر
حال بتخانه دیکھکر از بس گھبرائے بت توڑنیوالے کو تلاش کیا جن لوگون نے سوگند ابراہیم گوش
کی تھی راز فاش کیا کہ جسکا ابراہیم نام ہے اوسیکا یہہ کام ہے پس قوم نے ابراہیم سے دریافت استفسار کیا
اوس نے جھوٹا اظہار دیا کہ بڑے بت نے یہہ کام کیا ہے اپنے خردون کا کام تمام کیا ہے اگر ابراہیم
نے بتون کو چور چور کیا اور صنم بزرگ کا قایم رہنا منظور تو وہ عہد شکن ہے اور سوگند برہمزن کیونکہ
اوس نے یہی عہد و پیمان کیا تہا کہ تمہارے بتون کو نابود کرونگا اور تتمیر شرک مفقود اگر وہ
اسطرح سوگند کہا تہا کہ کل بتون کا سر شکسته کرونگا مگر ایک کی حفاظت پر کمر بسته تو اوسکا عہد کامل
ہوتا اور وہ اپنے قول پر آپ عامل ہوتا چونکہ ایسا نہین ہے عہد ابراہیم پورا نہین اگر کوئی کہے کہ
عہد ابراہیم یہی تہا کہ صنم بزرگ سے ترک تتمیره کرے اور باقی کو ریزہ ریزہ تو جواب یہہ ہے کہ اول
تو آیت (لاکیدن اصنامکم) مین یہہ تشریح نہین ہے دوسرے ابراہیم کو بت پرستان عالم پر ترجیح نہ
تہی بلکہ جیسے اور بت پرست بعضے بتون کی اعانت کرتے ہین اور بعضون کی اہانت اسیطرح ابراہیم
نے بڑے بت کو رب جانا اور وسیلہ بر آمد مطلب مانا ورنہ اوسپر بھی ہاتھ صاف کرتا کسواسطے عہد
و پیمان کے برخلاف کرتا ... ابراہیم کو عام اصنام سے تتمیر تہا نہ کہ مطلق بت پرستی

سے پرہیز تہا محمد صاحب کا ہی یہہ ہی شعار تہا کہ عہد نبوت مین بعضے بتون کا بلند اقبال تہا اور
بعضون کا خستہ حال چنانچہ جسوقت بعد فتح مکہ کے بیت الحرام مین مفخر اسلام آئے سوائے حجر الاسود
کے سیصد و شصت اصنام بائے گل کو زمین کا پیوند کیا حجر الاسود کو مرتبہ بلند دیا کہ اب تک اسکی
اسقدر تعظیم ہوتی ہے کہ اشک حسرت قوم ابراہیم روتی ہے مسلمان ہاتہہ مین پکڑ کر بوسے لیتے ہین
اور ایک دوسرے کو بہروسہ دیتے ہین کہ جو کوئی تقبیل حجر کریگا اوس سے شعلۂ نار حذر کریگا شاید کہ
بیت الحرام وہی بتخانہ ہے اور حجر الاسود وہی بت پرانہ ہے ابراہیم پر جسکی ہیبت چہائی تہی اور
دل ضعیف مین جسکی عظمت سمائی تہی ورنہ کسواسطے اوسکی توڑنے سے کنارہ کرتا بلکہ اورون کیطرح پارہ
پارہ کرتا بت پرستون کو اسقدر عقل و فرہنگ ہوتی ہے کہ ایک کو دوسرے بت سے جدائی جنگ ہوتی
ہے اپنے بت کی توقیر کرتے ہین اور صنم غیر کی تحقیر چنانچہ محمد صاحب نے سہ صد و شصت بت کو زیر و زبر
کیا اور حجر الاسود کو رتبہ برتر دیا ابراہیم نے تماثیل تراشیدہ قوم کو ناچیز و ذلیل بنایا اور بت بزرگ
کو عزیز و جلیل ٹہیرایا شاید کہ اوسیکا نام حجر الاسود ہے اور وہی معبود امت محمدیہ ہے **قوله** ابراہیم بتان
را شکست مگر یکے را کہ از انجملہ بزرگ بود فقط بلا شبہہ ابراہیم اوس صورت کو معبود جانتا تہا اور
مسجود گردانتا تہا کیونکہ اوسکو دماغ مین یہہ ہی سمایا تہا کہ جسکے تئین جسامت ہے اوسیکو لائق اسکے ہے
جو کوئی جسیم ہے وہی رب کریم ہے جسوقت تفسیر (ہذا ربی) آئیگی آپکی سمجھہ مین یہہ بات بخوبی
آئیگی **قوله** تا اینجا کہ بنائے الوہیت ست از جانب قوم بظہور رسید فقط آپکو مستند قرآن
و حدیث سے ہرگز ثابت نہین ہے کہ قوم ابراہیم بتون کو قادر جانتی تھی اور خیر و شر اونہی سے
[illegible] مانتی تہی ہرچند کہ روبرو اصنام طرح طرح کی ندا کرتی تہی اور جان و تن فدا مگر اونکو
خالق و مالک نہین سمجہتی تھی اور رازق و مالک نہین چنانچہ اہل اسلام حجر الاسود کے سامنے طلب
[illegible] کرتے ہین اور دعا پڑہتے ہین اوسکے چارون طرف پہرتے ہین روبرو صنم سجدہ کنان گرتے
ہین بناء علیہ [illegible] حجر الاسود [illegible] رو و راز کرتے ہین حضور سنگ ہمرنگ لنگ عجز و نیاز کرتے ہین پس قوم
[illegible] تضاد [illegible] مسلمانون [illegible] دونون سے عداوت ہے جبکہ حالت قوم

Marfat.com

سے اقرار الوہیت باطل ہے تو اقرار عجز خود تحصیل حاصل ہے **قولہ** وہیجان شد الخ میاںجی ارادہ کرتے
ہیں کہ مسلمانوں اور نادانوں کو باتوں میں پھسلا لیں اور جھوٹ کو سچ سے زیادہ جتا دیں قصبہ
بچھراؤں کو خانہ حرام بنائیں اور امرائے اسلام سے صلہ و انعام پائیں جیسے اونکے مخدوم قوم
منگلیہ جاد حسن شاہ نے بیگم بھوپال کو باغ سبز دکھلایا بیگم صاحبہ نے مانند بہول کی اپنے پیراہن
میں پھول کر در حال ایک پیرانہ دو شالہ و رومال دس بارہ روپیہ کا مال ڈہا یا کچہ وظیفہ پر
راضی کیا اور ریاست بھوپال کا قاضی بہو تو خلعت لطیفہ و لقب شریفہ پاکر ایسا باساز و برگ ہوا
کہ صبح و شام میں شادی مرگ ہوا جھوٹ کا انجام خیر نہیں ہے لائق جنت معتقد کہہ دیتے ہیں
میاںجی آخر عمر میں جھوٹ بولتے ہو اور ترازوی صدق میں سنگ ریزہ دروغ تولتے ہو جسوقت اپنی
مستندہ کتب سے ثبوت دوگے مبہوت ہوگے ہیجان شد کہہ دینا آسان ہے اور کارکام و
زبانی ثابت کرنا محال ہے بیہودن آب بغربال ہے **قولہ** از خیال شکنندہ تجسس کروند الخ
جسکو یہ میاںجی اپنے تئیں آپ معقول کرتے ہیں اور ہمارے سارے اعتراض قبول کیونکہ اگر قوم
ابراہیم بت بزرگ کو قادر سمجھتے تو کیونکر تجسس شکنندہ ضرور سمجھتے بلکہ اوسکو توڑنیوالا جانتے
اوسی سے برا و بھلا مانتے ابراہیم پر اعتساف نکرتے اپنے عقیدہ کے خلاف نکرتے شاید کہ قوم
ابراہیم مانند طایفۂ اہل سنت و جماعت ہے کہ یہی ہم کہتے ہیں کہ فاعل خیر و شر خدا ہے
اور نیک و بد وہی کرتا ہے مگر جسوقت اونکا خویش و برادر کوئی کام اونکے برعکس خطا کرتا ہے
خواہ صواب خواہ خطا کرتا ہے زمین سر پر اوٹھاتے ہیں خون برادر و بید بہاتے ہیں یہاں کی
مناسب ایک حکایت ہے ابو حنیفہ کی شکایت ہے مجالس المومنین میں لکھی ہے کہ امام ابو حنیفہ اپنے
شاگردوں سے کہہ رہا تہا کہ خالق خیر و شر خدا ہے بندہ کو قدرت خلق کجا ہے کہ [illegible]
امام کو اینٹ ماری امام دادخواہ ہوا حاضر درگاہ بادشاہ ہوا خلیفہ نے بہلول کو طلب کیا اور
[illegible] سبب بہلول نے کہا کہ خود عقیدہ امام ہے کہ خیر و شر خدا کا کام ہے پس مجہپر اتہام ہے
[illegible] ناحق الزام ابو حنیفہ سے کوئی بات نہ بن آئی بہلول نے رہائی پائی **قولہ** از انکہ تا [illegible]

Marfat.com

فاسدهٔ آن مشرکین چنان بود که فاعل جملهٔ افعال همین صنم بزرگ ست الخ جب تک که بالا کلام
ازین لفظ ابراهیم ایزاد نہوگا عالم معنی آباد نہوگا فاعل جواب وادعیان نہوگا اور مفہوم عبارت
شایان بیان نہوگا بر تقدیریکه قوم کو نزدیک بت بزرگ فاعل جمله کردار ہوتا تو ابراہیم کو
اوسکی توڑنے سے کسواسطے انکار ہوتا بلکہ اول اوسکو تہ وبالا کرتا اور قوم بیدین کا منہہ کالا
اس سے معلوم ہوتا ہی کہ رای ابراہیم ہی مین فساد تھا اور بت بزرگ پر اعتقاد تہا کہ یہی فاعل
افعال زشت وخوب ہی اوسکا توڑنا معیوب ہی (بل فعل کبیرہم) کا یہی مقصود ہی کہ صنم بزرگ
ذہن ابراہیم مین معبود ہی ابراہیم جو کچہہ زشت وخوب کرتا تہا اوسی کی طرف منسوب کرتا
تہا پس تاویل محمد علی بیدلیل ہی اور خلاف عقیدۂ خلیل اگر ابراہیم تبکیت والزام قوم
منظور کرتا تو بت کلان کی توڑنی مین کیونکہ قصور کرتا بلکہ صرف اوسکو پارہ پارہ کرتا اور قوم
سی ساختہ آشکارہ کہ جو تمہاری نزدیک خالق اعمال ہی اوسکا یہہ حال بیحال ہی تا کہ قوم
الزام کہاتی او عقل لاکلام پاتی اگر قوم صنم بزرگ کو خالق اعمال جانتی اور سچا ہی ایزد
ذوالجلال مانتی تو اوسکی لئی کیونکہ مقام ندامت تھا کہ معبود مستقل تہا ابراہیم نے بیدرکو اوسکی
طرف نسبت دیکتے تہی ابراہیم سی گوی سبقت لیسکتی تہی مگر یہہ بالکل [illegible] ہی ہی مانا ہی
کہ ابراہیم بت کلان کو کردگار مانتا تہا اور فاعل جملہ کردگار جانتا تہا اسیواسطی اوسکی توڑنی
سی عذر کیا اور اسیواسطی مضمون (بل فعل کبیرہم) ازبر کیا اب مولوی محمد علی کا اسقدر [illegible]
کم کرتی ہین اور ترجمہ (بل فعلہ کبیرہم)

سوط الجبار

یعنی چونکہ پیوستہ برین اعتقاد اید
کہ رب اعلی واکبر این بت بزرگ را میدانید پس با من بہرچہ می آویزید اینچہ بظہور رسیدہ ازین
بت بزرگ بظہور رسیدہ یعنی بحسب اعتقاد شما

جواب

یہان بہی چونکہ بعد کہا شد افزون
ہی لاجرم ثمرۂ عادت دون ہی

س

کف پا عروج جبین شود تن خاک عرش برین شود
دزد وآنچنان جبین شود کہ علاج عادت دون کند یہہ ترجمہ سراسر خبط ہی اسکی الفاظ
آیت سی کچہ ربط ہی میانجی یہہ ترجمہ نہین ہی ایمان فروشی ہی دنیا کی لئی دین چشم پوشی ہی

کہ عامی لوگ جیسا کہیں اندھوں کی مقابلہ میں جا کہیں مراد اسلام نان و طعام دین بلا شبہ نعمت
والنعام میاں جی راہ راست پر آئی اور الفاظ ترجمہ و آیت مطابق کرا کر بل کا ترجمہ کیا ہی جون سے
معنی کا آیت میں نقطہ کونسا ہی باقی الفاظ کا بھی یہی طور ہی آیت اور اور ترجمہ اور تو اصلا
مطابقت اصل نقل نہیں ہی میاں جی کو معنی قرآن میں دخل نہیں اگر مزاج مبارک منشئ نہ ہوتا تو
ترجمہ بقدر انیز ہوتا اگر آپکو عربی میں چندان دستگاہ نہیں تھی تو ترجمہ رفیع الدین و عبد القادر
تک بھی راہ نہیں تھی اب مطالعہ ترجمہ رفیع الدین کیجئے او معنی آیت دلنشین بل فعلہ کبیرہم ہذا
فسئلوہم ان کانوا ینطقون یعنی بلکہ کیا ہی اسکو بڑی انکی نے کہ یہی پس پوچھو اوس سے اگر ہیں بولتے
فقط قولہم یعنی حسب اعتقاد شما فقط اعتقاد ابراہیم قوم پر عائد کر کے بہ معنی لفت شہادت شان
کرتے ہو تما یہاں آیت (بل فعلہ کبیرہم) ہو جسکی فہم معنی میں عقل محمد علی گم ہی ابراہیم ہی
اعتقاد نہ رکھتا تھا کہ وہ بت خالق شر و خیر ہو اور رازق وحش و طیر اگر نہ ایسا ہوتا تو ابراہیم کو
اوسکا لحاظ کیا ہوتا قائل آیت (بل فعلہ کبیرہم) کا ہرگز نہ ہوتا اصلا دروغ صریح پر قائل نہوتا
بہ مولوی محمد علی سخن تراشی کرتے ہیں ورنہ آتش نفتہ ابراہیم پر آپ باشتی سوء ادب الٰہی
و بحیثیت مناظرہ کہ بحالت لزوم فسادات و اشکالات میں بر معتقدات خصم از تسلیم مجرد
بر تسلیم بر تبکیت و تقریر بر آن مقدماتی متفرع میکنند کہ بجواب آن خصم بر فساد عقیدہ خود
مضطر و بحیرت مبتلی شود و بر اقرار می آید و در مقام مباحثہ این قسم صاحب مناظرہ را کسی از عقلا دروغگو
نمیگوید چہ تسلیم و تقریر مقدمہ معتقدہ خصم درین مقام برای اخبار از عقیدہ خود نمیباشد بلکہ محض
برای تفریع مقدماتی دیگر کہ موجب تبکیت خصم ست میباشد و بس و درین خصوص نیز بیجان بظہور
رسید کہ ہرگاہ ابراہیم بہمچونہ مناظرہ پیش آمد و لا در دلہای خود پشیمان شدند و باکی گرفتہ
چنانکہ فرمودہ فرجعوا الی انفسہم فقالوا انکم انتم الظالمون و سر خجلت بگریبان نہادہ بزبان
آوردند کہ تو خوب میدانی کہ اینہا ہیچ نمی توانند بہ نطق آمدن و چون مدعای ابراہیم ہمین بود
کہ اوشان قائل بعجز اصنام خود شوند چنانکہ بظہور رسید پس مقدماتیکہ بعجز متفرع میشدند بر آن

Marfat.com

تفریح کردہ حجت براو شان ... سہ چنانکہ فرمودہ اَفتعبدون من دون اللہ ما لا ینفعکم ولا
... اُف لکم ولما تعبدون من دون اللہ افلا تعقلون اتعبدون ما تنحتون واللہ خلقکم وما تعملون **جواب**
در مباحثہ میں مسلمانوں کا یہی طریقہ ہے اور یہی سلیقہ کہ مساوات خصم تسلیم کرتے ہیں او
قصہ ابراہیم تو آپ بھی بپاس خاطر بندہ تسلیم کیجیے اور برے خدا یکدم تکلیم کیجیے کہ قرآن دروغ ہے
اور دعوی محمد پیغمبر دروغ اسکے بعد یہ بھی یقین کیجیے اور مسلمانوں کو تلقین کہ جھوٹ کی طوطی ہرگز نہ
بولیگی بلکہ ساری دنیا اوسپر زبان طعن کھولیگی انجام کار سب کو چپ رہتی گھیرتے ہیں و جھوٹ سے منہ
پھیرتے ہیں **ص** سنجالے کو صرف کاذب میں سائل نے ہو لیکن کل کا غدیہ مائل بزور عقل
و دانش سے کام لو کہ جس صورت میں مسلمان اعتقاد خصم تسلیم کریگا تو کس منہ سے پھر اوس میں
ترمیم کریگا مقالات ابراہیم اور آیات کریم سے یہہ ہی واضح ہوتا ہے کہ عقیدہ قوم و ابراہیم میں یہہ ہی تفاوت
تھی اور یہہ ہی وجہ عداوت کہ قوم کا تعظیم و تشریف تمام اصنام پر دار و مدار تھا اور ابراہیم صرف
صنم بزرگ کا پرستار تھا بعض قرائن سے یہہ ہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بت تراشیدہ اوس ملک کا
تھا بلکہ ساختہ چین یا ماچین تھا رفتہ رفتہ یہہ ہی جان لیا تھا کہ وہ کہیں سے نہیں آیا اور اوسکو کسی نے
نہیں بنایا **قولہ** در مقام مباحثہ این ہمہ صاحب مناظرہ را کسے از عقلاء دروغگو نمیگوید فقط اس قول
سے لازم آتا ہے کہ محدث بخاری و مسلم عاقل نہیں تھے اور زمرہ عقلا میں داخل نہیں کہ اونہوں نے
اپنی اپنی صحیح میں کذب ابراہیم سے روایت کی ہے اور سند آیت دی ہے بلکہ خود ابراہیم بھی عاقل
نہیں تھا اور عقل و دانش سے بہرہ اوسکو حاصل نہیں کہ اوس نے اپنے تئیں آپ دروغگو شمار کیا اور
اسیواسطے شفاعت سے انکار کیا چنانچہ مسلم و بخاری میں روایت ہے کہ روز قیامت ابراہیم
اپنے گناہ پر اقرار کریگا اور شفاعت سے انکار کہ میں شفاعت کے لایق نہیں ہوں اور سارا انسان
سے فایق نہیں کہ آج خداوند تعالی نے اسقدر غضب کیا ہے کہ پہلے اس سے دوسرا نہ کیا ہے بلکہ مجھسے
میں نے جھوٹ تین بار بولا ہے اور اپنے منہ سے دربار کھولا ہے لہذا میں خود محتاج شفاعت ہوں دوسرے
کو کیونکر شفاعت کروں یہہ حدیث آیندہ بالتمام مشروح ہوگی ... ستان جہ کس پہ اقلیم

سلام مفتی ہوئی اس حدیث سے مولوی محمد علی پر یہہ بھی حالی ہے کہ خدای محمدیہ عقل سے خالی ہے
جہ عقل و ادراک ہوتا تو ابراہیم پر کسواسطے غضبناک ہوتا میانجی نے خوب کلیہ بنایا کہ
خدا و پیغمبر کو بھی احمق ٹہیرایا **۵** الغرض خوب ہی سوجہی ہے انہین جو سوجہی وہ جو خدا کو
بھی نہ سوجہی تہی سو انکو سوجہی **قولہ** چہ تسلیم و تقریر مقدمہ معتقدہ خصم درین مقام برای
خبار از عقیدہ خود نمیباشد الخ یہہ بات کہ بت کلان فاعل نیک و بد ہے اور اسی سے خیر و شر
مرزد ہی معتقد قوم ابراہیم نہین ہے اور آپکو سر مو فہمید آیات کریم نہین کیونکہ اگر یہہ عقیدہ
وم ہوتا تو ابراہیم کیونکر سزای لوم ہوتا بت توڑنیوالی کی تلاش نکرتی ابراہیم سے پرخاش نکرتی
بلکہ بڑے بت سے بات کرتی اوسیکے ذمہ اثبات کرتی حالانکہ جبوقت وہ واقف حال ہیت اصنام
ہوئے اسی پنجہ الم ہوئی تحقیقات کرنی لگے اور مشورہ مکافات یہہ تمام سرگذشت سے طرح گذری ہے
وگفتگوی میانجی جنگ زرگری ہے پس بالضرور ابراہیم نے اپنا عقیدہ بیان کیا اور راز نہان عیان
ہو کوئی اس بات سے انحراف کریگا بدون گوئی ابراہیم پر اعتراف اپنی عقیدہ سے عدول کرنا اور اعتقاد
خصم قبول کرنا قطعاً شعار اہل شعور نہین ہے اور ہرگز ارباب مناظرہ کا دستور نہین جس نے کہ اعتقاد
خصم مان لیا اوس نے اپنے ہاتھ سے ایمان دیا پس وہ کسیکا کیا ابطال کریگا دست بریدہ دو سے
کا کب گوشمال کریگا بر تقدیریکہ مسلمانون کا یہہ ہی معمول ہوتا ہے کہ مناظرہ مین اونکے عقیدہ
خصم مقبول ہوتا ہے تو آپ بھی بطلان قرآن و تکذیب فلان پر صاد کیجئے چشم ما روشن دل ما
شاد کیجئے جب تک کہ جناب بنا رفتار موافق گفتار نکرینگے ہم آپکی کسی بات پر اعتبار نکرینگے
قولہ و درین خصوص نیز ہیجان بظہور رسید کہ ابراہیم ہر گاہ بہ ہیچگونہ بمناظرہ پیش آمد و لا دو
دلہا خود پشیمان شدند فقط مولوی صاحب ایک ہی مطلب کی بار بار تکرار کرتے ہین الغرض
ملوا غرض اسکے یہہ ہے کہ میانجی کی سفید از مودے اور شک خدای بکر فکر تما یار یہ دلیل نہ ہو دی
قدیم الایام سے اہل اسلام کا یہہ ہی شیوہ ہے کہ اپنے خار کو تختہ گل بیان کرتے ہین اور تیرہ کو
تم مل عیان کرتے ہین مگر لاف سے کام نہین نکلتا ہے ساقی و بادہ جام نہین چلتا جیسے

Marfat.com

نبی و ولی نے تنویر کی ہو وہی مولوی محمد علی نے تدبیر سمجھی ہے **ص** سے خور کن شیخ و حافظ و مفتی و
مولوی چون نیک بنگری ہمہ تزویر میکنند ابراہیم اپنے نبوت دعوی پر کوئی دلیل نہ لایا
اور اوس نے کسطرح قوم کو دلیل نہ بنایا صرف یہہ ہی کہا کہ یہہ بت نہیں کہاتے نہیں پیتے نہیں جانتے
نہیں جیتے اسقدر تو طفل شیرخوارہ بھی جانتا ہے لیکن اوسکی فہمید کو کوئی نادرہ نہیں سمجھتا اور
[illegible] سحر کرنے [illegible] مناظرہ نہیں مسلمانوں کا طریق نرالا ہے درحقیقت یہہ فرقہ باولا ہے باوجودیکہ
ابراہیم نے [illegible] اصنام آشکار کی پہر اپنے قول کی آپ مخالفت اختیار کی بڑے بت
[illegible] ٹھہرایا سوا آدم و حوا نو بنایا مثلاً اگرچہ محمد صاحب نے خالی از اصنام بیت الحرام
کیا لیکن حجر الاسود کو امام سلام کیا اسقدر تعظیم کرائی کہ بت پرستی کے لئے ہفت اقلیم آئی
بت پرستوں کا یہہ ہی ڈھنگ ہے کہ اپنے بت سے الگ رنگ ہے اور بت غیر سے دل تنگ سر
بر سنگ ہے ہم نہیں جانتے کہ ابراہیم و محمد کو بت پرستان عالم پر کیونکر تفضیل و تجلیل ہے اور کعبہ
[illegible] مسلمان کی کیا دلیل و سبیل ہے پشیمانی قوم کا آپکے پاس کوئی ثبوت نہیں
ہے اور جس آیت میں آپ یاد [illegible] کرتے ہیں وہ قوی تر از تار عنکبوت نہیں ہے ہم عنقریب اوس
آیت کی تفسیر کرینگے اور آپکی غرق عرق تشویر **قوله** وبایدکہ مجادلہ کردند چنانکہ فرمودہ فرجعوا
الی انفسہم فقالوا انکم انتم الظالمون فقط قرآن میں کسی جگہ نہیں ہے کہ قوم نے باہم مجادلہ کیا
اور آپس میں مجادلہ آیت (فرجعوا الی انفسہم) آپکے لئے مفید نہیں ہے کہ آیت کے معنی اور
آپکے مقصود لایعنی میں تفاوت آسمان و زمین ہے کیونکہ معنی آیت یہہ ہی ہیں کہ مردمان قوم
نے اپنے نفس کیطرف رجوع کیا اور خود بخود یہہ کلام منہ سے نکلا کہ تم ہی حق اصنام میں ظالم ہو
اور تم ہی سیف صارم ہو مقصود آنکہ اگر تم دروغبافی ابراہیم پر یقین نکرتے تو وہ کیونکر
بدسگالی ہوتا اور بتوں کا کیونکر تباہ حال ہوتا پس تم اوس بیوقوف کی مانند ہو کہ جسنے
گرگ کو شبان ٹھیرایا اور دزد کو پاسبان بنایا معنی آیت یہہ ہی صاف ہیں گو منافی اسلام
ہیں ہم کہہ سکتے ہیں کہ معنی تراشی مفسرین خلاف اقتضای مقام ہے بلکہ پدر و برادر ابراہیم نے

Marfat.com

تہا دم ہو کیونکہ اگر قوم ابراہیم پر ایمان لاتی اور اوسکو پیغمبر مان بناتی تو کسواسطی نار مین گراتی اور
پشت لب پہ خار مین پہراتی پس آیت کے وہی معنی ٹہیک ہین جو ہمارے نزدیک ہین **قولہ** سر خجالت
بگریبان نہادہ بر زبان آوردند کہ تو خوب میدانی الخ بلاشبہہ قوم ابراہیم اپنے کئے سے پشیمان
ہوئی اور سر در گریبان اگر کوئی ابراہیم پر اتنی کا گمان نکرتا تو وہ بیت الاصنام کو اصلا ویران
نکرتا پشیمانی قوم اپنی بد انتظامی پر تھی نہ اپنے دین کی خامی پر کیونکہ دین قوم بہتر از دین
خلیل تھا اور مشتمل بر برہان و دلیل تہا کہ ابراہیم بت کلان کو فاعل کل امور جانتا تہا اور اپنے تئین
مجبور اور قوم ابراہیم اصنام کو ذریعہ توسل گردانتی تھی نہ فاعل جزو کل جانتی تہی اسیواسطی
جس وقت ابراہیم نے قوم سے کہا کہ ہرگاہ تم نے معبد بتخانہ مین سر شام چھوڑا بڑے بت نے تبر سے سب
اصنام چھوڑا اگر تمہارے بت صادق ہین اور ناطق تو اون سے پوچھ لو کہ اونکا سر کس نے قلم
کیا اور کس نے اونکو راہی کتم عدم تب قوم نے جواب دیا کہ تو خود جانتا ہی کہ بت کلام نہین
کرتے بلکہ کوئی کام نہین کرتے فقط یہان سے واضح ہی کہ اگر قوم ابراہیم اصنام کو فاعل خیر و شر
سمجہتی تو اسطرح پر جواب دیتی کیونکر بہتر سمجہتی بلکہ سبب شکست بتان فی الفور ابراہیم کو نشانہ تہمت
اور خاطر خواہ اوس سے انتقام لیتی حالانکہ وہ گفتگو ابراہیم سے شاکی ہوئی اور اوسکے درپی
ہلاکی ہوئی بلکہ جواب معقول دیا اور عجز اصنام قبول کیا البتہ جس وقت ابراہیم نے کہا کہ پس
انکی عبادت بیجا ہی اور از اول تا آخر فضول کیونکہ ان سے نہ کسی کی حاجت رفع ہوتی
ہی اور نہ کسیکا بصورت نقصان و نفع ہوتی ہی تب ہی غضبناک ہوئے اور ابراہیم کے درپی ہلاک
فقط اس تقریر سے معلوم ہوا کہ دین قوم صرف توسل اصنام تھا اور باقی ابراہیم کا خیال خام
اور یہ نادانی سے گمان کرتا تہا کہ اوسکی قوم اصنام کو فاعل اعمال و افعال جانتی ہی اور
اقبال و زوال مانتی ہی یہ کہی جگہ جو قرآن مین ابراہیم کی زبان مین [illegible] من دون اللہ
آیا ہی [illegible] مصنف قرآن کو دل نشین ہوا [illegible] ابراہیم [illegible] بت کو اللہ و معبود
جانتا تہا [illegible] کہ جس صورت مین ان

بتون سے بلا نہین نکلتی اور صورت رنج والم اصلا نہین بدلتی توانکی تعظیم وتکریم محض بیکار
بلکہ سرمایہ عار ہے غرضکہ ابراہیم کو الوہیت صنم کلان مین تامل نہین تھا اور اصنام غیر سے تو سروکار
نہین اسواسطے ایک ایک کو نیست کیا اور بڑے کو حوالۂ تبر **قولہ** چون مدعا ابراہیم ہمین بود
کہ اوشان قائل بعجز اصنام خود شوند فقط بلا شک ابراہیم کی یہ ہی غرض تہی کہ مردم قوم
اپنے اصنام کے عجز کے قائل ہووین اور بعبادت بت عظیم یعنی صنم ابراہیم مائل ہووین اوسکو
حاضر وناظر سمجھین ور ہر ایک بات پر قادر سمجھین ابراہیم کی یہ مراد ہرگز نہ تھی کہ قوم تمام اوثان خرد
وکلان کو یکسان عاجز سمجھین ورعاجز وناتوان نہین وگرنہ بڑے کے توڑنے سے کسواسطے حذر کرتا بلکہ سب
سے اول اوسکو زیر تبر کرتا اگر مقصود ابراہیم یہ ہی ہوتا کہ بڑے بت کا بہی عجز آشکار ہووے
اور سر بازار تو قائل آیت (بل فعلہ کبیرہم) نہوتا اور اسقدر راہ توحید مین گم نہوتا **قولہ** چنانکہ
بظہور رسید فقط البتہ قول وفعل ابراہیم سے اور سلامتی بت عظیم سے یہ ہی بات ظاہر ہوئی
اصنام خوار وذلیل ہے اور صنم ابراہیم یعنی بت جسیم بزرگوار وجلیل ہے وہی فاعل خیر وشر ہے اور وہی
اللہ اکبر ہے پس لوث شرک سے ابراہیم کہان پاک ہے اسیواسطے روز قیامت اوسے یزدان نعمتہ کہے
ہے **قولہ** مقدماتیکہ بعجز متفرع میشوند بر آن تفریع کردہ الخ تحصیلدار صاحب کو ابہی مقدمات کی
کیفیت معلوم نہین ہوئی اور ابراہیم کی نیت مجزوم نہین وہ مقدمات ابہی تحقیقات کے مفرین
اور بہتان کے مخبر ہین کہ بتان قوم تہیہ ہین ورخالی از نطق وبجز بت ابراہیم اللہ ہے اور فاعل
خیر وشر ہے اشتباہ آیات قرآن وابراہیم کے بیان سے یہ ہی پیدا ہے مگر انصاف درکار ہے
اگر مسلمانون مین انصاف ہوتا تو کسواسطے قرآن کے معنون مین اختلاف ہوتا جو کچہ فرقہ
حشویہ کی تفسیر ہے وہی بے تزویر ہے وہی راستی کے قرین ہے وہی سرمایہ تسکین ہے اگر مولوی محمد علی
سر پرستار انصاف ہوتے تو کیونکر گفتار خلاف کرتے اگر اب بہی طاعت آیات متین کرینگے اپنی
واہیات پر آپ نفرین کرینگے **قولہ** اتعبدون من دون اللہ ما لا ینفعکم ولا یضرکم الخ میان تحصیلدار
نے قرآن مین تصحیف کی ہے یا دیدہ ودانستہ تحریف کہ بعد لفظ لا ینفعکم کے کلمہ (شیئا) قلم انداز کیا

Marfat.com

یدکہ عثمان سے ساز کیا مولوی جی نے علی کی نام کو شہرایا کہ اوسکی منکر کو سر چڑہایا فرقہ خشبویہ
ایسا ہی تفسیر ہے کہ ان آیتوں میں اللہ سے مراد بت کبیر ہے کیونکہ بت پرست بت کو اللہ جانتے
ن اور اپنے تئیں اوسکا بندہ گردانتے ہیں ابراہیم قوم سے یہی کہتا تہا کہ باوجود بت کلان
کسواسطے اپنے ساختہ بتوں کی گرد پہرتے ہو اور کسواسطے اونکے سامنے سجدہ کنان گرتے ہو
بلکہ قوم نے ہدایت ابراہیم نہ مانی اور لایق تسلیم نہ جانی کید پر کمر بندی کی اپنے بت کو بتان
دم پر سربلندی دی اسیطرح ہرچند محمد صاحب اپنی قوم کو نصیحت کرتے تہے کہ سواے حجر الاسود
کسی بت کی تعظیم نکرو اور مانند قوم ابراہیم نکرو مگر کوئی کان نہیں لگاتا تہا اور ایمان
نہیں لاتا تہا پس جبکہ ہمت قریش پست ہوئی او شکست بر شکست محمد صاحب نے بتان بیت الحرام
ا نظارہ کیا اور سواے حجر الاسود کی جملہ کو پارہ پارہ حجر الاسود کو کرامت دی امامت اسلام تا
یامت دی مسلمان سفر دور و دراز اختیار کرتے ہیں اور روبرو حجر عجز و نیاز آشکار جس شخص کو
ل میں ایک ذرہ برابر بہی عدل و انصاف ہوگا اوسکی راے خورشید ضیا دمیں واسن محمد غبار
بت پرستی سے کیونکر صاف ہوگا غرضکہ آیات سورہ بقرہ و ابراہیم سے او تفسیر شیخ سلیم سے یہہ
ہی معلوم ہوتا ہے کہ خلیل تا تولد اسماعیل نا مسلمان رہا اور اسلئے کہنے سے نفرت کنان رہا
جبکہ پیدا توان ہوا بت پرستی سے روگردان ہوا بہرحال اگر اوسنے (بل فعلہ کبیرہم) ازراہ اعتقاد
کہا تو وہ مشرک سیاہ رو ہے اور اگر برخلاف اعتقاد کہا تو وہ دروغگو ہے **قولہ** اتعبدون ما تنحتون
واللہ خلقکم وما تعملون فقط اس آیت کی کلمہ ما تنحتون سے واضح ہے کہ جن بتوں کو ابراہیم نے زیر و زبر
کیا وے تراشیدہ خود تہے اسواسطے واجب لوم تہے اور بت کلان مانند لنگ یا میان صنعت ایزد
کارساز تہا لہذا اسکے ممتاز تہا یا ساختہ ہند و چین تہا بنابریں ابراہیم کو یقین تہا کہ اسکو کسی
نے نہیں بنایا ہے وہ خود آیا ہے وہی فاعل خیر و شر ہے اور وہی مالک جبر و ہے اسکو کسواسطے
توڑتا اپنے عقیدہ سے کیونکر منحرف ہوتا الفاظ واللہ خلقکم وما تعملون سے ظاہر ہے کہ جیسے اللہ
نے بلا کسب بندہ جسم انسان کو بنایا ویسے ہی بکسب خلاف عمر کے اعمال مسلمان کو بنایا پہر

مسلمان مجبور ہی اور بالکل اوسکی خالق کا قصور ہی جبر موافق قرآن ہی اور کسب لایق ابطال
ہم نی رسالہ یادداشت اسلام مین معنی آیت ہذا کی اہتمام مین بہت سخن رانی کی ہی اور داد نکتہ دانی
دی ہی جو کوئی اوسپر نظر سرسری کریگا وہ دعوی سخن گستری کریگا یہہ تفسیر سورہ انبیا ہی ہم نی دو
انار سن بہ ہی یا جو کوئی اوسپر نظر انصاف ڈالیگا وہ حقیقت حال صاف پایگا یہان تک ہم نی ابراہیم
کی دو دروغ بیان کئی اور قرآن و حدیث سی عیان عبارت قرآن بجنسہ بالا مسطور ہی اب نقل
حدیث ضرور ہی اول روایت بخاری ہی اور جھوٹ کی لئی گدہی کی سواری ہی قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم لم یکذب ابراہیم الا ثلاث کذبات ثنتین منہن فی ذات اللہ قولہ انی سقیم
وقولہ بل فعلہ کبیرہم ہذا یعنی کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی جھوٹ نہین بولا ابراہیم نے
مگر تین جھوٹ تین بار دو جھوٹ اون تینون جھوٹون مین سی ذات خدا مین ہین ایک قول
اوسکا یہہ ہی کہ تحقیق مین بیمار ہون اور دوسرا قول اوسکا یہہ ہی بلکہ کیا بڑی اونکی نی فقط
روایت کی عنقریب تفصیل کیجایگی اور دروغ ثلاثہ ابراہیم کی تکمیل یہان اسیقدر کافی ہی یار
باقی صحبت باقی ہی اس حدیث مین لم یکذب ابراہیم الا ثلاث کذبات سی ظاہر ہی کہ دروغگوئی
ابراہیم مین کلام نہین ہی اور مسلمانون کی لئی سخن تراشی کا موقع [illegible] اگر حدیث
بخاری کا حدیث ہذا سی کچھہ اور منصوبہ ہوتا تو کسواسطی ابراہیم پر اطلاق لفظ [illegible] ہوتا میان
حیلہ گری کی [illegible] اور [illegible] میان محمد موسی مولوی محمد علی نے بدعہدی محمد صاحب
کا [illegible] رسالت مآب نہین کیا صرف یہی کہا کہ بعض
احادیث سے واضح ہے کہ حضرت نے ابو بصیر کو توبیخ و زجر فرمایا اور منع از خدع و مکر فقط
اس سے ثابت ہے کہ اکثر احادیث ابو بصیر کی ستائش میں ہیں اور بعض احادیث اوسکے [illegible]
[illegible] کوئی مانع نہین ہے اور باوجود اکثر احادیث کے بعض احادیث [illegible]

کوئی قانع نہین کیونکہ جسطرف کثرت راے ہی ادہر ہی اصل مدعا ہی سے اب جو اہل حق جانتا
کہ مولوی صاحب کا یہہ دعوی کہ کوئی محدث زجر وتوبیخ ابوبکر کا قائل ہی سراسر بیجا
ولاطایل ہی اگر آپ اپنے دعوی مین سچے ہین تو خدا کو حاضر وناظر جانکر اون احادیث کو
داخل کتاب فرمائین اور اپنی ابکار افکار کے ہمراہ منظور انظار شیخ و شاب کرائین اگر
خود تحریر احادیث پر قاصر ہو تو خدمت محدثین مین حاضر ہوکر طلب امداد کرو اور لفظاً
لفظاً احادیث یاد کرو جہوٹی باتین نہ بناؤ آسمان کو لاتین نہ چلاؤ جہوٹ سے کام نہین نکلتا
چام کا دام مدام نہین چلتا جہوٹ کو پایداری نہین ہی اور صمصام جو بین مین کار برآری نہین ہی
(ف) سخن ہی یہہ تیرا سراسر دروغ * بہلا جہوٹ کو کب ہی حاصل فروغ * حقیقت کچہ ہی اگر کہ
احادیث صحیح وغیر صحیح مین مضمون مذکور کہین منقول نہین ہی بلکہ کوئی فقرہ اس معنی پر محمول
ہین ہو تو نشان دیجیے اور بحث و مباحثہ کا سامان کیجیے اب جگر متعصب شق ہوتا ہی
در رنگ سے رو مسلمانی فق یعنی دوسری پیمان شکنی محمد مرقوم ہوتی ہی اور تشریح اسکا ام
کلثوم تفسیر زاہدی مین لکہا ہی کہ ام کلثوم دختر عقبہ بن ابی معیط مکہ سے بہاگ کر محمد صاحب
کے پاس آئی عقب سے اوسکے بہائی بہی اپنی بہن کی طلب مین وارد ہوے محمد صاحب
نے اوسکو بہائیون کو حوالہ نفرمایا اور یہہ آیت سورہ ممتحنہ کی وارد کی یا ایہا الذین آمنوا
اذا جاءکم المومنات مہاجرات فامتحنوہن اللہ اعلم بایمانہن فان علمتموہن مومنات فلا
ترجعوہن الی الکفار یعنی اے لوگون جو ایمان لائے ہو جسوقت آوین تمہارے پاس مسلمانیان
ہجرت کرکے پس آزمائش کرو اونکی اللہ خوب جانتا ہی ایمان اونکا پس اگر جانو تم
اونکو ایمان والیان تو پس مت پہیرو اونکو طرف کفار کی فقط یہان سے کہل گیا
کہ محمد صاحب اپنے عہد پر مستقیم نہین رہے ورنہ مانع رضاے خدا سے کرتے
حضرت اطاعت الہی مین مصروف تہی اور ہر آیات اونکی [illegible] محمد کی
اسکا نام نہین یہان کہ اور ہرگز جاے الزام نہین تو جواب یہہ ہی کہ جسوقت عمر نے محمد صاحب کو ستایا

Marfat.com

اتنا اور پردہ رسالت پہاڑ تھا تو اسواسطے کہا تھا کہ مین تابع خداوندگار ہون اور اوسکی
حکم سے ناچار ہون اب خود غور کرو کہ یہ حکم وحی کی مطابق ہے یا موافق وحی حکم سابق
سے بہرحال دونون مین سے ایک حکم الٰہی ہوگا اور دوسرا خطرۂ واہیہ کریگا ایک کو
دوسرے سے گوارا نہین جانتا نہین دشمن ہمارا جیسے کہ محمد صاحب کا عہد استوار نہین تھا ویسے ہی
اونکی سوگند کا بھی اعتبار نہین تھا چنانچہ ماریہ قبطیہ کے عشق مین جو کچھ کہ حضرت نے سوگند
شکنی کی تہی وہ حوالۂ قلم ہوئی اور مولوی محمد علی کے لئے ترانۂ الم ہوئی جلد دوم مدارج النبوت
مین صحاح ستہ سے روایت ہے کہ جسوقت محمد صاحب نے بجانب تبوک توجہ فرمائی ابوموسی اشعری
کو اونکے رفیقون نے بنابر طلب سواری کی خدمت محمد مین روانہ کیا پس اوس نے جا کر کہا کہ یارون
نے مجھکو تیرے پاس بھیجا ہے کہ تو اونکو سوار کرے محمد صاحب نے جواب دیا کہ واللہ یعنی قسم اللہ کی
مین اونکو سوار نہین کرتا پس ابوموسی حزین و غمگین پھر گیا جب کہ اپنے مکان پر پہنچا محمد صاحب
نے اوسکو پھر بلوا کر چھہ اونٹ دئے اور فرمایا کہ اپنے یارون کے پاس لیجا ابوموسی نے کہا کہ
اے محمد اول تو نے قسم کہائی کہ واللہ مین اونکو سوار نہین کرتا اور پھر تو نے وہ قسم توڑ ڈالی جواب
دیا کہ فی الحال خدا نے قسم توڑنے اور کفارہ دینے کے لئے امر کیا فقط جیسے کہ محمد صاحب خود
مخالفت عہد و سوگند کرتے تھے ویسے ہی یارون کو سوگند شکنی و عہد برہمزنی کی نصیحت و
بتا کرتے تھے چنانچہ اوس ابن صامت اور اوسکی زوجہ مین تکرار ہوئی اور نوبت ظہار ظہار ایک قسم
کی قسم ہے کہ شوہر اپنی عورت سے کہے کہ تو میرے حق مین میری مان کی پشت ہے شریعت محمدی
مین اتنا کہتے ہی عورت شوہر پر حرام ہوتی ہے اور اوسکی فرج عین فرج مام ہوتی ہے اوسوقت
محمد صاحب نے ایک آیت تصنیف کی اور اوس بن صامت کو سوگند شکنی کی تکلیف دی تفصیل اسکی
جلد سوم ابطال التناسخ مین مرقوم ہے جو کہ باسم سامی صولت ہند موسوم ہے اے مسلمان
اگر تمکو اس بات کی تلاش ہو کہ راز محمد فاش ہووے تو ایک در مقالت گوش کر اور افسانہ رسالت
فراموش کر حضرت نے حجاج ابن خلاص سلمی کو تعلیم مکر و فریب فرمائی اور اوس نو مسلم سے حکایت ظلم

Marfat.com

قع ذکر کرائی مثلاً مؤلف ہدیہ کی معتبرہ و مستندہ کتاب مین لکہا ہے کہ جن دنون محمد صاحب
خیبر پر لڑ رہے تھے حجاج ابن خلاص جو کہ باشندہ گان مکہ مین مشہور تھا مسلمان ہوا
اس وقت محمد صاحب فتح خیبر سے فراغت حاصل کر کے داخل مدینہ ہوئے حجاج نے
ان سے کہا کہ حکم ہووے تو بطرف مکہ بسرعت تمام تر جاؤن اور جو کچھ میرا مال
وہان ہے وصول کر لاؤن کہ قریش ہنوز میرے اسلام سے خبردار نہین ہین لیکن بغیر
حیلہ جوئی و دروغگوئی کے اس کام کا سرانجام دشوار ہے محمد صاحب نے اوسکو اجازت
دی کہ تیرا دل چاہے سو کہہ اور جسطرح کہ ہوسکے اپنا مال وصول کر لیں حجاج نے مکہ
کی راہ لی جبکہ قریب مکہ پہونچا دیکہا کہ قریش سر راہ جمع ہین اور مسافرون سے دریافت
کرتے ہین کہ محمد خیبر کو گیا تہا فتح پائی یا ہزیمت کہائی اس اثنا مین نظر قریش حجاج پر
پڑی تمام اوسکے گرد ہوئے اور کہنے لگے کہ محمد سے کیا خبر ہین کیونکہ وے جانتے
تھے کہ حجاج مذہب قدیم پر ہے حجاج نے جواب دیا کہ تمہاری مراد حاصل ہوئی کہ لشکر
محمد پر بلائے شکست نازل ہوئی یہودان خیبر نے ناصر کیا اور مسلمانون کا کام تمام
اکثر محمدی طعمۂ تیغ دلیر ہوئے اور کتنے اسیر بعضے یہود بھی مارے گئے غنیمت و عشرت سے
بیچارے گئے محمد بھی اسیر ہوا اور حوالہ تقدیر اہل خیبر کہتے ہین کہ اوسکو بطور تحفہ قریش کے
پاس بھیجین گے تاکہ وے بھی اپنے مقتولون کا عوض لیوین قریش حجاج کے منہ سے یہ بات
سنکر خوش ہوئے اور حجاج کو اکرام و احترام کے ساتھ مکہ مین لیگئے پھر حجاج نے ان
کہا کہ اب میری مدد کیجئے اور جس کسی کے پاس میرا مال ہے دلادیجئے کہ ارادہ رکھتا ہون
کہ جلد بجانب خیبر جاؤن اور مسلمانون کا اسباب جو سپاہ خیبر نے غارت کیا ہے بقیمت
مناسب خرید لاؤن قریش نے تصدیق حجاج کر کے تین دن کے [illegible] سارا
مال لوگون سے وصول کرا دیا تب حجاج اپنے گھر گیا جسقدر کہ وہان نقد تہا وہ بھی
بہانہ سے حاصل کیا اور جانب مدینہ روانہ ہوا فقط صاحب ہدیہ نے یہان بھی ایک

Marfat.com

بات بنائی ہے لاجرم جعفر زٹلی سے میراث تہ بات پائی ہے مدیتہ الا
اجازت حیلہ طلب کردن حجاج نو مسلم از آن حضرت برائے ہمین امر بود کہ مال
و جان و عزت او از دست کفار مکہ محفوظ ماندہ سالماً و غانماً باز آید و از ظلم و تعدی
معاندین جابری او شنود نہ برائے اینکہ با مردمان مکہ بحیلہ و مکر پیش آمدہ در پئے
قتل و غارت آنہا گردد و ظاہرست کہ حجاج از تجارت مال کثیر بہم رسانیدہ بود
بشرف اسلام مشرف گردید این معنی را اول او نخواست کہ آن اموال کثیرہ کہ بجد
و مشقت حاصل کردہ بود بہ تصرف معاندان تلف درآید الخ **جواب** حجاج
اصلاً خوف جان و مال نہین تہا اور کوئی اوسکی عزت و آبرو کا خواہان نہین کیونکہ
اس روایت مین خود مندرج ہے کہ قریش مین سے کوئی شخص اوسکے اسلام سے
خبردار نہین تہا اور اصلاً درپے ایذا و آزار نہین البتہ اگر حجاج اپنے اسلام سے
آگاہی دیتا تو اپنے سر پر تباہی لیتا پس حفظ جان و مال کے لئے تعلیم مکر و دروغ
مشکوک ہے بلکہ سراسر جہالت یہ کی بھول چوک ہے اصل یہہ ہے کہ جو کوئی اسلام
لاتا ہے وہ ازتکاب کذب و خدع سے منزلت و مقاصد پاتا ہے اسواسطے محمد
صاحب نے حجاج نو مسلم کو کذب و دروغ تعلیم کیا اور مسلمانون مین رتبہ عظیم
دیا کیونکہ اس گروہ مین جو کوئی بروے کار دروغ تازہ لاتا ہے وہی فروغ
زیادہ پاتا ہے اگر فرض کیا جاوے کہ واسطے حفاظت مال و منال کے دروغ
و کذب کی ہدایت تہی تو سراسر مخالف آیت تہی کہ مصنف قرآن کی راہ مین
دروغ بافان لعین ہے اور اوسکی شان مین آیت لعنة اللہ علی الکاذبین ہے شاید
کہ مقصود پیغمبر اسلام حضرت یہہ ہی ہووے کہ گو لعنت باری دایم رہے مگر مالداری
قایم رہے حاصل التقریر یہہ ہی ہوا کہ محمد صاحب کے ذہن مین مال اسقدر عزیز تہا کہ جسکا
رتبہ وحرمت خدا نا چیز تہا **قولہ** نہ برائے اینکہ با مردمان مکہ بحیلہ و مکر پیش آمدہ

دے پے ایذا و قتل و غارت آنہا گردد فقط مؤلف ہدیہ کے اس قول کا حاصل یہ ہے
کہ اپنے فایدہ کے لئے مکر کرنا او جہوٹ بولنا روا ہے اور دوسرے کے نقصان کے
لئے برا ہے فقط اس سے لازم آتا ہے کہ محمد صاحب نے جو واسطے قتل و غارت بنی اسد
وغیرہ کے مکر و فریب کرایا اور اہل مکہ و دروغ گو سرایا وہ اچہا نہین کیا اور قول صاحب ہدیہ
سچا نہین مؤلف ہدیہ نے عجب کلام کیا اپنے پیغمبر کو آپ الزام دیا بالیقین ان صاحب
نے خادمان کعبہ کن کی کفش برداری کی کہ واسطے استیصال مدینہ اسلام کے طیاری
کی **قولہ** چون پیشرفت اسلام متعذر گردید الخ یہان سے ظاہر ہے کہ کوئی اسلام
لانے سے مقبول کبریا نہین ہوتا اور اس عیب کیمیا نہین بلکہ ہوس دنیا دو چند ہوتی ہے
اور راہ رضا و توکل بند جس مال کے لئے مسلمان مکر و فریب اختیار کرتے ہین اور گردن
پدر و برادر پر تلوار دہرتے ہین اسکا انجام خراب ہے جسکا نام عذاب ہے بعد ازین
صاحب ہدیہ نے جو ہنود کو الزام دیا ہے کہ کرشن نے خدع کیا اور اپنی محفوظی کے
لئے سر بربک قطع کیا وہ غلطی ہدیۃ الاصنام ہے بلکہ تہمت کرشن پر اتہام ہے
مہابہارت مین بربک کا نام نہین ہے اور بہتان کا نیک انجام نہین مولوی محمد علی
نے حکایت حجاج بن خلاص کا کچہ پاسخ نہین دیا اور قطعاً کلام راسخ نہین کیا
یہان تک فقیر اندرمن نے اختصاراً حال محمد بیان کیا ایندہ کے لئے ارخای عنان
کیا کا ارادہ مصمم ہے کہ بعد اتمام جواب سوط الجبّار کے حالات انبیا مین ایک کتاب
تصنیف کرونگا اور اوسکے حصۂ دوم مین اوّل سے آخر تک محمد صاحب کی توصیف
کرونگا تو معجزات محمدی کی چندان ضرورت نہین ہے کہ طلسمات و نیرنجات
اونکے امتیاز کی کوئی صورت نہین اگرچہ علمائے محمدیہ کی کتابون مین ایک مضمون اندراج
ہوا ہے او خرق عادت انبیا کا نام اعجاز اور خرق عادت ملحدین کا نام استدراج
ہوا ہے لیکن اس سے (۲۴۳) کنہ نہین ہوتی اور نظر جواب دہندہ روبرو ہے بندہ

Marfat.com

نہین کیونکہ دونون کا مضمون واحد ہے اور بطرف لغو گوئی علماے محمدیہ قا
دونون مین سواے تفاوت لفظی کے کوئی بات نہین ہے اور قطعاً بوے تحقیق
نہین فضل خدا انشاء الله ہوا جیساکہ چاہئیے کیسد دوم تحفۃ الہند کا ابطال ہوا مر
زبان قلم گذارشات رسالت مآب سے حاکی ہے مگر مخاطب نازک مزاج المنا
سے نشاکی ہے لہذا ہم نے اختصار پسند کیا کوزہ مین بحر زخار بند کیا س
اندکے از غم دل گفتم و خاموش شدم ۞ کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار ست ۞
شکر خداوند کہ باب اوّل عماد مند تمام ہوا اور شراب کامرانی سے سرشار
جام ہوا

رباعی

شکر کہ مجکو ملی دولت بیدار آج ۞ ہمت عالی ہوئی بہر سر عرش تاج ۞ سوخت میرے کلک نے ظلمت اسلام کی ۞ دیکھیے کیا کرے خامۂ آتش مزاج ۞

فقط

MANOHAR SARUP — WRITER

Marfat.com

اول حمد خداوند کرتی ہین من بعد باب دوم قلمبند کرتے ہین بنام آنکہ نام
او ہزار است دریں پیرو تا در پروردگار است ⁂ مولف تحفۃ الہند نے بعد کیا دوم کے
کئی ورق تک جھوٹی باتین لکھی ہین اور روضۃ الاحباب و مدارج النبوت و فتوح غیرہ تواریخ
سے محمد وصحابہ کی کراماتین لکھی ہین ہم اوسکے رد مین تضییع اوقات نہین کرتے اور وہ ان
راست نہین کیونکہ اونکی تکذیب مین خود مولف سوط الجبار مشغول ہے اور اوسکی کتابین
بار بار بہت بکرر منقول ہے کہ روضۃ الاحباب مدارج النبوت وغیرہ کا اعتبار نہین
ہے اور محدث جمال الدین و شیخ عبد الحق حقیقت دینیہ سے خبردار نہین افسوس
ہے مولوی جی کے حال پر کہ اپنے مذہب کی اصول و فروع نہین جانتے اور کسی
کتاب دینیہ کا ختم و شروع نہین پہچانتے باوجود اس ہیچمدانی کے محققین دین سے
مکابرہ کرتے ہین اور ہم سے قصد مناظرہ باعث اس جہل مرکب کا زعم تحصیلداری
ہے اور غرور منصب سرکاری اگر مولوی جی جاہل نہوتے تو علماے اہل سنت کی
بیدینی کے قائل نہوتے ہمارے لئے جاے شکرگذاری ہے کہ زبان مخالف
پر کلمہ حق جاری ہو یقین ہے کہ بہت جلد تکذیب حدیث و قرآن کرینگے اور تقلیب دین
و ایمان اب ہم رد باقی مکائد کرتے ہین اور اعتراضات تحفۃ الہند اوسی پیرایہ
کید سوم ⁂ پیشوا ہندوؤن کے دین کا برہما ہے اور کو رسول خدا بالغا
جانتے ہین **جواب** یہ بھی اصل اصول ہے کہ برہما پیغمبر و رسول ہے جو کوئی

اونکو خدا خیال کرتا ہی وہ اپنے تئین رسوات معاش و مال کرتا ہی اہل تثلیث کی بابت اعتماد نہین ہی کہ اونکے سر مین سر موعقل و دانش نہین جو کچھ عقیدہ اہل تثلیث وہ بدتراز قرآن و حدیث ہے سراسر گذاف ہی اور وید اقدس کے خلاف چنانچہ منڈک اپنشد مین

नदा पश्यः पश्यते रुक्म वर्णं कर्त्तारमीशं पुरुषं ब्र
ह्मयोनिं तदा विद्वान् पुण्य पापे विधूय निरंजनः
परमं साम्यमुपैति ॥

یعنی جب عارف کامل خالق کو کہ نور مجسم و مالک و محیط و برہما کا پیدا کرنیوالا ہی بدیدہ دل دیکھتا ہی تب اعمال نیک و بد کی جزا و سزا سے رہائی پاکر اور لوث حوادث سے قدم اوٹھاکر نجات ابدی و سعادت کلی حاصل کرتا ہے انتہی شوتیا شوتر اوپنشد مین ہے ۔

यो ब्रह्माणं विदधाति पूर्वं यो वै वेदांश्च प्रहिणोति
तस्मै तं ह देवमात्मबुद्धिप्रकाशं मुमुक्षुर्वै शरण
महं प्रपद्ये ॥

یعنی جو پرماتما ابتداے آفرینش مین برہما کو پیدا کرتا ہی اور جو پرماتما اوسکے دل مین وید نازل کرتا ہے اوسی علم روح ظاہر کرنیوالے پرماتما کی مین طالب نجات پناہ لیتا ہون فقط یہان سے ظاہر ہی کہ برہما پیدا کردہ اور پرورندہ پرماتما ہین اس نو مسلم نے ایسے حماقت کو قیاس کیا ہی اور اپنے عقیدہ پر دین ہنود کو قیاس کیا ہی کیونکہ مسلمان محمد کو پیغمبر کبریا جانتے ہین بلکہ برتر خدا مانتے ہین کہ ہر چند کوئی توحید خدا پر ایمان لائے اور اوسکو زمین و آسمان کا خالق جانے مگر اوسکے لئے صورت امن و امان نہوگی جب تک کہ تصدیق محمد درمیان نلاوے پس محمد مدار نجات ہی برتر از ذات خدا محمد کی ذات ہی اگر توحید خدا پر ایمان کا سمجھتے تو ہر صاحب توحید کو رستگار سمجھتے و تصدیق رسالت کی نہ لگاتے سخن نادانی نہ بناتے چونکہ ذات محمد کو برتر از ذات باری مانتے ہو خدا پرستان دین ہنود و یہود کو ناری جانتے ہو پس

ات دہری کرتے ہو قدم براہ بیشتری دہرتے ہو مظاہر حق مین ہی کہ خدا مظہر ہدایت دعوت
اور محمد صرف مظہر ہدایت ہی پس محمد خدا سے برتر ہی کہ صرف ہادی وجہ ہی خدا مسلمانو
راہ بھی کرتا ہے اور مدینہ اسلام تباہ بھی کرتا ہے پھر مظاہر حق مین مذکور ہی کہ ابلیس بصورت
ابر آسکتا ہے اور حرمین توحید جلا سکتا ہی بصورت محمد نہین بن سکتا اور تار و پود رسالت
مین تن سکتا اس مجمل کی یہی تفصیل کی گئی ہی کہ خدا پر مصطفی کو تفضیل دی گئی ہے —

پنجہارم انکی کئی تواریخ مین لکھا ہی کہ پہلے برہما نے سرستی اپنی بیٹی بنائی اور کامدیو
یعنی شہوت کو بنایا کامدیو نے برہما سے بخشش چاہی کہ وہ جسکے دل مین جا گھسے اوسکی عقل
جاتی رہی جاوے برہما نے اوسکو یہی بر دیا کامدیو برہما ہی کے دل مین جا گھسا برہما کی عقل
مست ہوئی اپنی بیٹی سے جماع کا قصد کیا سرستی بسبب شرم کے ایک طرف کو پھر گئی
اوس طرف برہما کی صورت مین ایک ور منہ ظاہر ہو گیا سرستی کو اوس منہ سے گھورنے لگا سرستی
پیچھے کو ہو گئی اوس طرف بھی ایک ور منہ برہما کے ظاہر ہو گیا اور نظر بد کرنے لگا سرستی دوسری
طرف ہو گئی یہی حال اوس طرف ہوا چنانچہ برہما کے چار منہ اوسی وقت سے ہین جب یہ تماشا
ہوا اوسمین اس بات کے چرچے ہوئے مہادیو نے اس گناہ کے بدلے برہما کا ایک سر اوپر کا کاٹ
دیا بعضے کہتے ہین کہ اس گناہ کی شامت سے برہما کی پوجا موقوف ہوئی بعضے کہتے ہین
کہ ایک دفعہ برہما نے پاربتی مہادیو کی بی بی سے آشنائی لگائی تھی اسواسطے مہادیو نے اوسکا
سر کاٹ دیا **جواب** تقدم خلق سرستی و کامدیو کسی کتاب مین نہین ہے اور اصلا تحقیقات انساب
مین نہین عبید اللہ نو مسلم کی دروغ بافی جو مورد انصاف کے منافی ہی تواریخ ہنود کو بانام
نکرا اور مورخین بین پڑا تھا مگر کل تاریخ مین یہی مرقوم ہی کہ اول برہما سے دیو آدک بہت
مخلوق کی پیدایش ہوئی بعد ازان سرستی اور کامدیو کی پیدایش ہوئی منو سمرتی کے پہلے ادھیاے
مین بھی یہی ہی اگر اس امر کی تحقیق منظور ان ہی پہ مصور ہی تو وہ کہتی دوسری اسکی تیسرے ادھیا
مین بہت اولی منکو ہی جو خلق بنی وہ لی مسطور ہی سرستی برہما کی زوجہ کا نام ہی جو کہ باسم بہار

وبرہما نی وغیرہ مشہور نام ہی اوسکو بیٹی کہنا تو مسلم کا اتہام ہی بلکہ سراسر دشنام ہی بیٹی اوسے
کہتے ہین کہ جسکی پیدایش توالد وتناسل کے طور پر اپنے نطفہ سے ہووے حالانکہ بقول آپکے
سرستی برہما کی بائین نصف بدن سے پیدا ہوئی ہی اور بقول بعضے اونکے دہن سے پیدا
ہوئی ہی اس بات کا کوئی قایل نہین ہی کہ پیدایش سرستی نطفہ برہما سے بطور تناسل ہوئی اگر اتنے
پر بھی عبید اللہ سرستی کو دختر برہما قرار دیگا تو حوا کے دختر آدم ہونے سے کیونکر راہ انکار
لیگا سوا اسکے کہ جو کچھ سرستی وبرہما کی شان مین ہندون کی پران مین ہی وہی حوا وآدم
کے حق مین مسلمانون کے قرآن مین ہے بلکہ قرآن مین چند جا ہے جن کا نام سورہ اعراف
وزمر ونسا ہی آیت سورہ اعراف خلقکم من نفس واحدۃ وجعل منہا زوجہا یعنی پیدا کیا تمکو ایک
ذات سے پہر پیدا کی اوس سے جورو اوسکی فقط یہی الفاظ سورہ زمر مین واقع ہین
آیت سورہ نسا خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منہا زوجہا یعنی پیدا کیا تمکو ایک ذات سے اور پیدا
کی اوس سے زوجہ اوسکی انقطاب ہم عرض کرتے ہین کہ حوا کو بالضرور دختر آدم قبول کر
اور اپنا اعتراض طوق گردن رسول کیجئے کیونکہ جسطرح روز ازل بصورت مورچہ پشت آدم
سے نوع انسان کا اخراج ہوا اوسی طرح ظہور حوا پہلوے آدم سے ناکاج ہوا پس کیا
سبب کہ تخیل ہو کہ یہ آدم کی اولاد ہووے اور حوا قید دختریت سے آزاد ہووے چونکہ حوا
لخت جگر آدم ہی لاجرم دختر آدم ہے پس آدم نے سفاح کیا کہ اپنی دختر سے نکاح کیا
اگر جسم سے پیدا ہونا بنتیت کا مستلزم ہووےگا تو بالیقین آدم مجرم ہووےگا کہ اوس نے جو اگناہ
کیا کہ اپنی بیٹی سے بیاہ کیا اگر جسم سے پیدا ہونا ولدیت کا سبب کامل ہووےگا تو کرک
جو کبھی ...اولاد مین ... ہووےگا کہ شکم مسلمانون سے باہر نکلتا ہی اور اوسکے فضلہ سے پلتا
ہے اگر کوئی ہندو بامعقل سے ذکر کریگا اور گروہ عبید اللہ کے سمجھیگا تو بارہ اوتار کو برہما
کا پسر جانیگا اور بہیڑ بکری وغیرہ کو اونکی دختر مانیگا کیونکہ بارہ اوتار نے برہما کی ناک سے
صدور کیا ہی اور بہیڑ بکری وغیرہ نے اونکی اعضا وجوارح سے ظہور کیا ہی چنانچہ پراشر نے کہا ہی کہ

श्वयो वक्षसश्चक्रे मुखतो जाः सस्टष्टवान् स्टष्ट्वा
नुदराद्राश्च पार्श्वाभ्यांच प्रजापतिः ॥१॥ पद्भ्यां
चाश्वान् समातंगान् रासभान् गवयान् मृगान् ॥२॥

غرضکہ جسم سے اخراج کرنا سبب ولدیت نہین ہی اور عبید اللہ مین توہی انسانیت نہین کعبہ نے سچ کہا ہی کہ جو کوئی اسلام لاتا ہی وہ بات بات پہ الزام کہاتا ہی **قولہ** کاہیکو برہمانے بخشش چاہی کہ وہ جسکے دل مین جاوے اوسکی عقل ماری جاوے الخ یہ قول معتبر نہین ہی اور کسی تاریخ مین اسکی خبر نہین عبید اللہ کا اتہام ہی نومسلم کا خیال خام ہی جو کوئی بطرف اسلام راغب ہوتا ہی بدرجۂ غایت کاذب ہوتا ہے خواہ گہر لُٹے خواہ خویش و برادر چھُٹے جب تک کے بغیر آرام نہین پاتا اور مکر و خدع کے بنا آب و طعام نہین کہاتا دیکھئے اس نومسلم نے یہان کسقدر دروغ بافی کی ہی اور راہ بے انصافی لی ہی اپنا عیب ہماری طرف منسوب کیا ہی فی الحقیقت خداے محمدیہ کو محجوب کیا ہے کہ اوس نے ابلیس کے کہنے سے اوسکی عرض قبول کی اور اوسکو مہلت طویل و طول دی مسلمانون کی گمراہی پر خیال نکیا اور مدینہ اسلام کی تباہی پہ ملال نکیا تفسیر اس کلام کی اور تقریر اس مرام کی یہہ ہی کہ جسوقت خدا نے آدم کو خاک سے پیدا کیا ملائکہ کو حکم دیا کہ آدم کے سامنے پڑین اور زمین سجدہ پر سر دہرین فرشتون نے تعمیل حکم ربانی کی اور ابلیس نے داد نافرمانی دی خدا نے ابلیس سے پوچہا کہ تو نے کسواسطے آدم کو سجدہ نکیا وہ بولا کہ مین آدم سے افضل ہون کہ تو نے مجکو آگ سے پیدا کیا اور آدم کو خاک سے پیدا ظاہر ہی کہ آگ جوہر لطیف ہی اور بہ نسبت خاک کے شریف ہے خدا نے اس بات کا ابلیس کو کچھ جواب نہ دیا سواے اسکے کہ اوسکو [illegible] اور اوسکی گردن مین طوق لعنت ڈالا اوسوقت ابلیس نے عرض کی کہ ای رب مجھکو قیامت تک مہلت دے خدا نے درخواست ابلیس منظور کی اور مہلت اوسکو دی پس شیطان نے کہا کہ مجکو تیری عزت کی سوگند ہی کہ تیرے بندون کو گمراہ کرونگا بلکہ تا روز قیامت تباہ کرونگا

یہ مضمون سورہ اعراف وحجر وصاد مین ہی جوکہ کلام الٰہی مسلمانون کے اعتقاد مین ہی۔

آیات سورہ اعراف

ولقد خلقناکم ثم صورناکم ثم قلنا للملائکۃ اسجدوا لآدم فسجدوا الا ابلیس لم یکن من الساجدین قال ما منعک الا تسجد اذ امرتک قال انا خیر منہ خلقتنی من نار وخلقتہ من طین قال فاہبط منہا فما یکون لک ان تتکبر فیہا فاخرج انک من الصاغرین قال انظرنی الی یوم یبعثون قال انک من المنظرین قال فبما اغویتنی لاقعدن لہم صراطک المستقیم ثم لآتینہم من بین ایدیہم ومن خلفہم وعن ایمانہم وعن شمائلہم ولا تجد اکثرہم شاکرین

یعنی تحقیق پیدا کیا ہم نے تمکو پھر صورتین بنائین ہمنے تمہاری پھر کہا ہمنے واسطے فرشتون کے سجدہ کرو آدم کو پس سجدہ کیا اونہون نے مگر ابلیس نہوا سجدہ کرنیوالون سے کہا کس چیز نے منع کیا تجکو کہ نہ سجدہ کیا تونے جب حکم کیا مین نے کہا کہ مین بہتر ہون اوس سے پیدا کیا تو نے مجکو آگ سے اور پیدا کیا اوسکو خاک سے کہا پس اوتر تو یہان سے پس نہین لائق واسطے تیرے یہ کہ تکبر کرے تو درمیان اوسکے پس نکل تحقیق تو ذلیلون سے ہی کہا مہلت دے مجکو اوس دن تک کہ قبرون سے اوٹہائے جاوین کہا تحقیق تو مہلت دیگیون سے ہی کہا پس قسم ہی اوسکی کہ گمراہ کیا تو نے مجکو البتہ بیٹہونگا مین واسطے اونکی تیری سیدہی راہ پر پھر البتہ آونگا مین پاس اونکے آگے اونکے سے اور پیچھے اونکے سے اور داہنے اونکے سے اور بائین اونکے سے اور نہین پاویگا تو اکثر اونکے کو شکر گذار فقط

آیات سورہ حجر

اذ قال ربک للملائکۃ انی خالق بشرا من صلصال من حمأ مسنون فاذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین فسجد الملائکۃ کلہم اجمعون الا ابلیس ابی ان یکون مع الساجدین قال یا ابلیس ما لک الا تکون مع الساجدین قال لم اکن لاسجد لبشر خلقتہ من صلصال من حمأ مسنون قال فاخرج منہا فانک رجیم وان علیک اللعنۃ الی یوم الدین قال رب فانظرنی الی یوم یبعثون قال فانک من المنظرین الی یوم الوقت المعلوم قال رب بما اغویتنی لازینن لہم فی الارض ولاغوینہم اجمعین یعنی جب کہا پروردگار تیرے نے واسطے

فرشتون کو تحقیق مین پیدا کرنیوالا ہون آدمی کو بجنے والی مٹی سے کہ بنی تھی کیچڑ لئی ہوئی
سے پس جب درست کرلون مین اوسکو اور پھونک دون درمیان اوسکے روح اپنی
سے پس گرپڑو واسطے اوسکے سجدہ کرتی ہوئے پس سجدہ کیا سب فرشتون نے مگر ابلیس نے
انکار کیا اس بات سے کہ سجدہ کرنیوالون کے ہمراہ ہووے کہا اے ابلیس کیا ہوا تجھکو کہ نہ ہوا سجدہ
کرنیوالون کے ساتھ ہوا بولا کہ مین اس بات کے لایق نہین ہون کہ سجدہ کرون واسطے
انسان کے کہ پیدا کیا اوسکو مٹی آواز دینے والی سے کہ بنی تھی کیچڑ سڑی ہوئی سے فرمایا
پس نکل یہان سے پس تحقیق تو راندہ ہوا اور تحقیق اوپر تیرے لعنت ہے دن قیامت تک کہا اے
پروردگار میرے پس مہلت دے مجکو اوسدن تک کہ زندہ کیے جاوین فرمایا پس تحقیق تو مہلت
دیا گیا ہے وقت معلوم کے دن تک کہا اے رب میرے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا تو نے مجکو البتہ
زینت دونگا مین واسطے اونکے دنیا مین اور البتہ مین اون سب کو گمراہ کرونگا فقط
مضمون سورہ صاد تحفۃ الاسلام مین تحریر کیا گیا لہذا یہان اوسکے ایراد سے احتراز
ناگزیر سمجھا گیا کہ جناب کعبہ کن مین اختصار پسند ہی اور زبان تکرار بند ان آیات سے
ظاہر ہی کہ اگر خداے محمدیہ فریب ابلیس سے خبردار و واقف کار ہوتا تو اجابت التماس کو
بیزار و دست بردار ہوتا ایسی دعا کہ جس سے مسلمان ذلیل و خوار ہووین اور انجام کار ذلیل
ہرگز قبول نکرتا اور ابلیس کے داو مین آکر اپنے بندون کو مخذول نکرتا جبکہ ابلیس علانیہ
نافرمانی کر چکا اور داد طغیانی دے چکا اوسکی بات ماننا منشاے خدائی نہین ہی بلکہ اقتضاے
دانائی نہین فریب شیطان کہانا برخلاف شان یزدانی ہی بلکہ منافی تاب توانائی [illegible]
کہ اکثر انسان بھی فریب شیطان سے امن و امان مین ہین اور بعض نیز حافظ [illegible]
مین تفاسیر مین بہت ماتحات مکتوب ہین اور گذارشات [illegible]
کہ خداے دیدہ و دانستہ عرض ابلیس قبول فرمائی اور [illegible] خاطر مسلمانی [illegible]
کرائی تو لازم آتا ہی کہ بناے عدالت برباد ہووے اور [illegible] مسلمانی طوق [illegible] آزاد

Marfat.com

کہ بالکل فتور سالک ہی اور عذاب ربی قصور سالک ہی بلاشبہہ عطاے مہلت برے مسلمانی کی خضاب روسیاہی ہی اور ابلیس اس کے حق مین اسباب گمراہی چنانچہ جسوقت ابلیس نے مہلت پائی خدا کو اسکی قباحت سمجھائی مثلاً سورۂ حجر مین ہی قال رب بما اغویتنی لازینن لھم یعنی ابلیس نے کہا کہ اے رب میرے بسبب اسکے کہ گمراہ کیا تو نے مجکو البتہ زینت دونگا مین واسطے انکے فقط یہی مضمون سورۂ اعراف مین ہی اور عقل و دانش خداے محمدیہ کے اوصاف مین ہی کہ عطاے مہلت ابلیس کے حق مین موجب سرگشتگی ہی اور مسلمانی کے لئے سبب سرگشتگی اگر ابدین ضلالت کیش نہوتا کوئی مسلمان بطالت اندیش نہوتا جام اطاعت اسلام کرتا آب کوثر و تسنیم سے اپنا جام بھرتی کون فاسق و زناکار ہوتا اور کون شامت اعمال سے فی النار جسقدر کہ مسلمانون مین روز بروز گناہ کی بیشی ہی بالکل خداے محمدیہ کی کوتاہ اندیشی ہی اگر انجام کار پر خیال کرتا اور عطاے مہلت مین اہمال تو مدینۂ اسلام مین یہ پریشانی بادشاہ ہوتی اور ابلیس کی ہاتھ سے مسلمانی تباہ ہوتی اصل وہی ہی کہ خداے محمدیہ کو عقل نہین ہی لہذا اوسکو کار و بار مین بندہ کو دخل نہین اگر وہ عاقل ہوتا تو کسواسطے فریب ابلیس سے غافل ہوتا بڑے تعجب کی بات ہی کہ ابلیس نے تو قباحت مہلت سمجھائی اور خدا لے مسلمانان پر سنان طعنہ تانی خدا پر اوسکی قباحت نہ کھلی اور میزان عقل مین شناعت نہ تلی اسی طرح ایک عورت کی درخواست قبول فرما کر جریج نامی عابد کو باتہام زنا بدنام کرایا اور بنی اسرائیل کے ہاتھ سے اوسکا عبادتخانہ انہدام چنانچہ بخاری و مسلم مین ہی کان جریج رجلا عابدا فاتخذ صومعۃ و کان فیہا فاتتہ الخ یعنی جریج ایک عابد تھا اوس نے عبادتخانہ بنایا اوسی مین رہتا تھا اوسکی ماں وہان آئی وہ عبادت مین مشغول تھا پس اوسکی ماں نے پکارا کہ اے جریج اوسوقت اوس نے کہا کہ یا رب میری ماں پکارتی ہی اور مین عبادت مین ہون پس وہ عبادت مین متوجہ رہا اوسکی ماں پس گئی اسیطرح جریج کی والدہ تین بار آئی اور وہ عبادت مین مشغول رہا پس اوسکی ماں نے یون دعا مانگی کہ اے خدا اسکو مت مار یو جب تک کہ بدکار عورتون کا منہ نہ دیکھ لیوے

Marfat.com

لنے اوسکی دعا اجابت فرمائی پس ایک حرام کار عورت نے زنا سے بچہ جن کر کہا کہ یہ لڑکا
جریج کے نطفہ سے ہے تب بنی اسرائیل نے جریج سے بد اعتقاد ہو کر اوسکو صومعہ سے بیرون کیا
بدلات گھونسے سے بیلگون فقط خدائے محمدیہ کی خوبی عقل دیکھو کہ ناحق جریج بیچارہ کو متہم
کرایا اور صومعہ منہدم جبکہ تمہارے خدا کو تمیز روز و شب نہین ہے تو تمکو بر ہمارے اعتراض کرنیکا
منصب نہین اگر برہما کسی کیلئے دعا مانگے اور اوسکا انجام نجانے تو عیب نہین ہے کہ وہ عالم الغیب
نہین ہے ایک بندہ ہے مظہر شان آفرینندہ ہے خدائے محمدیہ کی سمجھ یہ کیسے ٹھہرے کہ عزازیل
نے اوسکو دھوکہ دیا استدعائے مہلت کی اور اوس نے بغیر سوچے سمجھے راہ اجابت لی
اوسوقت شیطان نے راز دل فاش کیا کہ اب مین تیرے بندون کو راہ ضلالت مین
پھراونگا اور چاہ بطالت مین گراونگا تب آپ لاجواب ہوا کچھ نہو سکا تو آمادہ عتاب
ہوا کہ دوزخ مین تجھکو ڈالونگا بھرہ مین آلو بالونگا باوجودیکہ صدہا آیات قرآن بدل
ڈالین اور یہ یا نسخ مل ڈالین مگر آیات مہلت کی تبدیل و تغیر نہوئی ہنوز شرارت ابلیس
کی تدبیر نہوئی غرضکہ بجز و عرض کرنے ابلیس کو اوسکی دعا قبول فرمانا اور مسلمانون کو دشمن
کے ہاتھ سے ضلول کرانا عادت داد آری نہین اور اخادت ہوشیاری نہین اگر وہ دلاور
وخود و ہوتا تو کسواسطے فریب ابلیس سے بیخبر ہوتا بلکہ فورًا جان لیتا کہ نیت ابلیس سے بد اور
اوسکی درخواست قابل رد ہے سورہ حجر کے (من صلصال من حما مسنون) ان الفاظ
سے دریافت ہوتا ہے کہ جو کچھ مسلمانی کی جڑ ہے وہ سڑی ہوئی کیچڑ ہے جسپر کپڑے پہن بہانے تھے
اور بیت الخلا سے یاد دلاتے تھے جبکہ گریبان مسلمانی نجاست مین سنا ہوا اور اوسکا جوہر
آدم گندی کیچڑ سے بنا ہے پس مکان پاکیزگی و لطافت نہین ہے اور نشان طہارت
شرافت نہین درصورتیکہ مسلمانی کی یہی سرشت ہے تو اوس سے ...
ہے ہر چند اوسکو پانی گہرا ملے مگر کب پاکی سے بہرا ملے سگ بدریا ہفت گانہ مشوی
چہ نکہ تر شد پلید تر باشد حق بجانب ابلیس ہے کہ نار بہ نسبت خاک جوہر نفیس ہے اسکا تو کیا

ذکر ہے کہ بدبو چیز وگندی کیجہت سے منصب رذالی ہوا اور صرف اسباب الاضداد
کا کوئی جواب پسند کرتا تو ابلیس کا دم شتاب بند کرتا بلکہ بجائے عذر ابلیس ترس
سہولت اوسکی تسکین کرتا چونکہ خدائے محمدیہ سے اعتراض شیطان کا جواب
آیا اور نسخہ حکمت ازلی مین علاج پیچ و تاب نہ پایا بقول شخصے دیوانہ را ہوئی بس
حکومت دکھلانی لگا اور سخنان خصومت بنانے لگا ۵ وقت ضرورت چو
دست بگیرد سر شمشیر تیز ۵ علاوہ اسکے سجدہ آدم توحید کے برخلاف تھا بلکہ شرک
صاف تھا ابلیس نے قباحت شرک پر غور کی بنا برین مخالفت حکم فی الفور کی اہل
جانتے ہین کہ خدائے مسلمان نے کار بیہودہ کیا او رہا من وحدت ملایکہ چیک شرک
آلودہ کیا اگر ابلیس بھی سجدہ آدم مین ملائکہ کا شریک ہوتا تو روز توحید تیرہ و تاریک
اسیواسطے فریدالدین عطار نے ابلیس کو رہبر موسی قرار دیا ہے اور اس سرگذشت مین ایک
قصیدہ طیار کیا ہے اب ہم اوسکا انتخاب کرتے ہین اور بعض ابیات داخل کتاب **نظم**

روزی از روزہا کلیم اللہ ۵ خاص بر شد زایزد داور ۵ شد ندا از برای او کہ برو ۵ پیش ابلیس
مفسد سالار ۵ زین سخن ہمچو شعلہ سر بکشید ۵ جست از خانقاہ ہمچو شرار ۵ راہ سر کرد و
رفت در پیش آن لعین ناچار ۵ گفت ایزد برای ارشادم ۵ بر سر تو نہاد تاج دار ۵ گفت
من از دم ازل دارم ۵ طوق لعنت بگردن ادبار ۵ تو کلیم اللہی نداری ننگ ۵ تو ندیم اللہ
نداری عار ۵ من کجا و طریق این احکام ۵ من کجا و طریق این اطوار ۵ بزبان نیاز
گفت کہ ای تو در رہ عشق پاک عیار ۵ شکر و بیان تو گفتی ۵ نکتۂ از برای من بکار
تکلم در آمد بگشتو ۵ لب گوہر فشان و شکر بار ۵ من بگو گفت تا چو من نشوی ۵ این سخن
ز من بخاطر دار ۵ یعنی اول چو من نشوی بیراہ ۵ زخم ار سپر ز سینہ بیار ۵ چون نشوی
سترس از آن ۵ ہر چہ خواہی بگو و باک مدار ۵ آب را تو تمام ز الکہ ۵ تر الجاعین آتش
پندار ۵ خویشتن را تو در میانہ مبین ۵ شد سکندر از میان بعار ۵ الخ یہان تک بات

Marfat.com

ہی پیغمبر نے بحکم خدا ابلیس کی تصدیق کی اور اوس سے حقیقت معرفت تحقیق کی زبان نیاز آگے
سجدہ بازی کی اور تعلیم نشیب فرازلی وہ صوفی معرفت کار ہے اور عاشق پاک عیار پہلے اس
معلم الملکوت تھا اور دانا اسرار ناسوت ولاہوت تھا اے مسلمانون جو ابلیس کہ تمہاری
مین مردود ہے وہی بادی وحدت الوجود ہے جسکا نام معرفت ذات وصفات ہے اور جسپر صوفیہ
حنفیہ کا مدار نجات ہے اب ایک اور مضمون ہے بہت موزون ہے کہ خدا سے محمدیہ خود ناری ہے اور
سکے اور ابلیس کے درمیان رشتہ برادرداری ہے اگر وہ سوا سے نار کی کوئی دیگر جوہر ہوتا تو
طور اوسکی نور سے کیونکر خاکستر ہوتا پر جبرئیل اوس سے سوختہ ہوتی وادی ایمن کے جہاڑ
ہنگام افروختہ ہوتی بر تقدیریکہ وہ نار سے راہ تنزیہ لیتا تو مصنف قرآن کسواسطے اوسکو آگ
سے تشبیہ دیتا یہان سے واضح ہے کہ معبود اسلام و ابلیس دونون نار ہین اور دونون کو
ایک طور ہین اگر خدا سے محمدیہ پیروی عقل وشعور کرتا تو کسواسطے نار کو واسطے سجدہ سٹری کیچڑ
کے مامور کرتا بلکہ خدا بات ابلیس قبول فرماتا اور آدم کو عہدہ خلافت سے معزول فرماتا کہ گندگی
کیچڑ خلیفہ نار نہین ہو سکتی اور طیبات پر ترجیح مردار نہین اگر کوئی کہے گو بظاہر سرشت
آدم گندی طین وگل تہی مگر منظہر اسرار جان و دل تھی تو جواب یہہ ہے کہ باوجود خورشید
ماہ کے اور ملایکہ عالیجاہ کے سٹری کیچڑ کو منظہر اسرار قائم کرنا اور اشرف مخلوقات کو چھوڑکر
تعلیم بہایم کرنا تقصیر عقل ہے اور تحقیر عدل برین تقدیر جو کوئی صاحب قرآن کی تصدیق کرتا ہے
وہ نایب رحمان کی تحمیق کرتا ہے یہان تک تفسیر آیات مذکور پوری ہوئی اور در بارت اہنشاہ
عالم پناہ سے اوسکی طبع کی منظوری ہوئی **قولہ** اپنی بیٹی سے جماع کا قصد کیا **اقول** سرزمین
دختر بیبیا نہین ہے تو مسلم کو شعور بات کرنے کا نہین بحث اسکی تفصیلوار آچکی اور حوا دختر
قرار پاچکی مولوی محمد علی نے لکہا ہے کہ حوا آدم کی جزو بدن ہے اور پارہ تن
ہین کہ جس صورت مین وہ آدم کی لخت جگر ہے تو اوسکے دختر ہونے مین کیا کلام ہے مفسرین
نے لکہا ہے کہ آدم اپنی لخت جگر بچی کو دیکھکر بیتاب ہوا مرغ دل آتش حسن پہ کباب ہوا

Marfat.com

اپنی بیٹی سے قصد زنا کیا تمنا کے حصول [illegible]
ہے کہ آدم در دل خود آرزو میکرد کہ کاش شخصی [illegible]
حق تعالی برین خواہش ایشان رحمت فرمود [illegible]
فرمود تا پہلوے چپ ایشان را چاک کردند و از انجا زنی خوش شکل [illegible]
قد و قامت او درست شد باز آن پہلوی چاک کردہ را وصل نمودند و درین حالی [illegible]
آدم محسوس نشد حضرت آدم چون از خواب بیدار شدند دیدند کہ از جنس شخصی دیگر
من نشستہ است پرسیدند کہ تو کیستی فرمان رسید کہ این کنیزک ماست حضرت آدم [illegible]
کہ دست باو برسانند حکم رسید کہ دست باو مرسان تا وقتیکہ مہر او را ادا نکنی انتہی [illegible]
مدارج النبوت میں ہے کہ چون آدم را در بہشت در آوردند لیتے از جنس خود میخواست کہ با او
انس گیرد و راہ خواطر و ذکر حق بستہ گردد حق تعالی برو خوابے برگماشت و در آن خواب از
استخوان ضلع یسری حوا را آفرید چون دید آدم حوا را دراز کرد دست خود را بسوی [illegible]
پس گفتند ملایکہ آہستہ باش ای آدم تا نکاح کنی او را و بدہی مہر او را انتہی خلاصۃ الانبیا
صفحہ امین ہے کہ جسوقت خدا یتعالی نے حوا کو بنایا خوبصورتی و نیک روئی و ملاحت
حسن و جمال جو کچھ کہ عورتوں کے لئے زیبا ہے حق تعالی نے اسکو بخشا بعد اسکی آدم کو خواب
سے بیدار کرکے حوا کو دکھلایا آدم نے بے اختیار چاہا کہ اوسپر دست اندازی ہووے تب [illegible]
الہی سے آواز آئی کہ ای آدم خبردار اسکو مت چھو بے نکاح اسکی صحبت حرام ہے [illegible]
نے حوا سے نکاح کرنے کی خواستگاری کی پس حق تعالی نے آدم کے ساتھ حوا کا نکاح
کر دیا انتہی یہاں سے واضح ہے کہ اگر خدا مانع ہوتا تو آدم فارغ ہوتا بلکہ بجہہ وصت [illegible]
او قصہ سر فراز کرنے کو نالی میں نل لگاتا اور نمک کی طرح پانی میں گل جاتا انتہی اللہم احفظنا [illegible]
ہوتا زانی نہیں تو شیطانی ہوتا آنا فانا گنج نہانی سے مہر اوٹھاتا کسو نطفہ [illegible]
ملحد گرسنہ در خانہ خالی بر خوان چو عقل باور نکند کز رمضان اندیشہ [illegible]

وزاشک نہین ہے اور ایک حرف قابل حک نہین کہ آدم نے قصد زنا کیا اور رنڈیش رسوائی
کو ننگ جنا دیا کیونکہ حوا بے نکاح آدم پر حرام تھی اور مانند خالہ و مام تھی جبکہ آدم نے حرام
عورت کا عزم کیا اور برعکس حیا و شرم کیا تو اوسکے فسق و فجور مین کلام نہین ہے اور اوسکو
پرواے ننگ و نام نہین کہ اوس نے بیت الحرام رسوائی کا طواف کیا اور کعبہ بیحیائی مین گوشہ
اعتکاف لیا سب مسلمان جانتے ہین کہ حوا نہ آدم کی منکوحہ تھی اور نہ مملوکہ پس بغلبہ شہوت
اوسکو پکڑنے کے لئے ہاتھ دراز کرنا اور پاے ناز نامحرم پر سر نیاز دہرنا لا کلام حرام کاری
ہے اور بالتمام ناہنجاری ہے آدم وہی شخص ہے کہ جس نے طبلہ بغاوت ربانی بجایا اور نقارہ
اطاعت شیطانی کا یاد مانع بیہودہ بکایا اور شجرہ ممنوعہ سے ثمرہ مردودہ کہایا ایسے آدم
کا عصیان چھپاتے ہو اور ہم پر بہتان لگاتے ہو تمہاری برابر لایق کون ہے اور تہمت طرازی
مین تم سے فایق کون یہان مؤلف ہدیہ نے فریب ابلیس کہایا ہے اور ایک تلبیس بنایا ہے
ہم اوسکی نقل داخل رسالہ عماد کرتے ہین پس ازان خاطر صاحب ہدیہ شاد کرتے ہین

ہدیۃ الاصنام اولاً آدم را خالق کل موجودات و خالق حوا و بودن حوا ای الہ
در عندیہ اوشان دختر اوشان ثابت کند بعد ازان الزام وارد کند و بمجرد خروج حوا
از پہلو دختر بودن حوا لازم نمے آید آری سرسوتی دختر برہما ست کہ از شکم برہما ظہور یافتہ و بدختر
بودن او اختصاص پذیرفتہ **جواب** اب ہمکو معلوم ہوا کہ مؤلف ہدیہ طریق کلام نہین
جانتا اور اقتضاے مقام نہین پہچانتا صحراے ساختہ مین مثل یابوے بے لگام چلتا ہے اور رطب
و یابس پختہ و خام بکتا ہے جب زبانہ الزام کہایا ہے تو کام ناکام نے مقام نہین ...
مثلاً یہان مناظرہ صرف اس بات مین ہے کہ جو کوئی کسی کے جسم سے پیدا ہوتا ہے
وہ بیٹا ہوتا ہے یا نہین بر تقدیر اول حوا آدم کی دختر ہے کہ وہ اوسکے پہلو
دوم سرسوتی دختر برہما نہین ہے کہ اوسکے نطفہ سے پیدا نہین ہوئی بلکہ اوسکی بانہین انگ سے پیدا ہوئی
جیسے کہ پہلو چپ آدم سے پیدائش ہوئی ہے یہان اسی امر کی تنقیح ہے کہ برہما اور آدم ...

سرسوتی او تھا ایک انداز پر ہی دونون صاحب کا نام ایک مجاز ہی یہ جو تشبیہہ لی ہین کہ
وشبہ بہ کا ساری باتون مین اتحاد ہووے اور بالکل رفع استبعاد ہو وے بلکہ ایک
مین تشبیہہ ہوتی ہی اور ایک ہی وجہ تشبیہہ جیسے ہوتی ہی مثلاً شاعران اسلام اپنی معشوق
سے کہتے ہین کہ تو اقلیم حسن کا بادشاہ ہی اور تیرا رخ مانند ماہ ہی اب ملا قطب الدین کو لازم
ہے کہ انوری و نظامی و سعدی و جامی پر زبان طعن دراز کرے کہ گدا و شاہ مین مناسبت
نہین ہی اور رخ و ماہ مین مشابہت نہین کہ رخ معشوق روی خاک پر ہی اور جرم ماہ مرکز افلاک پر
جرم ماہ بہت عریض و طویل ہی اور عرض و طول رخ نہایت قلیل ہی اسیطرح کے اکثر امور
درمیان رخ و ماہ حائل ہین کہ منافات باہمی کی دلایل ہین اگر علماے اسلام خطا کرین تو جاے
خندہ نہین ہی کہ ستارۂ عقل انسان ہمیشہ تابندہ نہین مصنف قرآن نے خطاے صریح کی ہی کہ نور
الہی کو طاق سے تشبیہہ دی ہی مثلاً سورۂ نور مین ہی (مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح)
یعنی مثال نور خدا کی مانند ایسے طاق کے ہی کہ درمیان اوسکے چراغ ہووے خطاب صاحب
ہدیہ کو لازم ہی کہ مصنف قرآن سے کہے کہ ثبوت مشابہت نور الہی و طاق دے یا عروس دعوی
فصاحت کو طلاق دیوین بعد نہ کہے کہ عبارت قرآن بے نظیر ہی لہذا تصنیف خدا ہی قادر
و قدیر ہی ظاہر ہی کہ نور خدا و طاق مین کسی طرح پر تشبیہہ نہین ہی اور کوئی صورت تشبیہ نہین
بلکہ تفاوت آسمان و ریسمان ہی اور عداوت کفر و ایمان جب تک کہ طاق کسی وصف
مین نور الہی سے فایق نہوگا تا ابد الاباد مشابہت کے لایق نہوگا حالانکہ کوئی شی
کسی وصف مین اوتعالی سے زیادہ نہین ہی اور کسی جام مین اس خمخانہ کی بادہ نہین لہذا
تشبیہہ مذکور حماقت کی علامت ہی اور راے مصنف قرآن سزاے ملامت ہی اس قسم کی قرآن
مین بہت تشبیہین ہین جو کہ داغ شاعری مین کرتے ہین ایک جگہ مصنف قرآن نے اعمال
کفار کو خاکستر سے تشبیہہ دی ہی بحث اوسکی رسالہ حملہ سند مین ہو چکی ہی یہان گنجایش
تفصیل نہین ہی تکرار شیوۂ عقیل نہین قطع نظر اسکے ہم ہرگز نہین کہتے کہ بربہما جو دیو ہین اور

Marfat.com

خالق کل موجود بلکہ ہمارا عقیدہ یہہ ہی کہ وے مظہر دانش و بنیش ہین اور واسطہ آفرینش کیونکہ پرماتما کے پیدا کئے ہوئے عناصر سے اور اوسی کی دی ہوئی دسترس سے برہما نی پیدا ئش کی اور آب و رنگ مستعار سے چہرہ موجودات کو آرایش دی وے فاعل خودمختار نہین ہین اور خالق اخیار و اشرار نہین بر تقدیریکہ وے دوسرے کے نیازمند نہوتے اور فرمان حاکم مطلق کے پابند نہوتی تو گنجایش گفتگو تہی اور ہمارے وہ جیسے کہ باپ واسطہ پیدایش دختر و پسر ہی ویسے ہی برہما وسیلہ پیدایش جن و بشر ہی اگر وے بذات خود خدا ہوتی تو کسواسطے رجوع بدعا ہوتی ہر چند برہما دیوتون کو سرتاج ہین مگر بات بات مین پرماتما کے محتاج ہین وہ خود مالک نہین ہین جیسے کہ مہادیو خود مالک نہین بلکہ جسقدر انسان و جن و دیوتا ہین سب تابع حکم پرماتما ہین ان باتون کے ثبوت کی کچہہ احتیاج نہین ہی کہ آفتاب محتاج سراج نہین البتہ مسلمانون کے فرشتے خود مالک خود خالق ہین اور خود مالک و خود رازق ہین چنانچہ جلد اول تفسیر عزیزی مین ہی کہ اینچہ از حال اہل خدمات ملائکہ از روے احادیث صحیحہ بثبوت رسیدہ آنست کہ بعضے از انہا کارہا ملائکہ کہ کارہا عمدہ بتدبیر آنہا وابستہ است مثل حضرت جبرئیل کہ صاحب علم وحی اند و حضرت میکائیل کہ صاحب رزق و غذا اند و حضرت اسرافیل کہ صاحب لوح محفوظ و صور و نفخ ارواح اند و حضرت عزرائیل کہ ملک الموت اند فقط یہان سے پیدا ہی کہ ملائکہ اسلام صاحب موت و حیات ہین اور مالک و رازق مخلوقات خدا سے ہین شاید کہ کوئی کام صادر ہوے یا وہ صرف برائے نام قادر ہوویں یہہ کہین نہین لکہا ہی کہ ظہور سوتی شتکم برہما سے ہوا ہی جسوقت صاحب تذہذب جواب عاری ہوتا ہی تو مرتکب مکاری و عیاری ہوتا ہی افترا پردازی آغاز کرتا ہی باب تہمت طرازی باز احقاق حق پر نظر نہین ہی بنابرین حوالہ کتب معتبرہ غیر صحیح بین برپایہ شتکم برہما سے ظہور سوتی ہوتا تو بہی اعتراض بیجا ہوتا کیونکہ ابر و شتکم دہلوا اعضا جسم ہین اور ہریک سے متعلق افعال چند قسم ہین ان اعضا سے خروج کرنا برابر ہی ظہور اوسکی

مشابہ اسکے ہیں اسکی کیا معنی کہ درمیان بہائی بہن کے ...
اور حوا دختر آدم ہونے سے بری ہوئی خدا کو حاضر و ناظر جانکے اپنے ...
بیٹی ہونے کے ساتھ کس طرح اختصاص پایا اور حوا نے قید دختریت آدم سے کیونکر
پایا جھوٹ کو پایداری نہیں ہے ریتے کی دیوار کو استواری نہیں اگر حوا دختر آدم ہوئی
عجب نہیں ہے کہ مسلمانوں کا اصلاحی مذہب نہیں ہے کہ جو مولود بعادت معہود پیدا
ہوئے وہی اولاد میں شمار ہوئے اور باقی خارج از خیل تباہ ہو گئے اگر اپنے مذہب میں
یہی قاعدہ جاری کروگے تو بہت حدیثوں کو زیر پا بے اعتباری و نیز وہ گروہ ارواح
اجسام کہ پشت آدم سے خارج ہوئے تھے اور معراج عہد میثاق پر حاضر اون تمام
آدم کی اولاد نہ سمجھیو اور احادیث صحاح کو قابل اعتماد نہ سمجھیو حالانکہ تمام محدثین وغیرہ
اونکو آدم کی اولاد جانتے ہیں اور خانہ ابوالبشر سوئے چہار زرد و سیاہ آباد مانتے ہیں
جو کوئی اون اجسام کے اولاد آدم ہونے سے انکار لائیگا وہ حدیث و قرآن کو نذر
نار لائیگا ہم عنقریب نقل آیات و احادیث رنگ رنگ کرینگے اور عقل مولوی محمد علی د...
سوط الجبار آپ جو یہ لکھتے ہیں کہ حوا دختر آدم کی تھی یہ آپکی ہرزہ سرائی ہے کیونکہ
کوئی شخص اہل اسلام سے اسکا قائل نہیں کہ حوا آدم کے نطفہ سے پیدا ہوئی **جواب**
یہ آپکی ہرزہ سرائی ہے تو بلا تامل آپنے بنگ کھائی ہے اگر آپ بنگ نہ کھاتے تو مرآتیہ زبان
کلمہ ہرزہ سرائی بیدرنگ نہ لاتے ہمکو تو جیسے مولف ہدیہ کی ژاژ خائی سے کام ہے ویسا
ہی آپکی ہرزہ سرائی میں کلام نہیں ہے تم دونوں کی ژاژ خائی و خامہ فرسائی سے
سنتے لوگوں کے کان بہر گئے اس ملک کے مسلمان آپکے مشفق مہربان ڈر گئے کہ
مولوی جی کو سرسام ہوگیا اور دو مسلمانی تمام ہوجاوے جناب من جیسے کہ کوئی مسلمان
قائل نہیں ہے کہ حوا نطفہ آدم سے پیدا ہوئی ہے اسیطرح کوئی ہندو بھی نہیں کہتا ہے کہ
سرسوتی نطفہ برہما سے چہرہ کشا ہوئی ہے دونوں کا ایک حال ہے اور ایک ڈھول ...

Marfat.com

سے حضرت آدم ہوئی ہین شک ہووے حامل
جب کہ سرسوتی برہما کی دختر ہووے اور حوا کے دختر آدم ہوئی ہین شک ہووے حامل
از نطفہ برہما سے پیدایش سرسوتی نہین ہی لہذا وہ اونکی لڑکی نہین بلکہ وہ اونکی استری
ہے اور مطہر بزرگی و برتری ہی سوط الجبار بلکہ یہ کہتے ہین کہ آدم کی پسلی سی کچھ اجزا
خداتعالی نے لیکر اوس سی حوا کو بنایا اور بجائے اوسکے گوشت بہر دیا اور ظاہر ہی کہ بلا تعلق
کسی پوست یا استخوان کسی آدمی یا جانور کے اگر اوس سی کوئی چیز بنائی جاوے تو وہ حکم اولاد
ہرگز نہین رکہتی **جواب** (کہتے ہین) کا فاعل کون ہی اور برعکس قرآن و حدیث کے قائل
کون ہی اپنی طرف سی بات بناتے ہو اور علما کو تہمت ہذیانات لگاتے ہو ایسا مصنف
حدیث و قرآن نے کہا ہو نہ آپکے سوا کسی مسلمان نے از راہ مخالفت حدیث و قرآن علیحدہ
اور پیشانی نیاز بر پا شیطان ملتی ہو تعجب ہی آپکے دین اور ایمان پر اور اس تفسیر و بیان
سورہ نسا معارف ذرہ مین یہی لکہا ہی کہ حوا جسم آدم سی بر آمد ہوئی اور زوجیت آدم
مین در آئی اور یہی محدثین کا بیان ہی چنانچہ بخاری و مسلم سے عیان ہی کہ (استوصوا بالنساء
فان المراۃ خلقت من ضلع وان اعوج ما فی الضلع اعلاہ) یعنی محمد صاحب نے فرمایا کہ میری
وصیت قبول کرو عورتون کے مقدمہ مین اسواسطے کہ عورت پیدا ہوئی ہی پسلی سی اور مقرر
پسلی مین زیادہ ترکجی اوپر کی طرف مین ہی نہ فقط مفسرین و مورخین نے بہی اسکی مطابق
لکہا ہی جسکا خلاصہ ہمنے تفسیر عزیزی و مدارج النبوت وغیرہ سے سابق لکہا ہی آپکا امام مؤلف
ہدیۃ الاصنام بہی تابع تفسیر و قرآن ہی اور اوسکا بہی یہی تقریر و بیان ہی مثلاً صفحہ
۲۰۳ مین ہی کہ بمجرد خروج حوا از بدن حوا لازم نہ آید فقط مقصود آنکہ قرآن و تفسیر
تواریخ اسلام مین اور نیز ہدیۃ الاصنام مین یہی مرقوم ہوا ہی کہ حوا جسم آدم سی خارج
ہوئی اور تجرد و تفرد کی حارج ہوئی کہین نہین لکہا ہی کہ خدا نے آدم کی پسلی ...
الگ کرکے اون سی حوا کو مخلوق کیا اور بجائے اوسکی گوشت ملصق کیا فقط یہ مضمون
مولوی جی نے خود اختراع کیا ہی اور مصنف قرآن و حدیث سی نزاع کیا ہی اگر کوئی آیت

بات کا پاس کریگا تو حوا کو پارۂ تن و لخت جگر آدم قیاس کریگا پھر بھی ہمارا مدعا
ہے اور اولاد آدم سے امتیاز حوا باطل ہے کیونکہ فرزند و دختر پارۂ تن ہے چنانچہ بخاری
مسلم سے مبرہن ہے (فانما ابنتی بضعۃ منی) یعنی محمد صاحب نے اپنی دختر کے حق مین فرمایا کہ
بیٹی جو فاطمہ زہرا ہے میرے بدن کا ٹکڑا ہے فقط اس سے اور بھی چند امور نکلتے ہین جن سے
مسلمانی کے ہوش و عقل و شعور جلتے ہین ہم اونکو موضع و مقام پر مذکور کرینگے اور سنئے
محمد علی حوالۂ سنگ فتور البتہ جو کوئی جسم سے خارج ہوتا ہے اوسپر حکم اولاد جاری نہین
اور وہ ہرگز پسر و نسل تمہاری نہین ہوتا اگر اوسکو بھی اولاد شمار کروگے کرم کان شکم
واحل خونین و تبارکروگے اس بنا پر بھی حوا دختر آدم بلا تامل ہے اور سرسوتی دختر برہما
ہونے سے بری بالکل ہے غرضکہ مولوی صاحب کے جواب سے ظاہر ہے کہ اونھون نے بخوبی الزام
کھایا اور ہمارے اعتراضات نے زیادہ تر استحکام پایا آپ نے جواب شافی ندیا اور شہوت
آدم کا علاج کافی نکیا لہذا باحسن وجہ ثابت ہوگیا کہ وہ ایسا شہوت پرست و نفس
سے بدمست تھا کہ اپنی لخت جگر سے بہ نکاح نیت شہوت رانی کی اور تسلیم عروس عہد
کانی کی بس وہ ہرگز اسباب شرافت نہین رکھتا تھا اور طاقت و تاب خلافت نہین
سوط الجبار آپ ہی کی کتب معتبرہ مین سرستی واتھرپ بسشٹ وغیرہ کو بیٹی بیٹا برہما
کا قرار دیا ہے حضرت نے اپنی طبیعت سے یہ مضمون نہین بنایا آپکے مذہب کی اصول پر کچھ قید
اسکی نہین ہے کہ عبادت معبود جو مولود و متولد ہووے وہی اولاد کہلاوے بلکہ ہزارون نگہہ برہما
اسکی آپکی کتب معتبرہ سے ظاہر ہے چنانچہ شانتی پرب مین لکھا ہے کہ پاربتی گفت کہ چیزیکہ
از قالب برآمدہ باشد او پسر میشود **جواب** ہماری کسی کتاب معتبر مین سرسوتی برہما
کی بیٹی نہین لکھی ہے سوا عبید اللہ نو مسلم کے کسی نے ایسی غلطی نہین کی ہے فی الواقع یہہ
اوسکا اتہام ہے خاصیت دین اسلام ہے کہ جو کوئی مسلمان ہوتا ہے اوسکا دروغ واقعہ
ایمان ہوتا ہے بسشٹ وغیرہ کو جو بعض نے برہما کا بیٹا کہا ہے یہی سبب اوسکا لکھا ہے

Marfat.com

ن لبسشٹ وغیرہ نے برہما سے گیان لیا اور اونکی بدولت بحر عرفان مین شنا کیا
واسطے کہین کہین اونکو پسر برہما قرار دیا ہی اور طریق مجاز اختیار کیا ہی کیونکہ جو کوئی کسیکو
معرفت ذات وصفات تعلیم کرتا ہی اور اسرار الہیات تفہیم وہ بجاے باپکے ہی اوسکو پدر
حقیقی سمجھنا غلطی آپکی ہی چنانچہ

सहि विद्यातस्तं जनयति तच्छ्रेष्ठं जन्म॥

یعنی گرو ودیا سے جنم دیتا ہی وہ بہتر جنم ہی فقط منوسمرتی کے دوسرے ادہیا مین ہی-

अध्यापयामास पितॄन्शिशुराङ्गिरसः कविः पुत्रक
इति होवाच ज्ञानेन परिगृह्य तान्॥१॥ ते तमर्थमपृ
च्छंत देवानागतमन्यवः देवाश्चैतान्समेत्योचुर्न्या
य्यं वः शिशुरुक्तवान्॥२॥ बालोऽपि विप्रो वृद्धः स्या
त् पिता भवति मंत्रदः अज्ञं बालमित्याहुः पितेत्येव तु
मंत्रदं॥३॥

یعنی انگرا رشی کے بیٹے کم سن پنڈت نے اپنے چچا وغیرہ کو وید پڑہایا اور اونکو اپنا شاگرد
سمجہکر (اے پوترون) اس لفظ کے ساتھ بلایا اونہون نے غضبناک ہوکر لفظ پوترکے
معنی دیوتون سے دریافت کئے دیوتون نے ایک انجمن کرکے کہا کہ تمہارے لئے جو لڑکے
نے پوتر کہا ہے وہ بجا ہی کیونکہ جو شخص علم وید سے بے بہرہ ہی وہ لڑکا ہی اور جو کوئی وید پڑہاتا ہی
وہ باپ ہی ایسا ہی کہا ہی کہ گیان دینے والا پدر ہی اور گیانی پسر ہی فقط غرضکہ
جنم دو طرح کا ہی ایک نطفہ سے دوسرا علم سے چنانچہ اسی ادہیا مین ہی-

ब्राह्मस्य जन्मनः कर्त्ता स्वधर्म्मस्य च शासिता बालोऽपि
विप्रो वृद्धस्य पिता भवति धर्मतः॥१॥

یعنی جو کوئی علم وید کے لایق جنم دیتا ہی اور دہرم کی ہدایت کرتا ہی وہ عالم وید کم سن

بہی از روے وہم کے پیر کہن سال کا باپ ہی فقط دیکہو جبکہ بسبب ان دکہلانے دم
طفل کم سن بہی پیر سالخوردہ کا باپ ہوتا ہی تو برہما کو بباعث راہ نمائی کے باپ کہنے مین
کیا پاپ ہوتا ہی اہل اسلام محمد صاحب کو پید مسلمین اور اونکی جورون کو ام المومنین کہ
جانتے ہین اور اپنے تئین اور اپنی بی بیون کے تئین کس طرح اونکا پسر و دختر مانتے ہین
سورۂ احزاب مین ہی ازواجہ امہاتہم یعنی محمد کی بیبیان مسلمانون کی مائین ہین فقط تفسیر
حسینی و زاہدی مین لکہا ہی کہ یہہ آیت مصحف ابی و قرات ابن مسعود مین اسطرح ہی کہ
ہو اب لہم و ازواجہ امہاتہم یعنی محمد مسلمانون کا باپ ہی اور اوسکی عورتین مادر مومنین ہین
فقط اب جان لو کہ جیسے مسلمان محمد کے فرزند ہین ویسے ہی بسشٹ و کشیپ وغیرہ برہما
کے پسر ارجمند ہین دونون جگہہ مدار گفتگو مجاز پر ہی اور سر اعتراض تیغ احتراز پر ہی فرزند
حقیقی وہی مولود ہی کہ جسکی پیدایش بعادت معہود ہی ہمارے مذہب مین کس جگہہ اسکی تصریح
نہین ہی اور اس بات پر کہ کشیپ و بسشٹ وغیرہ برہما کے فرزند حقیقی ہین کسیکو اعتراف نہین
شاستی پر جنکا جو آپنے حوالہ دیا ہی وہ مائدہ و ردہ گوئی سے نوالہ لیا ہی صاحب جہابہارت
ہرگز ایسا کلام نہین کیا اور کسی نے اوسکو الزام نہین دیا یہہ آپکا اتہام ہی اور تبصرۂ اثبات
ہدیۃ الاصنام ہی قابل اعتماد گفتگوے جناب نہین ہی اور جہابہارت فارسی کی کتاب نہین
فقرات فارسی سے الزام کامل نہین ہوتا اور پانچ سوار ون مین معترض کا نام شامل
نہین اگر آپکو اپنی گفتگو پر اعتماد ہی اور صحت ترجمہ پر استبداد تو کاہے بکا ہی اصل عبارت
داخل کتاب کیجئے اور راہ سرخروئی ستاب لیجئے کبہی تو خوش کیا کر دل کسی رند
شرابی کا لگا دے منہ سے منہ ساقی ہمارا اور گلابی کا اگر آپکو علم سنسکرت آتا
نہین ہی تو کسی پنڈت سے بہی میل کہا نہین ہی تعجب ہی تمہاری تحریر و تقریر پر اور خندہ
و تمسخر پر شاستی پر جہابہارت کا تو کیا ذکر ہی ہماری کسی کتاب مین مرقوم نہین ہی کہ
جو کوئی جسم سے بر آئے وہ پسر و دختر کہلائے اگر کہین لکہا ہوتا تو گلا گوسپند مثل بہی اوسکا

Marfat.com

بہہا ہوتا باراہ اوتار ومہادیو بہی بعفر زنا کی برہماند کو رہوڈ اور رشتو ور بیتیوامی دنیاو عقبیٰ
شہہ ہوئی کراونکے پاؤن سے نکلے ہین غرضکہ ہماری بیان یہہ کلیہ ہرگز نہین ہے کہ جو کوئی
کسی کی جسم سے خروج کرے وہ اوسکی فرزندی کی ساتھہ عروج کرے یہہ تو خصائص اسلام
مین داخل ہے اور حوّا اولاد آدم مین شامل ہے کیونکہ جسقدر اشخاص جسم آدم سے روز الست
بصورت مورچہ برآمد ہوئے اور بار امانت کے اوٹہانے مین جن وملک کے سرآمد ہوئے
مصنف قرآن وحدیث اونکو اولاد آدم شمار کرتی ہین اور اس بات کی ثبوت مین نقل
اسناد تفصیلوار کرتی ہین چنانچہ سورۂ اعراف مین ہے واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظہور
ہم ذریتہم واشہدہم علی انفسہم الست بربکم قالوا بلی شہدنا یعنی جب نکالی پروردگار
تیرے نے بیٹون آدم کے سے اصلاب اونکی سے اولاد اونکی اور گواہ کیا اونکو اوپر جانو
اونکی کی کیا نہین ہون مین رب تمہارا کہا اونھون نے البتہ تو ہے گواہ ہوئے ہم فقط حاصل یہہ
ہے کہ خدا نے آدم کی پشت سے اوسکی اولاد اور اون سے اونکی اولاد نکالی سب سے
اپنی خدائی کا اقرار کرایا پھر پشت مین داخل کیا کذا فی ترجمہ عبد القادر فقط مسند احمد
بن حنبل مین ہے خلق اللہ آدم حین خلقہ فضرب کتفہ الیمنی فاخرج ذریۃ بیضاء کانہم الذر
و ضرب کتفہ الیسری فاخرج ذریۃ سوداء کانہم الحمم فقال للذی فی یمینہ الی الجنۃ ولا ابالی
وقال للذی فی کتفہ الیسری الی النار ولا ابالی یعنی پیدا کیا اللہ نے آدم کو جبکہ پیدا کیا
اوسکو پس مارا مونڈہے داہنے اوسکے پر ہاتھہ پس نکالی اولاد سفید کہ گویا چیونٹیان ہین
اور مارا مونڈہے بائین پر ہاتھہ پس نکالی اولاد سیاہ گویا کہ وہ کوئلے ہین پھر کہا واسطے
اوس اولاد کے کہ اوسکو داہنی طرف مین تہی یہہ طرف بہشت کی جانیوالی ہین اور نہین
رکہتا ہین اور کہا اوس اولاد کے لئے کہ بائین مونڈہے اوسکے مین تہی یہہ جانیوالی ہین جانب
دوزخ کے اور نہین پروا رکہتا مین فقط پہر مسند احمد بن حنبل مین ہے اخذ اللہ المیثاق من ظہر
آدم بنعمان فاخرج من صلبہ کل ذریۃ ذراھا فنثرھم بین یدیہ کالذر ثم کلمھم قبلا قال الست

Marfat.com

بربکم قالوا بلی شہدنا ان تقولوا یوم القیامۃ انا کنا عن ہذا غافلین یعنی لیا اللہ نے
عہد اولاد آدم سے جو پشت سے نکلی تھی درمیان نعمان کے پس نکالی پشت اوسکی سے
ہر ذریت کو کہ پیدا کرنا تہا اونکو پس پہیلا دی آگے اوسکے مانند چیونٹیون کے پہر باتین
کین اللہ نے اون سے روبرو فرمایا کیا نہین مین پروردگار تمہارا کہا سب نے مقرر ہے تو رب
ہمارا فرمایا اللہ نے گواہ کیا مین نے اسواسطے کہ نہ کہو تم دن قیامت کے کہ ہم اس سے غافل
تھے فقط اس مضمون کی کتب حدیث مین بہت روایتین ہین اور قرآن مین اکثر آیتین ہین
اسکی تنبیہ یعنی کہ جسقدر اجسام کہ تن آدم سے برآئین تمام اوسکی پسر و دختر کہلائین مگر ایک
حوا اس سے سرفراز ہووے اور معرکہ اختصاص مین یکتا ز بقول شخصی مرگ انبوہ جشنے دارد
جو سب کی راہ ہوگی وہی اپنی راہ ہوگی جو سرگذشت سیاہ ہوگی وہی سرگذشت سیاہ
ہوگی تخصیص حوا جائے تعجب ہے لا کلام مسلمانون کا تعصب ہے جبکہ چیونٹی کی صورت پشت
آدم سے نکلی ہوئی مخلوق اوسکی اولاد مین شریک ہے تو حوا اس نسبت کے لئے قریب و نزدیک
ہے کیونکہ وہ اگرچہ اپنی پیدایش مین الگ ہے مگر شکل آدم اوسکی جسم سے نکلی ہے درصورتیکہ چیونٹی
اولاد ابو البشر مین مل گئی اور اوسکے لئے رداے بشریت سل گئی تو خود حوا کہ بصورت بشر
جسم آدم سے جلوہ گر ہوئی بدرجہ اولی دختر ابو البشر ہوئی یہان سے بقول شاہ عبد العزیز
وغیرہ کے ثابت ہوا کہ آدم نے اپنی بیٹی سے نظر بازی کی اور بقصد زنا اوسکی طرف
دست درازی کی **قولہ** ستر بسبب شرم کے ایک طرف کو پہر گئی برہما کی صورت مین ایک
اور منہہ ظاہر ہو گیا الخ یہ بھی دروغگوئی مسلمان ہے اور بہتان بے بنیان جو کوئی گلخن
مسلمانی جہوکتا ہے وہ لوگون کو شاہراہ راستی سے روکتا ہے جو شخص آتش اسلام تیز کرتا
ہے وہ میدان صدق و صفا سے گریز کرتا ہے ہر دم دروغ تازہ گڑہتا ہے اور مکر و خدع
مین زیادہ از حد اندازہ بڑہتا ہے اتہرب وید کی مہا اونیشد سے قطعی ثابت ہے کہ برہما
کے چار منہہ فطری و پیدایشی ہین چنانچہ۔

Marfat.com

तस्य ध्यानात: स्थस्य ललाटात्स्वेदो ऽपतत् ता: इमा: प्रततास्ता पस्तासु तेजोहिरण्मयमंडतं त्त्र ब्रह्मा चतुर्मुखो ऽजायत॥

یعنی دہیان مین بیٹھے ہوئے بشنو کی پیشانی سے عرق گرا وہ یہہ احاطہ کرنیوالا پانی ہوگیا وہان برہما پیدا ہوئے اس حال مین کہ چار منہہ رکہتے تھے انتہی جو کچہہ کہ ویداقدس کی اغصان مین ہی وہی پران مین ہی چنانچہ۔

चतुर्मुखस्ततो जातो ब्रह्मा लोकपितामह:॥

